مسماۃ حسینی ام رمضان سنہ ۹۹
خرید علی

كلمة الحكمة ضالة المؤمن حيث وجدها فهو أحق بها

خذوا كلمة حق من سفيه ودعوا كلمة باطل من نبيه

نشان ۱ غرہ ماہ محرم سنہ ۱۲۹۶ ہجری مطابق دسمبر انگریزی سنہ ۱۸۷۸ء

جلد اول رسالۂ بے نظیر کیمیا تاثیر دوہر کا سنہ

معلم

شفیق

مشتمل بر علوم و فنون قدیمہ و جدیدہ یعنے علوم مندرجہ ذیل

ریاضیات - طبعیات - آلہیات - تجارت - اخلاق -

طب - تاریخ - جغرافیہ - ادب - کیمیا - نباتات - معادن -

در مطبع محبوب دکن باہتمام سید فضل اللہ مطبوع گردید

مقدمہ

یہ رسالہ ہر قمری مہینے کی پہلے تاریخ طبع ہوکر خریداروں کو پاس روانہ ہوا کرتا ہی —

علوم و فنون قدیمہ اور جدیدہ یعنی — ریاضیات — طبعیات — الٰہیات — تجارت — اخلاق — طب — تاریخ — جغرافیہ — ادب — کیمیا — نباتات معادن — وغیرہ سے بحث کیجاتی ہے —

عمدہ عمدہ مفید کتابوں کی ترجمی جنکی آجکل ہماری قوم کو ازحد ضرورت ہے تحریر کیجاتی ہیں —

مفید چیزوں کے تیار کرنے کے مجرب نسخے اور ولایتی اشیاء کے بنانے کی صحیح صحیح ترکیبیں بتصریح لکھے جاتے ہیں —

زراعت اور دیسی پیداوار کی ترقیوں کی تدبیریں مندرج ہیں اور زراعت کی تجربے مختلف زبانوں کے رسالوں سے ترجمہ ہوکر شایع ہوتے ہیں —

شرح قیمت بحساب مندرجہ ذیل ہے —

(۱)	جو صاحب بلدہ میں تشریف رکھتے ہیں اون سے	سالانہ پیشگی	[illegible]
(۲)	" " "	شش ماہی	[illegible]
(۳)	" " "	سہ ماہی	[illegible]
(۴)	" " "	فی رسالہ	[illegible]
(۵)	اور جو صاحب بلدہ میں تشریف فرما نہیں ہیں اون سے	سالانہ مع محصول ڈاک پیشگی	[illegible]
(۶)	"	شش ماہی	[illegible]

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	نام مضمون نگار یا مترجم
۱	فوائد جریدہ	مولوی جمال الدین صاحب حسینی
۲	ناموری اور رقابت	مولوی وحید الزمان صاحب
۳	ترقی زبان اردو	ایضاً
۴	قواعد اہل حرفت و تجارت	صاحب حسینی
۵	تجارت پر ایک دلچسپ مضمون	ایضاً
۶	زراعت	مولوی وحید الزمان صاحب
۷	صنعت	محب حسین
۸	حفظ صحت ازواج	ایضاً

ادب

فوائد جریده

لا سعادة لامة لیس لها سائق الی الفضایل ولا زاجر عن الرذائل

عجیب است حالت انسان - عجیب است حالت انسان که صراط مستقیم سعادت و راه راست نیک بختی را ترک نموده در اراضی وعره شقاوت سنگلاخهای بدبختی جویای رفاه حال و آسایش خویش میباشد —

اگر کسی صحف تواریخ و کتب سیر را بنظر اعتبار مطالعه کند و در مضامین آنها بدیده بصیرت غور نماید بی شبهه بروی ظاهر و روشن خواهد شد که غنی و ثروت و امنیت و راحت و سلطه و سطوت و قوت و علو کلمه و عزت و شان و شهرت هر امتی از امم و هر قبیله از قبائل در ان زمانی بوده است که افراد ان امت متخلق باخلاق فاضله و متصف بسجایای پسندیده بوده اند و هر طبقه از طبقات ان قوم را بهره وافر بوده است از بصیرت و بینائی — و فقر و فاقه و ذل و مسکنت و ضعف و انحطاط کلمه و حقارت و پریشان حالی و گمنامی آن در آن وقتی بوده که جهل و عمش و نابینائی عموم اشخاص آنرا فرا گرفته و صنف صنف ان گروه بسوء طویه و فساد اخلاق و تباهی افکار مبتلا گردیده بودند —

و بدین تقریر دور ان هر کسی میتواند حکم کند که سعادت امم نتیجه بینائی و اخلاق مهذبه و شقاوت آنها اثر غباوت و سجایای ناستوده است —

بلکه اگر کسی تعمق و تدبر نماید درین مسئله که سعادت امتیکه باسم واحد
نامیده و بلسم واحده شناخته میشود بلکه رفاهیت هر فردی از افراد آن حاصل نمیگردد مگر
بتعاون و توازر زیراکه بالبداهه شخص واحد بلکه شرذمه قلیله اینکه بالفرض از احادی چند
بوده باشد هرگز قیام بمعیشت ضروریه خود نتواند کرد تا بجایکه استحصال سعادت تامه
و رفاهیت کامله از برای خویش نماید — و تعاون و توازر اشخاص متکثره مختلفة الطبیعه
صورت وقوع نخواهد پذیرفت مگر بتکافؤ در اشغال و تناسب در افعال و تعادل در اعمال
بدان گونه تا آن افراد متعدده را صورت وحدانیه حاصل گردد — و تکافؤ و تعادل در
عمل در عالم خارج پیرایه وجود و هستی نخواهد یافت جز باعتدال اخلاق باطنیه و قوی نفسانیه
و نزاهت آنها — و استقامت اخلاق و اعتدال سجایا هرگز وجود نه پذیرد الا ببصیرت
و بینائی و تعدیل قوی عقلیه و تقویم و تهذیب ملکات آن — البته آن مدبر بصیر انّاً و لمّاً حکم
خواهد کرد که علت حقیقی و سبب اصلی سعادت تامه هر امتی از امم عقل و بصیرت و نزاهت
و اعتدال اخلاق آن امت است و باعث شقا و موجب پریشان حالی آن زوال آن علت است

چون این ظاهر شد پس باید دانست که اخلاق نفسانیه و قوی و ملکات عقلیه
را عجائب جزری و مدی و قبضی و بسطی و ارتفاعی و انخفاضی و ازدیادی و نقصانی و
عروجی و هبوطی میباشد حتی اگر امتی از امم غفلت ورزیده زمانه قلیلی از مراقبت و محافظت
اخلاق نفسانیه و قوی عقلیه خود چشم بپوشد و در تعدیل و تقویم و ادامه و تثبیت آنها
بر مراکز لایقه تساهل کند ان اخلاق و قوی اگرچه بدرجه عالیه رسیده باشد رفته رفته روی
باضمحلال آورده تا آنکه بالمره معدوم و نابود خواهد گردید و آن امت نه تنها از سعادت و
رفاهیت محروم خواهد شد بلکه در اندک زمانی از دایره انسانیت بیرون شده بحیوانات وحشیه

ملحق خواهد گردید —

پس هر امتی را باید علی الدوام از برای صیانت اخلاق وحفاظت ملکات وراهنمائی بسوی سعادت منبهی از غفلت وصائنی از هبوط و سائقی بسوی فضائل وقائدی بجانب کمالات ومانعی از رذائل وزاجری از نقائص وآمرے بمعروف وناهئ از منکر بوده باشد —

وچون بمنار بصیرت سیر نمائیم وبمیزان عقل بسنجیم هیچ چیزے را درین زمان نمی بینیم که متصف بجمیع این اوصاف ودارای همگی این مزایا بوده باشد مگر جرائد واخبار نامههای یومیه — زیراکه هر صنعت وحرفه را موضوعیت خاص ویا عامیکه از سوء تصرف نااهلان بمنزله خاص گردیده است وصاحب آن ورا مستغرق شده چشم از مشارکین خویش در عالم مدنیت پوشیده واز سود وزیان وتقدم وتاخر آنها غفلت ورزیده است بلکه ضرورات معیشت اورا در غالب اوقات از اتقان صنعت خویش باز داشته است —

اما اخباران یگانه صناعت است که موضوع آن عموم احوال واخلاق امم وغایتش اصلاح شئون امت خویش وجلب سعادت ورفاهیت وامنیت از برای آن بلکه از برای جمیع امم میباشد — (۱) از آنست که جریده (اخبار نامه) سابقت مینماید در نشر فضیلت ارباب فضائل اولاً از برای محمدت حقه که جزای صاحب فضیلت است وثانیاً از برای حث دیگران بر اکتساب فضائل — (۲) ومبادرت میکند بر ذکر رذائل اینکه ضررهای آنها متعدی است بجهت کبح صاحب رذیله وزجر سائر ناس از ارتکاب مثل آن — (۳) منافع اخلاق جمیله را با دلهٔ واضحه وبیانات شافیه بنهجیکه عوام از ان فائده گیرد وخواص نیز بے بهره نماند هر روز دراعمدهٔ خود ادا مینماید ومساوی صفات خسیسه ودنیه را ومضرات آنها را در عالم انسانی بعبارات

ال بذیر شرح وبسط میباید ست (۴) فوائد علوم را ازبرای عموم چنان بیان می کند
که هرکسی را یقین حاصل میشود که سعادت بشری در رفاهیت وعزت آن بعلوم حقه ومعارف
حقیقیه بوده است نه بچیزها وخصایص دیگر ودر بیان جهل را بطوری تقریر مینماید که هر جاهل
غبی اعتراف میکند که هر بلیه ومصیبت وگزندی که او را رسیده است از شآمت جهل
بوده است — (۵) درجات شرف علوم را باندازهٔ منافع آنها در عالم انسانی تعیین
مینماید ومقدار لوازم هریک را مدلل ومبرهن میسازد تا آنکه نادانی بجهت فائدهٔ زهیده
صرف عمر گرانبها را نکند واز فائدهٔ جلیله ئیکه از اشتغال بعلم دیگر حاصل میشد محروم
نگردد — (۶) ووجوب صنایع را که نتایج علوم است در عالم مدنیت تثبیت وبر عدم
حصول رفاهیت وسعادت بدون ترقی در صناعات اقامهٔ براهین قاطعه می کند —
(۷) ومعارف ضروریئیکه هر انسان را ازبرای صدق اسم انسان بر وی دانستنش
واجب ولازم است چه اولیات جغرافیه وچه مبادی طبیعیات وچه انموذج فلکیات
وچه حوادث جویه وچه لوازم زراعت وچه مقتضیات حرف وچه ضروریات طبیه وچه
ترتیب منزل وچه تنظیف بلاد وچه تربیت اولاد بر نوعیکه عوام الناس از آن بهره‌ور
شوند ذکر می کند — (۸) تحدید انسان وشرح فضیلت انسانیت را نموده پس
از آن اغنیا وارباب مکنت را بفضیلت انسانیت دعوت وبانشاء مکاتب عمومیه
ازبرای علوم ومعارف وصنائع وبنای دار الشفاها ترغیب وتشویق می نماید —
(۹) وازبرای برانگیختن همم خامله واحیای نفوس میتة ذکر فضائل آبای ماضیه
واجداد سالفه را بجهت اولاد واحفاد بنهج شیرین گاه وبی گاه فریضهٔ ذمت خود
میداند — (۱۰) احوال واخبار امم بعیده را در اعمدهٔ خود بتفصیل نقل می کند

تا آنکه صاحبان سیاست نصیب خویش را ازان بردارند و فدا و ندان تجارت حظ و بهره خود را بگیرند و ارباب علوم فوائد علمیه را اکتساب کنند و احاد امت براحوال آنها نظر دقیق نموده اگر از اهل سعادت اند اجتهاد نموده اسباب انرا فهمیده پس ازان همت خود را برانگیخته و عرق حمیت و غیرت خویش را حرکت داده در صدد مبارات و مجارات آنها برآیند و اگر از اهل شقا میباشند ازان عبرت گرفته از بواعث آن اجتناب نمایند—

(۱۱) و حاکم را بر عدالت دعوت و فوائد آنرا بیان و وکالت عموم رعیت را نموده شکوا های آنها را بحکومت میرسانند و دفع ظلم مامورین و رفع حکام رشوت خوار را میکند حوادث آتیه را تفرس نموده ارباب حل و عقد را آگاه می سازد تا آنکه قبل از حدوث آن در دفع و علاج آن بکوشند و حکومت و رعیت از ضرر آن محفوظ ماند—

(۱۲) و اگر شخصی اجنبی امر نا ملائمی بقوم آن نسبت بدهد با دله و براهین متقنه که برنده تر است در نزد دانایان از شمشیرها دفاع از قوم خود را واجب میداند—

(۱۳) ودائع افکار هر عاقلی را بسائر عقلا میرسانند و عالمان را بیکدیگر آگاهی میدهد—

(۱۴) حکایات لطیفه و نکت ظریفه و اشعار بلیغه را از برای انشراح صدور گاه گاهی بقارئین خود عرضه می کند— (۱۵) اجزاء متلاشیه امت را و اعضاء متفرقه آنرا جمع نموده و بحیات تازه زنده اش میگرداند—

(۱۶) و خوانندگان خود را نشسته بسیر و سیاحت عالم دل شادمی کند—

(۱۷) و بیماران با مراض مزمنه را باطبا ماهرین دلالت و جاهلان بدا بعطار متفننین رهبری و فقیر را بمواقع غنا و اکتساب ارشاد می نماید— (۱۸) دوست امت را از دشمن تمیز میدهد و لباس تلبیس را منشق میسازد— (۱۹) و بکمین گاه های شرو شقا

از برای احتراز کردن اخبار کرده و بشاه راههای سعادت ارشاد میکند و از برای جلب منفعت و دفع مضرت حقائق اشیا را چنانچه در واقع است جلوه داده اشکارا مینماید و در هر جا و در هر چیز که منفعتی از برای امت خود دیده حالا اعلان میکند —

و بالجمله جریده انسان خواهان سعادت را دوربینیست جهان نما —

و ذره بینیست حقیقت پیرا — و براه بریست نیک فرجام — و صدیقیست سعادت انجام و طبیب است شفیق — و ناصحیست صدیق — و معلمیست متواضع — و مادب ایست خاضع — و دیده بانیست بیدار — و حارسیست هوشیار — و مربیست کامل از برای عموم و تریاق شافیست بجهت جمیع هموم — و بهترین مشعلی است خاملین را — و نیکوترین منبهیست غافلین را — و روح بخش است دلهای مرده را — و برانگیزنده است افکار افسرده را — در وحدت جلیس است — و در وحشت انیس — عالمان راست سرمایه — و عارفان راست پیرایه — تاجران را رهبر — و حاکمان را مشیر معدلت گستر — زارعان را قانون فلاحت است و صانعان را اوستاد صناعت — و جوانان را دبستان — و عوام را است ادبستان — ارباب بصیرت را است نور دیده — و خداوند سیاست راه ستوریست پسندیده — و مدنیت را حصنیست حصین و سعادت انسانی را حبلی است متین —

و شرف و منزلت و رفعت جریده و کثرت آن برحسب ترقی امم است در علوم و معارف و عروج آنها است بمدارج مدنیت زیرا که عالم عارف حاجات و ضروریات خویش را از جاهل غافل بیشتر میداند و در استحصال آنها زیاده سعی میذول میدارد —

پس هر امتی که جویان سعادت و خواهان رفاهیت بوده باشد باید بداند که بغیر از جرائد و اخبار نامهای یومیه بمقصود اصلی و مطلوب حقیقی خود نخواهد رسید —

ادب

پس بجهت ماهیهای بیهوده نباید و اراضی پست و بلند را بیهوده قطع ننماید
ولاکن بشرط آنکه صاحب جریده بندهٔ حق بوده باشد نه عبد دینار و درهم زیرا که
اگر بندهٔ دینار و درهم بوده باشد حق را باطل و باطل را حق و خائن را امین و امین را خائن
و صادق را کاذب و کاذب را صادق و عدو را صدیق و صدیق را عدو و قریب را بعید
و بعید را قریب و ضعیف را قوی و قوی را ضعیف و منفعت را مضرت و مضرت را منفعت
و حسن را قبیح و قبیح را حسن و موهوم حقیقی را موجود و موجود حقیقی را موهوم وا می‌نماید
البته عدم اینگونه جریده از وجود آن بمراتب غیر متناهیه بهتر است —

چون فائدهٔ اخبارنامها و منفعت آنها معلوم گردید اکنون مرا میرسد که تأسف
خویشتن را اظهار کرده بگویم هندوستانی که از قدیم زمان معادن علوم و معارف و منبع
صنائع و بدایع و ینبوع حِکَم و فلسفه و کان قوانین و نظامات و مدنیت بوده است چرا باید
جرائد را در او آنقدر که باید و شاید مقدار و منزلت نباشد و چرا جرائد منطبعهٔ در آن عبارت
از معدودی چند باشد با کثرت عدد سکان آن که به دو صد ملیون (بیست کرور) بالغ میشود
و چرا اهالی آن مملکت را رغبت تامه در خواندن جرائد نباشد با عظم فائده و کثرت منافع آن
و اما آن عذر یکه بعضی از ارباب وجاهت هند در باب نخواندن جریده تقدیم
کرده میگویند که جرائد مطبوعهٔ درین ممالک مطالب نافعه و مقالات مفیده را حاوی نیست
لهذا طبع بقرائت آن رغبت نمی‌نماید البته این عذر مقبول نخواهد افتاد زیرا که معلوم است
هر صاحب بصیرتی که اتقان صناعت و احکام حرف و تأنق در اعمال و تحسین افعال
بحسب رغبت و میل عموم امت میباشد پس نقص‌ها باید در افکار عمومیه دانست نه
در اخبارنامها —

و اگر عموم اہالی را رغبتی کامل و میلی صادق از برای خواندن جرائد حاصل شود
پس شاید صاحبان جرائد صرف افکار نمودہ انچہ در خبایای عقول داشتہ باشند برای خواہش
افراد امت بمنصۂ شہود جلوہ خواہند داد بلکہ فکر خویش را با افکار دیگران شریک کردہ ہر روز
مقالہای شیرین از برای تربیت و تہذیب عموم انتشار خواہند نمود۔ اینست مجمل انچہ میخواستم
در فضیلت جرائد بیان کنم والسلام فقط

ناموری اور رقابت

یہ دونون صفتین ایسے ہین جنکو اکثر ظاہر بین بنظر حقارت دیکھتے ہین اور جس نیک
کام مین کسی نیک آدمی کے طرف سے کوشش کی جاوے اوسکے غایت اور غرض یہ دونون
امر قرار دیکر اوسکو بے وقعت کر دیتے ہین اگرچہ ہمکو اس مین کلام نہین ہے کہ نیک
کام مین صرف ناموری کا قصد کرنا اصول اسلام کے رو سے اچھا نہین ہی مگر ہمکو اسمین
بہی شبہ نہین کہ ناموری کا خیال ایک مخفی امر ہی جسکی اطلاع بجز علام الغیوب کے کسی کو
نہین ہو سکتی جہان تک ہمارا خیال بلند پروازی کر سکتا ہی وہ یہی ہے کہ ہم ہر ایک
نیک کام کو نیک اور بد کام کو بد سمجہین جو کوئی نیک کام کرے اوسکو لایق امداد اور
اعانت اور مستحق ثنا اور ثواب جانین اور جو کوئی برے کام کرے اوسکو سزا اور
ملامت اور نفرت اور مورد مذمت اور عقاب مانین دیکہئے صحابہ کرام نے اوس
بہادر کو جس نے صف مجاہدین مین سے نکلکر بڑی جرات سے دشمن کا مقابلہ کیا اور
مارا گیا اپنے علم و یقین کے موافق جنتی سمجہا پر اونکو دل کا بہید معلوم نہ تہا وہ کیونکر
کہتے کہ اس نے یہ کام ناموری کے لئے کیا ہی جب خدای تعالی نے اپنی رسول کو بتلایا
کہ اس نے یہ کام صرف ناموری کے لئے کیا تہا اور اسکے دلمین خلوص کا نشان نہ تہا اور

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے بیان کیا اوسوقت سب لوگون نے دلکا
حال کہلا غرض قاعدہ اسلام جس پر ظاہر شرع مبنی ہی وہ یہی ہی کہ ہم ہر نیک کام کو نیک سمجہا
اور بد کام کو بد مانین اب ہمارا یہ خیال ہر نیک کام کی نسبت کہ یہ ناموری کے لئے کیا گیا ہی
درحقیقت ایک شیطانی خیال ہی جسکا برے سے برا اثر یہ پڑتا ہی کہ اوس نیک کام [illegible]
اور جو شخص اوسکا کرنے والا تہا وہ لوگون کی بے التفاتی سے مجبور ہوکر اوس کام سے ہاتہ [illegible]
پس جو لوگ کہ ظاہر مین حلیہ صدق اور صفا سے آراستہ بنتے ہین اور بڑی اتقا اور پرہیزگاری
کا دم بہرتے ہین لیکن اوسکے ساتہہ ہر نیک کام کو برا اور ہر نیکی کو ناموری کا جویا [illegible]
دیکر اوسکو مٹانا چاہتے ہین وہ درحقیقت شیطان کے بڑے مکار [illegible] گرفتار [illegible]
اونکو مناع للخیر کہین تو زیبا ہی اور جو اونکو ابلیس کا نائب کہین تو روا ہی بلکہ ہمارے نزدیک
اس ناموری اور رقابت کے خیال کو اس زمانہ کے مصالح کے لحاظ سے [illegible] وسعت
دینا چاہئے اس لئے کہ ہمارے زمانے مین عموماً ہمتین [illegible] خیالات [illegible] طبایع سست
ہوگئی ہین اگر ہم سستی اور پستی کو ناموری اور رقابت کے ذریعہ سے درست اور چست [illegible]
تو کیا قباحت ہی اگلے بزرگون نے بہی اس خیال کو مسلم رکہا ہی اور نیکنامی اور ناموری حاصل
کرنے مین ترغیب دی ہی سعدی علیہ الرحمہ کہتے ہین نوشیروان نمرد کہ نام نکو گذاشت*
اور بسا نام نیکوی پنجاہ سال * کہ یک نام زشتش کند پایمال * نوشتہ بماند سیہ بر سفید *
نویسندہ را نیست فردا امید * بلکہ ہم کہتے ہین کہ ناموری کا خیال ایک فطری خیال
ہی جسکو شریعت اسلام نے بہت بڑا زور دیکر دبایا ہی مگر بالکل وہ خیال دب نہین سکتا
اور اگر بالکل دب جاوے تو اوسکے دابنے مین ثواب کیا ہوگا حصول ناموری اور عزت
اور جاہ ہر بشر کو بالطبع مرغوب ہی اور ہر قلب کو بالذات محبوب ہی پس کیا خوب ہو اگر

ہم اسی خیال کے رو سے اپنی قوم کو فایدہ دیوین اور نیک کامون مین رغبت کرین لیکن
اس خیال کہ یہ ضرر یہ وہ خاص ہماری ہی ذات پر منحصر ہے اور اوسکا نفع بسیط اور عام ہے
پھر ایک مختصر اور خاص ضرر کے خیال سے جسکا علم بھی ہمکو نہ ہو سامان منفعت اور خیر کو روکنا
مناسب نہین تو کیا ہی — فقط

ترقی زبان اردو

ہم سے جہان تک ہوسکی اپنی زبان اور ملک کی ترقی کرین یہ امر ظاہر ہی کہ ہر زبان کی ترقی اوسی وقت
ہوتی ہی جب اوس زبان سے ہماری مقاصد اور اغراض متعلق ہون خواہ یہ مقاصد دین کی ہون یا دنیا کے
یا دونون کی جہان تک تعلق مقاصد اور اغراض کا کسی زبان سے بڑہتا جاویگا وہین تک اوس زبان
کی ترقی ہوتی جاویگی اور جہان تک مقاصد اور اغراض مین انحطاط ہوگا وہین تک اوس زبان کا
تنزل ہوگا ہماری ملک کی زبان اردو ہی جو درحقیقت ایک مرکب زبان ہی اوسمین سنسکرت
اور بہاکا اور فارسی اور عربی اور انگریزی الفاظ مخلوط اور مستعمل ہین جب ہم چاہین اپنی اردو زبان کو
وسعت دیوین اور ممالک اجنبیہ مین اس زبان کو پہیلا دین تو ہمکو کئی امور لازم ہین ایک یہ کہ ہم
زبان اردو کی تحریر اور املا کو نہایت سلیس اور آسان کرین کہ زبان سیکہنے والیکو اوسکی الفاظ
لکہنے مین کسی قسم کی دشواری درپیش نہو ہم ث اور س اور ص کا امتیاز واجب اور ضروری
نہ جانین اسیطرح ظ اور ض اور ز کا فرق لازم نہ مانین ہر ایک لفظ عربی زبان کا جو اردو مین
مستعمل ہے اور تقریبًا کثرت استعمال کی وجہ سے وہ لفظ زبان اردو کا ایک جز ہوگیا ہی جب اوسمین
ان حروف مین سے کوئی حرف موجود ہو تو کتابت مین ایسی آسانی برتین کہ لکہنے والیکو اختیار
کلی حاصل ہو مثلًا ظلم کا لفظ خواہ ض سے لکہا جاوے یا ز سے یا ظ سے ہم کسی ایک طور کو غلط
نہ سمجہین دوسری یہ کہ ہم اردو زبان کی گرامر یعنی صرف اور نحو کے قواعد اچہی طرح سے درست کرین

اور جہان تک ہوسکے اِس قسم کی کتابین صرف اور نحو اور لغت اور اشتقاق اور ادب کی اپنی زبان
مین تالیف کرے تیسرے یہ کہ ہم عمدہ عمدہ علوم اور فنون کی کتابین خواہ وہ دینی ہون یا
دنیاوی اردو زبان مین تالیف اور ترجمہ کرین تاریخ اور تجربے اور زمانے کے مقتضی سے یہ امر
اظہر من الشمس ہی کہ جس زبان مین علوم اور فنون بہت ہوتے ہین اوس زبان کا بقا اور قیام ایک
مدت مدید تک رہتا ہی اور یہ سلسلہ تالیف و تصنیف کا اور علوم جدیدہ کے ترجمہ کرنے کا اوس زبان
مین جاری رہے تو علاوہ بقا اور قیام کے روز افزون ترقی ہوتی جاتی ہی آپ عربی زبان کو
دیکھئے کہ ہندوستان مین اوسکا قیام اسی وجہ سے ہی کہ ہمارے دینی اغراض اور مقاصد
اِس زبان سے متعلق ہین اگر ہمارے دینی مقاصد عربی زبان سے متعلق نہ ہوتے تو
ہندوستان مین آج ایک شخص بھی عربی جاننے والا نہ نکلتا خیال کیجئے کہ فارسی زبان
کیسی شیرین اور فصیح زبان ہی مگر چونکہ رواج اوسکا ہندوستان مین محض مغلیہ سلطنت
کے زور سے تہا اسلئے اوس سلطنت کے جاتے ہی کتنا بڑا تنزل اور انحطاط فارسی زبان
کا ہوگیا ہی برخلاف اوسکے انگریزی زبان کا شیوع اور فروغ روز بروز بڑہتا جاتا ہی
اگرچہ ہم اس امر کو تسلیم کرتے ہین کہ حکومت کے زور سے بہی زبان کی ترقی اور وسعت
ہوسکتی ہی اور زبان انگریزی کی شیوع کی جو وجہین ہین اون مین ایک یہ بہی وجہ ہی کہ
حکومت اور سلطنت سرکار انگلشیہ کی ہی اور عموماً حصول ملازمت اِس زبان کی تحصیل
پر موقوف ہی اور تمام دفاتر سرکاری مین بہی یہی زبان مروج اور مستعمل ہی لیکن اسکے ساتھ
ہم یہ بہی کہہ سکتے ہین کہ علوم اور فنون کی وجہ سے زبان انگریزی کا زیادہ تر شیوع در ظہور ہوا
ہزارون بلکہ لاکہون آدمی ہندوستان مین ایسے نکلینگے کہ وہ علوم و فنون کے
شوق مین زبان انگریزی کی تحصیل کرتے ہین فرض کیجئے کہ آپ علم کیمیا یا جر ثقیل یا علم نباتات

یا حیوان یا معادن حاصل کرنا چاہیں تو کیونکر بغیر انگریزی سیکھے ہوئے حاصل کر سکتے ہین اگر یہ علوم وفنون ہماری ملکی زبان یعنی اردو زبان مین موجود ہوتی تو ہمکو انگریزی حاصل کرنے کی احتیاج نہ ہوتی اگر ہماری عقل سلیم ہی تو ہم بخوبی سمجھہ سکتے ہین کہ کوئی حکومت یا سلطنت حوادث اور انقلاب سے بچ نہین سکتی اور صفحہ تواریخ پر ہمیشہ اوسکی حالت مستمرہ قایم نہین رہ سکتی پس اپنی زبان کی ترقی ایسی بے بقا اور موہوم اور موقت شئے پر منحصر کر دینا درحقیقت ایک بہت بڑی غلط فہمی ہے ہم ایسے موہوم اور موقت شئے پر کیون نہ جمے رہین اور مضبوط اور موبد شئے کو کیون نہ اختیار کرین وہ یہی ہی کہ ہم علوم وفنون کو زیادہ تر اپنی زبان مین رواج دیوین اور جہان تک ہم سے ہو سکے عربی اور انگریزی اور جرمنی اور فرانسیسی زبانون سے علوم وفنون کی کتابین ترجمہ کر کر اپنی زبان مین شایع کرین جب یہ صورت جلوہ ظہور مین آوے تو ممکن نہین ہے کہ ہماری زبان کی روشنی اور ترقی کسی کے مٹائی مٹ سکے خواہ کیسی ہی سلطنتون کا انقلاب ہو خواہ کیسی ہی حوادث کا زور ہو مگر ہر وقت اور ہر زمانے مین ہماری زبان کے طرف لوگون کی احتیاج قایم رہیگی اور جہان تک احتیاج باقی رہیگی وہ ہماری زبان کی تحصیل مین اور اوسکے ترویج مین کوشش کرتے رہینگے فقط

تجارت

قواعد اہل حرفت وتجارت

ف ۱ ہر کاروبار کی بنیاد ایمانداری کو ہوشیاری تمام کام مین لانے سے قایم ہوتی ہو اور ایک سچے کاروباری ادمی کیسے چال چلن ایمانداری کی وجہ سے انتظام پاسکتے ہین۔

ف ۲ تاجر کو اپنے قول و قرار پر مستقل طور سے قایم رہنا چاہئے اور کسی کام کو بے پرواہی سے اور بعجلت نکرنا چاہیے۔

ف ۳ جو کام کہ وہ خود با سانی کرسکتا ہو کسی دوسرے سے نہین کرانا چاہئے

ف ۴ ہر چیز کو اوسکے موقع اور محل سے رکھنا چاہیے۔

ف ۵ کسی کام کو ادہورا اور ناتمام نہین چہوڑنا چاہیئے جبکا اوسکو کرنا ضروری ہو اور جسکو حسب اتفاق زمانہ اوسکو کرنا چاہیئے۔

ف ۶ اپنے ارادہ اور کام کو دوسرون کے نظر سے پوشیدہ رکھنا چاہئے

ف ۷ اپنے گاہکون کے ساتھہ خوش مزاجی سے پیش آنا چاہئے اور اون سے ایک ہی بات کہنا چاہیئے۔

ف ۸ بضاعت سے زیادہ تجارت نہین کرنا چاہیے۔

ف ۹ تہوڑے قرض کو بہت قرض پر ترجیح دینا چاہئے اور نقد کو ادہار پر خرید و فروخت کے معاملہ مین۔ اور قرض دینے مین تہوڑے نفع کو جہان روپیہ ڈوبنے کا خوف کم ہے اوس کثیر منفعت پر ترجیح دینا چاہئے جہان روپیہ مارے جانیکا اندیشہ زیادہ ہے

ف ۱۰ تمام خرید و فروخت مین صفائی اور سچائی برتنا چاہیئے —

ف ۱۱ ہر ضروری امر کو لکھہ رکھنا چاہیئے اور جس بات کا لکھنا لازم ہو اوسکو اپنی یاد پر نہین چھوڑنا چاہیئے —

ف ۱۲ تمام ضروری چٹھیون اور خطونکی نقلین جو روانہ کیے جائین اپنے پاس رکھنا چاہیئے اور ہر ایک خط اور "انوایس"* کو جو کاروبار سے علاقہ رکھتا ہو نامزد کرنا چاہیئے اور اوسکو معین اقسام مین ترتیب دیکر رکھنا چاہیئے —

ف ۱۳ لکھنے کے میز پر کاغذون کو پریشان پڑا نہین رہنے دینا چاہیئے —

ف ۱۴ ہمیشہ اپنے کاروبار کا نگران رہنا چاہیئے اور یہہ سمجھنا چاہیئے کہ اگر ہم اسکو چھوڑینگے تو وہ ہمکو چھوڑیگا —

ف ۱۵ اسبات کو اپنا اصول گرداننا چاہیئے کہ جس شخص سے قرض وصول ہونے مین شک ہو اوسکا اعتبار نہین کرنا چاہیئے —

ف ۱۶ اپنے گاہکون کے حسابات کو خواہ وہ دیس مین ہون یا پردیس مین معین اوقات پر تصفیہ کرتے رہنا چاہیئے اور اونکو تیار کرکے اون گاہکون کے پاس روانہ کرنا چاہیئے

ف ۱۷ جہانتک ممکن ہو تمام عیش کے سامان اور چیزون مین روپیہ خرچ کرنے سے پرہیز چاہیئے اور بصورت قلیل نقصان حتی الوسع نالش کرنے سے اجتناب کرنا چاہیئے —

ف ۱۸ تمام اپنے اخراجات مین کفایت شعاری کرنا چاہیئے اور ہمیشہ اپنی آمد کے احاطے سے قدم باہر نہین رکھنا چاہیئے —

ف ۱۹ اپنی جیب مین ایک کتاب یادداشت رکھنا چاہیئے جسمین ہر ایک ضروری امر کو

* "انوایس" انگریزی زبان مین اوس خط یا چٹھی کو کہتے ہین جو بطلب کسی شے کے روانہ کیجاتی ہے —

مثلاً تقرری اور پیشہ وغیرہ کو دوسرے نقدی معاملات کو درج کرنا چاہیئے -

ف ۲۰ اسباب سے بخوبی آگاہ ہونا چاہیئے کہ کسطرح آدمی دوسرے شخص کا ضامن ہوجاتا ہی اور انسانیت اور قومی ہمدردی کے کامون مین سخی رہنا چاہیئے -

ف ۲۱ ہر شخص کو چاہیئے کہ ان قواعد پر اچھی طرح عمل کرے اور یہہ بات یاد رکھے کہ جسکو خدا نہین چاہتا ہی وہ اپنی محنت سے کچھہ فائدہ نہین اوٹھاتا ہی - لیکن انشاء اللہ تعالیٰ ان سب باتون کو خیال رکھنے سے وہ سب اپنے کاروبار مین کامیاب ہوگا -

دوکان لگانے اور کاروبار کے لئے جگہہ مقرر کرنے کے قواعد -

اگر تم دوکان لگانا چاہتے ہو تو مندرجۂ ذیل کے قواعد کو بغور دیکھو -

تہوڑے سرمایہ والا — اول ہم اوس شخص کا حال بیان کرتے ہین جو تجارت کے حالات سے محض ناواقف ہوتا ہی اور قلیل سرمایہ سے تجارت شروع کیا چاہتا ہی اور نقد روپیہ سے اسباب خرید کیا چاہتا ہی تاکہ تجارت کے ذریعہ سے وہ اپنی گذران بعزت کرے - ظاہر ہی کہ اگر ایسا شخص دوراندیشی سے اور خوب سوچ سمجھکر اپنا کام نکریگا تو اوسکا روپیہ بغیر کسی کافی نتیجہ کے صرف ہوجائیگا اور کرایے اور محصول اوسپر چڑہ جاینگے اور اوسکا مال پڑا رہیگا یا خراب ہوجائیگا اور اسواسطے اوسکو ضرور نقصان ہوگا - کیونکہ ذرا ذرا نقصان قلیل بضاعت کو مثل تہوڑے پانی کے خشک کردیگا اور ہمکو اوس مصیبت کی تصویر کہینچنا ضرور نہین ہے جو اوسوقت اوسکو پیش آئیگی جبکہ وہ شئی جو ایک تاجر کی بہبودی کا اصلی ذریعہ ہے اوسکے پاس نرہیگی -

بڑے سرمایہ والا — بڑی سرمایہ والا کا بہی حال قاعدۂ مذکورۂ بالا سے

ستثنی نہین ہی کیونکہ جب کوئی شخص جسکے پاس بہت سرمایہ ہوتا ہی تجارت شروع کرتا ہی تو وہ بہت سا روپیہ اسباب کی خرید مین لگاتا ہی اور بڑے کرایہ کی دوکان لیتا ہی اور بڑے بڑے محصول ادا کرتا ہی اور مددگارون اور نوکرون کی تنخواہ بھی زیادہ ہوتی ہے - اسواسطے اگر مال جلد نہ بکا تو اوسی قسم کا نتیجہ جسکو ہمنے اوپر بیان کیا ہی جلد یا دیر مین پیدا ہوگا -

جگہہ —— اسواسطے ہر تاجر کو چاہیئے خواہ اوسکے پاس سرمایہ قلیل ہو یا کثیر کہ دوکان لگانے کے وقت اول وہ اوس جگہہ کو بخوبی غور کرے جہان وہ دوکان کہولنا چاہتا ہی کہ کس قسم کی وہ جگہہ ہی اور آدمیون کی تعداد اور اونکی احتیاج اور عادات کو خیال کرے اور یہہ دیکہے کہ کسقدر مال اور دوسرے تاجر اوس جگہہ فی الحال لاتے ہین اور کہان تک لوگون کی احتیاج رفع ہوتی ہے -

جدید مقامات —— نئے نئے مقامون پر دوکان لگانے کا میلان کم بضاعت والے تاجرون مین اس امید سے زیادہ ہوتا ہی کہ وہ جلدی لوگون سے میل و جول حاصل کرین - اور تہوڑے کرایہ کی وجہہ سے بھی اونکو ان مقامون پر دوکان لگانے کی خواہش ہوتی ہی - مجھکو اپنی ذاتی تجربہ سے معلوم ہوا ہی کہ ابتداءً باہر بلدہ یا شہر کے دوکان لگانے سے ہمیشہ ناکامیابی ہوتی ہی - ان مقامات مین سوداگر بہت جلد جہان ذرا بھی وہ آباد ہوئے داخل ہوتے ہین اور قبل اسکے کہ مکان وہان تیار ہو چکین وہ اونکا کرایہ نامہ لکھہ دیتے ہین اور اسباب کو فروخت کے لئے رکہدیتے ہین اور اسوقت جب وہ دوکان لگاتے ہین شارع راہ پر کنکڑ وغیرہ بھی بچھے نہین ہوتے ہین اور سڑکین ناہموار اور زمین غیر مسطح مثل شہر دن کی گلیون کے ہوتی ہی اور ہرچند لوگ ان مقامات کے باشندے ہوتے ہین وہ گرد و نواح کے قصبون سے

آمد و رفت رکھتے ہین اور وہان سے جس جس چیز کی اونکو ضرورت ہوتی ہے خواہ عادۃً یا عمدہ سمجھکر خرید لاتے ہین اور اس سوداگر کی آمدنی اور فروخت ایسے لوگون کی خرید پر منحصر ہوتی ہی جو بے پرواہی کے وجہ سے اپنی ضرورت کی چیزین ارزان اور عمدہ دیکھکر ان قصبون سے نہین لاتے ہین - یا جب موسم بدلتا ہی جسکی وجہ سے اون قصبون تک جانا نہایت ناگوار معلوم ہوتا ہی تو اوسکی روزی چلتی ہے اور کچھ مال فروخت ہوتا ہے -

دیوالا —— مثل ہی جب تک گہاس بڑہتی ہے گہوڑا بہوکون مرتا ہے اسیطرح سے جب تک نئی جگہہ آباد ہو یہہ سوداگر اپنی بضاعت کو رفتہ رفتہ کہا جاتا ہے اور عین وقت پر اپنا ٹاٹ لوٹتا ہی اور دوکان بند کرتا ہی اور بر خلاف اسکے اسی وقت ایک بڑا ہوشیار تاجر اسی میل وجول کے ذریعہ سے جسکو اول کے تاجر نے پیدا کیا تہا نفع اوٹہاتا ہی اور اس مقام نو آباد شدہ کی حالت سے فائدہ پاتا ہی - اسواسطے یہہ ایک قلیل بضاعت والے کے لئے بہتر ہی کہ وہ زیادہ کرایہ دینا گوارا کرے اور خوب آباد جگہہ دوکان لگائی بہ نسبت اسکے کہ وہ اون مقامات مین کاروبار کرے جہان بکری کم اور غیر یقینی ہو - کیونکہ چہوٹے سوداگر کی کامیابی اور بہبودی صرف اسی بات پر منحصر ہے کہ اوسکا تہوڑا سا اسباب اور محدود سامان جلدی جلدی بکتا جاوے اور نیا اسباب آتا جائی -

دور اندیشی —— لیکن اسپر بہی اگر کوئی کم بضاعت والا تاجر شہر کے باہر یا دیہات مین دوکان لگانا چاہی جہان ہم پیشہ والون کی نفسانیت اور سبقت کا خوف کم ہی اور کرایہ بہی قلیل ہین تو چند باتون کا لحاظ رکہنا چاہئے - اوسکو چاہئی کہ خصوصاً اون چیزون کی دوکان نہ لگائی جو بہت ضروری نہین ہین یعنی آرائش اور زیبائش

کی چیزین - کیونکہ ان مقامات کے باشندے وہ لوگ ہوتے ہین جو مثل اسکے بغرض کفایت شعاری ان مقامات مین جہان ہر شی ارزان ہوتی ہے بود وباش اختیار کرتے ہین اور اگر یہہ صورت نہو یعنی اگر وہان کے لوگ متمول اور دولتمند ہون جو دیہات مین رہنے کو شہر کی بود وباش پر ترجیح دیتے ہین اور جنکی آمدنی شہر اور دیہات دونون مین صرف ہوتی ہے تو اونکے پاس گھوڑے اور بگیان ہوتی ہین جنپر سوار ہوکر وہ شہر کو آتے ہین اور وہان عمدہ بازارون مین سے جہان ہر طرح کی قیمتی چیزین اور طرح طرح کے سامان دیکھلانے کے لیے رکھے ہوتے ہین اپنی آرایش اور زیبایش کی چیزین خرید کر لیجاتے ہین -

ضرورت کی چیزین —— اسواسطے اوس دوکاندار کو چاہئے جو دیہات مین دوکان لگاے کہ وہ روزمرہ ضرورت کی چیزین اپنی دوکان مین رکھے - پانچ کوس کے فاصلہ سے روٹی لانا ہو کے لوگ پسند نہین کرتے ہین اور بہت دور ترکاری سے لینے جانا فی الواقع بڑی تکلیف کی بات ہے - باورچی - قصاب - پساری یا عطار - خردہ فروش اور ترکاری فروش وغیرہ پہلے اپنی دوکان کو دیہات مین قایم کرتے ہین اور اپنی بضاعت کو بڑہاتے ہین اور اگر درزی اور ٹوپی بنانے والے اور بزاز اور موچی اور موزے بنانے والے اور دیگر چھوٹے چھوٹے پیشہ والے لوگ اپنی دوکان پہلے گانون مین نہ لگائینگے تو اونکو اپنی دوکان مین جلد ترقی ہونے کی امید ہے -

خوش اخلاقی —— بڑے مقامات مین جہان ہم پیشہ لوگ کثرت سے ہوتے ہین ایک چھوٹا دوکاندار اپنے بڑے ہم پیشہ والے سے صرف ایک سبب کی وجہ سے اکثر بڑھ جاتا ہے - وہ سبب کامیابی کا ایک جزو ہے جو ہر بضاعت کو ترقی دیتا ہے اور اگر اس سبب پر لحاظ نہ کیا جاے تو اوسکو نقصان پہونچتا ہے - اس سبب کا نام خوش اخلاقی

ہی۔ خوش اخلاقی ہر جگہہ چاہیئے لیکن تجارت مین اوسکے لیے ازحد تاکید ہی۔ کیونکہ خوش اخلاقی
کی وجہ سے کم بضاعت والا دوکاندار بہت بڑے تعجب انگیز ترقی کے درجہ پر پہونچ جاتا ہی
خوش اخلاقی مین ایک ایسا بڑا جادو ہی جو بیان نہین ہو سکتا ہی خوش اخلاقی ایسی طرز کی ہونا
چاہئی جس سے خوشامد اور چاپلوسی اور لالچ اور خود غرضی ظاہر نہو بلکہ وہ ایک سیدہا
سادہ اور پسندیدہ طریق خلق کا ہو جس سے آدمی کو خریدنے کی رغبت ہو اور جس سے
یہہ معلوم نہو کہ یہہ سب باتین خریدار کے ٹہگنے کے لیئے بنائے گئے ہین۔

ایمانداری —— دوکاندار کو چاہیئے کہ وہ تمام اپنے کاروبار
مین صرف ایمانداری اور خوش اخلاقی پر بھروسا رکھے اور یہہ کوشش کرے کہ خریدار
اوسکے دوکان پر آنے سے خوش اور محظوظ ہون۔ اگر دوکاندار اسبات کا لحاظ
رکہیگا تو اوسکا لین دین سب سی بخوبی ہو جائیگا اور جب تک وہ اس طریق سے کاروبار
کرتا رہیگا اوسکو اوسکے گاہک اور خریدار ہرگز نہ چھوڑینگے۔

دوکاندار کے فرائض —— جو لوگ اوسکے دوکان پر آئین اور
اوسکے کاروبار پر مطمئن رہین دوکاندار کو چاہئی کہ وہ محنت اور توجہ سے اونکو
راضی اور خوش رکھے اور امیر اور غریب کے ساتھہ یکسان پیش آوے اور اپنی منفعت
کے لیئے کسیکو دھوکا اور فریب ندے۔ تمام اپنے اخراجات مین اوسکو کفایت
کرنا چاہئی۔ اور سوداگری سے نفع اوٹہاکر دوسرون کے مال پر لالچ اور دست درازی
نکرے اور دوکاندار کو چاہیئے کہ لوگون سے ایسا معاملہ کرے کہ جب وہ اپنی
کاروبار کو چھوڑ کے بیٹہے اور اپنی محنت کے ثمر پر بسر اوقات کرے تو اوسکو کسی لذتی
بات پر افسوس اور تاسف نہو۔ الغرض جب لوگ ایسے شخص کو پاوینگے تو اپنے فایدہ

کے لئے اونکے پاس ہجوم کرینگے اور تابع احکام رہینگے فقط ـ

تجارت کا ایک دلچسپ مضمون

تمہید

ہر مضمون لکھنے کے قبل ضرور ہے کہ اوسکا تاریخی بیان اول تہوڑا سا لکھا جاے تاکہ ناظرین کو مضمون نگار کے مقاصد اور اغراض پر کماحقہ واقفیت حاصل ہو اور مضمون کے مطالب بخوبی ذہن نشین ہون اسواسطے قبل اسکے کہ مین مضمون تجارت کو شروع کرون یہہ مناسب سمجہتا ہون کہ پہلے کچہہ تاریخی بیان تجارت کا لکھا جاے اور نوح علیہ السلام کے زمانہ سے لیکر اب تک جو جو قومین دنیا مین مشہور اور معروف ہوی ہین اونکی تجارت کے طریقے اور ڈہنگ تحریر کئے جائین اور ہر ایک قوم کے اصول تجارت اور اشیا تجارت اور سامان تجارت کے درآمد اور برآمد پر غور کرکے اوس قوم کی ترقی اور تنزل کے اسباب بیان کئے جائین ـ اسواسطے مینے اس تاریخ تجارت کو سات زمانون مین تقسیم کیا ہی وہو ہذا ـ

۱ ابرانیونکا زمانہ

۲ مصریون کا زمانہ

۳ ہندوُن کا زمانہ

۴ یونانیون کا زمانہ

۵ رومیونکا زمانہ

۶ عربون کا زمانہ

۷ اہالیان یورپ کا زمانہ

زراعت

زراعت یعنی کہیتی غنا اور تونگری کی کان ہی سارے عالم کی بقا اسی زراعت پر منحصر ہی امور معاش مین انسان کے لئے زراعت سے زیادہ کوئی امر مہم اور ضروری نہین جہان تک ہوسکے اسکی تکمیل اور ترقی مین سعی کرنا چاہیے اللہ تعالیٰ جل شانہ نے سب سے پہلے جب حضرت انسان کو دنیا مین بہیجا تو اوسکو زراعت کی تعلیم کی اسوجہ سے کہ اوسکی زندگی قوت پر موقوف ہی اور قوت کا حاصل ہونا دنیا مین جو عالم اسباب ہی بدون زراعت کے مشکل بلکہ محال ہی اگر سچ پوچھیے تو مزارعین اور کاشتکارون کا ساری عالم پر احسان ہی اون کے احسان سے کوئی فرد بشر ہرگز ہرگز سبکدوش نہین ہوسکتا اب اس احسان کا شکریہ یہ ہی کہ ہم مزارعین اور کاشتکارون کی ہر طرح مدد اور اعانت کرین اور جو قدرتی آفات اون پر واقع ہون اون کے دور کرنے مین جہان تک ہوسکے کوشش کرین ہر گورنمنٹ اور ہر سرکار کا قیام رعایا سے ہی اور رعایا کی حیات اور بقا مزارعین اور کاشتکارون پر موقوف ہے پس خلاصہ مملکت اور سلالہ سلطنت اور مربی اور سرپرست جو کچھ کہیے وہ کاشتکار ہین اور ہم سب اون کے محتاج اور ریزہ خوار جس سرکار مین زراعت کی کثرت ہی اور مزارعین خوشحال ہین وہی ملک آباد اور سرسبز ہی اور جس سرکار مین زراعت کی قلت ہی اور مزارعین تباہ وہ ملک بھی خراب اور ناآباد اور رعایا وہان کی مفلس اور پریشان ہوتی ہی حاصل یہ کہ جو کچھ دنیا کی آبادی اور رونق ہی وہ زراعت ہی کی وجہ سے ہی اور زراعت ہی وہ چیز ہی جس پر ہمارے جان عزیز کا بقا اور قیام موقوف ہی ؎ کیمیا خواہی زراعت کن کہ خوش گفت آنکہ گفت ✦

زرع ثلاث شس زراست زرع ثالث ہم زراعت ✤ اس شعر کا مطلب یہ ہی کہ زرع مین تین
حرف ہین زر تو سونا ہی اور عین بہی زبان عرب مین سونے کو کہتے ہین گویا زراعت مین سونا
ہی سونا ہی اگر خوش اسلوبی اور عمدہ تدبیر سے زراعت کا کام کیا جاوے تو یہی کیمیا ہے
اللہ تعالی جل شانہ نے اپنی کلام پاک مین زراعت کا جابجا ذکر فرمایا ہی ارشاد ہوتا ہی

یا ایہا الذین آمنوا کلوا من طیبات ما رزقنکم یا ایہا الذین آمنوا انفقوا من طیبات ما کسبتم
ومما اخرجنا لکم من الارض کزرع اخرج شطاہ فآزرہ فاستوی علی سوقہ یعجب الزراع لیغیظ
بہم الکفار مثل ما ینفقون فی سبیل اللہ کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل فی کل سنبلۃ
مائۃ حبۃ واللہ یضاعف لمن یشاء واللہ واسع علیم — بغوی نے اپنی تفسیر مین باسناد مسلسل
حضرت انس سے روایت کیا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا - ما من مسلم
یغرس غرسا او یزرع زرعا فیاکل منہ انسان او طیر او بہیمۃ الا کانت بہ صدقۃ یعنی جو کوئی
مسلمان کوئی درخت لگا دے یا کہیتی کرے پہر اوسمین سے کوئی آدمی یا پرندہ یا چارپایہ
کہاوے تو ہر ایک کے کہانے سے اوسکو صدقے دینکا ثواب حاصل ہوگا —

کان زید بن سلمۃ یغرس فی ارضہ فقال لہ عمر اصبت استغن عن الناس یکن اصون
لدینک واکرم لک علیہم کما قال صاحبکم احیحۃ ان الکریم علی الاخوان ذو المال زید بن سلمہ
اپنی زمین مین درخت لگا رہے تہی حضرت عمر رضنے دیکہا فرمایا تونے بہت اچہا کام کیا
بے پرواہ ہوجا لوگون سے اسی مین تیرا دین بچیگا اور تیری عزت ہوگی جیسے احیحہ شاعر
عرب نے کہا ہی کہ سب بہائیون مین عزت مند وہی ہوتا ہی جو مالدار ہو پیغمبرون مین
سے حضرت آدم اور حضرت شیث زراعت کیا کرتے تہے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کے بڑے بڑے صحابہ جلیل القدر جیسے ابوہریرہ اور عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عباس

کیمیا

صنعت

اعلی درجہ کی کارآمد چیزون کا تذکرہ

برتنون پر چاندی چڑہانیکی ترکیب

کوئلون کی آنچ پر کوئی توا یا پتیلی رکابی رکہہ دین اور اوس رکابی مین بالو ریت بہر دین - اوس ریت پر مٹی کی پیالی یا کٹھالی رکہین - اوس کٹھالی مین تہوڑا سا گندک کا تیزاب یا شورہ کا تیزاب اور چاندی کا بُرادہ ڈالین - پس جب تہوڑے عرصہ مین اوس ریت کی حرارت سے چاندی کا بُرادہ تیزاب مین حل ہوجائے تب اوسمین کہانے کے نمک کا سفوف اسقدر ڈالین کہ وہ گاڑہ ہوجائے بعدہ اوس گاڑہی چیز کو جاذب کاغذ کے فلٹر+ پر رکہکر یہان تک پانی سے دہو دین کہ دہوئی ہوئی پانی مین ترشی نرہے پہر صافی پر بچی ہوی چیز کو ایک چینی کے پیالے مین رکہکر اوس اتنا "سانائیڈاف پٹاسم" اسمین ڈالین کہ وہ پہر حل ہوجاسے بعد ازان اوس محلول مین کہریا مٹی کا سفوف ملائین اور جس برتن پر چاندی چڑہانا ہو اوس پر برش سے لگائین سوکہہ جانے کے بعد اوسکو صافی سے اور پہر پانی سے صاف کر ڈالین - پتیل اور تانبے کے برتن پر تو اس ترکیب سے بہت اچھی طرح چڑہ جاتی ہی مگر جستہ پر نہین چڑہتی ہی -

چاندی پر سونیکا ملمع کرنیکی ترکیب

سونے کے نہایت سپتلے پتلے ٹکڑے کرکے

+ فلٹر اوس چیز کو کہتے ہین جس سے کوئی چیز چہانی جاسے -

نائٹرو میوریٹک ایسڈ" (شورہ اور نمک کا تیزاب ملا ہوا) مین ڈالین جب وہ حل ہو جاوین تب اوسمین ایک سفید کپڑا ترکرکے اور دہوپ مین خشک کرکے آگ مین جلائین۔ جس نقرئی چیز پر سونے کا ملمع کرنا ہوا وسپر پہلے چربی ملین بعدہ اوس کپڑے کی راکہہ کو تہوک مین ملاکر اوسپر چڑہا وین پہر سفید کپڑے سے صاف کر ڈالین اس ترکیب سے خاک اُڑجائیگی اور خالص سونا نکل آئیگا۔

سونے سے ملمع کرنے کی دوسری ترکیب

گندک اور نوسادر مساوی الوزن اسقدر کہرل کرین کہ دونوں یک ذات ہو جاوین پہر دو مثقال ورق طلائی کو چینی کے پیالہ مین رکہکر اجزاء مذکورہ مین سے ایک دانگ لیکر اوسمین ڈالین اور پہر شیشے کے کہرل مین خوب پیسین جب ورق طلا حل ہو جاسے تب چینی کے پیالہ کو ذرا آگ پر گرم کرین تاکہ نوسادر اور گندک دور ہو کر زر محلول رہجاوے اب اسمین گوند کا پانی ملاکر نقاشی کے کام مین لاوین یا تانبے یا لوہے یا چاندی کی چیز کو خوب صاف کرکے اوسپر ملمع کرین۔

تانبے کو نقرئی کرنیکی ترکیب

آدہ سیر تانبے کے واسطے دو چہٹانک شورہ اور دو چہٹانک کہیا کو پیسکر کٹہالیمین ڈالکر اور آگ پر رکہکر گلائین بعد گل جانے کے آگ سے اوتار کر پیسین اس سفوف کے ساتہہ صاف سہاگہ اور "وائٹ ٹارٹار" (شراب کا تلچہٹ جو سفید رنگ کا ہو) ڈیڑہ ڈیڑہ "اونس" (یہہ ایک انگریزی وزن کا نام ہے جو آدہی چہٹانک کے برابر ہی) ملاکر اور کٹہالی مین ڈالکر گلا دین بعدہ اوسکو لوہی کے برتن مین ڈالکر ریزہ ریزہ کرین اور تانبے کے پتروں کو چہہ ساتہہ مرتبہ آگ مین تپا تپا کر پانی مین

بجہا دین پہر حرخ دیکر ادسمین مصالح مذکور کو تہوڑا تہوڑا چہہ چہہ منٹ با لحاظ بعد ڈالتے رہین جب سب مصالحہ ہو چکے آگ تیز کر دین تاکہ پاو گہنٹہ مین تانبہ مع مصالحہ کے پگہلکر ایک جگہہ ہو جاسے پہر زمین مین نالی بناکر ڈال دین بعد سرد ہونے کے منجمد ہو جاویگا اور تانبہ پارہ کے موافق سفید ہو جائیگا —

تانبے کو طلائی بنانے کی ترکیب

صاف زنگار دو چہٹانک — صاف طوطیا ایک چہٹانک — شورہ آدہی چہٹانک — سہاگہ سوا تولہ — ان سب کو خشک پیسکر تیل مین گوندہ لین اور کٹھالی مین رکہکر گلا لین پہر تانبے کو ذرا گرم کرکے اوسپر اوسمین سے لگائین

لوہے پر تانبے کا رنگ چڑہانے کی ترکیب

ایک اونس یعنی آدہی چہٹانک تانبے کے بتر دن کو آگ مین صاف کرکے ڈیڑہ چہٹانک "اکوا ریجیا"+ مین حل کرین جب ٹہنڈا ہو جاسے ایک پر کے ذریعہ سے لوہے کی چیز پر لگائین — اس ترکیب سے آہنی شئے مصفے اور مجلا ہو جاسگی جب کثرت استعمال سے یہہ مصنوعی رنگ ہلکا پڑ جاسے تو پہر ترکیب مذکورہ بالا عمل مین لاین —

لکہنے کے لئے آب زر بنانے کی ترکیب

ورق طلائی کو آب صمغ عربی مین حل کرین بعدہ قدرے "بای کلورائیڈ اف مرکیوری"* اسمین شامل کرین اور شیشے مین رکہہ چہوڑین وقت ضرورت کی کام مین لائین

+ اسکو نایٹرو کلیرو ہاڈروک ایسڈ بہی کہتے ہین —

* بای کلورائڈ اف مرکیوری — دو حصہ کلورین اور پارہ کے کلورین کا کوی ہندوستانی نام نہین ہے

لکھنے یا نقش و نگار کرنے کے لئے آب نقرہ بنانے کی ترکیب

ورق نقرہ کو گوند کے پانی خواہ بیضۂ مرغ کی سفیدی مین حل کرکے استعمال کرین —

سبز روشنائی بنانے کی ترکیب

طوطیا دو حصہ — زنگار دو حصہ — "کریم آف ٹارٹر" (شراب کا دُرد) ایک حصہ — پانی آٹھ حصہ — طوطیا اور زنگار پانی مین ملا کر پھر اوسمین "کریم آف ٹارٹر" ڈالکر سبکو اسقدر جوش دین کہ پانی نصف رہجاے پھر اسکو چھانکر بوتل مین رکھ چھوڑین —

لوہے کی چیزون پر حرف کھودنیکی ترکیب

اول موم کو گرم کرین پھر جو کچھ لکھنا ہو اوس سے لوہے کی چیز پر لکھین بعدہ نوسادر — طوطیا سبز — پھٹکری — تینون چیزین ہموزن لیکر پانی مین ملا کر اوسپر چھڑکین اس ترکیب سے حروف منودار ہو جاینگے —

چاندی کی چیز پر حرف کھودنیکی ترکیب

اول موم سے لکھین پھر نوسادر — نیلا تھوتھا — گندک — مساوی الوزن لیکر لیموں کے عرق مین پیسکر اوسپر چھڑکین اور دھوپ مین سکھا کر دھو ڈالین حرف منودار ہو جاینگے

پتھر پر حروف کھودنیکی ترکیب

موم کو روغن کنجد کے ساتھہ بذریعہ حرارت کے حل کرین پھر اوس سے پتھر پر لکھین بعد تین روز کے تیز سرکہ سے دھو ڈالین اس ترکیب

حفظ صحت ازواج

سبحانہ
سبحان اللہ جلہ تعریف اوسہی خالق بےچارہ اور صانع بے دا اور مصور کامل کو سزاوار ہے جسنے ایک قطرہ نجس کو انسان کی پیدائش کا سبب ٹھیرایا اور اوسہی قطرہ سے لولو شاہوار اور دُرّ بے بہا بنائی جنکے آب وتاب سے زمین و آسمان روشن ہوا اور جنکی بزرگی اور عظمت سے زمین کا دماغ عرش پر ہوا۔ اسہی قطرہ نجس سے کیسے کیسے حسین معشوق گل اندام پری چہرہ جنکی حسن وجمال کی تحریر مین قلم کو سکتہ ہی پیدا ہوتے ہین اور اسہی قطرہ سے کیسے کیسے حکیم اور فیلسوف اور عالم وفاضل اور عارف اور زاہد پردۂ غیب سے عالم وجود مین آتے ہین یہہ وہی قطرہ توہی جس نے رستم اور سہراب اور اسفندیار کو عالم ہستی دیکھایا اور یہہ وہی قطرہ تو ہے جسنے سلاطین عظام کو اس دار فانی مین موجود کیا۔ الغرض نسل آدم کی حفاظت کے لیئے یہہ ضرور ہی کہ عورتون اور مردون کی حفظ صحت رہے تاکہ اولاد قوی اور صاحب فہم اور فراست پیدا ہو۔

جیسا کہ انسان مین قاعدہ توالد اور تناسل جاری ہی اوس اوسکے واسطے عورت اور مرد کی مجامعت ضرور ہی اسہی طرح اور دیگر حیوانات مثل گھوڑا ہاتھی وغیرہ اور نبات مین بھی یہہ قاعدہ جاری ہے پس حیوانات اور نبات پر خیال کرنے اور اونکی حالت دیکھنے اور اون کے پھل اور پھول کو غور کرنے سے وہی بات برآمد ہوگی جو انسان کے حالت پر خیال کرنے سے ہوگی دیکھو جب ایک درخت تر وتازہ ہوتا ہی اور اوسکے پتّے اور ڈالین ہری بھری ہوتی ہین تو اوسمین پھول اور پھل بھی بڑے بڑے اور سبز اور شاداب اور خوش ذائقہ

كلمة الحكمة ضالة المؤمن حيث وجدها فهو احق بها

خذوا الكلمة حق من سفيه ودعوا الكلمة باطل من نبيه

نشان ۲ غرہ ماہ صفر سنہ ۱۲۹۸ ہجری مطابق جنوری انگریزی سنہ ۱۸۸۱ء

جلد اول رسالۂ بے نظیر کیمیا تاثیر دہم

کا اسمہ

معلّم شفیق

مشتمل بر علوم و فنون قدیمہ وجدیدہ یعنی علوم مندرجہ ذیل

ریاضیات - طبعیات - آبیات - تجارت - اخلاق -
طب - تاریخ - جغرافیہ - ادب - کیمیا - نباتات - معادن

در مطبع رحمانی واقع حیدرآباد مطبوع شد

مقدمہ

یہ رسالہ ہر قمری مہینے کی پہلی تاریخ طبع ہوکر خریداروں کے پاس روانہ ہوا کرتا ہے
علوم و فنون قدیمہ اور جدیدہ یعنی - ریاضیات - طبعیات - الہیات
تجارت - اخلاق - طب - تاریخ - جغرافیہ - ادب - کیمیا - نباتات -
معادن - وغیرہ سے بحث کیجاتی ہے -

عمدہ عمدہ مفید کتابوں کے ترجمے جنکی آجکل ہماری قوم کو از حد ضرورت ہے تحریر کیجاتی ہین
مفید چیزوں کے تیار کرنے کے مجرب نسخے اور ولایتی اشیاء کے بنانے
کی صحیح صحیح ترکیبین بتصریح لکھے جاتے ہین -

زراعت اور دیسی پیداوار کی ترقیوں کی تدبیرین مندرج ہین اور زراعت کے
تجربے مختلف زبانوں کے رسالوں سے ترجمہ ہوکر شایع ہوتے ہین -

ہر ہر مضمون کے صفحون کے ہندسے الگ الگ رکھے گئے اسمین یہ فائدہ ہے
کہ جس مضمون کو چاہین علٰحدہ کرکے اوسکی ایک مستقل کتاب بنالین -

شرح قیمت بحساب مندرجہ ذیل ہے

(۱) جو صاحب بلدہ مین تشریف رکھتے ہین اون سے سالانہ لینگے — [illegible]
(۲) 〃 〃 〃 〃 ششش ماہی — [illegible]
(۳) 〃 〃 〃 〃 سہ ماہی — [illegible]
(۴) 〃 〃 〃 〃 فی رسالہ — [illegible]
(۵) اور جو صاحب بلدہ مین تشریف فرما نہین ہین اون سے سالانہ معہ محصول ڈاک لینگے — [illegible]
(۶) 〃 〃 〃 ششش ماہی — [illegible]
(۷) 〃 〃 〃 سہ ماہی معہ محصول ڈاک — [illegible]

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	نام مضمون نگار یا مؤلف
۱	تعلیم و تربیت	مولوی جمال الدین صاحب حسینی
۲	اردو لکھنے کی سلاست	محب حسین
۳	راقم اور ایک شخص اجنبی کے جواب و سوال	محب حسین
۴	جغرافیہ نباتی	مولوی حافظ حاجی محمد وحید الزمان صاحب مترجم شرح وقایہ و مؤلف حاشیہ میرزاہد وغیرہ
۵	جغرافیہ کے عام اصول	محب حسین
۶	بقیہ مضمون زراعت	مولوی حافظ حاجی محمد وحید الزمان صاحب
۷	بقیہ مضمون حفظ صحت ازواج	محب حسین

تعلیم و تربیت

ایة امةٍ دانت لسلطان العلم فقد استوت علی عرش السعادة

انسان را با جلالت قدر و عظم شأن و قوت ادراک و حدّت ذهن و جودت قریحه و سعهٔ عقل و صنایع بدیعه و اختراعات عجیبه ایکه با خارق عادات سرمبارات و مهاراث دارد و تیزی فکریکه از ارضیات درگذشته ید تطاول بآسمانها دراز کرده است عجیب و غریب حالتی و حیرت افزا خلقت و پیدایشی است - زیرا انکه انسان چون تولد می شود و از کمون ببروز و از غیب بشهود جلوه می کند و قدم برعرصهٔ وجود می نهد از همه حیوانات پست تر و عاجز و ناداں تر میباشد — هر حیوانیکه زائیده می شود بیارای فطرت و الهام الٰهی جمیع مضار و منافع خود را میداند و دشمن جان خویش را می شناسد و در مأکل و مشرب و مبیت محتاج بمعلم نیست و در دفع و جلب و تقارب و تنافر و صیانت وجود استاد نمیخواهد واما انسان چون بدین عالم پا می نهد لوح سیست ساده و کتابیست نانوشته و زمینی است بائر و بجز فطرت بسیطه و قوهٔ محضه و طبیعت صرفه چیز دیگری در و نیست - زهر را از تریاق تمیز نمیدهد و قریب را از بعید فرق نمیکند توانا بر ادراک مصالح و مفاسد و منجیات و مهلکات نیست و قدرت بر دفع منافرات و اکتساب ملائمات ندارد و ضروریات معیشت و لوازم حیات را نمیداند و از اکل و شرب یومیه عاجز است و او را یارای ایستادن و حرکت کردن نمیباشد نه صفات حسنه را دارد و اثری و نه خصلتهای نا ستوده دامن عصمتش را آلوده نموده است - و بالجمله انسان در حین تولد حیوانیست بلا صبر

در لوح دل بچه بدون نقش داشته و پدر و مادر و خویش و اقارب آنچه در خود دارند از اخلاق و [illegible] عادات و آداب و افکار در آن مولود جدید بمرور زمان ودیعه میگذارند و بصورت نیکی آنها را مقبول افتد، مصور ساخته و آنچه ایشانرا پسند آید در و نقش میکنند و آنرا بعد از بی رنگی بلون خود رنگ کرده در جمیع امور مماثل خویشتن میسازند- و اگر پدر و مادر و خویشاوندان او متخلق باخلاق فاضله و متصف باداب پسندیده و دارای افکار عالیه بوده باشند البته آن مولود جدید را بواسطه اکتساب این امور که بواعث حقیقیه نیکبختی است سعادت مطلقه دست خواهد داد و الا در مهوات شقا و بدبختی و حفره های اتعاب و رنجها و وادیهای بلایا و مصائب در افتاده بجهت رذائل و اداب ناستوده و افکار خسیسه که از آنها استحصال نموده است از سعادت بالکلیه محروم میگردد — و چون باحوال پدران و مادران نظر اندازیم ظاهر میشود که آنها غالبًا از خود چیزی نداشته اند بلکه هرچه در ایشان بوده است از نیکی و بدی و استقامت و اعوجاج همه بنهج ارشاد و ودیعه بوده است و حلقات این سلسله در آخر بعلما و دانشمندان و پیشوایان آنها منتهی خواهد گردید- لهذا اگر ما ذره بین بصیرت و بینائی را بر دیدهٔ عقل نهاده از خبایای عقول هر امتی از امم و از زوایای نفوس هر قومی از اقوام و از مکامن عادات هر عشیره از عشایر تفتیش نمائیم بغیر از افکار علما و اخلاق دانشمندان و سیرت پیشوایان آنها هیچ چیز دیگر چه خورد بوده باشد چه بزرگ در ایشان نخواهیم دید — پس فی الحقیقة سائق و قائد و روح حیات و محرک دولاب هر امتی از امم علما و پیشوایان آن امت میباشند و علمای آن قوم را اگر افکار عالیه و نفوس مهذبه و عادات جمیله بوده باشد هیئت مجموعه ایشانرا آنًا فانًا نمو و ازدیاد و بهجت و نضارتی تازه دست خواهد داد و همگی احاد آن بنجوت

دشیم وعزت نفس وسلامت طویه واتحاد کلمه ومحبت تامه وبصیرت وبینائی متصف خواهند گردید
وچون مجموع این امور آنها را حاصل گردد بے هیچ ریبی بر مدارج نیک بختی ارتقا نموده
غنا وثروت وامنیت وراحت وعلو شان دنیوی را استحصال وبسعادت ابدیه فائز
خواهند گشت۔ واگر پیشوایان آن قوم خود را عالم نامیده ودر واقع ونفس الامر
از علم حقه سے وازافکار عالیه بهره ئے نداشته باشند ویا اخلاق وعادات خود را
تهذیب وتعدیل نکرده باشند البته پیروان ایشان بچاه ضلالت افتاده وآن
امت را فقر وفاقه وشقاق ونفاق فرا گرفته رفته رفته اجزای آن که عبارت از
احاد امت بوده باشد روی بتلاشی آورده بالمره مضمحل ونابود خواهد گردید—
وچون تأثیرات پیشوایان در امم وعظم شان علماے کاملین ومضار ومفاسد
ناقصین عالم نما روشن گردید پس باید دانست که خست وشرف وقوت وضعف
معلولات چه در عالم کبیر وچه در عوالم صغیره وچه در افعال اختیاریه انسان بر حسب
علل آنها است ودر هیچ عالمی از عوالم ممکن نیست که خسیسی علت شریف ویا خود ضعیفی
علت قوی گردد۔ ودر اعمال انسانیه هیچ عملی اشرف واقوی از اعمال فکر در طرق
سعادت و... اعمال نظر در دقائق علوم حقه ومعارف صدقه نمی باشد۔ ووجه اشرف
بودنش بدانچه گفتیم ظاهر شد واما اقوی بودنش از جمیع اعمال بجهت آنست که دشواری
وثقل هر صناعتی از صناعات وگرانی وتعب هر حرفه سے از حرف بر عضوی مخصوص
وجارحه ئے مخصوصه میباشد وسائر اعضا وجوارح را در حین اشتغال بدان صناعت
نوعی راحت وآرامی حاصل است۔ وبار وگرانی اعمال فکر در علوم بر مجموع عصبی
ودماغ میباشد وچون مجموع عصبی را کلال وضعف پدید آید جمیع اعضا وجوارح را

تا توانی و سستی و خستگی فرا خواهد گرفت و لهذا باید که علت آن در نهایت شرف و قوت بوده
تا آنکه او در عالم وجود در آید و صورت هستی پذیرد - پس مجرد احتیاج طبقهٔ ارباب صناعت فکریه
در عالم تعاون و توازر با عمال سائر طبقات انسان موجب و علت صناعت آن طبقه نخواهد شد
چنانچه نفس آن احتیاج در سائر طبقات علت و باعث اعمال و حرف می شود بجهت آنکه اولاً
خود احتیاج با عمال سائر طبقات اقتضا نمیکند مگر عملی را که معادل سائر اعمال بوده باشد
در شرف و قوت و صعوبت و دشواری چونکه مقصود درین هنگام مجرد مبادله خواهد بود
و ما مقدار شرف صناعت فکریه و قوت و دشواری آنرا بیان کردیم و ثانیاً احتیاجات
این طبقه با عمال طبقات دیگر فی حد ذاتها بسیار کم است زیرا آنکه غالب احتیاجات
مردم بیکدیگر از برای کمال در معیشت و زینت در ملابس و زخرف در مساکن و تانق
در مآکل و توغل در شهوات است و ارباب این طبقه را سعهٔ عقل از تلذذات ملابس موشحه
و مساکن مزخرفه منزه ساخته و اعمال فکر و استعمال مجموع عصبی موجب فتور سائر اعضا
و جوارح آنها گردیده ایشان را از تانق در مآکل و توغل در شهوات محروم نموده است
خصوصاً که این جماعت علی الدوام سرمایهٔ شهوات و تلذذات را که شبوبیه و جوانی
بوده باشد در راه طلب علوم و معارف صرف مینماید - پس واجب شد که سببی فعال
و باعث دیگرے مؤثر باحتیاج این گروه منضم شود تا آنکه این مجموع علت صناعت
فکریه تواند شد — و چون اعمال بدنیه و افعال نفسانیه انسان استقرار شود
هیچ عملے فعال و هیچ فعلے مؤثر در آنها یافت نمی شود که ضمیمهٔ احتیاج آنفرقه شده تتمم
علت تامهٔ اعمال فکریه گردد و بدارد آن جماعت را بر تحمل بار گران و حمل ثقیل این صناعت
مگر محمدت حقه و اعتراف بشرف علم و تبجیل و توقیر و تعظیم و تفخیم ارباب آن چنانچه شاید و باید

تجربه نیز حقیقت این استنباط دلالت میکند زیرا آنکه مشاهده میکنیم که کثرت علوم و معارف و وفور علما
و فضلاء و بسیاری مؤلفات و مصنفات در ممالک باندازهٔ شرف منزلت و عظم مقدار اهل علم است
در نزد اهالی آن ممالک حتی در بعضی بلاد چون شرف خداوندان معارف بدرجهٔ رسیده است
که هیچ شرف و عزتی بدان پایه نتواند رسید و جمیع مراتب پیش آن مرتبه جلیله پست و حقیر
گردیده است علم را چنان صعود و عروجی حاصل شده است که پس ماندگان عالم انسانی بنظارهٔ
رصدیهٔ خیال هم ادنی پایه او را دیدن نتوانند و تألیفات و تصنیفات آنقدر بسیار گردیده است
که نادانان حساب و شمارهٔ آنها را هم ندانند — چون ظاهر شد که اعتراف آحاد امت بشرف
منزلت عالم موجب حصول علوم حقه است و حصول علوم حقه علت وجود سعادت مطلقه است
اکنون با هزار تأسف و اندوه میتوان گفت که سبب فقر و فاقه و مسکنت و ذل و بدبختی
اهالی مشرق زمین از آن است که آنها بهیچ وجه مقدار علم و عالم را نمیدانند و شرف و منزلت
دانشمندان را نمیشناسند و خداوندان معارف را توقیر و تعظیم نمیکنند و چنان خیال میکنند
که علم صناعتیست فضول و زائد و پیشه ایست بی فائده و بی ثمر و کار و حرفه بیکاران است
لهذا عدد علما در آنها آنقدر کم شده است که بانگشت شمار توان کرد و این را ندانسته‌اند
که جمیع سعادات آباء و اجداد ایشان بلکه جمیع سعادتیکه در عالم یافت شده است همه نتیجه
علم و معرفت بوده است — و این را ادراک نکرده اند که آنها سزاوارترند بتعظیم علم و عالم از دیگران
اولاً از برای اینکه مریض را بالطبیب احتیاج بیشتر است از صحیح المزاج و ایشان بالبداهه همگی مبتلا
بمرض مسکنت و ذلت و این بیمار را طبیبی بجز عالم عارف کی خواهد یافت شد و ثانیاً چون نظر کنیم
به اهالی مشرق می بینیم که جل آنها از اولاد علما و حکما و عرفا و فضلاء و انبیاء کرام و رسل عظام
میباشند پس آنها احق‌اند بتمجید و تکریم ورثهٔ آباء خویشتن از دیگران که اجداد ایشان

بکلی وحشی و بربری (یعنی جنگلی) بوده اند اگر اهالی مشرق زمین ازین خواب غفلت بیدار نشوند و بجهت
اصلاح شأن خویش و خلاصی از بیماری ذل و بیچارگی بتعظیم دانشمندان نکوشند البته آنها رفته رفته
استجیر بالله مضمحل و نابود خواهند گردید و شرف آباء و اجداد خود را بعار و ننگ مبدل خواهند ساخت -
و عجیب آنست که این بیماران بیچارگی بجای احترام اطبای خود که علما بوده باشند سعی می کنند
در توقیر اغنیاء بخلاء و کوشش مینمایند در تعظیم اولاد ظالمان و ستمگاران و جد بلیغ بجا میاورند
و در تکریم آنان که عظام بالیهٔ مهتان و محتالین را بر دوش گرفته باشند و غافل ازینکه اینها ثروت را اختقان الدم
مهلک و راحت را صداع دائمی و سعادت را داء عقام میباشند افسوس هزار افسوس ازین روش
وازین بینش وازین دانش - و باید دانست که مراد ما از عالم آن عالم هست که معارف آن
گمراهان طریق سعادت را هادی و رهنما باشد - و دانشش دلهای مرده را حیات و زندگانی
تازه عطا کند و سخنانش بیماران ذل و مسکنت را شفا بخشد - و عباراتش چون مقناطیس
اجزاء متلاشیه امت را جمع کند و کلماتش صیقل دهد نفوس را از کدورات بواعث شقا
که عبارت از اخلاق رذیله بوده باشد - و علمش تابان آفتابی و درخشان خورشیدی باشد که
چون طلوع کند از مشرق عقل آن عالم نور و ضیائش بر ساحت نفوس جمیع امت بتابد و همگی اماکن آنرا
منور و بینا گرداند تا هر یکی منافع و مضار و مصالح و مفاسد خود را بداند و سعادت دارین را از روی
بصیرت استحصال کند - نه آن عالم است که در ظلمتکدهٔ وحشتناک اوهام نشسته علی الدوام بهمهمه
و دمدمه مشغول و افساد را اصلاح گمان میکند و خود راه نمیداند و راه بری دعوی مینماید و [illegible]
در گورستانهای کهنهٔ پرخوف و خشیت کلاهها و ویرانهای سهمناک تخیلات مسکن گرفته چون بوم گاه و بیگاه ندای
وحشتناک در رسیده [illegible] دمار و هلاک قوم میرساند اجارنا الله منهما و این نه [illegible] فی الحقیقت عالم نباشد
گفت بلکه [illegible] مبشران هلاکت و پیکهای مصائب [illegible] عالم نما باشد [illegible]

راقم سید جمال الدین حسینی

اردو کے لکھنے کی سلاست

اردو تو ایک ایسی زبان ہی جو عربی فارسی ترکی چغتائی بھاکا سنسکرت
اور کچھہ کچھہ انگریزی اور پرتگیز زبان کے لفظون سے مرکب ہی تو چاہیئے تہا کہ جیسے کہ
اردو مین عربی الفاظ کے تلفظ کرنے مین عام کیا بلکہ خواص بہی (ث، س، ص) (ع،
ذ، ظ) (ح، ہ) کے تلفظ کرنے مین کچھہ مخرجون کا لحاظ اور کسی قسم کی تمیز اور تفریق نہین کرتے
ایسا ہی چاہیئے تہا کہ لکھنے مین بہی ان لفظون کی جنمین یہہ حرف آتے ہون کچھہ رعایت
اور پابندی نکیجاتی بلکہ سیدہی اور سلیس سلیس تلفظ کو لکھدیا جاتا کیونکہ کتابت تو تابع
تلفظ ہی بس جیسی کہ آواز مونہہ سے نکلے اوسہی کو تحریر مین ضبط کرنا چاہیئے کیونکہ جبکہ
بولنے والا خود کچھہ (ز، ذ، ض، ظ) کے تلفظ مین تمیز نہین کرتا تو کاتب کو کیا ضرور ہے
کہ وہ اوسمین فرق اور تمیز کرنے کی تکلیف اوٹہاوے اسمین بڑا فایدہ یہہ ہے کہ اردو
لکہنا بہت جلد آسکتا ہی خصوصًا ایسے لوگون کو جو یا تو عورتین ہین کہ جنکو اونکوئی علم
نہین ہے یا کسی ایسے ملک کے آدمی ہین کہ جو زبان تو اردو بولتے ہین مگر لکھہ نہین سکتے
وہ بہت ہی آسانی سے صرف چند روز حروف تہجی پڑہکر اور اونکی ترکیب یاد کرکے فورًا
فرفر اردو لکھہ سکینگے حالانکہ اب اردو کے لکھنے مین جب تک کہ اون عربی الفاظ کی اصلی تہجی
یا مصدر یا اشتقاق نہ معلوم ہون نہین لکھہ سکتے مثلاً کوئی مرہٹی یا تلنگی زبان کا
آدمی مرہٹی یا تلنگی تو لکھہ پڑہ سکتا ہی مگر اردو صرف بولنا ہی آتا ہے تو جبکہ اوسکو اردو کی
حروف تہجی سکہادی جائین اور وہ اوسکے جوڑ توڑ سیکہہ لیئے تو اب اوسکی لئے اور کوئی
حالت منتظرہ باقی نہین رہنی چاہیئے جسکی وجہ سے وہ سیدہی سلیس صاف صاف اوس
جسکو وہ خوب بول سکتا ہی نہ لکھہ سکے کیا ضرور ہے کہ وہ جب تک کہ عربی بہی نہ پڑہلے

بالاقل فارسی مین کچھ تھوڑی سی بہت شد بود نہ پیدا کرے تب تک اوسکو اردو لکھنا چاہئیے
کیا تماشے کی بات ہی کہ اردو زبان لکھنے کے لئے جبکہ وہ ایک سہل اور سلیس زبان ہی
اور ایک شخص کو آتی بھی ہے مگر اوسکے لکھنے مین وہ فارسی یا عربی پڑھنے کا محتاج
ہی تو اسمین ایک چھوٹی سے بات کو ایک بہت بڑی بات پر موقوف رکھنا ہی اور یہہ بات
دانشمندی سے بہت بعید ہے۔ پس ضرور ہی کہ جو لوگ اپنے لڑکے اور لڑکیونکو
اعلی درجہ کی تعلیم فارسی یا عربی کی دینی نہین چاہتے اور اتنی خواہش رکھتے ہین
کہ وہ لوگ اردو لکھہ پڑھ سکین تو اونکو ضرور ہے کہ اوسی طریقہ کو اختیار کرین کہ
جو بات عربی اور فارسی پڑھکر برسون مین آتی ہے وہ بات اِس طریقہ سے مہینون
بلکہ ہفتون مین آسکتی ہے۔ بعضے صاحب ایسا اعتراض کرینگے کہ اگر اسطور سے
مخارج کی تمیز اوٹھا دیجاوے تو پڑھنے مین بہت دھوکا ہوگا اور سمجھہ مین نہین آیگا
کہ لکھنے والے کی منشا کیا تھی اوسکے جواب مین ہم کہینگے کہ یہی عذر اور یہی اعتراض
بولنے اور سننے مین ہو سکتا ہی کیونکہ بولنے والا بولنے مین تو کچھ (ث، س،
ص) اور ظ، ذ، ض) کی تمیز رکھتا ہی نہین ہے تو ہم اچھی طرح سے اپنا مطلب
سمجھہ لیتے ہین پس ایسا ہی پڑھنے مین بھی ہوگا۔ اب ہم مثال کے طور پر ایک
رقعہ اور چند اشعار اِس سلیس اردو کے طرز تحریر کے باب مین لکھتے ہین۔

رقعہ

صاحب بندہ سلامت

آپکا رقعہ کل سہ پہر صادر ہوا عزت بڑائی از حد محظوظ ہوا اوسمین جو
آپنے میری نسبت کا تذکرہ فرمایا تھا سو درحقیقت تین چار دن سے بین العلیل ہون

آپ تو آفریں کہ حضرت حق سبحانہٗ تعالیٰ و شافی مطلق جلد شفا عنایت اور دانا فرماوے آپ نے سنا ہوگا کہ ابو العلیٰ صاحب کا انتقال ہوگیا ہے۔ اب ظاہرا کوئی ناشی فی الحقیقت اور فی الواقع نظر نہیں آتی۔ خدا اپنا فضل کرے۔ ہر حال میں صبر اور شکر چاہئے۔ راقم بندہ ذلیل ابو الجلیل

فرد

نثار تجھ پہ سے گو دل ہزار بار کیا ۔ ولیکن تو نے کبھی ہی نہ اعتبار کیا

خزاں میں برق کا ڈر تھا نہ کچھ غم صیاد + تباہ آتی ہے تو نے جسے بہار کیا

فرد

سرہالیں ترے کشتوں کو قضا کہتی تھی + کر گئی تیغ ادا عشق میں بدنام مجھے

ہوں وہ مہجور کہ جب دور ہوا ہے آخر + ابھی وہیدائی ہی نصیب یا دہی وجام مجھے

راقم محی حسین

راقم اور ایک اجنبی شخص کے جواب و سوال

ایک روز اتفاقاً ایک صاحب جن سے کبھی جان پہچان تک نہ تھی دروازے سے برآمد ہوئے اور سلام و علیک کہکر کرم فرما ہوئے۔ بعد سلام و علیک کے چھوٹتے ہی فرمانے لگے کہ ایک رسالہ معلم جاری ہوا ہے کیا آپ ہی اس کے ایڈیٹر ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت ایڈیٹری کی لیاقت تو بندہ میں نہیں ہے مگر دوستوں اور احبابوں کے کہنے سننے سے اس خاکسار نے اس کے اہتمام کو اپنے ذمہ لیا ہے۔ کہنے لگے کہ حضرت اس رسالہ میں بارہ علم ہیں وہ کون صاحب ہیں جیسے اس زمانہ میں پیدا ہوئے ہیں جو ان علوم سے واقف ہیں

اور جو سقراط افلاطون اور بطلیموس پر فوقیت لیگئے ہین - بہلا یہہ علم تو دور رہین کوئی صاحب
میرے سوالون کا جواب ہی دین تو معلوم ہو بندہ نے اسکے جواب مین عرض کیا کہ اگر
گستاخی معاف ہو تو ایک عرض کرون کہنے لگے کہ کیا مین نے کہا کہ اگرچہ یہہ ہیچمدان کسی قابل
نہین ہی لیکن اگر جناب سوالات کرین تو مین بھی اپنا ذہن لڑاؤن اور طبع آزمائی کرون
اور اگر غلطی ہوگی تو حضرت اصلاح فرما دینگے اور اسی وجہ سے مجھکو استفادہ ہوگا اگر ہم سے
کوئی جواب کسی علم مین ندیا جاے تو یہہ کچھ شرم کی بات نہین ہے - کیونکہ بقول مولانا رومی
علم دریا ایست بے حد و کنار - طالب علم است غواص بحار * بلکہ ہمکو ہمیشہ علم کی تلاش
رکھنا چاہیئے اور دوسرے لوگون سے جو بات ملے اوسکو سیکھنا چاہیئے جیسا کہ کسی بزرگ
نے کہا ہے اطلب العلم من المہد الی اللحد اگر کوئی بات مجھکو نہ معلوم ہوگی تو اس بحث مین صاف
ہو جاویگی کہنے لگے خیر پہلے ان سوالون کا جواب تو دیجیئے - وہو ہذا -

سوال - حضرت معلم شفیق پہلے یہہ تو فرمائے کہ علم کسواسطے سیکھتے ہین اور اوس سے کیا فائدے ہین

جواب - اے حضرت معلم شفیق البتہ بندہ نہین اِس سے لاکہا زیادہ اوراق کاغذ کے
مراد ہین جن پر لایق و فایق صاحبون کے مضامین لکہے ہوے ہین بندہ تو ایک خادم
ہیچمدان ہے لیکن جواب اس سوال کا یہہ ہی کہ علم اسواسطے سیکھتے ہین کہ اسکے ذریعہ سے
ہم نیکی اور بدی مین تمیز کرسکین اور خدا کی قدرت سمجھنے مین مدد ملے اور اوس سے ہمکو
ایک قوت حاصل ہوتی ہے جسکی وجہ سے ہم اپنے حالات اور معاملات کو جن سے ہمکو
ہر روزہ کام پڑتا ہی درست کر سکتے ہین - اس قوت کے استعمال سے جو ہم کو علم سے
حاصل ہوتی ہے ہم دنیا مین اپنی زندگی خوشی کے ساتھ بسر کرتے ہین -

سوال - کیونکر علم کو حاصل ہونے سے ہم مین یہہ استعداد پیدا ہوتی ہی کہ ہم اپنی حالتون اور آس پاس کی چیزون کو درست کر سکین

جواب۔ علم ہم مین اسبابکے سمجھنے کی استعداد پیدا کرتا ہی کہ تندرستی کے لیے ہمکو پاک مکان اور تر و تازہ ہوا کیسا ضروری ہی۔ علم سے ہمکو یہہ بات معلوم ہوتی ہی کہ حیوانی اور نباتی چیزین جنمین سڑاہند پیدا ہوتی ہی ہوا مین عفونت پیدا کرتی ہین اگرچہ ہم اسکو دیکھہ سکین یا سونگہ سکین یا کسیطرح زہر کے وجود کو دریافت نکر سکین جب ہمکو یہہ بات معلوم ہوئی تو ہم اپنی پاس سے تمام اون چیزون کے دفعہ کرنے مین اہتمام کرتے ہین جو ہوا کو متعفن کرتی ہین۔ یہہ ایک مثال اون بہت سی مثالون مین سے ہی جنمین ہم علم کے ذریعہ سے اعمال کو درست کرنیکی قوت حاصل کرتے ہین

س۔ اور دوسرے مثالون کا بھی نام لیجیے جنمین علم سے ہمکو تقویت اور مدد ملے۔۔

ج۔ علم جغرافیہ اور علم جہاز رانی کے سیکھنے سے ملاح کو اسبات کی لیاقت حاصل ہوتی ہی کہ وہ بیچ عمیق اور عظیم سمندر کے کنارے مین جہاز چلاتا ہی اور اوس بندر کو تلاش کر لیتا ہی جسکو وہ چاہتا ہی اگرچہ وہ پہلے کبھی اوس بندر پر نہ گیا تھا علم کیمیا کی پڑہنے سے ہمکو قدرتی اشیاء مختلفہ کو ملانے اور جدا کرنے یعنی اونکی تحلیل اور ترکیب کی استعداد حاصل ہوتی ہی مثلاً ہم اون پتھرون سے جو ناکارہ اور بے فایدہ معلوم ہوتے ہین مفید اور قیمتی دھاتین حاصل کرتے ہین اور اون چہوٹے چہوٹے پتھرون سے جنمین شعاع کا گذر محال ہی چمکدار شیشے بناتے ہین اور اشیاء روغنی سے صابن تیار کرتے ہین اور اجسام منجمد سے گیس یعنی ہوا پیدا کرتے ہین۔ جو دہاتین زمین کی تہہ مین صدہا برس سے گڑی ہوئی تہین وہ علم کے زور سے نکالی جاتی ہین اور ہمارے مکانون کو آراستہ کرتی ہین۔ اگرچہ وہ مدت سے زمین مین پوشیدہ تہین مگر اب علوم کے ذریعہ سے وہی ظاہر کیجاتی ہین اور صدہا آدمیونکا دل خوش کرتی ہین سبے نور اور کہردرے قسم کے پتھرون سے چمکدار شیشے بنائے جاتے ہین جو ہمارے کمرون کی کہڑکیون کو آراستہ کرتی ہین اور سرد ہوا کے جہوکون سے ہمکو بچاتی ہین اور مینہہ کی بہوہار کو روکتی ہین اور برف کے سرد ٹکڑون اور اولون سے پناہ دیتی ہین لیکن پریون کے پردون کی طرح وہ شیشے کی چمکدار چادرین روشنی اور گرمی کو آنے دیتے ہین اور صاحب خانہ کی روح کو آرام پہونچاتی ہین اور آنکہون کو خوشنما معلوم ہوتی ہین —

علم طب کے سیکھنے سے حکیمون کو اسباب کی استعداد ہوتی ہی کہ وہ امراض شدیدہ کی
تکالیف کو روک سکین اور مریض کو عمر طبعی کے بیشتر مرنے سے باز رکھہ سکین۔

علم تشریح اور علم جراحی کے پڑھنے سے یہہ فائدہ ہوتا ہی کہ جراح اون ہڈیونکو جو بہت ٹوٹ جاتی ہین
جوڑ سکتا ہی اور جو زخم خوفناک ہوتے ہین اونکو آرام کر سکتا ہی بلکہ جو پھوڑے اور پھنسیان جسم کے
اندرونی اجزا مین ہو جاتے ہین اور بغیر علاج کے مہلک ہوتی ہین اونکو دفعہ کر سکتا ہی۔

علم جرثقیل کے سیکھنے سے یہہ بات پیدا ہوتی ہی کہ انسان اپنی قوت کو آلات اور کلین بنا کر
ترقی دی سکتا ہی۔ جہاز دودخانی جو سمندر کو بمخالفت ہوا و طوفان پار کرتا ہی ریل کا انجن جو ایک گھنٹہ مین
ساٹھہ میل راست طی کرتا ہی اور دودخانی ہاتوڑا جو لوہی کی چادرون کو ایک دم مین گھڑ کر رکھہ دیتا ہی
یہہ سب کے سب اوس قوت کے نمونہ ہین جو انسان کو علم جرثقیل کے پڑھنے سے حاصل ہوتی ہے

علم البرق کے پڑھنے سے انسان کو اسباب کی استعداد پیدا ہوتی ہی کہ وہ خاک باد اور آب
آتش کی لڑائی مین اپنے آپکو بچاتا ہی۔ بجلی جو ایک شعبہ برق کا ہی اون بلند چیزون پر گرتی ہی جو اوسکو
کھینچتے ہین۔ بجلی مین وہ بڑی قوت ہوتی ہی جس سے کہ ایک دم مین بڑی بڑی عالیشان مکانات اور گرجا اور
مندر مسمار اور خاکستر ہو جاتے ہین۔ مگر جب انسان کو علم البرق کے سیکھنے سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ خاص خاص
دھاتون سے بجلی یا برق بڑے زور سے کھینچ آتی ہی تو وہ بلند مکانون پر اون دھاتون کی لمبی لمبی سلاخین
کھڑی کرتا ہی جو زمین کے اندر گھسی ہوئی ہوتی ہین۔ جب بجلی گرتی ہی تو وہ بڑے زور اور شور کے ساتھہ اون
سلاخون کی طرف دوڑتی ہی اور پیاو سکو وہ دھاتون کی سلاخین کھینچتے ہین اور بغیر کسی نقصان کے زمین
مین بجلی گھس جاتی ہی۔ اسطرح سے انسان کو کہہ سکتے ہین کہ وہ بجلی کو اپنے ہاتھہ مین پکڑ لیتا ہی اسکا
اسکی خوفناک اور ہیبت ناک برباد کرنے والی قوت کو خاک مین ملاتا ہی۔ بس اسیطرح جیسا مثالونمین علم کی ثمرات ظاہر ہین ایسے

راقم
محب حسین

جغرافیہ

جغرافیہ نباتی

جغرافیہ کے بہت سے چھوٹے بڑے رسالے انگریزی اور ہندی زبان مین شایع ہین اور کچھ تعلیم جغرافیہ کی سرکاری اسکولون اور مدرسون مین بھی ہوتی ہی مگر ہم جس جغرافیہ سے بحث کیا چاہتے ہین وہ ایک نئی ڈھنگ کا ہی ہم یہ چاہتے ہین کہ اوس جغرافیہ کو لکھین جو تاجرون اور سوداگرون کو بڑی مدد دیوے ظاہر ہے کہ جب تک ہمکو ہر مال کا دساور معلوم نہو ہم اوس مال مین معتدبہ اور کثیر منفعت نہین کما سکتی اور یون سے پیسے دو پیسے تو ایک ہی شہر مین ایک بازار سے دوسرے بازار مین مل جاتے ہین جب ہمکو یہ منظور ہو کہ ہم دونا تگنا چوگنا نفع حاصل کرین تو ہمکو یہ ضرور ہی کہ ہم چیز کو جسکی سوداگری کرین اوسکے کان سے منگوا دین جب تک ہمکو ہر مال کی کان اور دساور کا مکان معلوم نہو نفع کی توقع نہ کرنا چاہیئے مثلاً ہم چاہین کہ زعفران کی تجارت کرین اور اٹکل پچو پرانے ڈھڑے پر مبئی سے زعفران منگوالین تو شاید بڑی مشکل سے ایک آنہ روپیہ ہمکو مل جاوے اور یہ بھی احتمال ہے کہ گرانی اور ارزانی نرخ سے بعض وقت مین نقصان ہو مگر یہ ممکن نہین ہے کہ ہم زعفران کی کان سے زعفران منگواوین اور ہمکو خسارہ ہو گو ہم کوڑیون کے مول بیچ ڈالین تب بھی کم سے کم ہمکو دونا نفع ہوگا اور جو ہم اچھی طرح سے کسی گماشتہ کے ذریعہ سے دساور مین بندوبست کرلین تو تگنا چوگن نفع بھی حاصل ہونا ممکن ہے اشیای تجارتی دو قسم کے ہین ایک فطری دوسری مصنوعی پھر فطری کے تین قسمین ہین نباتی اور حیوانی اور معدنی اور مصنوعی کے ہزارون قسمین ہین۔ ہم اب کے مضمون مین

مختصر جغرافیہ نباتی تمام ملکون کا لکھتے ہین پہر جغرافیہ حیوانی پہر جغرافیہ معدنی پہر جغرافیہ مصنوعات لکھین گے پہر اسکے بعد ہر ہر شے کی پوری پوری تفصیل وقتاً فوقتاً درج کرتے رہین گے یقین ہے کہ اس قسم کے جغرافیہ کو ہمارے ملک کے قدردان اور باہنر سوداگر بہت پسند کرین گے اور اشیاے تجارتی کے منگوانے مین اوسکا لحاظ رکہین گے سب سے پہلے ہم ہندوستان کے نباتات کو لکھتے ہین —

ہندوستان

جو پیداوار ہندوستان کے بڑے بڑے ہین وہ یہ ہین - چاول - گیہون - اور اناج - روئی - تیل - افیون - نیل - گانجہ - سن - اور ریشہ دار چیزین چاہی - گنا - لاک - زعفران - الایچی - سیاہ مرچ - شکر - گڑ -

اس ملک کے تمام اضلاع زیرین بہار اور بنگال اور ساحل سمندر کے گرد - چانول پیدا ہوتا ہے بنگال مین بردوان کے قریب اور اراکان مین ہر سال اوسکی دو فصلین ہوتی ہین ممالک مغربی اور اضلاع پنجاب مین گیہون بہت پیدا ہوتا ہے اور دہلی آگرہ لکھنو میرٹھ گویا گیہون کے معدن ہین ان شہرون کے برابر ساری ہندوستان مین کہین گیہون ارزان نہین ملتا - جو - جوار - باجرا اور چھوٹی اناج نیلگری کے پہاڑون مین بہت پیدا ہوتے ہین دکھن کے برابر جوار باجرہ کہین کا نہین ہوتا لیکن باجرہ ممالک مغربی اور شمالی مین دکھن سے زیادہ ارزان ملتا ہے اسیطرح چنا بھی ممالک مغربی اور شمالی مین بہت ارزان ہوتا ہے - آلو - اور اروی - ممالک پنجاب اور ممالک مغربی اور شمالی مین بہت کثرت سے ہو لیکن اروی جبل پور کے نواح مین نہایت کلان اور مزیدار ہوتی ہے - ممالک دکن مین پونا کے اطراف مین آلو بہت کثرت سے

روئی

پیدا ہوتا ہی تمام بنگال پرسیڈنسی اور اراکان اور پیگو مین روئی بوئی جاتی ہی مگر گجرات
اور ناگپور اور مارواڑ مین اوسکی کثرت ہی ہمالیہ اور گنگا کے درمیان نیل بویا جاتا ہی

نیل

بہار اور بنگال سے ۰۵۰۰۸۶ من نیل اور ولایتون کو جاتا ہی دکھن مین کہین کہین
نیل کی کاشت ہوتی ہے زعفران اطراف اور جوانب مین کشمیر کے پیدا ہوتی ہی

زعفران

اگر کوئی نیا آدمی زعفران کے کھیتون پر جاوے تو اوسکے سر مین درد ہونے لگتا ہی
مگر وہان کے لوگون کو بالکل تکلیف نہین ہوتی سب درخت پھولون کے اول شاخ
و برگ لاتے ہین پھر پھول برخلاف زعفران کے کہ جب زمین سے چار انگشت اوسکا
درخت نکلا تو پھول سوسنی رنگ چار پنکھڑی کا اوس مین نمودار ہوتا ہی اور اوسمین
نارنجی ریشمی کرم کیطرح ہوتی ہین اور زعفران یہی ہے کہین ایک کوس کہین آدہی
کوس تک زعفران کا تختہ ہوتا ہی دور سے بہت خوشنما معلوم ہوتا ہی۔ افیون کی

افیون

بہت کاشت آسام اور گنگا کے جنوب کیطرف بنگال اور بہار بنارس اور مالوہ مین
ہوتی ہے۔ افیون کا ٹھیکہ سرکار انگریزی نے خود لے رکھا ہی اور اوسکا منافع سرکار کو
پانچ کرور روپیہ سے لیکر سات کرور روپے تک حاصل ہوتا ہے لیکن اب تک بعض
ریاستون مین تھوڑی بہت افیون کی کاشت ہوا کرتی تھی اور وہ وہان کے رعایا مین
صرف ہوتی تھی پر سرکار انگریزی نے چند مصالح کے لحاظ سے سب ریاستون مین
افیون کی کاشت یک قلم موقوف کرادی ہی مالوے مین یہ حال ہے کہ فی روپیہ ۲۵ تولہ
تک عمدہ افیون ملتی ہے اور بیس تولے سے تو کم نہین ملتی لیکن سرکار نے اوس پر
دس روپیہ فی آثار محصول مقرر کر رکھا ہے اسوجہ سے چودہ پندرہ روپے سیر سے کم
افیون نہین پڑتی بس اسی وجہ سے ممالک مغربی اور شمالی اور اضلاع ہندوستان مین

سولہ روپیہ سیر افیون بکا کرتی ہی لیکن ممالک دکن مین تین تولے اور دو تولے فی روپیہ
بکتی ہے **بھنگ گانجہ پٹسن سن** ستلج اور بیاس کے کنارون پر اور میسور
اور بنگال مین بہت پیدا ہوتی ہین ہزارون اور لاکھون من سن اور روئی ہندوستان
سے ولایت کو جاتی ہی اور وہان سے عمدہ عمدہ کپڑے بن کر آتے ہین جنکو تمام ہندوستان
کے لوگ خوشی سے خرید کرتے ہین پر اون کپڑون کے بنانے کے لئے اپنے ملک مین
کچھہ سعی نہین کرتے **چاہی** تہوڑے دنون سے ہندوستان مین پیدا ہونے لگی ہی
آسام کچار سلہٹ اور دارجیلنگ کے قریب پہاڑون پر کمایون مین وادی کانگڑہ مین
پیدا ہوتی ہے اور ممالک مغربی اور شمالی مین منصوری پر اور ممالک جنوبی مین نیلگری
پر بھی چاے پیدا ہوتی ہے لیکن یہ چاے عمدگی مین چین کے چاے کے برابر نہین ہوتی
چاہی کا قاعدہ ہے کہ وہ ہمیشہ اوس زمین پر پیدا ہوتی ہے جو سطح سمندر سی دو ہزار
فیٹ سے لیکر پانچ ہزار فیٹ تک بلند ہو **قہوہ** لنکا اور نیلگری مین پیدا ہوتا ہی
اور اون کے شمال و مغرب مین وینید مین بھی مگر یہ قہوہ عمدگی مین عرب کے قہوے
کے برابر نہین ہوتا اگر ممالک دکن مین خصوصًا حیدر آباد کے نواح مین کوشش کیجاے
تو قہوے کی پیداوار بخوبی ہونے لگی اسوجہ سے کہ یہ ملک اکثر امور مین قریب
قریب ملک عرب کے ہے **گنّا** سارے ہندوستان مین پیدا ہوتا ہی مگر ممالک مغربی
اور شمالی مین بہت کثرت سے ہوتا ہی شاہجہان پور اور بریلی اور دہلی اور میرٹھہ مین
نیر آب اور گڑ اور شکر نہایت ارزان ہی مین نے دیکھا ہے کہ بعض دنون مین نیر آب
روپیہ کی ایک من دو من تک ہو جاتی ہے اور گڑ روپیہ کا سولہ سیر بیس سیر تک بکتا ہے
لیتا ہی آم کی ممالک مغربی اور شمالی مین بہت کثرت سے اور نہایت ارزان ملتی ہے

علی الخصوص صوبہ اودہ مین آم کی پیداوار بہت ہونے سے کہٹائی بہی نہایت
سستی رہتی ہی کہٹائی املی کی نواح دکن مین نہایت ارزان ہے —
سرخ مرچ ممالک مغربی اور شمالی اور تمام ہندوستان کے قطعات مین پیدا
ہوتی ہے سیاہ مرچ اور الایچی ساحل ملیبار کے کنارے پر پیدا ہوتی ہے
بیٹے پور سے بیس کوس کے فاصلے پر الایچی کا بڑی پیداوار ہی اور گجرات مین بہی
الایچی ہوتی ہی ساگوان کی لکڑی بہت عمدہ ہوتی ہے اور جہازون اور مکانون
کے تعمیر مین آتی ہے وہ ملیبار کے پہاڑون اور مدراس پریسیڈنسی اور
وادی نربدا اور پنجاب اور تناسرم اور پیگو اور اودہ مین کثرت سے پیدا ہوتی ہے
ببول ہندوستان کے تمام قطعات مین کم وبیش پیدا ہوتا ہی اوسکے
چہال سے چمڑا خوب صاف ہوتا ہی۔ سال یہ لکڑی بہاری اور مضبوط اور
دیرپا ہوتی ہے نیپال اور روہیلکھنڈ کے جنوبی سرحدون اور اوڑیسہ کے کوہستانی
اضلاع مین ہوتی ہی بانس جسکو اہل دکن بہو بہی کہتے ہین مشرقی ہندوستان
مین بہت پیدا ہوتا ہی اور تعمیر کے کامون مین صرف ہوتا ہی سوا اون کے طرح
طرح کے میوہ جات جیسے آم خربوزہ تربوز کنولا سنگترہ کیلا امرود املی سیب
ناسپاتی انگور انار جامون فالسہ کہرنی چکوترا اننناس شہتوت آلوچہ اور انناس
ستیاپہل یعنی شریفہ پیدا ہوتے ہین مگر جامون بنگالہ کے عمدہ ہوتے ہین اور
خربوزہ لکہنؤ اور ٹونک اور جادرہ مین اچہا ہوتا ہی اور امرود الہ آباد کا اور آم
مدراس اور بمبئی کا اور شریفہ حیدرآباد کا اور سپیاری ممالک بنگال اور
دکن مین کثرت سے پیدا ہوتی ہی۔ فقط وحید الزمان

جغرافیہ کے عام اصول

(۱) زمین کے بیان کو جغرافیہ کہتے ہین —

(۲) زمین گول شکل کی ہے اور اسواسطے اسکو اکثر کرہ کہتے ہین — قطر مین انکی پیمایش ۷۹۱۲ میل ہے اور دایرہ یا گھیرہ مین تقریبًا ۲۴۰۰۰ —

(۳) اون متعدد ستارون مین سے جو مختلف فاصلہ پر سورج کے گرد پھرتے ہین ایک زمین بھی ہے —

(۴) ہر چوبیس گھنٹہ مین ایک بار زمین اسطرح گھوم جاتی ہے جیسے کوی شی محور پر گھومتی ہو اور ایک سال کے عرصہ مین وہ اپنی گردش کو آفتاب کے گرد پورا کرتی ہے —

(۵) سطح زمین کا بڑا حصہ پانی سے ڈہپا ہوا ہے —

(۶) سمندر مین زمین خشک مختلف اندازہ اور شکل او بلند ٹیہرون مین قایم ہوتی ہے — اسکی سطح نہایت ناہموار ہے کیونکہ بعض جگہہ قریب قریب یکسان اور بعض جگہہ اونچی ہوی ہے اور بعض جا اونچی پہاڑیون اور پہاڑی قطارون مین بلند ہوتی ہے — فقط

راقم محب حسین

فضیلت مضمون زراعت

زراعت کیا کرتے تھے ہر ایک صحابی کے مقطعے اور جاگیرین تھین جنکی تردد اور ترقی کی فکر مین وہ مصروف رہتی اسی واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اطلبوا الرزق فی خبایا الارض - ڈھونڈھو تم روزی کو زمین کے پہلون مین اور ایک روایت مین ہے کہ آپ نے فرمایا - من غرس غرسا فاثمر اعطاہ اللہ من الاجر بقدر ما یخرج من الثمر یعنے جو شخص کوئی درخت لگاوے پھر وہ پہلے تو اللہ تعالے اوسکو اتنا ثواب دیگا جتنے پھل پیدا ہون اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ نے فرمایا - من بنی بنیانا فی غیر ظلم ولا اعتدی او غرس غرسا فی غیر ظلم ولا اعتدی کان لہ فیہ اجر جار ما انتفع بہ خلق الرحمن یعنے جس شخص نے کوئی عمارت بنائی بغیر ظلم اور زیادتی سے یا کوئی درخت لگایا بغیر ظلم اور زیادتی کے تو اوسکا ثواب جاری رہیگا جب تک اللہ کی مخلوق اوس سے فائدہ اوٹھاتی رہے اور ایک روایت مین ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان اللہ تبارک وتعالی اذا اراد ان یخرج الزرع جعل بابین کل سنبلہ وقصبہ البرکۃ ویوکل بکل حبۃ ملکا یحفظہا واذا زرعتم شیئا فقولوا اللہم اجعل البرکۃ والرحمۃ - یعنے اللہ تعالے جل شانہ جب کوئی کہیتی پیدا کرنا چاہتا ہی تو اوسکی بالیون اور ڈنڈیون مین برکت رکہہ دیتا ہے اور ہر ایک دانے پر ایک فرشتہ مقرر کرتا ہی جو اوسکی حفاظت کرتا ہی پس جب تم کچھہ بوؤ تو کہو یا اللہ برکت اور رحمت کر اگلی بزرگون نے جو وصیتین اور تاکیدین اصلاح زراعت کے لئے فرمائے ہین وہ بیشمار ہین ایک شخص نے ابوہریرہ رضہ سے پوچہا مروت کیا ہی انہون نے کہا اللہ سے ڈرنا اور اپنی کہیت کی

درست کرنا - قیس بن عاصم نے اپنی بیٹیون سے کہا تم اپنی مال کی درستی کرو یعنی کہیت اور باغ کی کیونکہ وہ ہوشیار کرتا ہی سخی کو اور بے پرواہ ہوتا ہی اوسکی وجہ سے آدمی بخیل اور کم ظرف سے عتبہ بن ابی سفیان نے جب اپنے غلام کو مال سپرد کیا تو کہا دیکہو میری مال کی حفاظت کرنا ایسا نہ ہو کہ بڑا مال چہوٹا ہو جاوی بلکہ ایسا ہو کہ چہوٹا مال بڑا ہوتا جاوے ایک بزرگ کی وصیت یہ ہے کہ جو شخص کہیت یا باغ کا مالک ہو اوسکو چاہیئے کہ وہ خود اپنے کہیت اور باغ کو دیکہتا ہی چہوڑ کر غایب نہ ہو جاوے خاص کر جب جوتنے بونے کا وقت ہو تا کہ محنت کرنیوالے اور کام چور دونون قسم کے لوگون کو پہچان لیوے پہر جو محنتی ہون اونکو صلا اور انعام دیوے اور جو کام چور یا بیکار ہون اون کی بدلی کرے عرب مین ایک مثل مشہور ہے تقول الضیعہ لصاحبہا ارنی ظلک اعمر یعنے کہیت یا باغ اپنے مالک سے کہتا ہے تو اپنا سایہ مجہے دکہا تا رہ مین آباد رہونگا - منقول ہے کہ سب سے پہلے جس نے جوتا بویا وہ آدم علیہ السلام تہے اور اون کو اللہ تعالی نے زراعت کی تدبیر بتلائی تہی پہر اون کے بعد شیث بن آدم نے زراعت کی پہر ادریس علیہ السلام نے پہر جب طوفان ہوا تو کسی کو زراعت کی تدبیر نہ آئی اوسوقت حضرت نوح علیہ السلام نے کہیتی کی تدبیر سکہلائی -

علم زراعت کی تعریف

علم فلاحت اور زراعت وہ علم ہے جسمین زمین درست کرنے کی تدبیرین اور درخت لگانے کے طریقے اور غلون اور دانون کے بونے کی تدبیرین اور اونکو عمدہ اور بہتر کرنے کے طریقے اور جو آفات سماوی کہیت یا باغ پر

بقیۂ مضمون حفظ صحت ازدواج

تو اوسکے دماغ کی قوتین بھی تکلیف پاتے ہین اور اوسکے دماغ کے قوی اچھی طرح ترقی نہین پا سکتے ہین ۔ اسیطرح سے جسقدر کہ ایک تندرست آدمی دماغی محنت اور جسمانی ریاضت کر سکتا ہی اوسقدر ایک بیمار آدمی اور ضعیف اور ناتوان شخص ہرگز نہین کر سکتا ہی —

اب یہان سے یہہ معلوم ہوا کہ جو ناتوان اور بیمار لڑکے پیدا ہوتے ہین وہ علاوہ جسمانی ترقی کے دماغی کامون مین بھی ایسی ترقی نہین کر سکتے ہین جیسے کہ وہ بچے جو صحیح اور تندرست مان و باپ سی پیدا ہوتے ہین اور سوا اسکے وہ بیچارے معصوم اور بے گناہ بچے تمام عمر اپنی مان باپ کی بے احتیاطیون اور گناہون کا کفارہ دیتے ہین اور اپنے والدین کی بے پروائیون اور جہالت کی وجہ سے تمام عمر بیماریون اور دکھون مین مبتلا رہتے ہین اور آخر الامر طبعی تک نہ پہونچکر اس جہان فانی سے گذر جاتے ہین —

پس جہان اور خرابیان ہماری قوم مین آجکل پائی جاتی ہین وہان ایک یہہ بھی ہی کہ لوگ اپنی حفظ صحت سے غافل ہین اور خصوصاً ہمارے ملک کی عورتین تو اسقدر قواعد حفظ صحت سی دور ہین جسکا کچھہ بیان نہین ہو سکتا ہی روزمرہ کی چھوٹی چھوٹی باتین تک اونکو معلوم نہین وہ یہہ نہین جانتے ہین کہ ایام حیض مین کن کن چیزون سے پرہیز کرنا چاہئی اور وضع حمل مین کون کون باتون کو ملحوظ رکھنا چاہیئے اور بچے کو دودہ پلانے مین کن کن باتون کی احتیاط ضرور ہی جو اثر کہ ان چھوٹی چھوٹی باتون سے ہماری قوم پر رفتہ رفتہ ہوتے جاتے ہین اور جنسے ہمارے ملک کے لوگ عموماً بیمار اور کاہل اور ناتوان اور ضعیف ہوتے ہین اونکو تھوڑا نہ سمجھنا چاہیئے اور اونکو حقارت کی نظر سے نہ دیکھنا چاہیئے —

واسواسطے مین چاہتا ہون کہ اس باب مین تین مضمون یعنی ایک

حیض کے بارہ میں اور ایک زچگی کی نسبت اور ایک دودھ پلانے کے باب میں لکھوں
تاکہ لوگوں کو واقفیت حاصل ہو اور وہ صحت ازدواج کو ایک ضروری امر سمجھیں —

حفظ صحت ازدواج

{ ترجمہ از کتاب ایڈوایس ٹو اے وایف
مؤلفہ ڈاکٹر پاہی ہینری کواسی صاحب }

مضمون اول

حیض

حیض بلوغ کی علامت ہی اور اسکا اعتدال سے جاری رہنا عورت کی تندرستی اور حمل کے لئے ضروری ہے۔ ایام حمل میں ہمیشہ اور دودھ پلانے کے دنوں میں عموماً اور بیماری میں اکثر حیض بند ہو جاتا ہی۔ حیض ہر چاند کی معینہ تاریخ اور اکثر مہینہ میں عموماً جاری ہوا کرتا ہی۔ اور تیس سال تک حیض جاری رہتا ہی پھر وہ بالکل بند ہو جاتا ہی اور اوسکے موقوف ہونے کے وقت ایک تغیر جسم میں واقع ہوتا ہے

۱ عورتیں بہت کثرت سے بانجھ ہوتی ہیں اور اوسط تعداد اوسکی فیصدی ۲۰ ہی یعنی سو عورتوں میں سے بیس عورتیں بے اولادی ہوتی ہیں —
کیا کوئی ایسا سبب نہیں ہے جسکی وجہ سے یہہ زہر یلا اور افسوسناک اثر پیدا ہوتا ہی۔ بیشک کوئی سبب ضرور ہے لیکن اسمیں بھی کوئی شک نہیں ہے کہ یہہ سبب اکثر صورتوں میں رک سکتا ہی —

۲ جسطرح سے کہ ایک درخت اپنے پھل و پہول کی وجہ سے پہچانا جاتا ہی اوسیطرح ایک تندرست جسم بھی جو حاملہ ہونے کی قابلیت رکھتا ہی عموماً

حیض کی وجہ سے جانا جاتا ہی۔ کیونکہ اگر حیض ہر طرح سے ٹہیک ٹہیک اور اچھی طرح سے جاری ہو تو پہر قاعدے کے بموجب اسباب تکا کوئی سبب نہیں ہی کہ عورت حاملہ نہوا اور پورے دنون بعد صحیح وسلامت بچہ نہ جنے۔ اب یہان سے یہ معلوم ہوا کہ حیض کا صحیح ہونا بہت ضرور ہی اور یہی وہ مضمون ہی جسکو ہم بیان کیا چاہتے ہین۔ اور یہی وہ مضمون ہی جسکی بہت ضرورت ہی اور جسکے طرف ہر عورت کی توجہ ہونا چاہیے کیونکہ اگر حیض کا جاری ہونا صحیح اور درست ہی تو رحم بھی تندرست ہی اور قاعدے کے موجب وہ عورت بھی تندرست ہی اور حاملہ ہونے اور بچہ جنے کی قابلیت رکھتی ہے۔

۳ عورت کی زندگی مین ایک بہت بڑا قابل لحاظ زمانہ ہوتا ہی جو تین دیگر زمانون مین تقسیم ہو سکتا ہی۔ (۱) ابتدا حیض یا زمانہ بلوغ (۲) حیض کا اوقات معین پر جاری رہنا۔ یا اولاد کا زمانہ (۳) حیض کے زمانہ کا اختتام یا اولاد کے بند ہونیکا زمانہ یا جسم مین ایک انقلاب ہونے کا زمانہ۔

۴ آغاز حیض۔ حیض کا اچھی طرح آغاز ہونا نہایت ضروری ہی ورنہ لڑکی کی تندرستی مین خلل آنیکا یقین کامل ہوتا ہی اور اوسکے مختلف اعضا مین مثل پہیپڑے وغیرہ کے صدمہ پہونچنے کا خوف ہو سکتا ہی۔ (۲) حیض جاری رہنے کا زمانہ حیض کا اچھی طرح اوقات معین پر برابر اور بخوبی جاری رہنا بہت ضروری ہی ورنہ جب اوسکی شادی ہو گی حمل نہ رہیگا۔ (۳) حیض کے بند ہونے کا زمانہ۔ اس زمانہ کی زیادہ ہوشیاری کرنا چاہیے اور اسکا عمدہ انتظام ہونا چاہیئے تا کہ امراض سخت پیدا ہونے پائین جنکا احتمال اسوقت بہ نسبت اور اوقات کے زیادہ تر ہے۔

۵ اسواسطے حیض کے ہر زمانہ کی احتیاط اور ہوشیاری اچھی طرح کرنا چاہی

خواہ وہ زمانہ آغاز حیض کا ہو یا اوسکے جاری رہنے یا اختتام کا ہو ورنہ نقص لاعلاج ضرور ہوگا ۔

۶ حیض یا ایام ۔ لڑکی کی عمر کا ایک بڑا قابل لحاظ زمانہ وہ ہے جب حیض کا خون دیکھائی دیتا ہی یہہ زمانہ لڑکپن اور بلوغ کے زمانہ کے درمیان ایک حد ہی اور سن بلوغ کی ابتدا ہی ۔ اسوقت عورت کا جسم نمو پاتا ہی اور پہیلتا ہی اور اوسکے قوی عقلی مین ترقی ہوتی ہی ۔ اسوقت اوسکے لڑکپن کا زمانہ ختم ہوتا ہی اور وہ بالغ ہوتی ہی ۔ اسوقت اوسکو حاملہ ہونے کی استعداد اوّلاً پیدا ہوتی ہے ۔

۷ اگرچہ اسوقت عورت کا زمانہ بلوغ شروع ہوجاتا ہی لیکن یہہ نہین کہہ سکتے ہین کہ وہ پوری جوان ہی اوسکے جسم کی تکمیل پوری ہونے کے لئے آٹہہ یا دس سال کا عرصہ لگتا ہی یعنی بیس ۲۰ یا بائیس ۲۲ برس تک یہہ سب تکمیل ہو جاتی ہی ۔ اور اگر وہ شادی کرنیکا ارادہ کرے اور اتفاق ہو تو یہہ عمر اوسکے واسطے بہت مناسب ہی ۔

۸ جب چہوٹی عمر کی عورت شادی کرتی ہی تو اوسکا جسم کمزور ہو جاتا ہی اور پورا نمو اوسکے جسم کا نہین ہونے پاتا ہی ۔ علاوہ برین زچگی مین بہت شدید تشنج یا اینٹھن ہوتی ہی اور اینٹھن زچگی کی تکلیفون مین سے ایک سخت تکلیف ہی سوا اوسکے جب ایک عورت بارہ ۱۲ یا تیرہ ۱۳ برس کی عمر مین شادی کرتی ہے تو اوسکے کولی کی ہڈیان یعنی نیچے کے دہڑ کی ہڈیان اسوقت کافی طور سے نمو نہین پاتے ہین اور بچہ جننے کے لئے مناسب شکل کی نہین ہوتی ہین اور بچہ کا سر آسانی سے نکلنے کے لئے کافی فاصلہ نہین دیتی ہین جیسا کہ بیس ۲۰ یا بائیس ۲۲ سال کی پختہ عمر مین ہوتا ہی اسواسطے حالت زچگی بہت خوفناک اور سخت دقت طلب ہوتی ہی ۔ ایسی کم سن عورت کی زچگی

تو ضرور اکثر خوف ناک اور سخت ہوتی ہے بلا وہ بے گناہ بچہ مرا ہوا یا نحیف یا بیمار پیدا ہوتا ہے
نقشون کے دیکھنے سے ثابت ہوتا ہو کہ فیصدی بیس عورتین کم سنی مین شادیان کرتی ہین
اور ایسی شادیون سے اکثر خوفناک حالتین پیدا ہوتی ہین اور بعض وقت مان یا بچہ یا دونون
کی جان پر آبنتی ہے ۔ اسواسطے مان و باپ پر فرض ہو کہ وہ اپنی لڑکیون کی اکیس سال
تک شادیان نکرنے دین اور اونکو اوس خوف اور نازک حالت سے آگاہ کرین جو سامنے
پیش آئیگی اگر وہ اونکی نصیحت پر عمل نکرینگے ۔ اونکو چاہیئے کہ وہ اپنی لڑکیون کے دلون
اس مثل کو نقش کالحجر کرین ۔ جلدی شادی ۔ جلدی غمی ۔

۹ اونکو چاہیئے کہ وہ اپنے لڑکیون کے دلون مین شیکسپیر صاحب کی
اس مثل کو نقش کرین دو ہر چیز اپنے موسم اور فصل پر اچھی ہے ۔

۱۰ کیا تعجب ہو اگر ایک سترہ یا اٹھارہ برس کی لڑکی جسکی ہڈیان ابھی اوس
پختہ ہوے ہین اور جسکے گوشت یعنی پٹھے کا وہ حصہ خصوصا اوسکے رگ و پٹھے اچھی طرح
پختہ نہین ہوے ہین بعد شادی کے اپنی تندرستی سے ہاتھ دہو بیٹھے اور اوسکی
بیمار اولاد پیدا ہوا کرین جو والدین اپنے لڑکون کی خوشی اور بہبودی دل سے چاہتے ہین
اونپر فرض ہے کہ وہ موافق اصول طب کے بیس برس سے پیشتر اونکی شادی نکرین اور
جسقدر لڑکیون کی عمر پچیس سال کے قریب ہوتی جاتی ہے اوسیقدر زیادہ اسبات کا
یقین ہوتا ہو کہ وہ اون دشواریون سے اخلاقا اور طبا محفوظ رہینگے جو بوجہ جلدی شادی کے
پیدا ہوتی ہین ۔

۱۱ اگر کوئی عورت زیادہ سن مین شادی کرے یعنی بعد تیس برس کے
تو وہ نرم اجزاے بدن جو وضع حمل مین کام دیتے ہین زیادہ سخت اور زیادہ کم ہو جاتے ہین

اور اسواسطے اُنمین پہیلنے کی کم قابلیت رہتی ہے۔ اس سبب سے اول مرتبہ زچگی بہت سخت اور تکالیف کی بہری ہوی ہوتی ہے۔ دوسری یہ بات ہے کہ جب عورت زیادہ سن مین شادی کرتی ہے تو اسقدر عمر تک وہ زندہ نہین رہتی ہے کہ وہ اپنے لڑکون کو جوان دیکہے۔ علاوہ برین اون لوگون کی اولاد جو لڑکپن یا بوڑہاپے مین شادی کرتے ہین زیادہ عمر تک نہین ہوسکتے۔ اسواسطے ہر شئے سے واضح ہوتا ہے کہ عمر مذکورہ بالا یعنی درمیان ۲۱ اور ۲۳ سال کے عورت کے لئے شادی کرنے کو نہایت مناسب اور محفوظ زمانہ ہے۔

۱۲ اسوقت جبکہ مین شادی کی نسبت گفتگو کر رہا ہون لڑکیون کی مان سے درخواست کرتا ہون کہ اگر اون کی لڑکیان نہایت کم زور ہون تو وہ اونکی شادیان نکرین۔

۱۳ جب تک عورت تندرست اور تندرست خاندان کی نہو ہر شخص کو چاہئے کہ اوسکے ساتہہ شادی کرنیکا ارادہ ہرگز نہ کرے۔

اگر اس نصیحت پر عموماً عمل کیا جائیگا تو کسقدر آرام کا یقین ہوگا اور کسقدر تکلیفات کم ہوجائنگی۔ حقیقتاً ایک بیمار عورت کے ساتہہ شادی کرنے سے جو نتیجے نکلتے ہین وہ مرد عورت اور اولاد سب کے لیے خوفناک ہوتے ہین۔

۱۴ تمام انشورنس* یعنی تندرست خاندان کو مسلہ پر زندگی کے بیما کرنے مین زور دیتی ہین اور اوسکو ایسی زبان مین اظہار کرتے ہین جسکو غلط نہ سمجھنا چاہیئے وہ سند جو یہ کمپنی دیتی ہے بہت کارآمد ہے کیونکہ اوسکو فی الواقع لوگون کی زندگی ہی سے سروکار ہے۔

* انشورنس کمپنی اوس جماعت کو کہتے ہین جو لوگون کی زندگی مین اسبات کا اجارہ لیتی ہے کہ بعد اونکے مرنے کے اونکے بال بچون کی خبرگیری کریگی۔

شادی کرنے کے معاملہ مین ایک تندرست خاندان ایک مالدار خاندان سے زیادہ تر بہتر ہے
لیکن فی الحقیقت تندرستی ایک دولت ہی اور دولت قیمتی شے ہی —

۱۵ ہم شادی کو ذرا اور زیادہ بیان کرتے ہین کیونکہ یہہ امر بہت ضروری ہی — عموماً یہہ بات ہے کہ کم زور مان و باپ سے کم زور لڑکے پیدا ہوتے ہین اور بیمار والدین سے بیمار اولاد پیدا ہوتی ہے اور سوداوی مزاج والے باپ و مان سے سوداوی مزاج کے لڑکے پیدا ہوتے ہین — در جیسے مان و باپ ویسی اولاد ،، اسبات کے غور کرنے سے ریہ معلوم ہوتا ہی کہ معصوم بچے نہ صرف گنہگار مان و باپ کی وجہ سے تکلیف اوٹھاتے ہین بلکہ بدتمیز اور بے احتیاط والدین کے سبب سے بہی تکلیف برداشت کرتے ہین — اسیطرح سے بیماری اور کم زوری ایک خاندان سے دوسرے خاندان مین منتقل ہوتی ہے اور اہل ہند کی اولادون بدن زیادہ تر خراب ہوتی جاتی ہے یہہ جو کچہہ اوپر ہمنے بیان کیا ہی نہایت افسوسناک ہی اور اسمین اون سب لوگون کی کوشش درکار ہے جو اپنے ملک سے محبت رکہتے ہین اور اوسکی ترقی چاہتے ہین —

۱۶ یہہ سچ ہے کہ اب آدمی بہ نسبت پیشتر کے زیادہ عرصہ تک جیتے ہین اور یہہ بات اس سبب سے ہی کہ علم طب اور روزمرہ کی صفائی کی باتون مین ترقی ہوئی ہوی ہے جس سے کمزور اور نازک اندام اور بیمار لوگ زندہ رہتے ہین — لیکن بدقسمتی سے اور ان مریض آدمیون سے جن سے آبادی زیادہ ہے صرف ناتوان اور کمزور اور بیمار اولادنسل اونکے پیدا ہوتی ہے — ایڈکرن مین مان و باپ کے صرف بیماریان ہی نہین منتقل ہوتے ہین بلکہ مان و باپ کی اخلاقی اور عقلی کمزوریان یا نقصان بہی —

۱۷ اسواسطے جو لوگ مریض اور کمزور ہین اونکو شادی کرنیکا
استحقاق حاصل نہین ہی - اور اگر وہ شادی کرینگے تو ایک روز یقیناً ضرور آئیگا جب
اونکو اپنے بے وقوفی اور ناسمجھی کی سزا ملیگی فی الحقیقت شادی ایک بڑی جوابداری
کی شے ہی اور بلا غور و فکر تجربہ کے شادی نکرنا چاہئے - شادی کے معاملات مین دل
اور جسم کی تندرستی کو دولت اور عزت پر اور تمام دنیوی چیزون پر ترجیح دینا چاہئے

۱۸ حیض عموماً ہر ماہ مین ایک مرتبہ جاری ہوتا ہی یعنی ہر ۲۸ دن مین
اور عموماً وہ چھ دن اور اکثر اوسہی ساعت جاری ہوا کرتا ہے بعض عورتین بعوض
ہر ماہ کے ہر تین ہفتہ مین حائضہ ہوتی ہین ہر حیض تین دن سے پانچ دن تک رہتا ہی
اور بعض عورتین ایک ہفتہ تک حائضہ رہتی ہین اور دوسری عورتین اس سے زیادہ
عرصہ تک - اندازاً ہر ایام مین چار اونس سے پانچ اونس تک مادہ نکلتا ہے -

۱۹ جب تک عورت برابر حیض سے نہین ہوتی ہے وہ بہت کم حاملہ
ہوتی ہے اگرچہ بہت سے صورتین ایسے مندرج ہین جنمین وہ عورتین حاملہ ہوئی ہین
جو کبھی ایام سے نہین ہوئی ہین - لیکن ایسی صورتین بہت شاذ و نادر ہین -

۲۰ اس ملک مین حیض عموماً تیرہ برس کی عمر سے سولہ برس کی عمر تک
آغاز ہوتا ہی اور بعض اوقات اس سے بھی پہلے - اور گاہ گاہے گیارھوین یا بارھوین
سال مین بھی حیض کا آغاز ہوتا ہی اور کبھی دیر مین جب لڑکی کی عمر سترہ یا اٹھارہ برس کی
ہوتی ہے - بلحاظ بڑے شہرون مین اور بڑے قصبون مین بہ نسبت دیہات کے جلد حیض شروع
ہوتا ہی اور جو لڑکیان عیش اور آرام مین رہتے ہین انمین بہ نسبت اون کے جو سادہ طرح
زندگی بسر کرتے ہین حیض جلد شروع ہوتا ہی -

شکریہ

خاکسار صاحبان مفصلہ ذیل کا نہایت مشکور ہے جنہون نے
ازراہ قدردانی اور فیض رسانی رسالۂ معلم کی خریداری فرمای اور علوم کے شایع
ہونے مین اپنے نیک نیتی سے اور بنظر خیر خواہی قوم امداد کی خصوصاً جناب مولانا
مولوی محمد چراغ علیخان صاحب مددگار معتمد جناب مدارالمہام سرکار عالی علاقہ مال
کا شکریہ نہایت تہ دل سے ادا کیا جاتا ہے جنہون نے اپنی نیک نفسی اور
سچی ہمدردی قوم کی وجہ سے اِس رسالہ کے پانچ پرچے بنفسہ خرید فرمائے
اور رسالہ کے شیوع مین مدد پہونچای — یہہ صاحب فی الواقع ایک نہایت
نیک طبیعت اور فرشتہ خصال ہین اور علم دوست اور حکیمانہ منش ہین —
اور انگریزی عربی فارسی زبانون مین ایک عمدہ لیاقت رکھتے ہین اور پرانی
زبانون مثل عبرانی اور یونانی وغیرہ مین بہی ماہر ہین —

نام نامی و اسمای گرامی خریداران رسالۂ معلم

۲۵ نواب احمد علیخان بہادر نبیرہ نواب عظیم جاہ غفران مآب پرنس اول ارکاٹ داماد نواب حافظ صدر الاسلام خان بہادر معتمد صدر المہام متفرقات —

۲۶ مولوی سید حسین صاحب بلگرامی بی - ایے معتمد جناب مدارالمہام سرکار عالی نظام علاقہ متفرقات وغائگی —

۲۷ مولوی سید اسد اللہ صاحب عرف میر نواب اول تعلقدار ضلع گلبرگہ

۲۸ مسٹر مانک شاہ بابوجی صاحب دوم تعلقدار ضلع ایلگنڈل

۲۹ مولوی محمد عبد القیوم صاحب ناظم دفتر گزیٹیر سرکار عالی نظام

۳۰ حکیم محمد وزیر علی صاحب طبیب خاص حضرت بندگان عالی متعالی حضور پرنور دام اقبالہم

۳۱ ماسٹر پرشوتم داس صاحب چوبی مترجم اوّل دفتر معتمد جناب مدار المہام سرکار عالی علاقہ مال

۳۲ سید نادر مرزا صاحب وکیل درجہ اول

۳۳ حافظ عبد الرحمٰن صاحب وکیل درجہ دوم

۳۴ منشی سید احمد صاحب عرف احمد پادشاہ ایلچی

۳۵ منشی محمد عبد القادر صاحب محاسب دفتر معتمد جناب مدار المہام سرکار عالی علاقہ تعمیرات

۳۶ مولوی محمد میران صاحب نائب میر منشی دفتر محاسب سرکار عالی

۳۷ نواب سید محمد ابراہیم صاحب

۳۸ مولوی محمد عنایت علی صاحب مددگار مہتمم بندوبست پیمائش علاقہ سرکار عالی

۳۹ منشی محمد ظہور علیخان صاحب صیغہ دار متفرقات دفتر معتمد جناب مدار المہام سرکار عالی علاقہ مالگزاری۔

۴۰ مولوی محمد عبد الباری صاحب مددگار صیغہ دار مال " "

اور جو صاحب بلدہ مین تشریف فرما نہین ہین اون سے فی رسالہ
واضح ہو کہ جو صاحب اس ریاست مین ہین اون سے رقم سکہ حالی اور دیگر مقامات سے سکہ کمپنی لیجاویگی
اس رسالہ کی خریدی جن صاحبونکو منظور ہو یا کچھ مضامین بہیجنا مدنظر ہون تو وہ حسب تحسین
مہتمم دفتر معتمد مالگذاری سرکار نظام و منتظم جلسہ خیرخواہ ہند حیدرآباد دکن کے نام روانہ فرماوین
یہہ رسالہ بغیر درخواست کے بھی رؤسا اور عمایدکے نام روانہ ہوتا ہی مگر جن حضرات کو
خریدی منظور نہو تو براہ مہربانی بذریعہ خط انکاری مطلع فرمائین ۔ اور جو صاحب تحریر انکاری
سے مطلع نفرماینگے اونکا نام درج کتاب خریداران مستقل کیا جائیگا اور جو صاحب بعد پہنچنے
دو یا زیادہ رسالون کے انکار کرینگے تو اونکو پہلی قیمت ادا کرنی ہوگی —
زرقیمت بذریعہ ہنڈوی یا نوٹ یا ٹکٹ ہای نیم آنہ کے بذریعہ رجسٹری ارسال فرمائین
اور اگر ٹکٹ نیم آنہ ارسال فرمائین تو فی روپیہ آدہ آنہ کا ٹکٹ زیادہ ارسال کرین مگر سب سے
سہل اور باکفایت طریق جو حال مین جاری ہے ڈاک خانون کے معرفت روپیہ بہیجنے کا ہی —

اجرت انطباع اشتہارات

اس رسالہ مین اشتہارات مفید خاص اور عام اجرت پر طبع ہوتے ہین
جن صاحبون کو ضرورت ہو ارسال فرمائین اور نرخ حسب ذیل ہے —
اول مرتبہ فی سطر دو آنہ فی صفحہ تین روپیہ اور جو صاحب مکرر سہ کرر چھپوائینگے اون سے نصف اجرت لیجائیگی

واجب العرض یہہ پرچہ علی العموم خدمت مین تمامی نوابان عالیشان اور مہاراجگان بلند مکان
واقع اطراف و اکناف ولایت ہندوستان کے ماہ بماہ بامید قدردانی اور قبولیت روانہ کیا جاویگا یقین کلی ہے
کہ ہمارے ملک کے رؤسا اور والیان ملک بخوشی تمام اسکی خریداری منظور فرماکر زر پیشگی یکسالہ سے
اعانت مطبع کی فرماوینگے ہم بجمال ممنونیت اونکے اسمائے گرامی وقتاً فوقتاً درج کرتے رہینگے —

فہرست مضامین

مضمون	نام مضمون نگار یا مولف	صفحہ
ادب—		
زمانہ کی بے اتفاقی اور نافدرشناسی ...	محب حسین	٢٥
اسباب حقیقیہ سعادت وشقاوت انسان	مولوی جمال الدین صاحب حسینی	٢٧
تدبیر منزل—		
مکان کرایہ لینے کے وقت کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہئے	محب حسین	٣٣
کیمیا—		
بقیہ مضمون صنعت ...	"	٣٥
تشریح—		
دل کی جگہ ...	"	٣٦
اخلاق—		
اپنا ذکر کرنا ...	"	٤٠
حفظ صحت—		
طول عمر کی ترکیب ...	مولوی حاجی حافظ محمد وحید الزمان صاحب	
ارضی اور سماوی آفات سے بچنے اور حوادث زمانہ سے محفوظ رہنے کی ترکیبیں—	محب حسین	١٠
زراعت—		
بقیہ مضمون زراعت ...	مولوی حاجی حافظ محمد وحید الزمان صاحب	٥

صحت نامه

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۲۷	۱۰	بالطبعه	بالطبع
۳۰	۱۶	اکثرون	اکثر
"	۱۸	صوانع	سوانح
۴۱	۱	"	"
۴۲	۳	حور	طور
۴۴	۲	مکان کے که	مکان که
۴۰	۱۷	نکرد	کرد
۱	۱۹	باتوں ها	باتون کا
۲	۱	منقد	منقذ
۸	۳	اوسی بدر	اوسی قدر
۳	۴	بیلے	پیلے
۸	۷	سراورسکا	سیراورشکا

زمانہ کی بے التفاتی اور نا قدردانی

ہر زمانہ مین لوگون کی ایک خاص شے کی طرف رغبت اور ایک خاص کام کی جانب میلان ہوا کرتا ہی جس سے اشخاص کا اہل وجود کیشوشی حاصل ہوتی ہی اور محنتی لوگون کی طبیعت اوسطرف مائل ہوتی ہے - خوش نصیب وہی شخص ہی جسمین خداداد اوس کام کی لیاقت ہو جسکی اوسکے زمانہ مین قدر و منزلت ہی اور بہا گوان وہی آدمی ہی جسمین قدرتی وہ قابلیت ہو جو اوسکے زمانہ کے مناسب ہی - کتنے بہت سے شخص ہم اس زمانہ مین دیکھتے ہین جو علوم اور فنون مین گوی سبقت لیجاتے اگر اون کے سابقین اور متقدمین اعلی کامونکو نکرجاتے اور کتنے ایسے بہت سے لوگ ہین جنمین بڑے بڑے کام کرنے کی لیاقت اور بڑی بڑی باتون کے دریافت کرنے کی استعداد موجود ہے لیکن کچھہ بھی سوا ے چھوٹی چھوٹی باتون اور ناکارہ چیزون کے باقی نہ بچا جنکو وہ دریافت کرتے - برخلاف اسکے وہ لوگ جنمین اوسط درجہ کی لیاقت ہی بہت مشہور اور معروف ہو جاتے ہین کیونکہ اونکے زمانہ مین جس بات کی قدر و منزلت ہوتی ہی اوسی مین وہ لیاقت رکھتے ہین اور اوسی کام کی کرنیمین وہ اوّل ہوتے ہین -

مثلاً جب یورپ مین لکھنے پڑھنے کا چرچا ہوا تو اوسوقت لوگون کی رغبت نئی کتابین تصنیف کرنے کی طرف نہ تھی بلکہ پرانی کتابون پر حاشیہ اور شرح لکھنے کا شوق عموماً تھا - پس اوس زمانہ مین کیا امید تھی کہ نئی کتابین لکھے جاتین جبکہ صدہا پرانی کتابین ایسے تھین جنکو یا تو کوئی

جانتا ہی نہین تہا یا جنکو کوئی سمجھہ ہی نہین سکتا تہا - یہہ بات اوسوقت خلاف عقل ہی کہ نئے فتوحات کی کوشش کیجاتی اور بڑے بڑے شہر اور قطعات زمین جو ویران اور بے زراعت پڑے تہے ویسہی بے آباد چہوڑ دے جاتے - اسواسطے اوس زمانہ مین کتابون کی شرحین اور تفسیرین لکہنے کا ایک خاص شغل اور کام تہا - پس جو شخص اوس زمانہ مین صرف تصنیف کی ذاتی لیاقت رکہتا ہوگا وہ ضرور مایوسی کی حالت اور گمنامی کی بلا مین گرفتار ہوا ہوگا -

جب پرانی کتابون پر حاشیے اور شرحین کافی طور سے لکہہ گئین تو اہل علم اور فضل نے اونکی تقلید شروع کی اور اس سے یہہ نتیجہ پیدا ہوا کہ بادشاہ کلینٹ ہفتم اور اسکندر ششم کے وقت مین ایک کثیر تعداد لاطن زبان کے شاعرون اور فصیحون اور مورخون کی ہوئی - پہر انہی کتابون کی تقلید کا جوش و خروش صدہا سال تک لوگون مین رہا اور دوسرے علوم اور فنون کی جانب اور دیگر اشغال کی طرف لوگون کی توجہہ بالکل نہ تہی اور وہ مفقود ہو گئی بعد ازان چند شخصون نے یہہ بات دریافت کی کہ جو کتابین طبیعت سے بغیر تقلید کے لکہے جاتے ہین وہ پرانے کتابون کے زیادہ مشابہ ہوتی ہین بہ نسبت اون کتابون کے جو محض تقلید کے ذریعہ سے لکہے جاتے ہین - اسوقت سے نئی زبانون کو ترقی شروع ہوئی اور اوسمین فصیح اور شاعر پیدا ہوے اور اونہون نے خوب اونکی زبانون مین فصاحت اور بلاغت کو زور دیا -

یہی حال بعینہ ہندوستان کا ہوا ہی اور اب تک کچھہ کچھہ چلا جاتا ہے کہ مدت تک لوگون نے پرانی عربی اور فارسی کی کتابون پر حاشیے اور شرحین لکہینا

اور صدہا سال تک فارسی مصنفون اور موءلفون کی تقلید ہوا کی بلکہ اب تک ہوتی ہی جسکا نتیجہ یہہ پیدا ہوا کہ بہت سے لوگ اس ملک کے عربی اور فارسی مین لائق ہوئے اور بڑے شاعر اور فصیح گذرے لیکن اور علوم و فنون جتنے تہے وہ مفقود ہوتے گئے کیونکہ لوگون کی رغبت اونکی جانب نہ تہی اور اون کی قدر و منزلت بالکل نہ تہی بادشاہ اکبر کے زمانہ مین کچھہ ہند کی زبان یعنے سنسکرت کا شوق ہوا اور پہر شاہجہان بادشاہ کے وقت سے ایک نئی زبان یعنی اردو پیدا ہوئی اور اوسمین بہی شعر و شاعری کا چرچا ہوا اور آج تک صدہا عمدہ عمدہ شاعر اردو زبان کے وقتاً فوقتاً پیدا ہوتے رہے ۔

جب مصنف اور شاعر اور قصہ نویس بکثرت پیدا ہوتے ہین تو بالطبع پڑہنے والے بہت سست اور کاہل ہوجاتے ہین اور اس سے یہہ نتیجہ برآمد ہوتا ہی کہ لوگون کے دلون مین اسبات کی خواہش پیدا ہوتی ہی کہ جہان تک ہو سکے علم بہت آسانی سے حاصل ہو ۔ ظاہر ہے کہ جس آسانی سے فن مصوری اور قصہ نویسی اور شاعری وغیرہ حاصل ہوتے ہین اوسطرح علوم نہین حاصل ہوتے ہین پس یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ جب لوگون کو اکثر ان فنون کے طرف رغبت اور میلان ہوتا ہے تو علوم پڑا دبا رہجاتا ہے اور اون کے تحصیل مین زوال شروع ہوتا ہی اور اسیطرح تکمیل شاعری اور کمال مصوری کا زمانہ کچھہ ہی قدم علوم و فنون کے زوال کلی کے زمانہ کے آگے ہوتا ہی ۔ مثلاً اگلے زمانہ مین ہی جب شاعری اور مصوری کو فروغ ہوا تو یہہ زمانہ علوم و فنون کے انحطاط اور زوال کے زمانہ کے کچھہ ہی آگے تہا ۔

...ب کی مثنوی اور ناسخ اور آتش کے کلام فی الحقیقت ایک عمدہ شاعری کے نمونے اور فصاحت سے بھرے ہوے ہین لیکن اونکی ترقی کا زمانہ وہی تہا جب اور دوسرے علوم کی غارت گری کا زمانہ تہا۔

جو حالت کسی وقت روم اعظم کی تھی وہی حالت بعینہ آجکل ہمارے پیارے ہند کی ہے رئیس اور امیر ہمارے ملک کے آجکل ناچ گانے اور تماشے اور میلے ٹھیلے اور شاعری اور کبت کے زیادہ تر شایق اور معین و مددگار ہین بہ نسبت اسکے کہ علوم و فنون کا شوق اور حکمت سے رغبت ہو اور رسائل علمی کی سرپرستی کرین۔ بڑے سے بڑے رئیس اور متمول سے لیکر جنکے بڑی بڑی کوٹھیان اور عظیم الشان مکان ہین ادنے سے ادنا غریب آدمی تک جسکے رہنے کو ایک ٹوٹی جھونپڑی یا ایک پھوس کا چھپر ہی سب ناچ اور تماشے اور شاعری کے طرف مایل ہین اور سب اونکی دل سے تعریف کرنے والے ہین اور جو بڑے آدمی ہین اون کی نظر مین سوا ان باتون کے اور کسی چیز کی قدر و منزلت نہین اور جو غریب اور عام آدمی ہین اون کو بجز ان کے اور کچھ بہلا ہی نہین معلوم ہوتا ہے۔

کیسے خوش قسمت وہ لوگ آجکل ہوتے جو ان باتوں مین کمال رکھتے ہوتے اور کیسی اونکی قدر و منزلت اس زمانہ مین ہوتی جسکا بیان نہین۔ اگر آجکل ہومر شاعر ہوتا جو کسی زمانہ مین باوجود اسکے کہ فن شاعری مین اوستاد بلکہ اگر اوسکو موجد شاعری کہین تو بجا ہی یونان کی گلیون مین اپنے شعرون پڑھکر روٹی مانگتا پھرتا تہا اور کوئی ان عمدہ شعرون کی قدر نہین کرتا تہا۔ کاش اگر وہ اس زمانہ مین ہوتا تو کیا نہ

قدر و منزلت اوسکی ہوتی اور کیا نہ کچھہ جزا اوسکو اپنے فن کی ملتی —

بہت سے زمانون مین لایق اور قابل آدمیون کو ایسا موقع نہ ملا جس سے انکا علم و فضل ظاہر ہوتا اور اسواسطے وہ بغیر کسی جزا اور قدر و منزلت کے تاسف اور حسرت زدہ اس جہان فانی سے سدہارے لیکن اکثر یہہ بات ظہور مین آئی کہ جو لوگ عالی ہمت اور لایق اور قابل ہوتے ہین وہ بغیر قدر و منزلت کے ایسا حالت مین بھی جب اونکی سخت مخالفت کیجاوے اپنی کوششون سے باز نہین آتے اور سعی کا دامن نہین چھوڑتے — بلکہ اکثر معلوم ہوا ہی کہ ایسے لوگ مثل اون خوش نما پہولون کے درختون کی جو جنگلون اور بیابانون مین خودرہ اوگتے ہین اور بغیر اسکے کہ اونکی خوبصورتی اور خوشنمائی کو کوئی دیکہے وہین کملا کر مرجہا جاتے ہین بعض ناشائستہ یافتہ اور غیر مہذب ملکون مین پیدا ہوتے رہتے ہین اور بغیر اسکے کہ اونکے ہنر اور لیاقت مشہور ہوں اور اون کے خوبیان اور فضایل ظاہر ہوں اس دار فانی سے گذر جاتے ہین —

پس معلوم ہوا کہ ہر زمانہ مین طبیعتون کا میلان اور دلونکا رجحان خاص خاص باتون کی طرف ہوا کرتا ہی اور اونکے حاصل کرنے کا شوق و ذوق موافق اندازہ رغبت کے ہوتا ہی پس جس صورت مین آج کل ہماری طبیعتین لہو لعب اور ناچ گانے کی طرف مائل ہین اور ہماری دلون مین عشقبازی کوٹ کوٹ کے بہری ہوئی اور مجنونانہ اشعار اور ناٹک اور سوانگ کے دیکہنے کی رغبت ہی تو کیا کوئی کہہ سکتا ہی کہ اس زمانہ مین وہ شخص جو کسی علمی بات کا چرچا پہیلانا چاہیگا اور علوم شایع کرنے کی کوشش کرے اپنے کامون اور مقاصد مین کامیاب ہو

اور کیا کوئی اِس بات کی امید کر سکتا ہی کہ اوس قوم مین اوسکی تعریف ہوگی اور لوگ
اوسکی عزت اور قدر و منزلت کرینگے۔ نہین نہین یہہ خیال خام ہی ہمکو آج کل کے زمانہ سے
کچھہ امید نہین بلکہ ہمکو اوس زمانہ سے توقع ہی جسمین جب کبھی خدا کی مہربانی ہوئی اور تہذیب
کی باد بہاری چلے اور علوم اور فنون کی نسیم سحری نے دلونکو تر و تازہ کیا ہماری اولاد
زیور علم سے آراستہ اور تہذیب کے جامہ سے پیراستہ پیدا ہوگی ور وہ چشم انصاف
سے ہماری کتابون اور کوششون کو دیکھکر تعریف اور تحسین کا مینہہ برسائینگے اور
مصنفون اور مؤلفون کو کلمۂ خیر سے یاد کرینگے —

اسوقت ہمارے دل سے وہ رنج و ملال بھی دور ہو گیا جو
اِس زمانہ کی نسبت دلمین بہرا ہوا تھا اور اپنے ہم قوم کی شکایت کا محل بھی باقی نہین
رہا۔ کیونکہ زمانہ سے کسی کا بس نہین۔ جب عام اِس زمانہ مین علم اور فضل کی
ناقدری ہی اور عموماً جہالت اور کاہلی پھیلی ہوئی ہے تو کیا شکایت کا موقع ہے
جب تک کسی قوم مین ایک بات سمجھنے کی استعداد نہین ہوتی ہی اور اوسکے خیالات
علم کی روشنی سے مجلا نہین ہوتے ہین تب تک اوس قوم سے کسی علمی بات کی
قدردانی کی امید رکہنا محض فضول ہی۔ اور جب وہ قوم بیدار ہوتی ہے اور اوسکی
آنکھین کہلتی ہین تب اوسکو علم و ہنر کی قدر و منزلت خود بخود معلوم ہوجاتی ہی۔
یہہ خیال ہمارا اکثرون کے طرف ہی نہ کہ خواص کے جانب کیونکہ ہند کی تعداد آبادی
قریب بیس کرور کے ہی

اسوقت ایک شخص کی سوانح عمری کا حال جو نہایت تاسف انگیز
ہی میرے سامنے موجود ہی اور اسکے دیکھنے سے دلپر ایک عجیب چوٹ لگتی ہے اور

اوسکی زندگی پہ کمال افسوس آتا ہی اگر اسوقت کچہہ تہوڑا سا بیان اوسکے صوانح عمری کا
اس موقع پر تحریر کیا جاسے تو یقین ہے کہ ہمارے ناظرین کو اچہا اور دلچسپ معلوم ہوگا
یہہ شخص جسکا ہم یہان ذکر کرتے ہون روم کا رہنے والا تہا اور
اوسکا نام کارلو بجیوتہا - یہہ شخص فن مصوری کا استاد تہا اور جس نے اوسکی بنائی ہوئی
تصویر کو دیکہا ہے وہ یہہ کہہ سکتا ہی کہ یہہ شخص اس فن مین اول درجہ کا آدمی تہا - لیکن
باوجود اسکے کہ وہ فن مصوری مین اوستاد زمانہ تہا تاہم اوسکا زمانہ جسمین وہ پیدا
ہوا اوس سے بیگانہ تہا اور ناموری اور شہرت اور حالات زمانہ سب کے سب اوسکے مخالف تہے
گوکہ اوسکو تصویر کا فن یاد تہا لیکن بڑے لوگون کی خوشامد کرنیکا
ڈہنگ یاد نہ تہا اور اونکی چاپلوسی کرنا نہین آتا تہا اسوجہ سے وہ نہایت شکستہ حالت مین تہا اور
ایک شہر سے دوسرے شہر مین روٹی کے ٹکرون پر تصویرین بنا بنا کر لوگون کو دیتا تہا
ایک روز حسب اتفاق ایک معزز شخص سے اس بات پر جہگڑا ہوگئی کہ اونہون نے اوسکی اوسقدر
عزت نکی جسکے وہ مستحق تہا - اور اسوجہ سے اوسکو روم کی سکونت ترک کرنی پڑی اور وہ
ننگے پانون نہار موہنہ بے یار و مددگار پیادہ پا اوس شہر سے روانہ ہوا اور اسقدر
اوسکے پاس کچہہ نہ تہا کہ ایک روز کی قوت بسری ہوتی -
آخرکار وہ بیچارہ مصیبت کا مارا اسطرح پر جہان تک اوسکی قوت نے
سہارا دیا وہان تک چلا گیا - بہوک کی شدت پیاس کا غلبہ تلوون مین چہالے پڑے ہوے
اور پیر تہکے ہوے اس حالت سے وہ ایک ٹوٹے ہوے سرا مین وارد ہوا جو سر راہ تہا اور ذرا سی
جگہہ ٹہیرنے کے لئے مالک سرا سے مانگی - اوس نے جو اس بیچارہ آفت زدہ زمانہ کی گردش سے ہارے ہوے کی
شکل دیکہی فوراً بہانپا کہ یہہ شخص نہایت محتاج اور شکستہ حال ہی اور انکار کیا کہ بغیر پیشگی لئے

نہ یہان ٹہیرنے کو جگہہ اور نہ کہانے کو روٹی ہے

اب کیا کرے جب کچھہ نہ بن آیا تو اوس نے اوس تختہ کو جو سرا کے دروازہ پر لکہا ہوا لگا تہا اور جسکو سائن بورڈ کہتے ہین جہٹ اوتار لیا اور اوسکو سر ہی کی مدد سے بنا دیا اسکی اجرت مین مالک نے دو روٹی اور ایک کوزا پانی کا دیا جسکو اوسنے صبر و شکر کے ساتھ کہا لیا

اسطرح "کارادیجیو" تہوڑی دیر دم لیکر پہر وہان سے روانہ ہوا اور مالک سرا کچھہ خوش ہوا اور دو روٹی بہی اوس تختہ کی تیاری کی عوض مین دینا اوسکو بار گذرا۔ تہوڑے عرصہ کے بعد اوس سرا مین چند شخص کسی دوسرے ملک سے آے اور انہون نے دروازہ پر اوس تختہ کو دیکہا جو "کارادیجیو" نے تیار کیا تہا۔ جب اونہون نے اوس تختہ کی خوبصورتی اور صنعت کو دیکہا تو بے مثل پایا اور ہزار جان سے اوسکی تعریف کی اور مالک سرا کو بلا کر اوسکو پانچ اشرفی دیکر خرید کیا۔

جب مالک سرا نے اوس تختہ کی یہہ قدر دیکہی تو اپنی جہالت پر ہزار افسوس کیا اور کہا کہ اگر کاش مین اوس مصور سے چند ایسے تختے تیار کرا لیتا تو مین اسوقت مالدار ہو جاتا۔ ایسے ایسے خیال کر کے وہ "کارادیجیو" کے تلاش مین نکلا اور کوسون اوسکو ڈہونڈتا ہوا دور چلا گیا آخرالامر ہزار افسوس اوس زمانہ کے مارے ہوے اور فلک کے ستاے ہوے کو ایک سڑک کے کنارے پر مرا ہوا پایا۔ اور معلوم کیا کہ بہوک اور پیاس مایوسی اور ہراس سے اور راہ کے تکان سے مر گیا۔

کیا ہم یہہ نہین کہہ سکتے ہین کہ اِس زمانہ مین بہی علوم اور فنون کی ایسی ہی ناقدری ہے جو "کارادیجیو" کے زمانہ مین فن مصوری کے روم مین تہے اور کیا ہم یہہ نہین کہہ سکتے ہین کہ اکثر لوگ جو علوم و فنون مین لایق و فایق ہوتے ہین

صرف زمانے [illegible] ناقدری اور بے اتفاقی سے مثل کاراویجیوں کے آجکل مرملے ہین
اور کوی انکی لیاقت اور علم کا صلہ دینا تو درکنار تعریف تک نہین کرتا ہی - اور اگرچہ صدہا
روپیے سیر تماشون مین صرف ہوجائین لیکن آٹھہ آنے پیسے علوم وفنون کی سرپرستی
اور قوم کی ترقی مین صرف کرنا ایک بار معلوم ہوتا ہی - پس کیا امید ہی کہ ہماری قوم مین
علوم وفنون رایج اور ہماری دولت اور دنیا مین ترقی ہو — راقم محب حسین

تدبیر منزل

مکان کرایہ لینے کیوقت کن کن باتونکا خیال چاہیے

پہلے مکان کرایہ لینے کے [illegible] بات کا لحاظ رکہنا چاہیے کہ اوسکا
کرایہ تمہاری آمدنی کے اندازہ سے بہت زیادہ نہو - کیونکہ یاد رکہو کہ کرایہ ایک ایسا
قرض ہے جسکو جلدی ادا کرنا چاہیے اور یہہ بات بہی یاد رکہنا چاہیے کہ مالک مکان
کو بہ نسبت اور قرض خواہون کے تمہارے مال و اسباب پر زیادہ دست درازی
[illegible] تمہارا سب اسباب اوسکے گہر مین ہے -
جب تم کرایہ کا ایک اندازہ جسکو تم ادا کرسکتے ہو اپنے دل مین ٹہرا چکو
تب تمکو چاہیے کہ ایک بہت عمدہ مکان بہوشیاری تلاش کرو جو اوس کرایہ مین ملسکتا ہو
اور پیشتر اسکے کہ اوسمین سکونت اختیار کرو امور مندرجہ ذیل کو نہایت خبرداری سے ملحوظ رکہو -
اوّل جس جگہہ وہ مکان ہو اوسکی صفائی کو موافق قواعد حفظ صحت
بہوشیاری تمام دیکہنا چاہیے اور قبرستان کے متصل مکان نہو اور نہ اوسکے قریب
وہ کارخانے ہون جنمین سے مضر صحت دہوئین نکلتے ہون - جو محلے نیچے اور تنگ جگہ مین
واقع ہون اون سے اجتناب کرنا چاہیے اور نہرون اور تالابون اور گیاس کے

کارخانون کے پاس نہین رہنا چاہئے۔ پاس پروس کے چھپریون کو تحقیق کرنا چاہئے
اور پانی کے راستون کو دیکھنا چاہئے۔ جو مکان کہ ڈہالو زمین مین واقع ہوتا ہے
اوسکا پانی بخوبی نکل جاتا ہے بہ نسبت اون مکانون کے جو پہاڑ کی چوٹیون پر یا پہاڑ کے
نیچے مسطح زمین پر بنے ہوتے ہین۔ کوشش اور سعی سے ایسی جگہہ بود و باش
اختیار کرو جہان آفتاب کی شعاعین سیدہی یا بے روک مکان پر پڑین کیونکہ
یہہ بات حفظ صحت کے لئے بہت ضروری ہے اور ایسے گھر کو اور مکانون
پر ترجیح دو جسکے کہولے ہوے جگہین (یعنی دالان وغیرہ) شرقی شمالی
یا پوربی اور تری ہوا سے محفوظ ہون۔

دوم جس مکان کو تم کرایہ سے لیتے ہو اوسکی دوری کو اوس مقام سے
جہان تم کاروبار کرتے ہو غور کرو اور دیکھو کہ بازار اور دوکانون سے وہ کسقدر فاصلہ پر ہے

جب ہم ان ضروری اور خاص باتون کو غور کر چکین تو پہر مکان کو ذرا
ہوشیاری سے جانچنا چاہئے اور اوسکی درستی اور مرمت کو دیکھنا چاہئے۔ جو کہڑکیان
ٹوٹی ہون اونکو غور سے دیکھو اور خیال کرو کہ آیا باورچی خانہ درست اور صاف ہے یا نہین
اور دیوارون پر قلعی ہے یا نہین اور دیکھو کہ دروازون کے بند سے اور زنجیرین اور قفل
اور کہڑکیون کی زنجیرین درست ہین یا نہین بعد ازان ایک فہرست اون چیزون کی
تیار کرنا چاہئے جو متعلق مکان ہوتی ہین اور جنکو کرایہ دار نہین لیجا سکتا ہے
اب یہہ تحقیق کرو کہ آیا کل کرایہ اور محصول کچراپٹی+ وغیرہ کرایہ دار سابق نے ادا کیا ہے
یا نہین اور جن سے تم مکان کرایہ لیتے ہو وہ خود مالک مکان ہین یا اونکے کارندے ہین فقط۔ راقم محب حسین

+ یہ اصطلاح دکن کی ہے اور اس سے مراد محصول میونسپلٹی ہے جو کوڑا وغیرہ صاف کرنے پر لیا جاتا ہے

بقیہ مضمون صنعت

حروف یا نقش بہتر نمایان ہوجاینگے —

مصنوعی زبرجد بنانیکی ترکیب

سبز مینے کے نگینے بناکر ایک کوری مٹی کی رکابی مین علیحدہ علیحدہ رکہکر کوئلون کی آگ پر رکھین جب نگینے خوب گرم ہوجاوین تب اوسپر ہلدی کا پانی قطرہ قطرہ اسقدر ڈالین کہ وہ ٹھنڈے ہوجاوین اسیطرح تین بار گرم اور ٹھنڈا کرین پہر ٹھنڈے پانی سے دہووین رنگ اوسکا مثل زبرجد کافی کے ہوگا مگر وزن کم ہوگا —

کپڑے سے ہندوستانی سیاہی کا داغ دور کرنیکی ترکیب

جہان سیاہی گر پڑے اوس جگہہ خوب تیل ملاکر دلائی صابون سے دہو ڈالین مگر شرط یہ ہے کہ وہ کپڑا دہوبی کے یہان نہ دُہلا ہو —

کپڑے سے تیل کا داغ دور کرنیکی ترکیب

جہان تیل گر پڑے وہان ہندوستانی سیاہی خوب ملین پہر صابون سے دہو ڈالین اسمین بھی شرط یہہ ہے کہ کپڑا دہوبی کے یہان دُہلا نہ ہو —

کپڑے سے خون کا داغ دور کرنیکی ترکیب

جہان پر خون کا دہبہ پڑا ہو وہان اوّل لعاب دہن ڈالین جب وہ قدرے خشک ہوجاوے تب اچھی طرح دہووین یقین ہے کہ خون کا داغ رفع ہوجاویگا —

مکان سے مکھیون کو دور کرنیکی ترکیب

عقرقرہ گندک بیج نرگس ان تینون چیزون کو پانی کے ساتھہ پیسکر دیوارون اور زمین پر چھڑک دینے سے مکھیان دور ہوجاتے ہین۔

پسّون کے دفع کرنیکی ترکیب

حنظل کو پانی مین پیسکر گھر مین چھڑکین اوسکی بو سے پسّو دفع ہوجاتے ہین۔

مچھرون کے دفع کرنیکی ترکیب

چوب صنوبر یا اُشنق کو جلا دین تو اوسکے دہوئین سے مچھر دور ہوجاتے ہین اور برگ سرو کو بستر مین رکہنے سے بہی نزدیک کم آتے ہین

زنبور کے دفع کرنیکی ترکیب

گندک یا لہسن کے دہوئین سے زنبور دور ہوجاتے ہین۔

راقم محب حسین

دِل کی جگہہ

مشہور ہے کہ دل بائین جانب ہے اگر آپ پوچھین تو یہہ بات صحیح نہین ہے دلکی جگہہ حقیقت مین چہاتی کے بیچ مین ہے اور اگر دل کو دو حصون مین تقسیم کرنے کے لئے چہاتی کی ہڈی کے بیچ سے ایک خط نیچے کہینچا جاوے تو بڑا حصہ دلکا داہنین جانب رہیگا اور دلکی نوک بائین جانب موڑی ہوئی ہے اور متصل پانچوین پسلی کے واقع ہے لیکن جس سبب سے ہم دلکی جگہہ زیادہ تر بائین جانب بہ نسبت داہنی طرف کی قیاس کرتے ہین وہ یہ ہے کہ ہمکو دلکی حرکت بائین جانب زیادہ تر معلوم ہوتی ہے بہ نسبت اسکے کہ سیدہی طرف معلوم کرسکین کیونکہ دلکی جو چار جوف ہین اونمین سے اخیر جوف جسکا نام لیفٹ وینٹریکل ہے بائین جانب واقع ہے اس جوف سے خون تمام بدن مین جاتا ہے اور جو حرکت اسمین مثل پمپ کے اور نل کی ہوتی ہے اوسکو ہم بخوبی پسلیون کے درمیان بائین معلوم کرتے

راقم محب حسین

اسباب حقیقیه سعادت و شقاوت انسان

ما اودعت فیك ایها الانسان سجیة الّا لان تجلب بها سعادة فصنها عن مسلك الهوی کیلا تجعلها وسیلة الشقا

حکیم نطاسی چون برین عالم وسیع و فضاء مملو از شموس و اقمار نظر اندازد و بطلسکوپ بصیرت و بارشکوب تدبّر و تفکّر ارتباط هریک از آنها را بدیگری و قوام هر واحدی را فی حدّ ذاته ملاحظه نماید بلا شک بدین قضیهٔ جلیله (لیس فی الامکان ابدع ممّا کان) اعتراف کند و اگر بعقل خرده‌بین خود کیفیت نموّ نباتات و نهج تکوّن حیوانات و اتقان وضع آنها را مشاهده کند از تسلیم این کلام محکم (انّ العالم قد وضع وضعاً حکمیّاً لیس فیه افراط و لا تفریط) سر نه‌پیچد - و چون اوراکش بدین پایه عروج نماید و بدین مقام واصل گردد البتّه بر او منکشف خواهد شد که اتقان و احکام و انتظامیکه در آن عوالم کلیه بکار رفته است همانها با تمام در اخلاق و سجایا مرعی بوده و آن جراثیم اخلاق که در انسان است بر وفق حکمت گذاشته شده است تا بدانها حفظ حیات و اکتساب سعادت مطلقه و استحصال کمال منتظر خود را نماید ولکن بشرط آنکه بر مقتضیات آنها رفتار نماید و بسوء تصرف خود آن قوای مقدسه را از حد اعتدال و حالت طبیعیه اخراج ننماید و تغییر فطرت آلهیه ندهد - و بعبارت اخری حکیمی که کتاب عالم را پیش نهاد خود کرده است و همیشه بر اوراق ابعاد و سطور حوادث و کلمات موالید نظر میکند البتّه بر او ظاهر و هویدا خواهد شد که مبدع کون این کواکب زاهرات و مصابیح باهرات را که بحساب و شماره بشر درنیاید بحبائل قوهٔ جاذبه عمومیّه بیکدیگر پیوسته و مربوط ساخته است تا هریک دارای حدّی مخصوص بوده دوری نگزینند و بقوه طارده آنها را حافظ مسافات معیّنه و ابعاد محدوده نموده است تا هر کوکبی در مدار خویش

حرکت کند و انقلاب دم مسعون گردد — و ثوابت را که بنور ذاتی و ضیاء حقیقی جلوه گرند
شموس درخشنده و مراکز عالمی جداگانه قرار داده است تا آنکه مادهٔ حیات بواسطهٔ خطوط
شعاعیه از آن ینابیع انوار فرود آمده اجسام حیه ئیکه در سیارات و اقمار آنها است
بهره ور شوند — و اجزاء ذیمقراطیسیه آنها که ذرات علویه و سفلیه را پس از دادن
خاصیت فعل و انفعال و تاثیر و تاثر کیمیاویه بقوهٔ جاذبه بیکدیگر ملصق و متصل نموده
تا هریکی قوام خود را حافظ و بر نظام خویش استوار بماند و روی بتلاشی و اضمحلال نیاورد
— و در سیارات که مقر اجسام حیویه است بواسطهٔ لوازم حیات را آنقدر که حکمت
اقتضا کند نهاده چنانچه کرهٔ زمین را که مستضیئ و مستفیض از نور آفتاب و مثوای
نباتات و حیوانات است از جهت تکون و بقاء آنها ملتف و محاط بهوای موجب تربیت
و بقاء و قابل تنفس نموده تا آنکه حیوانات و نباتات از اجزاء مختلفه آن و مخالط آنها که
(اکسیژن) و (نتروجن) و (قاربون) بوده باشد برحسب مزاج و سرشت
بهره یابند — و آن کرهٔ هوا بسبب ثقالت خود اجسام سائله را که در خلایا و اوعیه
اجساد حیه میباشد از خروج و تفرق منع نماید — و از برای برومندی و شادابی
آنها نهرها و چشمها که مستمد است از بحر محیط مالح بواسطهٔ غیوم هطاله در روی زمین
اجرا نموده — و حرارت مرکزیه را معوان حرارت مکتسبه ایکه از خورشید
بر آن افاضه می شود قرار داده است (سبحانه من مبدع حارت العقول فی صنائعه
و تاهت الافهام فی بدائعه) — و آن مبدع در گونه گونه نباتات که ببدیع صنع خود
آنها را دو صنف کرده یکی را بذکورت ممتاز و دیگری را بانوثت مخصوص نموده از برای
حفظ نوع و شخص قوهٔ مغذیه و ممسکه و مصوره و مولده وضع کرده و گلها و از هار

آنها را با کمال و بزور روئیدنیهاشان را بقشور و اغشیه و غمدها و غلافها از حوادث و آفات
خارجیه مصون و محفوظ گردانیده و حیوانات شهد خوار چون نحل و غیر آن را وسائل و اسباب
تلقیح آنها گردانیده تا مادهٔ لقاح را بشنف انثی برساند و در هریکی از آن [illegible]
از شهد بنهاده تا آنکه آن حیوانات در خدمت تهادن تور زده و از برای راه [illegible]
برائحهٔ ذکیه و لونی مبهج زیب و زینت داده و بجهت عدم وقوع تقصیر در [illegible]
بادها را نیز برین خدمت گماشته است — و اوراق اشجار را مانند اکباد حیوانات
از برای طرد و دفع اجسام غریبه وضع نموده — و در هریک از حیوانات آنچه باید و شاید
از برای زیست و رسیدن آنها بکمال منتظر خود بدایع صنع بکار برده و هر عضو و جارحه
را که در تعیش و بقای آنها لازم است بوضع هندسی و نهج میکانیکی برپا کرده و هریکی
از آن اعضا را برای ادای خدمت آنچه لازم باشد از قوه و برومندی داده است
و کبد و ریهٔ حیوانات ثدییه را از برای تصفیهٔ خون بواسطهٔ تنفس و دلهای
آنها را که دائما در تموج و اضطراب است بجهت قبض و بسط آن بجمیع اعضا و جوارح
بر تقاضای حکمت برنهاده — و از برای احساس و ادراک و قبض و بسط و حرکت
و سکون [illegible] اعصاب را از طبقات مخ و دماغ مانند اسلاک تلغراف و اطناب
میکانیکی بهر جای بدن کشیده و هر عضوی را از آن بهره بخشیده است تا آنکه به
ادراک مرغوب و منفور قادر و بر جلب ماینبغی و دفع مالاینبغی توانا گردد — و حیات
حیوان و نبات را بیکدیگر بسته و هریکی را وسیلهٔ زیست دیگری ساخته حیوان را
برین داشته که با جسام خود و بافراز (قاربون) نبات را خدمت نماید و نبات را
برین گماشته که در مقابل این عطیهٔ عظمی در تصفیهٔ (اقسیژن) و تخلیص آن برای

تنفس حیوانات بکوشد و در بدل اجساد و ثمار تهاون نورزد - و چون این لطائف صنایع و دقائق بدائع در نظر حکیم جلوه گر شود بیقین داند که اصول اخلاق و جرائیم سجایا اینکه مبدع کون از روے حکمت بالغه خود در انسان گذاشته است از برائے حفظ حیات و جلب راحت و سعادت میباشد نه از برائے آنکه بد آنها در مهواة تعب و شقا و بچاه هلاکت بیفتد و یا دیگر را بیندازد - پس آن اخلاق و قومی که ودائع الهیه است درین نوع اگر جالب فساد و مضرت و موجب شقا و هلاکت گردد باید دانست که آن بسبب سوء تصرف خود انسان در بکار بردن آنهاست در موارد لائقه خود به مقتضای عقل و حکمت - بیان این باقی آینده جمال الدین حسینی

معلوم باد که این مقاله را من درچند ماه پیش نوشته بودم شخصے آن را گرفته که ملاحظه کند دیگر واپس نیاورد لهذا برخود لازم دانستم که آخر آنرا تغیر داده در دفعه آینده درج جریده نمایم

اپنا ذکر کرنا

جب لوگ اپنا ذکر کرین تو تم خوب اپنے دونون کان لگا کر سنو -

یہہ عمدہ طریقہ ہے آدمیون کے پہچانے کا - کیونکہ آدمی کیسی ہی خبرداری اسبات کی کیون نکرے کہ اوسکی زبان سے ایسی بات نہ نکلنے پاوے جس سے اوسکا حال کہل جاے تو بہی اکثر کوی نکوی بات زبان سے ایسی نکل جاتی ہے جس سے اوسکی چال و چلن کا حال معلوم ہو جاتا ہی - اسواسطے ہم تمکو نصیحتًا کہتے ہین کہ تم کبہی اپنے نسبت باتین نکرو اور نہ فضول اپنی سرگذشت [illegible] کے حالات بیان مکرو - اگرچہ ہمکو امید ہے کہ تم مین کوئی برائیان نہین ہین جنکا تمکو چہپانا چاہئے تاہم آدمیون مین کسی نکسیطرح کا عیب یا نقص ہوتا ہی جسکا ظاہر کرنا محض فضول اور غیر مصلحت ہے فقط - راقم محب حسین

طول عمر کی ترکیب

اطبای متقدمین اور متاخرین اور جدید محققین کی تحقیقات

اور نئی اور پرانی تصنیفات کے دیکھنے سے جہان تک اس فقیر کو طول عمر اور
حیات کی تدبیرین معلوم ہوئین ہین اونکو ایک مختصر تقریر مین لکھنا چاہتا ہون
کیونکہ اگر اس بحث کی تفصیل کیجاوے تو اوسکے لئے ایک دفتر چاہیے
بالفعل میرا قصد یہ ہی کہ ہر ایک آدمی جو طول عمر اور حیات کا خواہان ہو وہ کمال آسانی
سے بے وقت اور تطویل اگر اون باتون کو حاصل کرنا چاہے جن سے حیات مین
ترقی ہوتی ہی تو اس تقریر کو دیکھکر حاصل کرلے اور حتی المقدور کمال احتیاط سے
اون پر عمل کرتا رہی خدا چاہے تو اوسکے حیات مین ترقی ہوگی اور اوسکی عمر زیادہ ہوگی

اول خلق خدا سے عموماً نیکی اور احسان کرے خصوصاً اپنی عزیز و اقارب کی
جو محتاج ہون جہان تک ممکن ہو خبرگیری کرے اور اون کو راحت اور آسایش
پہونچاوے —

دوم نجاست اور گندیدگی اور بدبو سے بہت اجتناب رکھے ہمیشہ سکونت
ایسے مقام مین اختیار کرے جو بلند اور خشک ہوا اور گرد و پیش اوسکے کوئی
گھورہ یا نالہ یا تالاب نجاستون کا نہ ہوا اور اطراف مین اوسکے بہت درخت
بھی نہ ہون اگر تھوڑے درخت ہون تو مضایقہ نہین ہے ہوا کی طہارت
اور پاکیزگی حفظ صحت کے لئے نہایت ضرور ہی اور بدون حفظ صحت کے طول عمر
ممکن نہین ہی اور جو ہو بھی تو بیمار رہکر زندگی موت سے بدتر معلوم ہوتی ہے

سوم جس مکان مین سکونت اختیار کرے اوسمین کئی باتون کا ہونا ضرور ہے

ایک یہ کہ اوس مکان مین ہوا کے آمد و رفت کی منفذ ہون یعنی ایک طرف سے ہوا
آوے تو دوسرے طرف سے نکل جاوے اور اس مطلب کے لئے یہ ضرور ہے
کہ اوس مکان مین مقابل کے دروازے یا شبکے ہون اگر صرف ایک جانب سے
مکان کہلا ہووے اور تین طرف سے بند ہووے جیسے ہندوستانی دالان
یا کوٹھریان ہوتی ہین اور اوسکا سقف پختہ ہووے تو ہرگز اوسمین نرہے البتہ
اگر سفالپوش ہو تو چندان مضر نہین ہے اسلئے کہ ہوا نیچے کی اوپر کی کھپریلیون کے
منافذ سے نکل جاویگی اور اوپر کی ہوا وہین سوراخون سے نیچے آجاویگی مگر
پہر بہی اوسمین رہنا بہتر اور قرین احتیاط نہین ہے۔
دوسری یہ کہ وہ مکان سوکہا اور خشک ہو یعنی اوسکی دیوارون اور چہت مین
سیل اور تری نہ ہو اگر اوسکے دیوارون مین تری اور لونی ہو تو ہرگز وہان
نرہے تیسری یہ کہ اوس مکان مین پانی بہنے کے لئے مہری ہو کہ بارش کا
پانی اکٹھا نرہے اسیطرح نجاست کا پانی وہان جمع ہوکر ہوا کو متعفن نہ کرے۔
چوتہی یہ کہ وہ مکان نہایت تنگ اور مختصر نہ ہو کم سے کم ایک آدمی کے لئے
اتنا بڑا دالان یا حجرہ یا ہال ضرور ہے کہ اوسکا طول پانچ ہاتہہ کا ہو اور عرض بہی
پانچ ہاتہہ کا اور بہتر یہ ہے کہ طول اور عرض پانچ پانچ گز یعنی دس دس ہاتہہ سے
کم نہ ہو لیکن اگر ہوا کے لئے اوسمین شبکے اور دروازے مقابل کے کثرت
سے ہون تو اس سے کم بہی چندان نقصان نہین کرتا اگر ایک مکان مین
کئی آدمی رہا چاہین تو اسی حساب سے جگہ ہونا ضرور ہے یعنی فی آدمی دس گز
کسر نشکے سو گز ہوتے ہین جگہ ہونا چاہیئے پانچوین یہ کہ وہ مکان نشیب مین

واقع نہ ہوا اور گرد و پیش اوسکے اوس سے بلند مکانات نہ ہون کہ تازی ہوا اسنے
نہ پاوے اسیطرح یہ بہی ضرور ہے کہ شیرہ و تار اور تنگ گلی مین واقع نہ ہو اگر مکان
شرائط صحت مذکورہ بالا کے موافق ملے لیکن خام سفالپوش یا چھپر کا ہو تو بہتر ہے
اس سے کہ ایک عالیشان محل ملے مگر ان شرائط کے خلاف ہو —

چھٹی یہ کہ اوس مکان کا باورچیخانہ ایسے مقام مین ہو کہ سونے اور بیٹھنے کی جگہ مین
دہوان نہ آوے —

چہارم بہت گنجان آبادی جیسے شہر کے بیچا بیچ چوک یا بازار مین نہ رہے —

پنجم جس ملک مین رہے وہان کی آب و ہوا اوسکے مزاج کے موافق ہو اور
جو تہوڑی سے ناموافقت ہو اور اصلاح سے اوسکا تدارک ہو جاوے تو قباحت نہین
مگر جس صورت مین اکثر اوس ملک مین بیمار رہے تو فوراً اوسکو چھوڑ دیوے اور
قواعد طبی کے موافق مناسب مزاج ملک مین سکونت اختیار کرے —

ششم اگر اوس شخص کو قبض رہتا ہو تو دوسرے یا تیسرے روز رفع قبض کی
تدبیر کرتا رہے اسمین ہرگز کوتاہی نہ کرے بلکہ سناکی چاے دودہ ڈالکر رات کو سوتے وقت
جب کہانا معدے سے اوتر جاوے پی کر سویا کرے اور اگر جی چاہے تو صبح کو پیا کرے
لیکن چای نہ پیی کیونکہ وہ خود قابض ہے اور جو قبض کا عارضہ نہ ہو تو نہار اوٹھتے
ہی چاے دودہ ڈالکہ پیا کرے اور اوسکے ساتہہ نہایت قلیل بسکٹ یا اور کوئی غذا کہا لیا کرے

ہفتم ہمیشہ غذا سریع الہضم اور معتدل کہایا کرے جیسے روٹی گیہون اور جوار اور
باجری اور چنے کی اور دال یا گوشت ترکاریون کے ساتہہ جیسے کدو اور توری اور پالک
اور آلو اور شلجم اور چقندر وغیرہ اور چانول شوربا کے ساتہہ بہتر غذا ہے لیکن پہر ضرور ہے

گہی روغن کا استعمال بہت نہ کرے اور ہمیشہ سنگین اور ثقیل غذائین جیسے پلاؤ بریانی مزعفر کباب شیرمال سوہان طرح طرح کے تلن نہ کہاوے اگر کبھی کبھی سنگین یا ثقیل غذا کے کہانے کا اتفاق پڑ جاوے تو بہت تہوڑی کہاوے اور اوسکا تدارک بعد غذا کے کر لیوے ہمیشہ ہمارے ملک کے امیر اور متمول انہی عمدہ غذاؤن کی وجہ سے بیمار رہتے ہین اور کم عمر مر جاتے ہین اور غریب ان عوارض سے بری ہوتے ہین روٹی ہمیشہ اوس آٹے کی کہاوے جسمین بہوسہ بہی شریک ہو میدیکا استعمال کبہی نہ کرے اور ہمیشہ گیہون کی روٹی نہ کہایا کرے بلکہ کبہی جوار یا جو یا باجرے کی روٹی بہی کہاوے اور روز قورمہ یا قلیہ دونون وقت نہ کہاوے بلکہ ایک وقت دال اور بہاجی اور دوسرے وقت گوشت کا استعمال کرے ایک قسم کی غذا کی کبہی عادت نہ کرے اور حتی المقدور بیکار اور غیر ضروری پرہیز سے پرہیز رکہے اور جہان تک روغن فائدہ کرے ڈال سکتا ہی لیکن جب گرانی یا نفخ لاوے اور اشتہا مین کمی کرے فورًا ترک کرنا چاہیئے۔

ہشتم شراب یا گانجہ یا افیون یا مدک یا بہنگ یا اور کسی نشے چیز کا استعمال کبہی نہ کرے جب پہلے پہل کوئی شراب کو پیتا ہی تو اوسکا بہت بڑا فائدہ تمام قوی مین معلوم ہوتا ہی حرارت غریزی کا زور ہو جاتا ہی اشتہا بہت ہوتی ہی طبیعت مسرور رہتی ہے پس وہ دہوکے مین پڑ کر شراب کو اکسیر سمجہتا ہی اور یہ نہین جانتا کہ شراب ایک عجیب قسم کا زہر ہے جو استعمال کے وقت مفید معلوم ہوتا ہی لیکن رفتہ رفتہ چند روز مین اپنی سمیت کا اثر بد دکہلاتا ہی اور اس سے زیادہ کون سا بڑا اثر ہوگا کہ شراب پینے والیکی عمر طبعی گہٹ جاتی ہی اور اکثر بلکہ تمام شرابخوار جوان مرتے ہین اور جو شاذ و نادر کوئی

زندہ بہی رہ گیا تو رعشہ اور فالج اور لقوہ اور اکثر امراض مہلکہ مین گرفتار رہتا ہے
جتنے بادشاہ شرابخوار گذرے ہین وہ سب جوانی مین مرگئے ہین اور جو شخص پرہیزگار
ہوئے ہین وہ اکثر طویل العمر ہوئے ہین دیکہو شہنشاہ اکبر اور عالمگیر اور
شاہجہان کو کہ ان لوگون نے شراب کا استعمال نہین کیا تہا پس اسّی
اور نوّی نوّی برس کی عمر مین انہون نے انتقال کیا —

نہم جب غذا کہاوے تو پیٹ بہر کر نہ کہاوے بلکہ آدہا پیٹ کہانا کہاوے کہ
اگر بہوک جلدی لگی تو کچہ قباحت نہین پہر تہوڑا سا کہا لیوے تہوڑا تہوڑا کہانا
کئی بار کرکے جو طبیعت پر گران نہ گذرے بہتر ہے اس سے کہ ڈٹ کر ایک بار
اتنا کہا لیوے کہ اوٹہا نہ جاوے غذا او سوقت مناسب ہے جب سچی بہوک معلوم ہو
اور علامت اوسکی یہ ہے کہ نفس خواہش کرے غذا کی اور کلیجے مین کہرچن ہواور
طبیعت مین ضعف اور نقاہت معلوم ہو اور غذا کہاتے ہی طبیعت بشاش اور
خوش ہو جاوے —

دہم جب غذا کہاوے تو خوب چبا چبا کر ٹہر ٹہر کے کہاوے جلدی جلدی
کہانا بالکل منع اور مذموم ہے ہر ایک نوالے کو اتنا چبانا چاہیئے کہ وہ پسکر گہل جاوے
اور خوب باریک ریزہ ریزہ ہو جاوے نہین تو معدے کو دانتون کا بہی کام کرنا
ہوگا پس چند روز مین معدہ کمزور ہو جاویگا اور ہضم مین فتور لاویگا کم سے کم وقت
کہانیکا آدہا گہنٹہ ہے اور ایک گہنٹہ بہتر ہے —

یازدہم کہانا کہاتے وقت طبیعت کو خوش اور بشاش رکہے اور جہان تک ہوسکے
کہانے کے وقت خوشی کے سامان مہیا کرے اگر دوست احباب مین بیٹہ کر اون

ساتھہ کہانا کہاوے تو بہتر ہے اور جو دوست احباب نہ ہون تو اپنے خیالات کو اون امور کے طرف متوجہ کرے جو خوشی لاوین کوئی رسالہ یا اخبار ایسا دیکہتا جاوے جس سے رنج پاس نہ پہٹکنے پاوے اور طبیعت اودہر متوجہ ہوجاوے —

دوازدہم پاخانہ مین جانے کے لئے وقت مقرر کرے ہر دن رات مین دو بار پاخانے جاوے صبح اور شام اور خواہ اجابت ہو یا نہ ہو لیکن آدہی گہنٹی تک پاخانے مین بیٹہے اس ترکیب سے اکثر بڑے بڑے قبض والونکا قبض رفع ہوگیا ہے اور اکثر قبض کا عارضہ اس ترکیب کے چہوڑ دینے اور اسپر التفات نہ کرنے سے عارض ہوتا ہی —

سیزدہم سردی اور گرمی اور بارش مین ہر فصل کے موافق لباس اور غذا مین احتیاط کرے جاڑے مین گرم غذائین کہاوے جیسے انڈہ گوشت وغیرہ اور لباس بہی خوب گرم پہنے اور اگر نزلے کی شکایت رہتی ہو تو سر پر گرم ٹوپی اور عمامہ رکہے رہے اور احتیاط رکہے کہ سرد ہوا لگنے کا موقع نہ پاوے اور گرمی مین غذا معتدل مایل بہ حرارت یا مایل بہ برودت کہاوے جیسے چانول آش جو کہچڑی وغیرہ اور لباس اسقدر گرم پہنے کہ گرم ہوا جسم تک سرایت نہ کرے اگر اندر پسینا رہے تو مناسب ہی اور برسات مین موقع کے موافق لباس پہنے اور غذا معتدل کہاوے لیکن خشک غذائین کہانا بہتر ہے جیسے چنے کی روٹی بہجڑی کی روٹی بتہی کا ساگ بشرطیکہ مزاج مین یبوست اور خشکی نہ ہو —

چہاردہم اگر ممکن ہو تو ہر روز نہین تو ایک دن بیچ حمام کرے جاڑے مین گرم پانی سے نہاوے اور گرمیون مین سرد پانی سے مگر دونون فصلون مین

احتیاط رکہے کہ نہانے وقت تازہی ہوا بدن مین نہ لگنے پاوے

پانزدہم بعد حمام کے اوجلے کپڑے نئے یا دہوے ہوے بدلے اور کپڑوانمین
مین وہ خوشبو لگاوے جس سے نزلے کی تحریک نہ ہو اگر اوجلے کپڑے نہ ہون
تو اوسی کپڑون کو دہلواکر یا دہوپ مین ڈلواکر پہن لیوے لیکن آٹہہ روز کے
بعد ضرور بدل ڈالے اور کپڑون کے ساتہہ پلنگ کی چادرین اوڑہنے اور
بچہونے کے بہی بدلا کرے اور تکیون کے غلاف بہی بدلے اگر ہرروز یا دوسرے روز
ان چیزون کا بدلنا ممکن نہ ہو تو دن کو دہوپ مین ڈلوا دیا کرے پہر آٹہہ روز کے
بعد ضرور بدل ڈالے —

شانزدہم اگر پانی یا ہوا تہوڑی سے ناسازی کرے تو اون کی اصلاح کرلے
پانی کی یون اصلاح کرے کہ پہلے اوسکو جوش دیوے اتنا کہ دو ثلث پانی جل جاوے
پہر ایک ثلث پانی کو کوئلون اور ریتی مین مقطر کر لیوے یا فلٹر مین ڈالکر صاف
کرلے اور ہوا کی یون اصلاح کرے کہ گرد وپیش کی نجاست اور رطوبت کو دور کرے
اور مقابل کے دروازون مین چلمنین ڈالدے اور مکان مین ریتی بچہوا دیوے
اور چونے کے بڑے بڑے ڈہیر چارون طرف ڈالدیوے اور مکان کی چہت مین
ٹوکرا کوئلون کا لٹکا دیوے اور کونون مین تہوڑا چونا رکہا دیوے
اور سونے سے کچہہ پہلے لوبان یا عود سلگا دیوے اور جو اسپر بہی آب وہوا ناموافق
ہو تو اوس ملک کی سکونت ترک کرے -

ہفدہم جس مکان مین رہے وہان آٹہوین روز گندہک کی دہونی کر دیا کرے
اور اگر ہوسکے تو ہرروز لوبان یا عود کا دہوان کیا کرے اور اوسکے طاقون مین

تہوڑا تہوڑا کہا کر فورا بیدار ہووے—

ششم صبح اور شام ریاضت جسمانی یعنی ورزش کرے اور جسقدر دماغی محنت زیادہ ہوتی ہووے اوسی قدر جسمانی محنت کو بڑہاتا جاوے بہتر ریاضت یہ ہے کہ کشتی کرے ڈنڈ پیلے مگدر ہلاوے چکی پیسے کشتی کہیوے پانی بہرے لکڑیاں چیرے کاغذ چہاپے پہر یہ ہیکہ دوڑے کودے اوڑے چڑہے پانی مین تیرے گیند کہیلے بوجہا اوٹہاوے پہر یہ ہیکہ گہوڑے پر چڑہے گہوڑا دوڑاوے اور پہراوے پہر اور شکار کرے پہر یہ ہے کہ جہولے مین جہولے میانے پالکی مین سوار ہو کشتی پر چلے ہر ایک شخص کو اپنی اپنی طاقت اور قوت کے موافق اوسکے لایق ریاضت اختیار کرنا چاہیئے لیکن جب ادنی قسم کی ریاضت کی عادت ہوجاوے تو اوس سے اوپر کی ریاضت اختیار کرے اس ترکیب سے ضعیف اور کم قوت کی طاقت اور قوت مین بہت جلد ترقی ہوسکتی ہے جب ریاضت کرے تو خارجی ہوا سے پرہیز رکہے اور لباس گرم پہنے رہے تاکہ بدن مین عرق آجاوے اور ریاضت کو رفتہ رفتہ ختم کرے جب بالکل طبیعت بحال ہوجاوے اور خون کی تیزی اور حدت جاتی رہے اوسوقت غذا کا استعمال کرے—

ہفتم آٹہ گہنٹے سے زیادہ اور چہ گہنٹے سے کم نہ سووے اور جس جگہہ سووے وہان وہوان نہ ہو اور اوس جگہہ چارون طرف کی ہوا ہلکی ہلکی آتی اور نکلتی رہے اور جہان تک ممکن ہو وہ مکان بلند اور وسیع ہو—

ہشتم ہمیشہ سویرے اوٹہنے کی عادت کرے اگر مسلمان ہو تو فجر کی نماز اندہیرے منہ پڑہا کرے یعنی سونے سے جب بیدار ہو تو فورا باہر نکل آوے

یا بستر سے اوٹھ کر ذرا اوپر بیٹھے پھر کپڑے وغیرہ پہن کر اپنے دستے باہر نکلے

بست ویکم صبح اور شام منہ دہویا کرے دانتون کو مانجے اور صاف کرے اگر مسلمان ہو تو پانچون وقت منہ کا دہونا بہتر ہے بعد ریاضت کے جب سکون ہو جاوے تو منہ دہو ڈالا کرے جب کسی قسم کا کام کرکے اوٹھے خواہ دماغی ہو یا جسمی تو منہ کا دہو لینا بہتر ہے —

بس یہ اکیس امور ہین جو آب زر سے لکھنے کے قابل ہین عاقل کو چاہیے کہ ان امور کو نظر غور سے دیکھے اور جہان تک ہو سکے اون پر مواظبت اور مداومت کرے ان امور کو نظر حقارت سے نہ دیکھے اور اون پر بے التفاتی نکرے اسلیئے کہ یہ خلاصہ ہین اون تجربات کا جو اگلے اور پچھلے حکیمون نے بہت بڑی دقتین اوٹھا کر کیے ہین اب مین اخیر مین ایک اپنے دوست کا حال لکھتا ہون جنکی ولادت ۱۲۰۳ھ ہجری مین ہوئی اب کہ ۱۲۹۹ھ ہے اون کی عمر ۹۶ برس کی ہوئی ہے اور وہ سب طرح تندرست اور چلتے پھرتے ہین دانت بھی اون کے سب ہین ٹوٹے بلکہ بقدر حاجت موجود ہین جب مین نے اون کے معمولات کو تحقیق کیا تو مجھے جواب شافی نہ ملا اسوجہ سے کہ وہ علمی خیالات اور مطالب سے تعلق نہین رکھتے مگر جہان تک انہون نے بیان کیا تو وہی باتین نکلین جو اوپر مذکور ہوئین مثلاً انہون نے کہا کہ مین نے غذا مین پرہیز نہین کیا جیسے اور لوگ کیا کرتے ہین کہ ہمیشہ ایک ہی غذا کہایا کرتے ہین کوئی قلیہ چپاتی کہاتا ہے کوئی صرف کھچڑی ہی کہاتا ہے کوئی دودھ ہی پیتا ہے کوئی یخنی پر اپنی اوقات گذارتا ہے بلکہ جو مل گیا وہ کہا سو کہایا مرغن عمدہ کہا لیا اور مین اکثر صبح سے شام تک

پیدا پیدا کرتا ہون جہان جاؤ وہان جاؤن پہر اسی مین گذرتا ہی رات کو بڑے مزے سے
نیند آتی ہی کیونکہ جب تک محنت نہ ہو اور بدن مین تہکاوٹ پیدا نہ ہو اوس وقت تک
عمدہ نیند نہین آتی اور چاہی کا استعمال مین بہت رکہتا ہون حاصل یہ ہی کہ
ہر ایک انسان کو وہ امیر ہو یا غریب اپنی حفظ صحت اور ترقی حیات کا ضرور خیال
رکہنا چاہیے کیونکہ جب صحت محفوظ رہیگی اور حیات قایم رہیگی اوسی وقت
نیک کام ہون تو بجا لاوینگے اور نیکی کو دنیا مین پہیلا وینگے اسی واسطے
آنحضرت صلعم نے ارشاد فرمایا ہے - طوبی لمن طال عمرہ وحسن عملہ - یعنی مبارک
وہ شخص ہو جسکی عمر طویل ہو اور اوسکے اعمال نیک ہون بہ نسبت غریبون کے
امیر زادون اور والیان ملک کو زیادہ تر ان قواعد کا خیال رہنا چاہیے
اور جہان تک ہوسکے اون کی پابندی کرنا چاہیے اگر ایسا کرینگے تو
زندگی کا ثمرہ اور لطف اوٹہا دینگے آیندہ اختیار وما علینا الا البلاغ - وحیدالزمان

ارضی اور سماوی آفات سی بچنے اور حوادث زمانہ سے محفوظ رہنی کی تدبیرین

مندرجہ ذیل کے قاعدون کو آب زر سے صفحہ یادگار پر لکہنا چاہیئے

(۱) اکثر حادثے ناگہانی پانی کی وجہہ سے ہوجاتے ہین اسواسطے ضرور ہے
کہ جب دریا اور ندی کے کنارہ پر ہون تو احتیاط کرین —

(۲) جب بجلی چمکتی ہو تو درخت کے قریب اور لوہیکے دروازہ کے متصل اور
سلاخون دار کیواڑون اور حاطون کے پاس نہ کہڑے ہون —

(۳) بہری ہوی بندوق کو محفوظ جگہہ مین رکہنا چاہیئے اور دلگی و مذاق مین بہری
بندوق کو کسی پر ہرگز نہ اوٹہانا چاہیئے —

(۴) کوئلون کے قریب کبھی نہین سونا چاہیئے - اگر کہین ایسی جگہہ غنودگی آجاے جہان کوئلون کی آنچ سے کام ہوتا ہو تو نزد شازمی ہوا باہر جا کے کہانا چاہیئے -

(۵) پیشتر اسکے کہ درخت کاٹے جائین انکو ہوشیاری رسی سے باندہنا چاہیئے تاکہ جب وہ گرین تو کوئی نقصان یا صدمہ نہ پہونچائین -

(۶) جب سردی سے بدن ٹہٹر جاے اور ہاتہہ پانون سُن ہو جائین تو باہر سونا چاہیئے - اور اگر برف دستیاب ہو سکے تو اوسکی مالش کرانا چاہیئے اور جلدی سے ایک مرتبہ آگ کے پاس نہ جانا چاہیئے -

(۷) تری اور نمی سے بچنا چاہیئے -

(۸) پیشتر اسکے کہ تم تنگ اور تاریک اور بند مکانون اور گمبدون مین داخل ہو انکا کچہہ وقت تک کہلا رہنے دو یا بسیا ہوا چونا اونمین کسیقدر منتشر کردو - جہان چراغ نہین جل سکیگا وہان حیوان زندہ نہین رہ سکتا ہے اسواسطے ایسے تنگ اور تاریک اور تر مکانون مین جانے کے قبل اس سادے تجربہ کو کرلین -

(۹) خوگیر کسے ہوے گہوڑون کو تنہا نہ چہوڑنا چاہیئے اور نہ لدے ہوے گہوڑون کے بے محابا پیچہے چلے جانا چاہیئے کیونکہ اسوقت لات مارنیکا شبہہ ضرور رہے -

(۱۰) پکہڈنڈی رستہ سے گہوڑے پر سوار ہو کر نہین جانا چاہیئے -

(۱۱) لڑکون سے ہوشیار رہو خواہ وہ سوتے ہون یا جاگتے اور خصوصًا جب وہ آگ کے نزدیک ہون جس سے کہ وہ زیادہ خوش ہوتے ہین تو خبرداری کہو

(۱۲) کوئی چیز زہردار کہولی ہوئی اور ایسے مقام پر نہ رکہو جہان ہر کوئی اوسکو چہو سکے اور جس شیشے اور جس ظرف مین وہ ہو اوسکے اوپر موٹے حروفون مین زہر کا لفظ ضرور لکہو خواہ وہ کسی جگہہ رکہی ہو۔

(۱۳) چلنے مین سڑک کے کنارے چلنا چاہیئے اور ایک طرف دیکہنا اور دوسرے طرف چلنا نہ چاہیئے۔

(۱۴) نارنگی کا چہلکا اور کانچ کے بوتل کے ٹکڑے راستے مین ہرگز نہ ڈالو

(۱۵) بارود کو چراغ کی بتی سے نہ چہیڑو۔

(۱۶) گیاس کا تیل لیپ مین موہنہ تک نہ بہرو بلکہ کچہہ خالی رہنے دو تاکہ جب تیل گرمی سے پہیلے تو اوسکو پہیلنے کی جگہہ ملے۔

(۱۷) بچے کو آگ مین چہوڑ کر نہ جانا چاہیئے۔

(۱۸) جب کسی ایسے عرق کے بوتل کو کہولو جسمین اوبہان آئے جیسے سوڈا واٹر کی بوتل تو کاگ کو اپنے ہاتہہ سے پکڑ لو۔

(۱۹) جب کوہرا پڑتا ہو تو خوب ہوشیاری کے ساتہہ گہر سے نکلنا چاہیئے۔

(۲۰) دیاسلائیون کو اونکی ڈبی مین رکہو اور اونکو اودہر اودہر پڑا نہ رہنے دو۔

(۲۱) جنگل مین اگر چراغ جلاوین تو اوسکے پاس نہ بیٹہین۔

(۲۲) گیاس کا تیل بہت مقدار سے گہر مین نہ رکہین۔

(۲۳) ریل گاڑی جب چلتی ہو تو اوسوقت نہ اوتر ین چڑہین۔

راقم محب حسین

ہوتے ہین اون کے وراثت کی تدبیرین بیان لکہی جاتی ہین اور اسی علم مین زمین کے
پہچاننے کے طریقے بیان کیجاتی ہین اکون سی زمین عمدہ اور کہری ہی اور کون سی
متوسط ہی اور کون سی ادنے درجہ کی ہی اور یہ فرق سمجھنے زمین کا پہچاننا زراعت کا
اصل الاصول ہی جسکی ہر شخص کو ہر وقت مین احتیاج ہی اس علم کے حاصل کرنے کی
یہ ضرورت ہی کہ ہر ایک جنس اور ہر ایک قسم کے پہل اور دانے اور ترکاری یعنی ساگ پات او
جو چیزین درست کرتے ہین اونکو پہچانتے اور ہر ایک قسم مین کہرے اور عمدہ کو انتخاب کرے
اور ہر ایک چیز کے بونے اور لگانے کے وقت اور فصل کو پہچانے اور جو ہوا مینہ کی موافق
ہی اوسکو دریافت کرے پہر بونے اور بوٹنے اور درخت لگانے کی تدبیرین اور بیج کیسے
سینکیے اور جس طرح سے پانی ہر ایک قسم کو مفید ہوتے ہین اونکی شناخت کرے اور
طرح طرح کی کہاد اور اونکا بنانا سیکہے پہر یہ بہی جانے کہ کون کون سی کہاد کس کس
قسم کے درختون اور دانون اور ترکاریون کو مفید ہوتے ہین اور یہ بہی دریافت
کرے کہ زراعت کرنے سے پہلے زمین کو کسطرح آباد کرتے ہین اور بعد زراعت یا درخت
لگانے کے اوسکو کیونکر درست کیے رہتے ہین تاکہ پانی سب مقامات پر پہونچ جاوے
پہر ہر ایک زمین کا کیا اندازہ ہی ہر ایک پہل یا میوہ یا بیج لگانے کے لیے یعنی کسقدر
فاصلے سے ہر ایک زمین مین کیونکر تخم ریزی کرنا چاہیے پہر ہر ایک درخت یا سبزی پر
جو آفت آوے اوسکا علاج کیونکر کرنا چاہیے اور کس تدبیر سے اوس آفت کو دور کرسکے
اوسکی صحت اور تندرستی سے مستفید ہونا چاہیے تاکہ اوسکے فواید پوری طور سے حاصل ہون
اور اوسکی پیداوار بہی پوری اور زیادہ ہو پہر غلون اور میوون اور ترکاریون کو کیونکر
حفاظت سے رکہنا چاہیے کہ وہ خراب نہ ہون ہم چاہتے ہین کہ ان سب مضامین

ان مطالب کو اچھی طرح تفصیل سے ایک ایک باب مین بیان کرین اور بعد ان مطالب کے بیان کرنے کے ہم حیوانات کی فلاحت کو بھی بیان کرین یعنی اون حیوانات کی جنکی زراعت مین بہت بڑی احتیاج ہوا کرتی ہے جیسے گائی بیل بھینس اونٹ وغیرہ اون کی نسل بڑہانے کے طریقے اور اون کے بیمارین دور کرنے کے نسخے اور علاج اور جو باتین اس بحث سے تعلق رکھتے ہین —

پہلا باب

زمین کی شناخت مین اور بیان اس بات کا کہ مزروعہ* زمین مین سے کون سی زمین اعلی درجے کی ہی اور کون سی متوسط ہی اور کون سی ادنے درجہ کی ہی اور اسکے شناخت کے واسطے کیا کیا علامات اور دلایل ہین اور اسی باب مین بیان ہی اوس زمین کا جو ادسر (مہلہ) ہی اور ذکر ہے اسبات کا کہ ہر ایک قسم کی زمین کن کن درختون اور کس کس چیز کی کاشت کے لئے زیادہ مناسب ہی —

زمین کے اقسام

جاننا چاہئیے کہ علم فلاحت اور زراعت مین سب سے پہلے اس بات کے جاننے کی ضرورت ہی کہ زمین مین عمدہ اور بہتر کون سی زمین ہی اور اوسکے پہچاننے کی تدبیر کیا ہی پھر اوس زمین مین بلحاظ عمدگی اور خوبی کے کتنے درجے ہین یعنی کونسی زمین اول نمبر کی ہے اور کون سی دوم نمبر کی اور کون سی سوم نمبر کی جو شخص ان باتون سے واقف نہ ہو وہ علم زراعت کے اصول سے ہرگز واقف نہ ہوگا بلکہ اگر زمین کی شناخت نہ ہو اور سارا علم زراعت جانتا ہو تو کہہ سکتے ہین کہ اس نے اپنی اوقات کو ضایع اور برباد کیا

* مزروعہ زمین سے وہ زمین — وہی جو کھیتی کے لایق ہو اور اوسر وہ زمین جو کھیتی کے لایق ہی نہو جسکو عربی مین مہلہ کہتی ہین ۱۲

اور علم زراعت سے محض جاہل رہا۔ رازی نے کتاب سمع اللبان مین لکھا ہی کہ ایک مدت مین آفتاب کے اثر سے اور بارش سے پتھر مٹی ہو جاتا ہی اسلیے کہ آفتاب خشک کرتا ہی اور اوسکے اجزا مین جدائی ڈالتا ہی جیسے آگ کا اثر ہی پھر اوسکے بعد پانی برستا ہی تو اوس مین سے جو لطیف ہی وہ گل جاتا ہی اور ریزہ ریزہ ہو جاتا ہی پھر ایک زمانہ گذرنے کے بعد متعفن ہو کر مٹی ہو جاتا ہی ابن حجاج نے کہا رازی کے اس قول سے صاف معلوم ہوا کہ آفتاب ہی زمین کو گرم کرتا ہی اور اوسکے اجزا کو جدا جدا کرتا ہی اسی واسطے اوپر کی زمین بوجہ آفتاب کے حرارت پہونچنے کے اندر کی زمین سے عمدہ اور لطیف ہوتی ہی اور یہ بات مشاہدہ ہوئی ہے کہ جو مٹی کنوین کے تہ سے یا عمارت کے نیو سے نکلتی ہے وہ پہلے سال اس لایق نہین ہوتی کہ اوسمین کچھہ اوگے لیکن جب اوسکو آفتاب پکا دیتا ہی اور اوسکے اجزا کو لطیف کر دیتا ہی اور وہ گرم ہو جاتی ہی تو اوگانی لگتی ہی اور اسکی وجہ یہ ہی کہ مٹی کا مزاج سرد اور خشک ہی پس اگر حرارت آفتاب کی اور بارش کی تری اوسکو نہ پہونچے تو کوئی گھانس اوسپر نہ اوگے اس موقع پر یہ بات بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ اگرچہ زمین اپنی طبیعت سے سرد اور خشک ہی مگر انمین بھی ایک زمین دوسرے زمین کے نسبت زیادہ تر ہوتی ہی اسیطرح ایک زمین دوسری زمین کی نسبت زیادہ سرد ہوتی ہی۔

سب سے گرم باجماع علمای زراعت کے وہ زمین ہی جسکی مٹی کالی ہو پھر لال۔ اور سب سے سرد وہ زمین ہی جو سفید ہو پھر زرد اور جس زمین مین جسقدر سفیدی ہو اوسی قدر سرد اوسمین سمجھنا چاہیے ایسا ہی زردی کا حال ہی اور سب رنگون کا۔٭

٭ یعنی جس زمین مین جتنی کالک ہو اوسیقدر زیادہ ہوگی وہ زیادہ گرم ہی اور جتنی کالک کم ہوگی اوتنی ہی گرمی کم ہوگی ۱۲ منہ

لیکن وہ زمین جو اعلیٰ درجے کی ہو وہ وہ زمین ہے جسکی شکل پانی کو برف کی طرح ہوا کر
ہوا ہوتی ہو اوسمین نہ نرمی ہو نہ سختی اور اوسکا ڈھیلہ سخت ہو جا ہوا پتھر کی طرح
لیکن نہ بالکل جمی ہوئی ہو نہ بالکل خشک ہو بلکہ تھوڑی تھوڑی تری ہو اور اجزا
اوسکے الگ الگ ہون جیسے پتھر کی ریتی اس سبب سے کہ اوسمین نرمی کم ہوتی ہے
اگر درحقیقت دیکھو تو وہ بہت چھوٹی چھوٹی کنکریان ہین یہ تو سب قسمون مین تری
کے اعلی درجے کی ہی اور اکثر ایسی زمین کم دیکھی گئی ہے لیکن کبھی کبھی دیکھی گئی ہے
اس زمین کے بعد وہ زمین ہی جسکا بیان ابو حنیفہ دینوری صاحب نبات نے
اپنی کتاب مین کیا ہی اور اوسکی بہت تعریف کی ہی وہ لکھتا ہی جو ملک نرم اور گرم
اور ملایم ہوتا ہی اوسکی مٹی ریت کی طرح ہوتی ہی لیکن ریت نہین ہوتی اس قسم کی
مٹی سبزی کو بہت پالتی ہی خصوصاً جب اوسکے گرداگرد کھود دیا جاوے تو وہ
درخت کی پرورش کرتی ہی اور اوسکی حفاظت کرتی ہی اسوجہ سے کہ وہ پانی
پی لیتی ہے خواہ آسمان کا ہو یا زمین کا بوجہ اپنی نرمی کے اور پانی اوسکے ہر رگ
اور ریشے مین سما جاتا ہی پھر اوسمین سے درخت کی رگون مین جاتا ہی اور جسقدر درخت
کی جڑ کا زور ہوتا جاتا ہی وہ کشادہ ہوتی جاتی ہی اسوجہ سے درخت خوب ابھرتا ہی اور
اوسکی عمر زیادہ ہوتی ہے —

جب کوئی ملک سخت اور دشوار ہوتا ہی تو پانی وہان سے بہ جاتا ہی اور زمین مین
جذب نہین ہوتا اور چونکہ جذب نہین ہوتا اوسمین نمی بھی نہین آتی اور چونکہ نمی
نہین آتی وہان کچھ نہین اوگتا اور بوجہ اس امر کے کہ وہ زمین سخت اور خشک ہوتی ہے
اوسمین پانی نہین ٹھیرتا نہ درخت کی رگین اوسمین پھیلتی ہین —

شکریہ

خاکسار صاحبان مفصلہ ذیل کا نہایت مشکور ہے جنہون نے

ازراہ قدردانی اور فیض رسانی رسالہ معلم کی خریداری فرماے اور علوم کے شایع ہونے مین

اپنی نیک نیتی سے اور بنظر خیرخواہی قوم امداد کی خصوصًا جناب مولانا مولوی جمال الدین

صاحب حسینی کا شکریہ نہایت تہ دل سے ادا کیا جاتا ہی جنہون نے اپنی نیک نیتی

اور سچی ہمدردی اور اپنی ذاتی خوش اخلاقی کی وجہ سے اس رسالہ کی بڑی مدد

فرمائی — یہہ وہ صاحب ہین جنہون نے اپنی صفائی قلب سے اون علمی خیالات

کی تائید کی جو میرے دل مین رسالہ معلم کے اجرا کی نسبت آئی تہی اور پہر ابتدا سے

اس رسالہ کی امداد ہر طرح سے فرمائی اور قوم کی بہلائی کے واسطے اپنے اوپر

تکلیف اوٹہا کر مضامین علمی تحریر فرمای اور آیندہ کے لئے بہی وعدہ حتمی فرمایا۔

یہہ صاحب بڑے لایق اور فایق شخص ہین جو علوم قدیمہ اور

جدیدہ مین یکتاے روزگار ہین اور ہند مین براے چندے رونق افروز ہوے ہین

یہہ صاحب زبان فرانسیس اور عربی مین کامل ہین اور فارسی تو اونکی مادری زبان ہے

فی الواقع ایسے صاحبون کا ہمارے ملک مین تشریف لانا نہایت مغتنمات سے ہے —

ہمکو نواب حافظ صدر الاسلام خان بہادر کا بہی شکریہ ادا کرنا چاہئی جو منصب

ایک بڑی سچی قوم کے ہمدرد اور معین ہین وہ ہر ایک نیک کام مین اپنی نیک نیتی کی وجہ سے

اول ہوتے ہین۔ اور حتی الامکان اپنی کوشش اور سعی سے اوس کام مین مدد پہونچاتے ہین

یہہ صاحب جلسہ خیرخواہ ہند کے میر مجلس ہین اور بیت المساکین کے بانی مبانی

اور کتب خانہ محبوبیہ کے سرپرست ہین۔ اور فی الحال سرکار نظام مین بعہدہ معتمد جناب صدر المہام

فہرست مضامین

مضمون	نام مضمون نگار یا مولف	صفحہ
طبعیات —		
بارومیٹر یعنی مقیاس الریح	محب حسین	۸۱
کیمیا —		
صنعت	مولوی وحید الزمان صاحب	۹۲
ادب —		
بیان ماخذ علوم	مولوی سید کرامت علی صاحب جونپوری مرحوم منقولی از امام باڑہ ہوگلی —	۹۶
زراعت —		
بقیہ مضمون زراعت	مولوی وحید الزمان صاحب	۱۰۲
طب —		
طب کی تاریخ کا مختصر بیان	ڈاکٹر میرزا اسکندر علی صاحب طبیب [illegible] خوراج گوشت محل علاقہ سرکار نظام	۱۱۰
تاریخ —		
حاجب محمد ابو المنصور	نواب حافظ میرزا احسام خان بہادر منشی جناب صدر المہام فوجداری و میر مجلس سررشتہ خیر خواہ ہند	۱۱۵
معدنیات —		
میناجس	میرزا محمد ہادی خان صاحب لوب	۱۱۷

فہرست تصاویر


تصاویر آلات —


بارومیٹر .... منشی سید محمد غوث صاحب

شکریہ حضرت بندگان عالی حضور پرنور مہاراجہ مرزا سر وزیا رم گجپتی راج مانیا سلطان بہادر
نائٹ کمینڈر آف اسٹار آف انڈیا والی ریاست وزیانگرم دام اقبالہم

جب سے یہ رسالہ معلم شفیق جاری ہوا تھا اوس وقت سے ہم
منتظر تھے ہمارے ہند کے بڑے بڑے مہاراجوں اور نوابوں والیان
ریاست عظیم الشان اور حاتم دوران میں سے کون صاحب ذی ہمت اور
عالی قدر ہمارے اس رسالہ کی خریداری اور سرپرستی سب سے پہلے منظور فرماوینگے
اور کون صاحب اپنی بلند ہمتی اور قدردانی سے علوم و فنون کے شایق اور
اوس کے سرپرست ہونگے ۔ اسی انتظار مین ہم تھے کہ ہمارے حاتم دوران
ارسطو فطرت افلاطون زمان قدردان علوم و فنون عظیم الشان رفیع المکان
حضرت بندگان عالی حضور پرنور مہاراجہ مرزا سر وزیا رم گجپتی راج مانیا
سلطان بہادر کے سی ایس ای والی ریاست وزیانگرم دام اقبالہم نے
اپنے عالی ہمتی اور سچی قدردانی سے اس رسالہ کی خریداری منظور فرما کر
اور اپنے نام نامی اور اسم گرامی سے اس رسالہ کو معزز اور ممتاز فرمایا۔
ہم بکمال ادب اور نہایت تہ دل سے مہاراجہ صاحب دام اقبالہم
کی اس قدردانی کا شکریہ دست بستہ بجا لاتے ہین اور خداوند تعالی سے
دست بدعا ہین کہ ہمارے مہاراجہ صاحب دام اقبالہم کی عمر و دولت اور شان و
شوکت مین ترقی روز افزون ہووے —

شکریہ جناب صاحب عالیشان کرنل سر۔ ار۔ جی۔ میڈ۔ کے
سی۔ ایس۔ ای۔ بی۔ ایس۔ سی۔ رزیڈنٹ بہادر دام اقبالہم حیدرآباد دکن





ب — بارومیٹر کی نلی — پہیا — چرخی الف — بارومیٹر

طبعیات

بارومیٹر یعنی مقیاس الریح

شاگرد کا سوال — ہوا کا وزن کیونکر بارومیٹر سے دریافت ہوتا ہے —

معلم کا جواب — اوسکا سبب یہہ ہے کہ بارومیٹر مین ایک شیشہ کی نلی ہوتی ہے اور یہہ نلی ایک طرف بند اور دوسرے طرف کہولی ہوی ہوتی ہے اسطرح سے کہ ہوا کا دباؤ جو نلی کی کہولی ہوی جانب پڑتا ہے پارہ کے وزن کو تولتا ہے اور جب ہوا کا دباؤ پارے کی سطح پر زیادہ اور کم ہوتا ہے تو اوسیقدر پارا چہڑتا اور اوترتا ہے

س ۔ بارومیٹر کو "ویدر گلاس" یعنی آئینہ موسم کیون کہتے ہین ۔

ج ۔ اسواسطے کہ جب موسم مین تبدیل ہوتی ہے تو اسکے پہلے ہوا کے دباو مین تغیرات واقع ہوتے ہین ۔ لیکن یہہ موسم کی تبدیلیان ہمکو معلوم نہین ہوسکتین کیونکہ وہ بہت آہستہ آہستہ واقع ہوتی ہین ۔ پس جب پارہ مین تغیر پیدا ہوتا ہے تو ہمکو اس سے یہہ بات معلوم ہوسکتی ہے کہ ہوا مین تغیر ہو رہا ہے اور تجربہ سے ہم چند قاعدے معین کرسکتے ہین جنکے ذریعہ سے موسم کی حالت کی نسبت یقین کے ساتھہ پیشی گوئی کرسکتے ہین ۔

س ۔ جب پارا چڑہتا اور اوترتا ہے تو کیون ویدر ڈایل یا آلہ موسم نما کی سوئی اپنی جگہہ بدلتی ہے ۔

ج ۔ اسواسطیکہ پارہ کی سطح پر جو ایک وزن تیرتا رہتا ہے وہ ایک تار مین بندہا ہوا ہوتا ہے اور اوس تار کی دوسری جانب ایک ہم وزن بوجہ ہوتا ہی یہہ تار ایک گہومتے ہوسے مہور پر رکہا جاتا ہی جسمین کہ سوی لگی ہوتی ہے ۔ اور جب پارا چڑہتا او ترتا ہے تو تار کی رگڑ سے یہہ سوی پہرتی ہے ۔

س ۔ جب ہم بارومیٹر کے موہنہ کو تہپ تہپاتے ہین تو کیون بعض وقت سوئی پہرتی ہے ۔

ج ۔ اسواسطے کہ جو وزن پارہ کی سطح پر تیرتا رہتا ہی وہ اکثر نلی کی کسی جانب لگ رہتا ہی اور اچہی طرح نہین پہرتا ہے ۔ اور پارہ بہی نلی کے چارون طرف "کیپلری کشش" کی وجہ سے لگ جاتا ہی ۔ اسواسطے جب بارومیٹر کے موہنہ پر تہپ تہپاتے ہین تو وہ بوجہ علحدہ ہوجاتا ہی اور وہ کشش بہی مغلوب ہوجاتی ہی

جو پارہ کو چڑھا دا اور اوتار سے روکتی ہے —

س — بارومیٹر کے اوتار سے کیون بارش کی علامت ظاہر ہوتی ہی یعنی جب پارا اوترتا ہی تو کیون معلوم ہوتا ہی کہ پانی قریب برسیگا —

ج — اسواسطے کہ جب ہوا پارہ کو نہین سنبہال سکتی تو معلوم ہوتا ہے کہ ہوا ضرور بوجہ بخارات رقیق ہوی ہے —

س — جب بارومیٹر کا پارا ادپر چڑہتا ہی تو کیون اوس سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ موسم گرما آنے والا ہے —

ج — اسواسطے کہ بیرونی ہوا جب گف ہوجاتی ہے اور بخارات سے پاک ہوتی ہی تو وہ پارے کو جسمین وہ بوجہہ تیرتا ہے بڑے زور کے ساتھہ دباتی ہے۔ اسواسطے جب پارا بڑی نلی مین چہڑتا ہی تو وہ بوجہہ چہوٹی نلی مین ہوجاتا ہی اور سوئی کو پہیر دیتا ہے —

س — بارومیٹر کب بہت چڑہا ہوا رہتا ہے —

ج — جب عرصہ تک کہر گرتا ہے یا جب شمالی شرقی یا اوتری پوربی ہوا چلتی ہے

س — کیون بارومیٹر کا پارا ان وقتون مین چڑہا ہوا رہتا ہی —

ج — اسواسطے کہ ان وقتون مین ہوا نہایت خشک اور گف ہوتی ہی اور اسواسطے وہ پارہ کو اچہی طرح اوٹہای رہتی ہے —

س — کب بارومیٹر بہت اوترا ہوا رہتا ہے —

ج — جب بعد کہر گرنے کے برف پڑتا ہی یا جب جنوبی غربی ہوا چلتی ہے

س — کیون بارومیٹر ان وقتون مین اوترجاتا ہی —

... اسو ... سے ... ان وقتون مین ہوا مین بہت تری ہوتی ہے جسکی وجہ سے
... الف اور ... وزنی ہوجاتی ہے* — راقم محب حسین

کیمیا

صنعت

جوتون اور بوٹون پر فرانسیسی وارنش کرنیکی ترکیب

تین پاو عمدہ سرکہ ڈیڑہ پاو پانی ملاوین اور آدہ پاو سریش کے ٹکڑے اور پاو بہر لاکہہ کے ٹکڑے اور ۹ ماشہ عمدہ پسا ہوا نیل اور ۹ ماشہ عمدہ نرم صابون اور ۹ ماشہ ایسن گلاس[1] اوسمین ملاکر ہلاوین پہران سب اجزا کو آگ پر رکہین اور دس یا زیادہ منٹ تک اوسکو جوش دیوین پہر اوسکو چہانکر ایک شیشے مین بند کرلین اور ڈاٹ لگاوین جب ٹہنڈا ہو تو اوسکو استعمال مین لاوین اسطرح سے کہ ایک صاف اسپنج لیکر اوس سے چمڑے پر ملین —

جوتون کی سیاہی بنانیکی ترکیب

جوتون کی سیاہی اگر[2] آیوری بلیک اور ٹریکل[3] اور السی کا تیل یا میٹھا تیل اور

---

* "ب" وہ آلہ ہی جو بارومیٹر کے پشت پر لگا ہوا ہوتا ہی — "الف" کانچ کی نلی ہے — "الف" اور "ب" کے درمیان مین خالی جگہہ ہے — "ت" پارہ کی بلندی کو ظاہر کرتا ہے — "د" کہلا مونہہ نلی کا ہے — "ج" وہ وزن ہی جو پارد کی سطح پر تیرتا ہی — "ر" مہور ہی جسپر تار پہرتا ہی — "س" دوسرا وزن ہی جو مہور پر پہرتا ہے —

[1] ایسن گلاس ایک کم چکدار سفید چیز ہے جو جانورون کے پہکنون سے بنتا ہی وہ بہی ایک چکدار چیز ہی [2] امنت [2] آیوری بلیک یعنی ہڈی کا کوئلہ باریک پسا ہوا [3] ٹریکل گڑ کا شیرہ —

آئل آف وٹریل[1] سے بنتی ہے اس کی ترکیب کئی طور پر ہے اور ہر ایک ... مناسب پانی ... کرنا چاہیئے یعنے اگر گاڑہی بنانا منظور ہو تو پانی کم ڈالے اور جو پتلی بنانا منظور ہو تو پانی زیادہ ڈالے - اگر پتلی بنانا چاہے تو اوسکا نسخہ یہ ہے آیوری بلیک اور ٹریکل ہر ایک آدہ آدہ سیر اور میٹھا تیل اور آئل آف وٹریل ہر ایک آدہ آدہ پاؤ پہلے آیوری بلیک اور ٹریکل اور میٹھے تیل کو خوب اچھی طرح ملائین پہر وٹریل کو سہ چند پانی مین حل کرین بعد اوسکے دونون کو ملادین اور تین گھنٹے رکھکر مجموع کے ایک چوتھائی پانی یا تیز بیر شراب ملادین - اگر بہت کثرت سے اسکا بنانا منظور ہو تو وزن یہ ہے - آیوری بلیک تری ہنڈرڈ ویٹ ٹریکل دو ہنڈرڈ ویٹ السی کا تیل تین گیلن اور وٹریل دس سیر اور پانی اسی گیلن ان سب کو مذکورہ بالا ترکیب سے ملادین -

اگر گاڑہی بنانا چاہین آیوری بلیک ایک سیر ٹریکل آدہ سیر زیتون کا تیل اور وٹریل ہر ایک آدہ آدہ پاؤ مذکورہ بالا ترکیب کے موافق ان سب کو ملادین اور اسقدر پانی ڈالین کہ لئی کیطرح گاڑہی ہوجاوے اگر کثرت سے بنانا چاہین تو اوسکا وزن یہ ہے آیوری بلیک تین ہنڈرڈ ویٹ ٹریکل دو ہنڈرڈ ویٹ السی کا تیل اور سرکہ ہر ایک

[1] آئل آف وٹریل یعنی گندہک کا تیزاب جسکو سلفیورک ایسڈ بہی کہتے ہین حالانکہ وہ آئل نہین ہوتا مگر بہنے مین بغیر آواز کے تیل سے مشابہ ہوتا ہے اسلئے آئل آف وٹریل کہتے ہین اور صرف وٹریل کا اطلاق بہی کرتے ہین ۔ آیوری بلیک کو ضرور اچھی طرح سے پیس لینا چاہئے جب پتلی سیاہی بنانا منظور ہو ورنہ وہ جلدی سے تہ نشین ہوجاویگا اور وٹریل خوب اچھی طرح سے کہپا جاوے پانی ملانے سے پہلے اور اگر آیوری بلیک مین تہوڑا چونا ملادین تو ذرا جلا اوسکو علحدہ رکہیگا اور سیاہی مین عمدگی پیدا کریگا ۔ آدہی چہٹانک کا ایک اونس اور سولہ اونس کا ایک پونڈ اور اٹھائیس پونڈ کا ایک کواٹر اور چار کواٹر کا ایک ہنڈرڈ ویٹ اور بیس ہنڈرڈ ویٹ کا ایک ٹن ہوتا ہے ۔ ایک پینٹ ڈیڑہ پاؤ کا اور دو پینٹ کا ایک کواٹ اور چار کواٹ کا ایک گیلن ہوتا ہے تو ایک گیلن تین سیر کا ہوا

تین تین گیلن - آئل آف وٹریل چودہ سیر ان سب اجزا کو مذکورہ بالا ترکیب سے ملادین اور بقدر مناسب پانی شریک کرین ۔

ہندوستان کی بوٹونکی وارنش

السی کا تیل پاؤ بہر کہربا آدہ پاؤ کہربا کو السی کے تیل مین پکاوے جب وہ پک کر گاڑہا ہوجاوے اوسوقت وو تولے چپڑا لاکہہ اوسمین ڈالے اگر آبی بنانا منظور ہو تو ولایتی نیل (صاف کیا ہوا نیل) اوس مین شریک کرے اگر کالی بنانا منظور ہو تو کاجل شریک کرے جب چڑہے پر خواہ لکڑی پر لگانا منظور ہو تو اوسمین ہار پین شریک کرکے لگا دین ۔

چہاپے کے لئے روشنائی بنانے کی ترکیب

السی کا تیل لیکر خوب پکا وین یہان تک کہ گاڑہا ہو جاوے اس پکڑ لادی اوسوقت ٹہنڈا کرکے کاجل ملاکر خوب پیسین یہان تک کہ چمکنے لگے پہر استعمال مین لاوین ۔

کاپی لکہنے کی روشنائی

وارنش کہربائی ۳ تولہ چربی ولایتی صاف کی ہوئی ۲ تولہ موم زرد صاف کیا ہوا تین تولے رال سفید تولہ بہر صابون ولایتی چار تولے کاجل تولہ بہر چپڑا لاکہہ تولہ بہر پہلے چربی اور موم اور صابون کو پگہلا دین پہر اوسمین وارنش اور رال اور چپڑا لاکہہ ڈالین جب گل کر مل جاوے تو کاجل ملادین اور پکادین یہان تک کہ خوب ملکر یکذات ہو جاوے پہر اوتار کر ٹہنڈا کرین وہ جم جاویگی جب استعمال کرنا چاہین تو گرم پانی مین گہول کر لکہین ۔

سادی روشنائی

کاجل ایک تولہ اور گوند ببول کا پانچ تولہ اور نیل دیسی ۶ ماشہ پہلے گوند کو پانی مین بھگا وے پھر ان دونون چیزون کو ملا کر گھوٹے اور حل کرے جسقدر زیادہ گھوٹنے گا اوتناہی روشنائی عمدہ ہوگی۔

طرح طرح کی رنگین روشنائی بنانے کی ترکیب

جس طرحکا چاہے انگریزی رنگ لاوے اور پانچ گنی گوند مین ملا کر گھونٹ لیوے

شنجرف بنانے کی ترکیب

شنجرف کی ڈلی لیکر بڑے کھٹی مین رکھے اور اوسکو بھوبل (جلتی راکھ) مین دبا دیوے تین بار ایساہی کرے پھر اوسکو خوب پیسکر پانی مین گھوے اور چینی کے پیالے مین ڈالکر بہت سا پانی بھر دیوے اور ایک لیمون کاٹ کر اوسمین نچوڑ دیوے جب شنجرف تہ نشین ہوجاوے تو بتی لگا کر اوپر کا پانی سب بہا دیوے جسقدر نیچے رہ جاوے اوسمین فی تولہ چار توے گوند صاف کیا ہوا ملا کر خوب حل کرے اور سرکی یا قلمون پر اوسکو لیس کر دھوپ مین رکھدے وہ سب کھنچ کر علحدہ ہوجاویگی اوسکو استعمال کرے۔

کانچی کا کاغذ بنانے کی ترکیب

عصارہ ریوند چینی دو توے کتیرا آدہ پاو پانی مین بھگو کر مثل پتلی لئی کے بناوین اور کاغذ پر ہلکا ہلکا اہار کرین جب خشک ہوجاوے تو کاغذ کو بیچ مین دبا کر دیکر چکنا کرین—

راقم
وحید الزمان

ادب

بیان ماخذعلوم

تصنیف فاضل کامل عالم بے بدل سرامد دانشوران ہندوستان جناب مولوی سید کرامت علی الحسینی الجونپوری اللہم اغفرہ وادخلہ فی جنات النعیم متولی امام بارہ ہوگلے بجواب سوال خیرخواہ ہندوستان عمیم الامتنا جناب معلی القاب انرِبل سرچارلس ٹریویلین صاحب بہادر یعنی کہ عربون نے یونانیوں سے اور فرنگستانیون سے عربون سے کتنا فائدہ علمی حاصل کیا اور اب مسلمانان ہندوستان اہل انگلستان سے کے اختلاط سے کتنا فائدہ علمی حاصل کرسکینگے ۔ مرسلہ مولوی سید اسداللہ صاحب عرف میر نواب اول تعلقدار ضلع گلبرگہ براد فائدہ ناظرین باتمکین رسالہ معلم شفیق

مورخہ ۱۲ صفر المظفر ۱۲۹۸ ہجری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و شکر حکیم مطلق و آلہ حق کا کہ پیغمبرون کو بنی آدم کی تعلیم اور ہدایت کیواسطے بھیجا اور بہت بہت درود و سلام پیغمبرون پر کہ حکمای آلہی ہین خصوصًا خاتم پیغمبران پیغمبر آخر الزمان پر اور اونکی برگزیدہ اور پاک اولاد پر اور اونکے اصحاب اولوالالباب پر اما بعد کہتا ہی کرامت علی بن رحمت علی حسینی جونپوری کہ یہ چھوٹا رسالہ ہی بیان مین ماخذ علمون کے یعنی آدمیون نے کہان سے علم پایا اور بیان مین اسکے کہ کتنا فائدہ علمی حاصل کیا عربون سے اور اب مسلمان کتنا فائدہ حاصل کرسکینگے اختلاط سے اہل فرنگستان کے ۔ اِس رسالہ سے اگر ممکن ہوگا کوئی شخص فائدہ حاصل کرے

لازم ہے کہ دعا کرے واسطے جناب مستطاب سید ... صاحب بہادر کے
کہ منشی علیہ علوم ہین پہلا معتقد منشا وہی لڑکون ہین کہ اونہا کے منہ کے آلات
کیواسطے جوان کو معلوم کر کم آہستہ آہستہ علم ان کو حاصل کرتے ہین اور بہتا اصلی
حالت سے دور ہوتے ہین اونہا ہی علم اور منصوبے سے نزدیک ہوتے ہین
لیکن اس کتاب کے واسطے معلم یعنے سکہلانے والا ضرور ہے سب سے پہلے جتہانا
زبان نکالنی دیکہو لڑکون کے ساتہہ کتنا بکنا پڑتا ہی جب وہ بات کرنی سیکہتے ہین
اور بڑی محنتون سے حرفون کو اونکے خاص مخرجون سے اور خاص وصفون کے
ساتہہ نکالتے ہین یہہ بات اور راستی نزن سے بہی معلوم ہوتی ہے چنانچہ اکبر شاہ
شہوری نے ایک مکان بنوایا اور اوسمین دور دور سے عورت اور مرد سب گونگے
اور بہرے لاکے رکہے اور لڑکے نوزاد کو پرورش کے واسطے اونکو سونپا
لیکن وہ لڑکے بعد رشد کے قادر کلام پر نہووے - اس تمہید سے یہہ غرض
نہین کہ اونکو قوت ثابت نہین بلکہ اس قوت ملکیہ سے کچہہ آن اون این
اور مانند اسکے جیسے اور گونگے کرتے ہین وہ بہی کرینگے بلکہ جیسے با - ا - ا
آ - اور قریب اون حرفون کے کچہہ نکل سکینگے - لیکن بہت عرصہ کے بعد اوپر
آپ سے اون حرفون کو ملانہ سکینگے اور انکو واسطے کہنے مقرر نکر سکینگے کہ
جیسے اشارے اگر ہم اپنے نوع کے افراد کو مشرح ایک شخص سے جانین تو ضرور
پہلا معلم ہمارا ایک ہی تہا - مگر بعض یونان کے فیلسوفون کا قول ہے کہ انواع
و اجناس سب قدیم ہین - چنانچہ یونان کے فیلسوفون کی تواریخ مین فیلسوف ارسطاطالیس
سے منقول ہے کہ عالم باقی ہی بلا زوال اور سب کو جسطرح سے ہم دیکہتے ہین ہمیشہ

کہو مشاہی اسیطرح سے قدیمی ہی اور زاد و ولد کا اول نہین ہے اور ممکن نہین کہ کوئی
بے ماں باپ کے پیدا ہووے اور اسیطرح سے چڑیاں ہین نہ کوئی انڈا اولی سے
ہی۔ نہ کوئی چڑیا اولی ہے۔ چڑیا انڈے سے ہی۔ انڈا چڑیا سے۔ اسی طرح
سب اجناس و انواع قدیم ہین۔ مانند اس قول کے ایک حدیث مین ہے کہ ایک
شخص نے ہمارے پہلے امام سے پوچھا کہ آدم کے پہلے کون تھا فرمایا آدم
جب سائل نے اپنے سوال کو کئی دفعہ مکرر کیا تو حضرت نے فرمایا اگر تو قیامت
تک مجھسے پوچھتا رہے گا تو مین یہی کہونگا۔ اِس سے توہم ہوتا ہی کہ آدمی قدیم ہے
لیکن اوس امام ہمام کے اقوال سے کتابین بھری ہوئی ہین اور سب کے
کان پر ہین کہ آدم مخلوق ہی اوس سے سب آدمی پیدا ہوئے اور قرآن مجید
فصیح عبارت سے پکارتا ہی اور ضروری دین مسلمانون کا ہی کہ عالم حادث ہی
آدم بھی ایک جزء ہے عالم کا اوس جواب سے مستنبط ہوتا ہی کہ اصلی غرض سائل کی
یہہ تہی کہ آدم کی خلقت کے زمانہ کو جانے اور جاننا زمانیکا طاقت سے باہر ہے
جیسا کہ زید کو بے بتلائے دوسرے کے اپنی زمان ولادت اور عمر سے آگاہی
نہین ہوسکتی تو اوسکی اولاد کو کسطرح آگاہی ہوگی حقیقت یہ ہے کہ ایسی چیز کا
علم مبدء و معاد سے نزدیک نہین کرتا بلکہ دور کرتا ہی اور نہ معاش کے کام آتا ہی
لیکن بات فروشون کے روزی کا بڑا سبب ہوا ہی اس حدیث کے معنی یہہ بہی
ہین کہ علت غائی اگرچہ وجود مین موخر ہے لیکن تصور مین علت مادی و علت
صوری و علت فاعلی سے مقدم ہی چونکہ عالم کے ایجاد کی علت غائی آدم تھا
تو اس حیثیت سے اوسکو علم باری تعالی مین مقدم جاننا چاہیئے کہ اوسکی علم مین

قدیم و ناخر ہے اسیطرح سے اوس بڑے فیلسوف کا قول ہی اپنے ظاہر معنے پر ہوگا
اگر معنے قدیم و بلا زوال ہون تو اجناس و انواع معانی ہین قدیم و بلا زوال ہون گے
اگر اپنے ظاہر معنی پر ہو لازم آویگا کہ اوسکی سمجھہ بہت ہی پست ہی اسواسطے کہ ایسی قول
پر کوئی دلیل نہین محض خیالی ہے کچہہ مدتون کے دیکھنے سے ایک طرح پر اوسکی
ازلیت و ابدیت کسطور سے ثابت ہوگئی اوس قول سے نکلتا ہی کہ ہر ہر فرد اونکا
حادث اور فانی ہی اور حدوث و فنا ضد ازلی و ابدی ہے قطع نظر اسکے کہ تسلسل
باطل ہے ہم اگر ایک گٹھلی بو دین اور اوس سے دس پہل ہون اور پہر
پہل سے دس دس پہل تو کہسکینگے کہ ابتدا ان سب پہل کی ایک گٹھلی تہی اگرچہ
ایسے حساب آدمی کی طاقت سے باہر ہین پہر بہی لوگ کوت کرتے ہین کہ
اس کہیت مین کے من غلہ اور کتنے تخم سے اتنا ہوا توالد و تناسل و تکاثر سکے
بڑی دلیل ہے کہ ابتدا مین ایک ہی شخص تہا گو ہم حساب نہ دے سکین علاوہ او
سب ملت والے قائل ہین کہ اصل آدمی کی ایک ہی تو ہمکو ضرور ہے کہ کہین کہ
اوس اصل اول نے الہام سے سب سیکہہ کے اپنے لڑکون کو سکہلایا۔ اور
جتنی قومین ہم مین ہین متفرع اوسی اصل سے ہین اگر ہم اپنے قوتون کو کہ جس
کام کیواسطے اصالۃ و بالذات خلق ہوئی ہے صرف کرین تو ہمسے بڑی بڑی
کام صادر ہو سکین گے دوسرا مقدمہ یہود و عیسائی و مسلمان سب کہتی ہین
کہ پہلے اصل سے سوا ہی ایک شخص کے جنکو حضرت نوح علیہ السلام اور آدم ثانی
اور دوسرا ابوالبشر بہی کہتے ہین اور اونکی تین بیٹیون اور اونکی جورو دون کے
سوا کوئی نہ بچا سب پانیکے طوفان سے تمام ہوگئے سوای عوج بن عوق کے کہ

اتنا لنبا تہا کہ پانی اوسکی چہاتی اور کمر تک نہ پہونچا اوسے حضرت موسی علیہ السلام
مارا سب جتنے آدمی اونکے بعد ہوئے اونہین تینون کی اولاد ہین شام نامی اوسکے
یہہ ہین حضرت سام حضرت یافث حضرت حام بت پرستون نے خلقت عالم کے
زمانیکو بہت لنبا اور دراز لکہا ہی کہ آدمی کے فہم سے باہر ہے محض خیالی ژملنے
کوئی دلیل اوسپر نہین صرف تقلید ہی یہہ کہ برابر سے سنتے آتے ہین وہ جہوٹی
کہانی بہی لوگ سنتے آتے ہین وہ جہوٹی کہانیان کیا سچ ہوسکتی ہے - اگلے لوگونمین
بڑا چرچا تہا علم نجوم کا اور اب بہی بعضون مین ہی مصریون کا علم نجوم اور کلدانیون کا
اور ہندون کا علم نجوم مشہور رہے ان تینون سے ملکی چوتہا علم نجوم نکلا اوسے
فارسیونکا علم نجوم کہتے ہین اور ان کے منجمون نے عالم کی خلقت کا اور آدم کی خلقت
کا اور طوفان کا زائچہ بنایا خطا و ایغور کے حکما کے نزدیک آفرینش عالم سے لغایت
حال تخمینا آٹہہ کرور چہیاسی لاکہہ تیس ہزار چار سے بتیس برس گذرے ہین رقم
اوسکی یہہ ہے ۸۸۶۳۰۴۳۲ طوفان کا قول مانند انکے اقوال کے نہین ہے
بلکہ اوسپر دلیلین ہین گول ہونا زمین کا اور اونچی جگہین پانی وغیرہ کی صدمہ سے
نیچی ہوکے آوے اور نیچے زمین کچہ کم کم بہای تو ضرور پانی ساری زمین کو گہیر لیگا
دوسری کائنات حضریہ کا ہونا تیسرے زمین کو کہودنے سے اور بعض پہاڑ طبقہ
طبقہ معلوم ہوتے ہین اگرچہ یہہ سب علوم ابتک کمال کو نہین پہونچے اور جسقدر
ہین اونکا آدمی کی طاقت سے باہر ہے مگر طبعیات مین اتنا ہی کافی ہے جیسے
آدمی و درخت کی عمر کو دیکہہ کے علامتون اور نشانیون کو پہچان کے تخمینا بتلا سکتے ہین
گو زمانہ تحقیقی معلوم نہو سب سے بڑی دلیل پیغمبرونکا فرمانا کہ حکماے الہی ہین کلام

اقوال مانند اوروں کے واہی تباہی نہین وہ سب محالات عقلیہ کے قائل نہین
تو اسمین کچھ شک نہین کہ طوفان ہوا اور اونہین تینون کی ذریت ساری جہانمین
ہوگا
سے ہے قطع نظر اسکے اگر ہم اپنے ہی امتحان کو درست سمجھین تو دیکھنے سے معلوم
کہ سارے جہان کے آدمی تین صنفین ہے آپسمین ممتاز ہین اور باوجود تباین شکل
و شمایل کے بسبب اوس شناخت کے جو ہمکو عطا ہوئی ہے دیکھنے سے
... دیکھیگے کہ یہ سب ہی نوع انسان اور ہماری ذات بھائی ہین تو جنہون نے
کہا ہو کہ انسان سب ایک ہی کی اولاد نہین محض خیالی ہے بسبب داخل ہونے
نسبون کے ایک دوسرے مین جغرافیہ والون نے بہت سا اختلاف کیا ہی
اور اختلاف بلا وجہ ہی کچھ کچھ شورش ہے تیسرا مقدمہ جغرافیہ و تواریخ کی کتابون
سے معلوم ہی کہ حضرت سام کی اولاد نے اچھے اچھے ملک ایشیا کے اور یونان
اور روم و مصر کو گھیر لیا سواے مصر کے اور جگھون افریقیہ مین بھی گھس پڑے
حضرت حام کی اولاد جنگلون پہاڑون مین اور بعض جزائر مین بھاگ گئے پھر سے
حضرت یافث کی اولاد شرقی و شمالی ایشیا و فرنگستان مین جا بسے اور جتنے پیغمبر
کہ یہود و عیسائی و مسلمانون کے کتابون مین مذکور ہین وہ سب حضرت سام کی
اولاد ہین مسلمانون کی حدیث کی کتابون مین شمار مین پیغمبرون کے ظاہر ہین
بہت سا اختلاف معلوم ہوتا ہی شیعون کے ایک حدیث مین ہی کہ سوای اورون کے
صرف بنی اسرائیل کے چار ہزار پیغمبر تھے ایک روایت مین ہی کہ سب پیغمبر
تین لاکھ بیس ہزار تھے تیسری روایت مین ہی کہ ایک لاکھ چالیس ہزار تھے
اور اسی قدر اسکے وصی تھے مشہور یہہ ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار تھے اور

اسیقدر انکے وصی تھے لیکن ایک لاکھہ چوالیس ہزار کی روایت سالوین باب
رسالہ مشاہدات یوحنا سے ملتی ہی کہ ہر ہر فرقہ بنی اسرائیل سے بارہ بارہ ہزار
تھے اور غیر فرقون سے بہت مگر اوسمین پیغمبر کے لفظ سے مذکور نہین مگر حاصل
ایک ہی ہی لیکن ان سب پیغمبرون مین کتنے کس قوم سے معلوم نہین اسمین
شک نہین کہ حضرت یافث کی اولاد مین پیغمبر ہوے ہین کہ اونمین دانشمند کو
پیدا ہوے ہین لیکن حضرت حام کی اولاد مین مجھے تردد ہے کہ کچھہ بو آدمیت
کی اونمین نہین پائی جاتی شاید اونمین بھی ہوے ہون ان سب پیغمبر دنیا مین
بہت تھوڑے ہون گے کہ سب جن و انس پر مبعوث ہوے ہون بعض
اونمین سے ایک قوم یا ایک شہر یا گانون یا ایک خاندان یا اپنے ہی گھر کے
لوگون پر مبعوث ہوے ہین بعض اونمین سے اپنے ہی پر مبعوث تھے حضرت
ذو القرنین و حضرت لقمان جیسے یونانی یا افرنج زبان مین ایزوپ کہتے ہین
اونکی پیغمبرین اختلاف ہی حدیث مین مفضل بن عمر جعفی کے جو توحید مین ہے
ہمارے چھٹے امام نے رد مین اون لوگون کے جو منکر صانع تعالی و آلہ احق
ہین اور خلقت کو ناقص جانتے ہین ارسطاطالیس حکیم کے قول کو سند لائے
اور اس نے رد کیا اونپر اور کہا کہ جو چیز بسبب عارضون کے کہ رحم مین حادث
ہوتا پیدا ہوتی ہے منافی عقل کے نہین ہے چون کہ اکثر امور حکمت کے
قانون پر واقع ہوتا ہی البتہ ایک مدبر حکیم چاہیئے فقط اس حدیث سے اوس
حکیم کی بزرگی پائی جاتی ہے خواہ پیغمبر ہو خواہ نہو پیغمبر کے معنی مسلمانون کی
کتابون مین دیکھہ لو مسٹر ڈال پادری امریکائی نے جو قائل خدای یگانہ کر

مجھسے کہا کہ جو آدمی سچ کہے وہ پیغمبر ہے چون کہ حضرت عیسے علیہ السّلام بڑے
سچے تھے تو وہ پیغمبر تھے لیکن اوسنے پیغمبری کے وصفون سے جو بہت ہین
ایک ہی وصف کو کہ سچائی ہے لیا اور سب وصفون کو چھوڑ دیا ظاہر یہہ ہے
کہ ہر پیغمبر سچا ہوتا ہی لیکن ضرور نہین کہ ہر سچا پیغمبر ہو — چوتہا مقدمہ آیندہ تحریر کیا جاوےگا

زراعت

(بقیہ مضمون زراعت)

شیخ ابوزکریا نے کتاب الزراعت مین لکہا ہے کہ سوکہی زمین دو طرح کی ہوتی
ایک تو ریتی وہ نہایت خشک ہوتی ہے کیونکہ وہ چہوٹے چہوٹے پتھر ہین اور پتھر
کی سختی تو معلوم ہے جیسی کچہہ ہوتی ہے۔ دوسری طفلیہ وہ بھی خشک ہوتی ہے
لیکن ریت کے نسبت بہت تر ہوتی ہے لیکن اوسکو خشک اسوجہہ سے کہتے ہین
کہ اوسکا ڈہیلا سخت اور خشک ہوتا ہی جیسے پتھر نہ پہولتا ہی نہ نرم ہوتا ہی لیکن
جب اس قسم کی زمین نرم مٹی جو باریک ریتی کے طرح ہوتی ہے مل جاتی ہے تو
وہ اوسکی اصلاح کر دیتی ہی اور اسقابل کر دیتی ہے کہ درخت کی رگین اوسمین
پہیلین اور وہ پانی چوسے اور اکثر ایسی زمین جزیرون مین ہوتی ہے لیکن
جزیرون مین یہ زمین اور عمدہ ہوجاتی بوجہ اسباب کے کہ وہان کالی مٹی
زیادہ ہوتی ہے اور بہی اس لئے کہ دریا کا پانی وہان کوڑہ کرکٹ نجاست کہینچ
کر لاتا ہی تو وہ اور نرم اور گیلی ہوجاتی ہے اور کبھی اوسمین باریک ریتی دریا کی
مل جاتی ہے اسوجہ سے زیادہ نرم اور پولی ہوجاتی ہے —

حکیم شولون نے ایسا ہی بیان کیا ہی وہ لکہتا ہی کہ عمدہ زمین وہ ہی جس مین گیلا
اور تری ہو سیاہی اور کالک دلیل ہی گرمی کی اسیطرح سرخی بہی مگر سرخی کی

گرمی سیاہی کی گرمی سے کم ہی پہر سرخی سے کم زردی ہے اور وہ اخیر درجہ ہے
حرارت کا اور قریب ہے سردی کے اور سفید زمین تو بالکل سرد ہے —
اور تری اور خشکی کی پہچان تو نہایت سہل ہے وہ یہہ ہی کہ جو زمین پرانی گوبر کی
جو سڑ گیا ہو اور اوپر کئی برس گذر گئے ہون مشابہ ہو اور پہولی ہوئی جیسی روئی
دہنکی ہوئی وہ تو اعلی درجے کی تر ہی پہر وہ زمین جسمین کالی مٹی اور باریک ریتی
ملی ہو اور وہ جزیرون کی زمین ہے اور سب سے زیادہ خشک وہ زمین ہے
جو تری پہر پہری ہو جمتی نہ ہو نہ اوسمین چپک ہو وہ ریتی کی زمین ہے جسمین
بالکل مٹی نہین ملی جس کی وجہ سے اوسمین چکناہٹ یا تری آوے اسیطرح وہ زمین
جو کہر کہری اور پہر پہری ہو اور سفیدی مین چونے سے مشابہ ہو لیکن چونا ایسی
زمین تو وہ ہی خشک ہوتی ہے مگر ریتی سے زیادہ تر ہوتی ہے اسلئے کہ
اوسکا ڈہیلہ سخت ہوتا ہی جب وہ خشک ہو جاتی ہے اور اوسکے خشکی کی
یہ دلیل ہے کہ وہ صاف ہوتی ہے اور اوسکا ڈہیلہ سخت ہوتا ہے تو وہ
اجزا کے اجتماع اور التیام مین پتہر سے مشابہت رکہتی ہے البتہ اگر اس قسم
کی مٹی مین کچہہ پہر پہری مٹی مثل ریتی کی مل جاتی ہی تو وہ اوسکو نرم اور ڈہیلا
کر دیتی ہی اور درخت کی جڑین پہیلنے کے لایق کر دیتی ہے —
حکیم سید غیس نے لکہا ہی کہ جب ہم زمینون کو اچہی طرح پوری غور سے دیکہین
تو یہ بات معلوم ہوگی کہ جس قدر ہمکو زمین کی تری اور چکناہٹ اور اوسکے
پہوسلے ہونے کی احتیاج ہی اوس قدر اوسکی گرمی کی احتیاج نہین ہی اسواسطے
کہ آفتاب اور ہوا سے گرمی حاصل ہو جاتی ہی مگر چکناہٹ اور نرمی اسلئے

زیادہ ضرور ہی کہ پیداوار اوس سے مستفید ہو اور اوسمین پہیلے اور زمین اوسکی
مزاحمت نہ کرے البتہ اگر قدرتی حرارت اور رطوبت کسی زمین مین زیادہ ہو تو
وہ بہت ہی کہری اور عمدہ زمین ہے —
ابن حجاج نے کہا کہ سیداغوس کا بیان بالکل سچ ہی جسمین کچہہ شبہ نہین ہے
پہر ابن حجاج نے لکہا کہ زمین کی اقسام مین حکیمون کے جیسے یونیوس اور
کستفنوس اور ذیمقراطیس اور رقیسطوس کے مختلف اقوال اور آرا ہین —
حکیم یونیوس کہتا ہی کہ سب زمینون مین عمدہ زمین وہ ہے جو کالی ہو جسکی
تعریف اگلے لوگ کرتے چلے آئے ہین اور انہون نے مبالغہ کیا ہے
اوسکی تعریف مین اسوجہ سے کہ وہ بارش کے کثرت کی متحمل ہوتی ہی اور عجب
ہے اس زمین سے وہ زمین جسکا رنگ بنفشی کے طرح ہو (ابن حجاج نے
کہا بنفشی کے رنگ سے یہ مراد ہے کہ وہ زمین لال ہو مایل بہ سیاہی اور
ہم اوس زمین کو ہندی کہتے ہین وہ نہایت عمدہ زمین ہی جب پہولی ہوئی
ہو اوسمین درخت خوب اوگتا ہے) پہر یونیوس نے کہا قریب ہی اسکے
وہ زمین جسکو نہر کے پانی نے ڈبا دیا ہو اوسکو حابیہ کہتے ہین -
حکیم ذیمقراطیس کہتا ہی جو زمین پانی کو چوس لے اور بعد پانی برس جانے کے
اوسمین شخ نہ ہو نہ پہسلا پن وہ عمدہ زمین ہی اسیطرح جو زمین شدت کی گرمی
مین نہ تڑخے وہ بہتر زمین ہے —
ابن حجاج نے کہا اس کلام کا مطلب یہ ہی کہ وہ زمین طفلیہ (یعنی بالکل نرم
اور چکنی چپک دار) نہ ہو نہ پتہر کی طرح سخت اور صاف ہو اور بعض لوگون نے

مجھسے اعتراض کیا کہ دیمقراطیس نے ترشخنے والی زمین کی برائی گیہون کی ہر حالانکہ ہم نے قرمونہ شہر مین دیکہا ہے وہان کی زمین بہت ترشخی ہے لیکن گیہون کے درخت اوسمین بہت بلند اور عمدہ ہوتے ہین کہ ایسے دوسرے شہرون مین نہین ہوتے مین نے جواب دیا کہ دیمقراطیس نے اوسکی مذمت مطلقا نہین کی بلکہ بہ نسبت اوس زمین کے کی ہے جو اوس سے عمدہ اور بہتر ہو دوسری یہہ کہ اوسمین صرف گیہون کے عمدہ پیدا ہونے سے فضیلت کلی لازم نہین آتی اسلیے کہ اوربہت سے غلے اور درخت اوسمین اچھے نہین ہوتے ہر پہونکہ دوسرے قسم کی زمین اوس سے افضل نہ ہوگی حالانکہ کالی زمین مین جو پہولی ہوئی ہو اور مشابہ ہو برا لسے گوبر کے اوسمین عموماً ہر ایک غلہ اور درخت عمدہ ہوتا ہے پس اس قسم کی زمین نہایت اعلی درجے کی ہے پہر کیونکر اسکے نسبت وہ زمین بری نہ ہوگی جسمین ہر ایک پیدا وار اچھی نہین ہوتی سوا بعض چیزون کے۔

حکیم قسطوس نے کہا کہ عمدہ زمین وہ ہے جو بارش کا پانی بہت پیے اور جسمین طرح طرح کی گھانسین اوگین اور وہ خوب سرسبز اور شاداب اور کہلی ہون اور جسمین باریک باریک گھانسین اوگین۔

حکیم یونیوس نے کہا ترکاریون کے بونے کے واسطے یعنے باغات کی زراعت کے لیئے وہ زمین عمدہ ہے جو سفید اور سخت نہ ہو اور گرمی مین نہایت نہ ترشخے اسلیئے کہ سفید زمین جاڑے مین جلدی جم جاتی ہے اور گرمی مین نہایت ہی خشک ہو جاتی ہے جو پیداوار اوسمین ہو سب تلف ہو جاتی ہے

یا اگر کچھ رہتی ہے تو ضعیف اور ناتوان ہوتی ہی اور سفید زمین باغون کے
لایق نہین ہوتی مگر بڑی دشواری اور محنت سے جب اوسمین مٹی کے برابر
گوبر ملایا جاوے لیکن وہ زمین جو گرمی مین تشنج جاوے وہ باغ کے لایق
نہین ہوتی اور نہ وہ زمین جو سخت ہو کیونکہ وہ درخت کی اچھی طرح پرورش
نہین کرتی اور اس قابل نہین ہوتی کہ پانی کو چوسے اور روکے اور بعضے
زمینین کم سخت ہوتی ہین جنمین ریتی ملی ہوتی ہے وہ ترکاریون کے جڑون
کے واسطے اچھی ہین وہ وہ زمینین ہین جنمین کالی مٹی زیادہ ہوتی ہے
اور وہی ترکاریون کے جڑون کی غذا ہی اس بیان سے اوس زمین کا پہچاننا
جو ترکاریون کی زراعت کے لئے بہتر ہے سہل ہوگیا اور وہ اسطرح ہے کہ اوس
مٹی کو پانی سے بھگو دین اور دھو دین اگر اوسمین کالی مٹی زیادہ ہو تو وہ زمین
ترکاریون کے لئے مناسب ہی اور اگر اوسمین ریتی زیادہ ہو تو وہ ترکاریون
کے لئے موافق نہین ہے اگر ہاتھ سے اوس مٹی کو مسلین اور اوسمین موم
کیطرح چیپک ہو تو وہ زمین ترکاریون کے لئے مناسب نہین ہے یہ حکیم
کستنوس کا قول ہے کہ ترکاریون کی زراعت کے لئے وہ زمین اچھی ہے
جو چکنی ہو تیار نہ سخت ہو نہ سفید اور نہ چیپک دار اور نہ گرمی مین تشنج والی
ابن حجاج نے کہا ان لوگون نے چیپک دار اور سخت زمین کو ترکاریون کے
لئے مناسب نہین سمجھا اوسکی وجہ یہ ہی کہ ترکاری اپنی ذات سے تر اور نازک
اور لطیف ہے بہ نسبت اوس درخت کے جسمین لکڑی ہو پس زمین مناسب
اوسکے مگر وہ زمین جو چکنی اور تر بھولی ہوئی ہو تاکہ اوسکی جڑ عمدہ اور لطیف

ندا کو جذب کرے اور جو زمین بہت چیک دار ہو او سمین سے جڑون کو تہوڑی
غذا ملیگی اور اوسکی رگین اچہی طرح اوسمین نہ گہسین گے اور سخت زمین درخت کو
زیادہ مناسب ہی بہ نسبت تر کاری کے

بعض کاشتکارون کا مقولہ ہے کہ ریتیلی زمین گرمی مین بہت گرم ہو جاتی ہے
اور جاڑے مین بہت سرد ہو جاتی ہے اسیطرح پتہر کا حال ہے کہ گرمی اور سردی
کو جلدی قبول کر لیتا ہے پس اوس سے ایذا ہوتی ہے اون جڑون کو
جو اوسکے اندر ہوتی ہین گرمی اور جاڑے مین اسلیئے کہ پتہر گرم ہو جاتا ہی
آفتاب کی حرارت سے اور ٹہنڈی ہوا سے سرد ہو جاتا ہی یہ قول ہی یونیوس کا۔
حکیم جالینوس نے ادویہ مفردہ کی کتاب مین لکہا ہے کہ یونانی اوس زمین کو
جسکی مٹی چکنی اور نرم ہوتی ہے اندر اور باہر سے اوسکو خشنہ کہتے ہین
اور جو زمین اسکے ضد مین ہے اور چکنی نہین ہے اوسکو صلدہ کہتے ہین
اور وہ برتن بنانے کے لائق ہوتی ہے اور فرق کرتے ہین اون مقامات
مین جو نم اور تر اور عمدہ ہین اور جو خشک اور سخت اور رذیل ہین۔
پہر کہا کاشتکار گمان کرتے ہین کہ سردہ زمین ہے جو پتہر کے مزاج سے
دور ہو اور برا کہتے ہین خشک ریتیلی زمین کو کیونکہ وہ کسی کام کی نہین ہے
پہر کہا کہ جس زمین مین لوگ کہیتی کرتے ہین اوسکی کئی قسمین ہین ایک تو چکنی
سیاہ رنگ کی دوسری کہر کہری سفید رنگ کی اور یہ دونون قسمین ایک
دوسرے کی ضد ہین اور باقی قسمین ان دونون کے بیچ مین ہین یا اول قسم کے
قریب ہین یا دوسرے قسم کے قریب ہین پہر کہا کہ عمدہ زمین کہیتی کو لیئے وہی ہے

جو چکنی ہووے
ابن حجاج کی کتاب مین بلند اور پست زمین کے بیان مین ہو کہ پہاڑ کی اوپر کی زمین
بہ نسبت نیچے زمین کے سرد اور خشک ہوتی ہی اور اوسکی خشکی کی وجہ تو ظاہر ہے کہ وہ
پتھر ہے یا اگر مٹی ہی تو پتھر کیطرح سخت ہی اور اوسکی سردی کی وجہ یہہ ہی کہ وہان
ہوا خوب آتی جاتی† ہے اور برف زیادہ گرتی ہی یہ ثابت بن قرہ کا قول ہے اور
لیکن چٹانین پہاڑ کی تو اوسکی مٹی کم عمدہ ہوتی ہی اسواسطے کہ جسقدر اوسمین سے
بوجہ حرارت آفتاب کے گرم اور لطیف ہوتی ہے اوسکو پانی بہا دیتا ہے وہ
نیچے چلی آتی ہے اسوجہ سے وہان کی مٹی خراب رہ جاتی ہے اور نشیب
زمین کا حال اسکے برعکس ہے لیکن وہ زمین جو صاف میدان اور چراگاہ
کی ہو جسمین پانی بہت نہ ٹھہرے وہ نہایت عمدہ ہوتی ہے اسوجہ سے کہ اوسکی
مٹی سیاہ ہو جاتی ہے بسبب اسکے کہ پانی اوسکو سڑا دیتا ہی اور جو چیز
سڑ جاویگی وہ گرم ہوگی لیکن جب پانی بہت وہان رہیگا تو وہ اوسکو سرد
کر دیگا اور اوس حرارت کا جو تعفن سے پیدا ہوئی ہے مقابل ہو جاویگا
حکیم یشبولون نے کہا چراگاہ کی زمین اکثر سرد ہوتی ہے لیکن بہت سرد نہین
ہوتی اور علت اسکی یہ ہی کہ پانی وہان جذب ہوتا ہی اور گھڑی گھڑی آیا کرتا ہی
اور مٹی کی طبیعت پر سردی غالب ہی تو اب دو طرف سے سردی ہوگی (ایک
ذاتی اور ایک عارضی) مگر اوسمین حرارت کا ایک جز ہے جو سڑا پند کی وجہ سے
پیدا ہوا ہی اسی وجہ سے وہ پہاڑ کے نسبت کرکے زیادہ تر اور گرم ہے
لیکن وہ زمین جسکی گرد و پیش بلندیان ہون اور وہ نشیب مین چھپی ہوئی ہو

† اور ایسے ہی تجربہ ہی جو حکمائے انگریز حکما نے لکھی ہو کہ پہاڑ کی بلندی پر جسقدر بلندی زیادہ ہوتی جاوے ہوا کا ثقل
کم ہوتا جاتا ہی اور نیچے کی ہوا بھاری ہوتی ہے ۱۲ منہ

زیادہ سرد ہوتی ہے اسوجہ سے کہ آفتاب کا اثر اوسپر نہین پہونچتا وہان کی
پیداوار کو نندا نہین ملتی وہ زمین تو اپنی طبیعت سے نہایت سرد ہے اور
بہت تر ہے بس معتدل اور عمدہ زمین وہ ہی جو پہاڑ کے بہ نسبت نشیب مین
ہو لیکن صاف اور ہموار ہو پہر چراگاہ کی زمین پہر پہاڑ کی زمین اور پہاڑ مین
اوسکے بلندی کی زمین بہتر ہے اوسکے کنارون کی زمین سے کیونکہ کنارون
پر سے عمدہ مٹی کو پانی بہا لیجاتا ہی اور سب سے بدتر وہ زمین ہے جو نشیب
مین چہپی ہوئی ہو جہان آفتاب کا اثر نہ پہونچتا ہو وہ کسی کام کی نہین -

حکیم شولون نے کہا جب تجہسے سوال ہو کہ ایک زمین ایسی ہے جسکا ایک حصہ
نشیب مین ہی اور ایک حصہ بلند ہی تو کون ساحصہ بہتر ہے تو کہہ کہ نشیب کا
حصہ بہتر ہی اسیلئے کہ پانی عمدہ مٹی کو بہا کر نشیب والی زمین مین لاتا ہی تو وہ
ہمیشہ تر اور لطیف رہیگی اور بلند حصہ خشک اور سخت ہو گا جیسے پہاڑ ہوتی ہین
یہ حکم تو عمومی اور اکثری ہی مگر کبہی بلند حصہ زمین کا نشیب سے بہتر ہوتا ہی
باعتبار خلقت اور فطرت کے اوسکی دلیل یہ ہے کہ بعضے میدان ہم دیکہتی ہین
جہان ریت کثرت سے ہی اون مین کچہہ زمین بلند ہوتی ہے اور وہ تر ہوتی ہے
لیکن اکثر وہی حکم ہے جو اوپر بیان ہوا یعنی نشیبی حصہ بلند حصے سے بہتر ہوتا ہے
نشیبی حصے کی افضل اور عمدہ ہونے کی ایک دلیل یہ بہی ہے کہ جس زمین کا
بلند حصہ سرخ ہوتا ہے تو اوسکا نشیبی حصہ سیاہ ہوتا ہی اور جس زمین کا بلند
حصہ سفید ہوتا ہی اوسکا نشیبی حصہ سرخ یا سیاہ ہوتا ہی یہ بات اکثری ہی
جو زمین مین ہمیشہ پانی گرتا رہی وہ نکمی اور خراب ہی اسواسطے کہ رطوبت ا[illegible]

غالب آجاتی ہی اور اوسکے حرارت کو بجہا دیتی ہے اس قسم کی زمین زراعت کے
لایق نہین ہوتی مگر اون چیزون کے لیئے جو شروع (قیض) مین بوئی جاتی ہین
جیسے ککڑی اور کدو اور جوار کے لیئے اور جو ان کے مشابہ ہین لیکن درخت اس
زمین مین نہین ہوتا بلکہ سڑ جاتا ہی مگر نشم* اور بق* وغیرہ اور جو مشابہ ہین ان کے۔
ابن حجاج نے اپنی کتاب مین لکہا ہی کہ زمین کا امتحان لوگون نے مختلف طریقون سے
رکہا ہی بعضون نے اوسکا امتحان بو اور مزے پر رکہا ہی اور بعضون نے دیکہنے
اور چہونے پر رکہا ہی اور بعضون نے اوسکی پیداوار پر رکہا ہے لیکن ان سب
طریقون مین سے دیکہنے اور چہونے کا امتحان بہتر ہے اسلیئے کہ کبہی زمین مین
کوئی پیداوار نہین ہوتی پہر اوسکا امتحان کیونکر کرینگے اب جن لوگون نے
امتحان دیکہنے پر رکہا ہی اون مین سے حکیم یونیوس ہی وہ کہتا ہی عمدہ زمین کا
کی پہچان دیکہنے سے ہوتی ہے اور وہ یہ ہی کہ جب ہوا مین خشکی ہو اور بارش
بند ہو تو اوس زمین مین بہت ترشحی نہ ہو اور جب بارش شدید ہو تو وہ کیچڑ
ہو جاوے اور جسقدر پانی پڑے اوسکو چوس لیوے اور جاڑے کے دنون مین
اوسکا بالائی سطح بالکل سوکہا اور خشک نہو۔
حکیم یونیوس نے کہا کہ اگلے لوگون نے ایک اور طرح کا امتحان دیکہنے سے
رکہا ہی وہ یہ ہی کہ اوس زمین جو صحرائی نباتات اور اشجار ہون اگر وہ بڑے بڑے
اور خوب گہنے ہون تو وہ زمین عمدہ ہی اور اگر وہ متوسط ہون بالائی اور گہنی مین
تو زمین بہی متوسط ہی اور اگر اوس زمین باریک شاخون کی سوکہی ہوئی درخت ہون

* نشم وہ درخت ہی جسکی کمان بناتے ہین کذا فی الصراح ۱۲ منہ * بق وہ درخت ہی جسکی لکڑی سے رنگتے ہین اور فارسی مین بقم کہتے ہین

اور چھوٹے چھوٹے گھانس ہو تو وہ زمین کمزور ہے۔

جن لوگون نے امتحان زمین کا مزے پر رکھا ہے وہ فقط اوسکی شوریت✣ اور شیرینی کا امتحان کرتے ہین۔

حکیم یونیوس نے کہا زمین کا امتحان مزے سے اسطرح پر کرین کہ گڈہا کہود کر اندر کی مٹی نکالین پہر ایک شیشے کے برتن مین مٹی کو ڈالکر اوپر سے تہوڑا شیرین پانی ڈالین پہر اوسکو چکہین اگر وہ کہاری ہے تو وہ زمین نکمی ہی اگلے لوگ ایسے زمین سے بہاگتے تہے وہ کسی پیداوار کے لایق نہین ہے مگر کہجور✱ کے لئے کیونکہ کہجور کا درخت ایسی زمین مین نہایت عمدہ ہوتا ہی اور خوب پہیلتا ہے ابن حجاج نے اپنی کتاب مین لکہا ہی کہ بہت سے کاشتکارون نے بیان کیا ہے کہ ایسی زمین مین کرنب خوب ہوتا ہے اور بعضون نے کہا کہ ککڑی بہی اچہی ہوتی ہے اور اوسکا ذایقہ خوب ہوتا ہے۔

جن لوگون نے امتحان سونگہنے پر رکہا ہی وہ اوسکی بو دیکہتے ہین کہ بری خبیث ہی یا بری نہین ہے کاشتکارونکا اتفاق ہی اسبات پر کہ بدبودار زمین اچہی نہین ہے اور جن لوگون نے اسکا ذکر کیا ہی اون مین سے حکیم دیمقراطیس ہے وہ کہتا ہے عمدہ زمین جو درخت گاڑنے کے لیئے بہتر ہے اوسکی پہچان یہ ہے کہ ایک گڈہا دو ہاتہہ کا گہرا اوسمین کہودین پہر مٹی وہان کی لیکر ایک شیشے کے برتن مین ڈالین اور اوسپر بارش کا پانی یا نہر کا میٹہا پانی جو بدبودار نہ ہو بلکہ لطیف اور خوشگوار ہو ڈالین اور مٹی کو اوسمین گہولین پہر چہوڑ دین یہانتک کہ پانی اوپر آجاوے

✣ پس جو زمین چکہنے مین کہاری ہو وہ بری ہی اور جو شیرین ہو وہ نہایت عمدہ ہے اور جو پہیکی یا تلخ ہو وہ متوسط ہے ۱۲ منہ ✱ اور ارنڈ بہی خوب ہوتا ہے ۱۲ منہ۔

طب

طب کی تاریخ کا مختصر بیان

طبابت بہت قدیم زمانے سے ہے اگرچہ بطور علم کے نہین تھی مگر اُسکا کچھہ نمونہ پایا جاتا تھا کیونکہ ہر ایک جاے کے آدمی خواہ جاہل یا باعلم ہون انکو دلمین موت کا ڈر اور درد کی ایذا سے نجات پانیکے لئے کچھہ تدبیرین کیا کرتے تھے اِس سے ثابت ہوتا ہی کہ قدیم زمانہ سے طبابت کا کچھہ نمونہ تھا اگرچہ بطور علم کے نہین تھی مگر عقلا کی اسکے طرف توجہ ہونے سے یہہ علم رفتہ رفتہ ترقی پاتا گیا چنانچہ بنیاد علم طب کی اول مصر مین ہوی اور اوسنے رواج پایا مگر وہ لوگ اپنی منفعت کے لئے اِس امر کے ساعی تھے کہ اِس علم کو دوسرے لوگونکو معلوم ہونے نہ دیوین اسواسطے اُنکے طبابت مین منتر و تعویذ وغیرہ ہی تھے جیساکہ یہہ تعویذ وغیرہ ابتک بھی جاہل و بےسمجھ لوگون مین جاری ہین بعد اس علم کے ترقی یونان مین ہوی اور یونانیون نے مصر و فنیشیا کے ملک کے لوگون سے حاصل کیا یونانی حکما مین سب سے اول حکیم اسقلیبوس تھا بعد اسکے مرنیکے اہل یونان نے اِسکو خدا مقرر کرکے اسکے نام کے ہزارہا بت خانے جابجا بنائے اور پوجاری لوگ جو اسکے شاگرد تھے علاج کیا کرتے تھے اور جب بیمار صحت پاتا تھا تو اپنے بیماری کی کیفیت و علاج وغیرہ سونے چاندی کے ورق پر لکھکے بطور نذر کے بت خانہ مین لٹکاتا تھا بقراط ان ورقون کو بہت کام مین لایا ـ پانسو برس پہلے حضرت پیغمبر خداؐ کے اہل یونان علم فلسفی کے طرف

شاگردون کو علم طب علانیہ سکہایا اسکا شاگرد جو ذیمقراطیس تہا اوس نے سب سے
اول انسان کے جسم کی تشریح لکھی اِن فلاسفہ مین سے بقراط بہت کامل عقلمند و
تجربہ کار وہشیار تہا اسکو طب کا بانی کہتے ہین مسہلات مدرات معرقات فصد
جوک بچنے وحقنہ وغیرہ استعمال کرتا تہا اور نباتی دوائین استعمال کرتا تہا کیونکہ
معدنی دوائین ایجاد نہین ہوئے تہی پرہیز پر بہت اعتبار رکہتا تہا اور یہہ قیاس
کرتا تہا کہ طبیعت جسم کے خراب مادون کے اخراج کے واسطے جو کوششین
کرتی ہے وہی امراض ہین اور یہہ بہی کہتا تہا کہ حکیم کو ضرور ہے کہ طبیعت کی
تائید کرے اور بحران کے جلد ہونے کے واسطے کوشش کرے غرض بقراط
کو علم طب کا باپ کہنا سزاوار ہے ۔ بعد ... کے حکمائی فلاسفہ کے دو فرقے
ہوے ایک وے جو اپنی عقل سے بغیر تجربے کے کلیات مقرر کرکے علاج
کرتے تہے دوسری وے جو فقط تجربے سے علاج کرتے تہے بغیر قواعد و کلیات
ان دونون اہل یورپ نے ان دونو طرح کے فرقون کے قیاس کو ترکیب دی ہے
اور اونکو ملایا کیونکہ علم طب کے درستی و ثبوت کے لئے تجربہ و تجربہ کی رہنمائی کے
لئے کلیات ضرور ہین ۔ انہین فلاسفہ سے افلاطون اور ارسطاطالیس بہی تہے
یہہ دونو اگرچہ طبیب نہین تہے مگر علم طب جانتے تہے ارسطاطالیس سے کچہہ ترقی
علم طب کی ہوئی اور اوسنے ایک رسالہ حیوانات کی تشریح و خزالوجی کا بہی لکہا مگر بغیر تجربہ
کے فقط غور و قیاس سے کیونکہ طبیب نہین تہا علاج نہین کرتا تہا ۔ نوسو برس آگے
حضرت پیغمبر خدا کے اسکندریہ مین مدرسہ طبابت کا مقرر ہوا پہ انسان کی تشریح کی گئی ۔

علم تشریح کو ترقی دہی گئی اسی زمانہ مین علم طب سے علم جراحی و دوا سازی علیحدہ ہوئی ۔ رُوم جو اطالیہ کا پائی تخت ہے وہان حکیم جالینوس تہا نہایت نامور حکیم حاذق و عزت دار تہا اس نے دوسو کتابین تصنیف کین بعد اسکے سنہ ۸۰۱ ہجری مین عرب لوگون نے علم و فن طب کا شروع کیا مشہور کتابون کا ترجمہ کیا خصوصًا جالینوس و بقراط کے کتابونکا ترجمہ کیا علم طب کو افزایش نہین دی مگر کسیری یعنی علم کیمیا نیا ایجاد کیا اس علم کیمیا سے طبابت مین بہت بڑا فایدہ ہوا عربی حکیمون مین سے سب سے اول ہارون نام تہا جسنے چیچک کا بیان سب سے اول لکہا ۔ سنہ ۸۲۱ ہجری مین عراق عجم مین رازی نام پیدا ہوا اس شخص نے چیچک وغیرہ کا بیان طول طویل لکہا جراحی کو ترقی دہی نئی دوائین ایجاد کین سنہ ۳ [illegible] مین بو علی سینا بخارہ مین پیدا ہوا یہہ عربی طبابت مین بہت مشہور تہا بہت کتابین تصنیف کین اور مشہور کتاب قانون ہے ان عربی اطبا مین آخر شخص جو مشہور ہوا البوکاسس تہا یہہ شخص جراحی مین بہت مشہور ہوا بعد اسکے اسپین کے ملک مین دو حکیم ہوے جنہون نے عربی زبان مین کتابین لکہین ۔ باقی ایندہ ـــ

تاریخ
حاجب محمد ابو المنصور

حاجب محمد ابو المنصور سال مین چند بار بطور سیر و تفریح ایک مقام کو جایا کرتے تہے جسکا نام کاروا تہا اور ایک مکان عالیشان تیار کرایا تہا جسمین عالم اور فاضل اور شاعر سب جمع ہوتے تہے ۔ اور جن شاعرون کے کلام فصاحت اور بلاغت سے بہرے ہوے ہوتے تہے اونکو درہم و دینار عطا کرتا تہا ـــ

محمد ابو المنصور نے علی ہذا القیاس ایک مدرسہ مختلف زبانون کی تعلیم کے لئے قایم کیا تہا اور بڑے بڑے نامی گرامی علما اور صاحب تصانیف اور تالیف کو جو اوس زمانہ مین مشہور و معروف تہے وہان بلوایا تہا اور اونکو کرسی معلمی پر سرفراز کیا تہا حاجب محمد ابو المنصور خود جامع مسجدون اور مدالتون اور اون مکتبون اور مدرسون کو خوشی اور سرگرمی سی جایا کرتا تہا جو نوجوان کی تعلیم کے لیے بنائے گئے تہے اور خود طالب علمون اور تلمیذون کے درمیان جاکر بیٹھہ تاتہا اور اپنی جانے اور آنے سے تعلیم اور تدریس مین خلل ہونا گوارا نہین کرتا تہا اور جو طالب علم محنت سی اپنی علم کی ترقی کرتے تہے اور دیگر طالب علمون سے ممتاز ہوتے تہے اونکو انعامات عطا فرماتا تہا - اور انعامات صرف طالب علمون ہی کو عنایت نہین ہوتے تہے بلکہ اوستادونکو بہی دیے جاتے تہے - پس اس وسیلہ سے وہ لایق لوگون کو اپنی نظر مین رکہتا تہا اور جب کبہی مدالتون اور جامع مسجدون مین قاضی اور خطیب کی ضرورت ہوتی تو وہ انہین لایق شخصون کو ان عہدون پر مامور کرتا تہا -

جب حاجب نے کارڈوا مین نزول اجلال فرمایا تب پہلا کام اوسکا یہہ تہا کہ اوسنے ایک شخص کو جسکے علم و فضل کا ذکر اوسنے سن رکہا تہا مسجد سلطان ہکفم مین مجتہد یا امام اعلی کے منصب پر مامور کیا - یہہ شخص سعد بن ادریس بن یحیی مدرسیو علی کا شاگرد یا وہانکی مسجد کا خطیب تہا اور حج بیت اللہ سے بہی مشرف ہوا تہا لوگ جیسا اوسکے علم و فضل کی تعریف کرتے تہی ویسا ہی اوسکی نیک چلنی کی مدح کرتے تہے اور اللہ نے اوسے خوش الحانی اور بلند آوازی بہی بخشی تہی - اس نے ۳۱۲ھ ہجری کے آخر مین باعزت اور ... عہدہ ... کے ... انتقال کیا فقط راقم خیر خواہ انام حافظ صدر الاسلام

معدنیات

میٹلرجی

۱ یہہ لفظ دو یونانی الفاظ سے مرکب ہی میٹلن بمعنی فلز یا معدنی اور ارگن بمعنی کام کے یعنی فلزات اور معدنیات کا کام اور یہہ میٹلرجی کے لفظی معنی ہے اور اصطلاح مین (بقول استادی ڈاکٹر پرسی صاحب کے جو اس فن مین فرد لاثانی ہین) بمعنی استخراج فلزات کا اونکے معدنیات سے اور بکار آمد کرنا اونکا واسطے اقسام امور کے جنمین وہ صرف ہوتے ہین —

۲ چونکہ ہم کوئی ایک طریقہ پکا نیکا دے نہین سکتے ہین جس سے سب فلزات کا استخراج کیا جاوے لہذا ہر ایک کے استخراج اور پکانیکے طریقہ ہم علحدہ علحدہ بیان کرینگے - اور جن فلزات کا بیان اس رسالہ مین لکھا جاویگا اونکی فہرست ذیل مین مندرج ہے

سونا[۱] چاندی[۲] تانبا[۳] لوہا[۴] شیشا[۵] جست[۶] رانگ[۷] پارا[۸] انٹیمونی[۹] آرسینک[۱۰] بزمت[۱۱] کوبلت[۱۲] نیکل[۱۳] الومینیم[۱۴] پلاٹینم[۱۵] منگنیز[۱۶]

۳ یہہ سب بسایط فلزی ہین - بسایط جنکی ابتک تحقیق ہوئی ہے شمار مین ستر ہین اونمین سے قریب ستاون کے فلزات ہین - مگر انمین سے اکثر بہت ہی کمیاب اور نادر ہین اور مصارف روزمرہ مین اونکا استعمال بہت کم ہے اگرچہ علم کیمیا مین اونکے خواص و استعمال سب معلوم ہین — اس رسالہ مین اون فلزات کے استخراج کے طریقہ بیان ہونگے جو انسان کو ہر ایچ روزانہ مین درکار ہوتے ہین - یہہ وہ فلز ہین جنمین خواص سختی

و قوت و لچک و کوفت پذیری و امتداد و گدازندگی و پایداری کے پائے
جاتے ہین۔ ہم ان الفاظ کی تشریح آگے چلکر بیان کرینگے ۔

سم فلزات وہ اجسام ہین جنمین خواص سبعۂ بالا کے سوا
قوۂ کہربائی اور حرارت کے ٭حمل کرنیکے اعلیٰ درجہ کی قدرت ہو۔ علاوہ ان
خواص کے فلزات اکثر ثقیل الوزن اور چمکدار ہوا کرتے ہین۔

سختی اوس خاصیت کا نام ہی جو نرمی اور ملایمت کے برخلاف ہو مثلاً لوہا سخت ہی
قوت اوس خاصیت کو کہتے ہین جو وزن اور بوجھہ کا تحمل کر سکے۔
لچک خاصیت بازگشت کو کہتے ہین یعنی اگر ایک شی کچھہ دباؤ یا وزن کسی کے
وجہ سے خمیدہ ہو گئی ہو جسوقت اوس وزن کو زایل کر دین تو وہ شے اپنی
اصلی حالت پر پھر آئے مثلاً فولاد کی تلوار جو دبانیسے خم ہو جاتی ہے مگر بمجرد
دور کرنے اوس دباؤ کے وہ پھر سیدھی ہو جاتی ہے۔ اسکو لچک کہتے ہین
کوفت پذیری۔ ہم نے اس لفظ کو اوس خاصیت کے لئے وضع کیا ہے کہ
جسکے کسی جسم مین پائی جانیسے وہ جسم ٹھوکنے مین قابلیت پھیلنے کی رکھے
اور چوڑہ ہو جاسکے۔ اسکو قابلیت انبساط اور پھیلاو بھی کہہ سکتے ہین۔
امتداد۔ یا ملایمت اوس خاصیت کو کہتے ہین جسکے کسی شے مین موجود ہونیسے مثل
ادھی شے کا تار کہنچ سکے اور اسکو ہندی مین چمڑاہٹ کہتے ہین۔
گدازندگی۔ گلنے کی خاصیت کو کہتے ہین۔ یعنی جب ایک شے حرارت سے
گلجاسے تو کہینگے کہ اوسمین خاصیت گداخت یا گدازندگی کی ہے۔
پایداری۔ یعنی استحکام کے ہی یعنی ایک شے کا قیام و دوام استعمال مین۔

٭ حمل کرنا یعنی پہنچانا جیسے لوہا کہ ایک طرف گرم ہونے سے وہ دوسری طرف بھی حرارت محسوس ہوتی ہے

۵ فقط پارا جسے سیماب اور زیبق کہتے ہین معمولی گرم ہوا مین
سیال رہتا ہی اور باقی فلزات حالت انجماد مین رہتے ہین اور آگ یا کسی اور
مادہ کے حرارت سے گلائے جاتے ہین - اکثر اونمین سے غیر فرّار ہین اگرچہ گلتا
ورجیکی حرارت سے وہ بھی گلانیکے بعد بخار ہوکر اوڑ سکتے ہین اور بعض مثل جست
اور قدمیم کے تیز سرخ حرارت سے بخار بنکے فرار کرسکتے ہین اور بعض مثل سنکھیا
کے (جو جزو فلزی سنکھیا کا ہی) کنہ سرخ حرارت سے بغیر گلنیکے حالت انجماد سے
حالت بخاری مین چلے جاتے ہین۔

سامات و طبقات فلزّی

۶ چند فلزّ ایسے ہین کہ وہ حالت فلزّی مین پیدا ہوتے ہین مثل
سونا اور پلاتینم کے۔ یہہ دونون فلزّ طبعیت مین ہرگز مرکب حاصل نہین ہوتے
- چاندی اور تانبا حالت فلزّی مین بھی پیدا ہوتے ہین اور حالت ترکیبی مین
بھی نکلتے ہین - لیکن دوسرے فلزّات اکثر مرکب نکلتے ہین جنکو معدنی اور
کانی کہتے ہین -

۷ اکثر فلزّات کا استخراج اونکے معدنی احجار یا پتھرون سے
ہوا کرتا ہے اور یہہ احجار معدنی مرکب ہین ان فلزّات اور آکسیجن یا کاربانک ایسڈ
(تیزاب فحمی) یا گندہک یا کلورین یا آرسینک یا تیزاب فوسفورس سے
اکثر معدنیات ایسے ہوتے ہین کہ جنمین ایک سے زیادہ فلزّ شریک ہین
مثل چاندی اور شیشے کے یا لوہے اور تانبے کے یا کوبلٹ اور نیکل کے
جو اکثر ملکر پیدا ہوتے ہین -

* حرارت کے اقسام کا تحفہ آخر کتاب مین درج ہوگا ۱۲

۸ بہت سے فلزّے معدنیات سامات مین (یعنی لسون یا رگون مین)
نکلتے ہین ـ مگر چند قسم کے لوہے کے معدن اور بعض اوقات تانبے کے
پتھر طبقات یا شون مین بھی نکلتے ہین ـ سامات شل لسون کے ہین یعنی زمین مین
شگاف یا دراز یا خالی جاے ہین جو معدنیات فلزّی اور غیر فلزّی سے بہرے
رہتے ہین ـ

۹ فلزّی سامات جو طولاً بین مشرق اور مغرب کے واقع ہین ہم اونکو
سامات مستقیمہ کہینگے اور جنکی سمت طولاً سامات مستقیمہ سے زاویہ قایمہ
بناتی ہے یعنی وہ سامات بین شمال وجنوب کے واقع ہین اونکو ہم سامات
منحرفہ سے نامزد کرینگے ـ انکے سوا اور بہی سامات پیدا ہوتے ہین مگر
بواسطہ اونکے نا منتظم ہونیکے ہم اونکو سامات غیر منتظمہ کہینگے ـ ان سامات کا
عرض ایک انچ سے لیکر چالیس اور پچاس فٹ تک اور بعض
جاے اس سے بھی زیادہ ہوتا ہے ـ اور طول
مین یہہ سامات دو میل سے دس میل تک
ہوا کرتے ہین فقط ـ باقی آیندہ

راقم

میرزا مہدی خان

ہم صاحب عالیشان بہادر دام اقبالہ کا شکریہ بھی بہت تہ دل
کرتے ہین جنھون نے بوجہ اپنی بلند خیالی اور بنظر رفاہ عام اور بغرض سرپرستی
م و فنون اس رسالہ معلم شفیق کی قدردانی فرمائی اور اپنی خریداری سے
ں رسالہ کو سرفراز فرمایا۔ صاحب ممدوح علم و لیاقت اور خیرخواہی عوام اور
ب نفسی اور ہمدردی اور دیگر کمالات مین مستثنیٰ صاحبون مین سے ہین جو
ندوستان مین تشریف لائے۔

شکریہ جناب نواب لشکر جنگ بہادر دام اقبالہ

ہمکو جناب نواب لشکر جنگ بہادر دام اقبالہ کا شکریہ بھی نہایت
تہ دل سے ادا کرنا ضرور ہے جنھون نے بغرض تشییع علوم و فنون اور
بنظر فائدہ خلق اللہ کمال شوق و ذوق سے اس رسالہ کی خریداری فرمائی
یہہ صاحب علوم و فنون سے فی الحقیقت کمال محبت رکھتے ہین اور نیک
کامون کے طرف دل سے مائل ہین۔

رسید زر از حضرات خریداران معلم

۱۳۔ حضرت بندگان حضور پرنور مہاراجہ مرزا سرو زیا رم
گاجپتی راج مانیا سلطان بہادر کے۔سی۔ایس۔ائی۔ دام اقبالہم — [illegible]

۱۴۔ نواب لشکر جنگ بہادر دام اقبالہ — [illegible]

۱۵۔ نواب حافظ صدر الاسلام خان بہادر معتمد جناب
صدر المہام متفرقات۔ — [illegible]

۱۶ —	مولوی محمد مسیح الزمان خان صاحب استاد حضرت بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم	لے
۱۷ —	راجہ نارسیوا ریڈی صاحب دیسکھہ	سے/
۱۸ —	ڈاکٹر اگھورناتھہ چٹو پادی صاحب کیمسٹ دیا ٹلنسٹ پرنسپل مدارس سرکار نظام	لے/
۱۹ —	آغا میرزا نصر اللہ صاحب فدای اتالیق حضرت بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم	سے/
۲۰ —	شیخ محمد کریم الدین صاحب وکیل	لے/
۲۱ —	مولوی محمد علیم الزمان صاحب	لے/
۲۲ —	حافظ عبد الرحمان صاحب وکیل	سے/
۲۳ —	مولوی محمد عبد القادر صاحب	سے/
۲۴ —	مولوی غضنفر علی صاحب	سے/
۲۵ —	حاجی عبد القادر صاحب سوداگر	سے/
۲۶ —	..ادر دارا دو صاحب تحصیلدار شورا پور	لے ۱/
۲۷ —	منشی احمد حسین صاحب مترجم	عہ

فہرست مضامین

نام مضمون	نام مضمون نگار یا مؤلف	صفحہ
جر ثقیل		
پانی بھرنے کے طریقے	محب حسین	۱۲۱
صنعت		
ولایتی گلاس اور شیشے تیار کرنے کی ترکیبیں	ایضاً	۱۲۸
ادب		
بقیہ مضمون اسباب حقیقیہ سعادت و علامی الشان ...	مولوی جمال الدین حسن صاحب حسینی	۱۳۳
زراعت		
بقیہ مضمون زراعت .. .	مولوی حاجی محمد وحید الزماں صاحب سررشتہ دار معتمد مالگزاری سرکار عالی	۱۴۲
حیوانات		
شکاری پرندوں کا بیان	محب حسین	۱۴۵
تاریخ		
آنربل جان آدم	مولوی محمد اکرام الدین خاں صاحب سوم تعلقدار ضلع شورا پور۔	۱۴۷
طب		
بقیہ مضمون حفظ صحت ازدواج	محب حسین	۱۴۸


فہرست تصاویر

تصاویر آلات جر ثقیل		
پانی چڑھانے کا نل	منشی سید محمد غوث صاحب	۱۲۱
لکڑی کے ذریعہ سے پانی بھرنے کی تصویر....	"	۱۲۳
گرتی سے پانی بھرنے کی تصویر	"	"
چرخ سے پانی بھرنے کی تصویر	"	۱۲۴
دوسری طرح کی گرتی سے پانی بھرنے کی تصویر	"	۱۲۵
جانوروں کے ذریعے سے پانی بھرنے کی تصویر	"	۱۲۶
کانچ گلانے کی بھٹی کی تصویر	"	۱۲۸
حیوانات		
باز اور عقاب کی تصویر	"	۱۴۵

شکریہ جناب نواب مکرم الدولہ بہادر

صدر المہام مالگزاری سرکار عالی نظام دام اقبالہم

باغبان حقیقی نے اس گلستان جہان مین ہرشے کے وجود اور اوسکے ترقی کے واسطے خواہ
وہ شے چھوٹی ہو یا بڑی ایک قانون فطرت ٹھیرا رکھا ہی جسپر اوسکی ترقی اور تنزل منحصر ہے مثلاً
نباتات کو ملاحظہ فرمائین تو معلوم ہوگا کہ اگر کسان یا باغبان زراعت یا درختون کو لاکہہ خوبی
اور احتیاط سے لگائی اور اوسکو بہر اور پانی دے اور دن ورات اونکی آراستگی مین مشغول رہے
اور ہر درخت اور ہر پودے کو اپنے اپنے موقعہ پر لگائے اور اوسکی ترقی مین ہر لحظہ اور ہر ساعت
سرگرم رہے اور وہ درخت اونکو بہی پانے جائین اورکسیقدر اونمین سرسبزی بہی آجائے مگر
آفتاب جو تمام درختون کے پہلونکو پکاتا ہی اور اونکی نمو اور ترقی مین ایک بڑی مدد پہنچاتا ہی
وہان پر اپنے کرنون کو نہ چمکاوے اور اون اشجار کو اپنے نور سے فیضیاب نکرے تو اخرالامر
وہ درخت سبکے سب ٹہٹر کر رہ جاوینگے اور بڑہنا تو کیا ذکر اون کے پتے ڈالین مرجہا کر
اوس لگانے والے کے دل کو پژمردہ کردینگے اور اوسکی کوشش اور سعی سب رایگان جاویگی
یہی حال بعینہ ایک قوم کا ہی جسکی مثال ٹہیک باغ سے دیجا سکتی ہے جبتک
رئوسا اور نوابان عظیم الشان اور امیر وامراکسی قوم کے جو آفتاب جہان تاب کی طرح سے
چشمہ فیض ہین اوس قوم کی حالت کے طرف توجہ نہین کرتے ہین اور بڑے بڑے
قومی کامون مین شریک نہین ہوتے ہین اور اخبارون اور انجمنون اور مدرسون
کی سرپرستی اور اعانت نہین فرماتے ہین تب تک قومی قانون فطرت کے موافق ہر شخص پیشینگوئی
کرسکتا ہی کہ وہ کام خواہ کیسا ہی اوسکا کرنے والا محنت اور سعی کیون نکرے اوسمین کامیاب
نہین ہوسکتا ہی اور اوسکی ترقی تو بہت دور چند روز وہ کام چلکر مثل ٹہٹرے درخت کے اپنی جگہہ
پر مرجہا کر رہ جاتا ہی اور برخلاف اسکے جب اوس کام کے طرف اوس ملک کے امرا کی
توجہہ ہوتی ہے اور اون کے جانب سے میلان اور رجحان پایا جاتا ہی تو صاف معلوم ہوتا ہے



پانی چڑھانے کا کل

تمثیل

پانی بہم پہنچانے کے طریقے

ا — پانی بہم پہنچانے کا بہت پرانے زمانہ میں کیا دستور تھا — ہر ایک ملک میں
بہت سے عجیب ایجاد میں علم تقسیم اور طبعیات کے متعلق جو ہوئیں اونہیں سے
اول پانی بہم پہنچانے کے تجویزیں تہیں جن سے پانی ایک کافی مقدار اور صفائی
میں حاصل ہو — کیونکہ پانی اون عام ضروری چیزوں میں سے ہی جو انسان کی
زندگانی کا دارومدار ہے اور اگرچہ پانی خداوند تعالی نے بکثرت پیدا کیا ہے
لیکن ہمیشہ اور ہر جگہہ وہ نہیں پایا جاتا ہی بعض مقامات ایسے ہوتے ہیں جہاں
انسان کو حوادث زمانہ سے مجبوراً بود و باش کرنی پڑتی ہی اور وہاں پانی
دستیاب نہیں ہوتا ہی — قدرتی پانی کے چشمے دیکھنے سے یہ بات ظاہر ہوتی
کہ پانی کے سوتے یا جھرے زمین کے نیچے کی تہہ میں ہوتے ہیں واسطے پانی کے


کنو ئین کہودنے اور برباد کرنے کا خیال پیدا ہوا۔ لیکن یہہ پانی جو اس طرح سے زمین کی تہہ مین پایا جاتا ہی شاذ و نادر خود بخود زمین کی سطح تک بلند ہوتا ہی مگر بعض بہت گہرے کوئون اور عمیق چشمون مین یہہ بات ہوتی ہے کہ پانی خود بخود اوپر آتا ہی۔ لیکن تمام معمولی صورتون مین جب کوئی کہودا جاتا ہی [illegible] بند کہرے کہودے جاتے ہین کہ پانی سے نکلے تو پانی کوئون کی سطح مین جمع ہوتا ہی اور وہ ایک محدود اونچائی سے زیادہ اوپر نہین چڑہتا ہی اسلیے وہ تجاویز بہت ضروری ہین جو ایسی صورتون مین پانی [illegible] چڑہاوین—

۴— ڈول سے پانی بہرنا— سب سے پہلی تجویز پانی [illegible] سیدہی سادی اور محض یہہ ہی ہی وہ ڈول سے پانی بہرنے کی [illegible] ڈول مین رسی باندہکر کوئوے سے پانی نکالنا اور ایک ڈول ہکے [illegible] ڈول کو کوئوے مین بذریعہ رسی کے لٹکا کر پانی بہرنا۔ بعض اوقات جب کنواں کم گہرا یا اتہلا ہوتا ہے تو اوس رسی کو جو ڈول مین بندہی ہوتی ہی ایک لمبے لکڑے کے ایک جانب باندہتے ہین اور اوسکو دو لکڑیون کے کہوڑے بناکر قایم کرتے ہین اور ایک جانب ہاتہہ سے پکڑ کر نیچے اوپر حرکت دیتے ہین اور جب اوسکو اوپر اوٹہاتے ہین تو ڈول کوئوے مین جاتا ہی اور جب کہینچتے ہین تو ڈول اوپر آتا ہے لیکن حرکت دینے کی طرف کی لکڑی چہوٹی ہوتی ہے (مندرجہ ڈول کی شکل [illegible] دیکہو)—



پہلا طریقہ پانی بھرنے کا [illegible] پانی بھرنے کے طریقون سے شاید نہایت سادہ
اور سہل [illegible]
[illegible] ہے۔


دوسرا طریقہ پانی بھرنے کا یہہ ہی کہ کنوئے کے اوپر دو لبنے قایم کرکے اور ایک
[illegible] لکڑیان سب ہی اکہڑی کرکے بیچ مین
جیسا بہار کے اضلاع مین دیکہا ن گئے ہین اور پہران دونون لکڑیون کی چہڑیون مین
ایک ایک سوراخ ہوتا ہی اور ان سوراخون مین ایک ڈنڈا تہپا رہتا ہی جسمین گڑی
اٹکاتے ہین پہر ایک لمبی رسی مین ڈول باندہکر اس گڑی کے ذریعے اوسکو کنوئی مین
پہانستے ہین اور جب ڈول کنوئین مین جاتا ہی اور وہ پانی مین ڈوب جاتا ہے تو
اوسکو اوپر کہینچتے ہین — دیکہو نقشہ




نقشہ ۲

۴ ـ اس پانی بھرنے کے طریقہ میں بہت بڑی محنت پڑتی ہے ایک تو پانی اور ڈول کا وزن اوپر کھینچنے میں پڑتا ہے دوسرے رسی کھینچنی پڑتی ہے اور لمبا کنوا ہو تو رسی زیادہ کھینچنے میں بہت طاقت صرف ہوتی ہے علاوہ اسکے بیچ میں کھینچنا پڑتا ہے کہ رسی گراری کے اوپر رہے اور گراری یا ڈولے یا محور پر رگڑ بھی ہوتی ہے ـ

۵ ـ اس سے ایک درجہ بہتر پانی بھرنے کا طریق یہ ہے کہ چرخ کو گھمانے کے واسطے ہتھا لگا دیا جاوے ـ یہ طریقہ تمام مذکورہ بالا کے طریقوں سے صرف ایک درجہ بہتر و اچھا ہے ـ اس صورت میں ڈول چرخ کے گھمانے سے پانی کو بھرا ہوا کھینچتا اوپر آتا ہے اور رسی تھوڑی تھوڑی چرخ کے گرد لپٹتی چلی جاتی ہے ـ اس پانی بھرنے کے طریقہ میں بھی رسی کے وزن اور ڈول اور ڈول کے گھمانے پر پہنچنے اور ڈولنے کو اٹھانے میں طاقت صرف ہوتی ہے ـ دیکھو شکل



شکل ۳



شکل ۴

۶— ہمیشہ جرثقیل کی قوتون کو استعمال کرنے سے اول یہہ مقصود ہوتا ہے کہ جہان تک ممکن ہو تمام اون اسباب کو دور کرین جنکی وجہ سے قوت حرکت بے فائدہ صرف ہوتی ہے۔ صورت مذکورہ بالا مین قوت حرکت کا عمدہ اور مفید استعمال وہی ہے جو پانی بھرنے مین کارآمد ہو۔ اس پانی بھرنے کے طریقہ مین ہماری قوت کئی طرح سے فضول صرف ہوتی ہے۔ اولاً کہ ہماری قوت ڈول کے وزن کو اوٹھانے مین صرف ہوتی ہے۔ دوسرے رسی کے بوجھہ کو سنبھالنے مین خرچ ہوتی ہے۔ تیسرے رسی کو گرہی کے اوپر چڑھانے اور اوسکو گرہی کی نالی پر قایم رکھنے مین صرف ہوتی ہے۔ چوتھے گرہی اپنے ڈنڈے پر گھومنے مین جو رگڑ کھاتی ہے اوسمین صرف ہوتی ہے۔ پانچوین جب ڈول پانی کا بھر کے اوپر کنوے کے آتا ہے تو اوسکو ایک جانب کرتے اور اوسکے پانی کو دوسرے برتن یا حوض مین ڈالنا صرف ہوتا ہے۔ چھٹوین جب ڈول خالی ہوتا ہے تو اوسکو پھر کنوے

مین صرف ہوتی ہے —

۷ — وہ قوت جو ان پانی بہرنے کے طریقون مین فضول ضایع جاتی ہے اوسمین سے کسیقدر اس سیدہی اور آسان تدبیر سے محفوظ رہتی ہے — وہ تدبیر یہہ ہے کہ ایک رسی کے دونون چہورون مین دو ڈول باندہے جائین اور اس رسی کو ایک گرّی پر چڑہائین جو کنوے کے موہنہ پر قایم ہوتا ہے (دیکہو شکل نشان ۴ کو) اس تدبیر سے جب پانی کا بہرا ہوا ڈول اوپر کہینچے تو خالی ڈول نیچے جاتا ہے — اور اس خالی ڈول کا وزن جو نیچے جاتا ہے اور اور اوس رسی کا بوجہہ جو اس خالی ڈول کے ساتہہ کنوے مین اوترتی ہے اوس بہرے ہوے ڈول کے وزن سے جو اوپر آتا ہے اور اسکی رسی کی بوجہہ سے تولتا ہے اور برابر ہوتا ہے اور اسطرح قوت حرکت پانی ہی کے وزن کو اوٹہانے مین صرف ہوتی ہے اور گرّی کی رگڑ اور رسّی کے لپٹنے کی ضرورت نہین پڑتی ہے —

۸ — اس پانی بہرنے کے طریقہ مین جانور سے کام لیسکتے ہین اور اسکے نقشہ کو ہمنے شکل مندرجہ ذیل نشان ۵ مین دیکہلایا ہے —



شکل ۵

اس طریقہ کو فرانس کے باغبان آبپاشی کے لئے عموماً بڑے بڑے قصبون کے
اطراف و جوانب کے باغون اور باڑیون مین استعمال کرتے ہین - اس طریقہ مین
کنوے کے موہنہ پر دو گرتیان قایم کئے جاتے ہین اور یہہ دونو گرتیان برابر ایک
دوسرے کے ایسے فاصلہ پہ لگائے جاتے ہین کہ دو ڈول جو اوپر بہا ئے
جاتے ہین جب وہ یکے بادیگرے اوپر نیچے آتے ہین تو ایک دوسرے سے
ٹکر نہین کہاتے ہین - کنوے سے تہوڑے فاصلہ پر ایک موٹی لکڑی یا
دہن مین ایک بہت بڑی ڈہول کی شکل کی گرہی چسپان کی جاتی ہے اور
اوس رسی کا ایک بل اسمین دیا جاتا ہے جسکے دونون چہورون مین دو ڈول
بندہے ہوے ہوتے ہین - جب ایک ڈول کی رسی ایک گرہی پر سے
گذر کر اوپر آتی ہے تو وہ دو یا تین بار اس بڑے گرہی پر بل کہاتی ہے
اور دوسرے ڈول کی رسی معہ ڈول کنوے مین اوترتی ہے -

ہلالی یا قوس کی شکل کے دستے جنہین رسی باندہی جاتی ہے
ڈولون مین لگائے جاتے ہین اور یہہ ہلالی دستہ ڈول کے موہنہ کے
کنارون پر نہین لگایا جاتا ہے بلکہ اوسکے دونون جانب بیچ سے کچہ
اوپر لگایا جاتا ہی اسطرح سے کہ جب ڈول بہرا ہوا ہوتا ہے تو یہہ دستہ
سیدہا کہڑا رہتا ہی اور جب خالی ڈول پانے کی سطح پر پڑتا ہی تو وہ ایکطرف
ہو جاتا ہی اور ڈول مین بآسانی پانی بہر جاتا ہی -

اس بڑے کہنبے مین جسمین وہ ڈہول نما گرہی لگی ہوتی ہے
ایک لمبی لکڑی آڑی ایک جانب لگی ہوی ہوتی ہے - اس لمبی لکڑی مین

ایک گھوڑا یا بیل جوتا جاتا ہی۔ یہہ گھوڑا یا بیل اس لکڑی کو پھراتا ہی۔ اور اسکے ذریعہ سے وہ کھنبا معہ بڑی گراری کے گھومتا ہی اور جب بیل یا گھوڑا ایک پھیر گھوم چلتا ہی تو ایک ڈول کنوے کے اوپر آجاتا ہی جسکا پانی کسی حوض مین ڈالی کیا جاتا ہی اور دوسرا ڈول کنوے مین اوترکر پانی مین ڈوب جاتا ہی پھر بیل یا گھوڑے کو اوس جانب سے دوسرے جانب پھیرتے ہین جسکی وجہ سے بھرا ہوا ڈول اوپر آتا ہے اور یہہ خالی ڈول نیچے جاتا ہی فقط باقی آیندہ


راقم محب حسین

صنعت

ولایتی گلاس اور شیشے آلات تیار کرنیکی ترکیبین

کانچ گلاسنے کی بھٹی

جس بھٹی مین گلاس اور شیشہ کا سامان تیار کیا جاتا ہی وہ ایک بڑی گردہی شکل کی عمارت یا مکان ہوتا ہی جسمین چھہ کھڑاوٗ کے ظروف یا برتن رکھنے کی جگہہ ہوتی ہے اور ان ظروف مین کانچ یا شیشہ گلایا جاتا ہی۔ شکل مندرجہ ذیل ایک عام طرحکی بھٹی ہے۔



بہہ بہٹی ایک محراب پر تیار کی جاتی ہی اور اسکے نیچے جو کھلا ہوتا ہے یعنی وہ جگہہ جو محراب سے گھری ہوی ہوتی ہے اوسکو غار کہتے ہین جیساکہ حرف "الف" سے ظاہر ہوتا ہی۔ اس درجہ مین دو دروازے "ج" "ج" آنچ کے انتظام کرنے کے واسطے لگے ہوے ہوتے ہین۔ کیونکہ جو ہوا آگ جلنے کے واسطے ضرور ہی ہے اوسکو ضرور ان دروازون کی راہ سے اندر داخل ہونا چاہیئے اس غار کے اوپر ایک جہنجرے دار انگیٹھی "د" آگ جلانے کے لئے بنائی جاتی ہے۔ جب آگ جلتی ہے تو راکہہ ان جہنجریون سے پانی کے حوض "ب" مین گرتی ہے اس جہنجرے دار انگیٹھی کے نظر کہبنے بنائے جاتے ہین اور یہہ کہبنے "ف" "ف" فلیوس" یعنی دہوئین کی نل ہوتی ہین ان کہبنون کے اوپر ایک لوہی کا گنبد "س" بنایا جاتا ہی اور اس گنبد کے اوپر ایک چمنی "ص" یعنی دودہ کش ہوتا ہی۔ ان کہبنون "ف" "ف" کے درمیان مین دو ظروف "ج" "ج" رکہے جاتے ہین جنسے بوجہ اسکے کہ بہٹی ایک خاص طرحکی تیار کی جاتی ہے چارون طرف سے آنچ برابر پہونچتی ہی کیونکہ جب آگ کی لو اوپر بلند ہوتی ہے تو وہ گنبد مین جاکر لگتی ہے اور پہر وہان سے لوٹکر چارون طرف سے ظروف پر گرتی ہے۔ جسطرف سے لوئین کو نکلتی ہین اونکی راہ کو ہمنے تیرون کی شکل مین یہان دیکہلایا ہے۔ یہہ ظروف "سائی لینڈر" یعنی اسطوانی شکل کے بنائے جاتے ہین اور اوپر سے نصف کرہ کی طرح گول ہوتے ہین اور ایک طرف انکے ایک دریچہ ہوتا ہے جسکی راہ سامان یا چیزین جن سے کانچ بنائی جاتی ہے داخل کی جاتی ہین اور جب کانچ

یا شیشہ تیار ہوجاتا ہی تو اوسکی راہ سے نکالتے ہین - جب ان ظروف کو بھٹی
مین رکہتے ہین تو اونکو اسطرح ترتیب دیکر رکہتے ہین کہ اون دریچون سکے
موہنہ آگ کے باہر رہین - ان ظروف مین سوائے دریچہ کے اور کوئی
سوراخ نہین ہوتا ہی جسکے راہ گرد یا دہوان ظروف کے اندر جاکر کانچ سکے
مصالح کو خراب کرے - مختلف کانچ بنانے کے مصالحے ان ظروف مین
رکہے جاتے ہین اور چوبیس گہنٹون تک ان ظروف پر بہٹی کی آنچ پہونچائی
جاتی ہے - ان چوبیس گہنٹون کی نصف گہنٹون یعنے ۱۲ گہنٹون تک
بہٹی کی آنچ مین رفتہ رفتہ ترقی دیجاتی ہے اور دوسرے نصف وقت مین
پہر وہی آنچ رفتہ رفتہ کم کیجاتی ہے یہان تک وہ مصالحہ جسکو کاریگر شیشہ
کہتا ہی تیار ہوکر کام کے قابل ہوجاتا ہے - جب تک یہ کانچ اون ظروف
مین رہتی ہے جو بہٹی مین رکہے جاتے ہین کاریگر یا شیشہ ساز وقتاً فوقتاً
ایک لوہے کی سلاخ کے ذریعہ سے اوسکو تہوڑا تہوڑا نکالتا ہی اور جب
وہ ٹہنڈی ہوجاتی ہے تو جانچتا ہے کہ آیا اوسمین ہوا کے بلبلے یا حباب
ہین اور وہ عمدہ رنگ کی ہے یا نہین - اگر وہ مصالحہ جسکی کانچ بنائی جاوے
بہت خراب اور میلا ہو تو ان ظروف مین اوس مصالحہ کے اوپر میل جمع
ہوجاتا ہی اور اس میل کو شیشہ کا میل کہتے ہین -

فلنٹ گلاس بنانے کی ترکیب

فلنٹ اوس کانچ یا شیشہ کو کہتے ہین جس سے پانی پینے کے
گلاس اور کنٹرا اور وور بینون اور خوردبینون کے شیشے اور دیگر آلات تیار کیئے جاتے ہین

چونکہ اس قسم کی کانچ مین کسیقدر لیڈ یا سیسہ شامل ہوتا ہی اسواسطے
اوسمین یہہ قابلیت ہے کہ اوس سے شیشہ آلات اور گلاس وغیرہ تیار کی جاتی ہین
مندرجہ ذیل کی مقدار مین نہایت عمدہ کانچ یا شیشہ تیار ہوتا ہے —

عمدہ سفید ریت	۳۰۰ حصہ
ریڈ لیڈ یا لیتھارج* (سیندور یا مردار سنگ)	۲۰۰ حصہ
عمدہ پرل ایش (کاربونیٹ+ آف پٹاس)	۸۰ حصہ
نائٹر یا شورہ	۲۰ حصہ

اور ارسینک (سنکھیا) و منگنیز تہوڑی تہوڑے مقدار مین شریک کیا جاتا ہے

کراؤن گلاس بنانے کی ترکیب

اس قسم کے گلاس ست کہڑکیون اور دروازون کے شیشے
یا آئینے تیار ہوتے ہین اور اسمین لیڈ یا سیسہ بالکل نہین ہوتا ہے —
کراؤن گلاس سیلیکا اور پٹاس یا سوڈا اور لایم (چونا) سے مرکب
ہوتا ہے — اور اس کانچ کے بنانے کی مقدار ذیل مین مندرج ہی —

عمدہ سپید ریت	۱۰۰ حصہ
کاربونٹ آف لایم (یعنی کاربونک ایسڈ اور چونے سے)	۱۴ حصہ
کاربونیٹ آف سوڈا (کاربونک ایسڈ اور سوڈیم سے بنا ہی)	۵۰ حصہ
کراؤن گلاس کی کترن یا ٹکرے	۱۰۰ حصہ

بوتل کی کانچ یا ہری کانچ بنانے کی ترکیب

بوتل کی کانچ عام چیزون سے باسانی تیار ہوتی ہے اور مندرجہ ذیل

* یہہ زرد یا سرخی مائل چکدار شے ہوتی ہی ۱۲ + یہہ نمک ہی جو کاربونک ایسڈ اور پٹاس سے تیار ہوتا ہے

مقدار سے بنائی جاتی ہے۔

ریت	۱۰۰ حصہ
عام سوڈا غیر مصفہ	۴۰ "
وڈ اشینز (لکڑی کی راکھہ)	۴۰ "
چکنی مٹی جس سے مٹی کے برتن تیار ہوتے ہین۔	۱۰۰ "
ٹوٹے پہوٹے گلاس یا کانچ کے ٹکڑے	۱۰۰ "

پلیٹ گلاس کے تیار کرنے کی ترکیب

پلیٹ گلاس وہ سب سے عمدہ قسم کا گلاس یا شیشہ ہی جس سو مونہہ دیکھنے کے آیینے اور عمدہ عمدہ تصویرون وغیرہ کے آیینے تیار ہوتے ہین۔ اس گلاس کے بنانے مین اون چیزون کی بڑی ہوشیاری کرنا چاہئی جن سے یہہ گلاس بنایا جاوے اور اس گلاس کی ترکیب اور پکانے وغیرہ سب مین بہت ہوشیاری کرنا چاہیے اس قسم کی کانچ تیار کرنے کے لئے مقدار مندرجہ ذیل عمل مین لاوین۔

عمدہ سے عمدہ سپید ریت	۷۲۰ حصہ
عمدہ سے عمدہ سوڈا	۴۵۰ "
لایم یا چونا	۸۰ "
نائٹر یا شورا	۲۵ "
ٹوٹے پہوٹے پلیٹ گلاس کے ٹکڑے	۴۲۵ "

کھڑکیون اور دروازون مین لگانیکو عام شیشے یا آیینے تیار کرنیکی ترکیب

ریت	۱۰۰ حصہ

چاک یا کھریا مٹی ۳۵ حصہ

سوڈا ایش یا سوڈا کی راکھ ۳۰ ”

اور بہت سے ٹوٹے پھوٹے گلاسوں اور کانچ کے ٹکڑوں کی —

ادب

باقی مقالہ گذشتہ اسباب حقیقیہ سعادت و شقاء انسان

بیان اینکہ هیچ شکی نیست کہ مبدع کون چندین گونہ قوہ ها در انسان نهادہ است و اگر درست ملاحظہ شود ظاهر خواهد شد کہ آن قوہ ها عبارتست از میلها و خواهش هائی موجب تجاذب و جذب و تنفرها و کراهتهای باعث دفع وطرد و تحذرهای مستوجب صیانت و محافظت و تأثرها و انفعالات نفسانیہ مستلزم تعاون و تناصر — و آن میلها و تنفرها و تحذرها و تأثرها اصول اخلاق و جرائیم سجایای افراد این نوع است — و هر یکی از آنها در حفظ حیات شخصیہ و صیانت وجود نوعی و در استحصال ضروریات معیشت و اکتساب زندگانی بنهج اکمل بمنزلہ عضوی و جارحہ‌ئی میباشد — و چنانچہ فقدان بعضی از جوارح و اعضا موجب نقص در زندگانی و انعدام برخی سبب عدم قدرت بر استحصال ضروریات و لوازم حیات و فساد پارہ‌ئی مقتضی هلاک شخص و زوال صنفی باعث اضمحلال نوع خواهد گردید همچنین است حال آن اصول اخلاق و جرائیم سجایا و لکن بشرطیکہ علی الدوام تحت مراقبہ عقل بودہ از حدود طبیعیہ و مقتضیات فطریہ تجاوز نکنند والا فوائد آنها بمفاسد مبدل شدہ موجب هلاک شخص و یا تباهی هیئت اجتماعیہ و یا ضیق در معیشت و زندگانی خواهد شد —

چنانچه قوهٔ شهویّهٔ بهیمیّه یعنی میل و خواهش مأکل و مشارب و زنها که باعث طلب بقای نسل و موجب توالد و تناسل است و بدون این قوهٔ شریفه ابقای نوع ما و پایداری ممکن نباشد ولکن چون بسبب سوء تصرف بسر حدّ غلّه و شره رسید مستلزم فساد مزاج و حصول امراض و در غالب اوقات باعث هلاکت خواهد گردید - و بلا ریب اصحاب شره و غلّه همیشه بحقوق دیگری تعدیها خواهند نمود و از برای قضای شهوات خود با انواع مکرها و حیله‌ها و خدعه‌ها بکار خواهند برد و اگر از اصحاب اقتدار بوده باشند آنها را از روی قهر و غلبه حقوق ضعفا و زیردستان را بتصرف خواهند کرد - و البتّه چون این صفت شره و غلّه عمومی شود موجب فساد هیئت اجتماعیّه خواهد شد - میل حیات و حب زندگانی مقتضی بنای قصور و عمارات و داعی بر انشای مدن و قصبات و قریه‌ها که زیب و زیور عالم انسانیت میباشد و جمیع صنایع جمیله و بدایع انیقه و حرف نافعه بواسطهٔ همین میل بظهور رسیده است - و این میل و محبت حیات است که انسانها را برین داشت که از خواص معادن و نباتات و حیوانات بحث کنند و آثار ازمان و فصول را دریافت نمایند و طبایع اراضی و اهویه را بفهمند و حرکات کواکب و قرب و بعد آنها را استنباط کنند - پس بدون این میل بقای نوع انسانی متعذر خواهد بود ولی چون حب حیات بحدّ افراط رسد در بعضی اوقات مستوجب هلاکت خواهد گردید چنانچه لشکریان روباه دل بسبب افراط حب زندگانی از میدان حرب گریخته که جانی بسلامت برند این امر موجب جرئت و اقدام دشمنان شده آنها را بزودترین وقتی بوادی هلاکت سیر نمایند و در بعضی اوقات مستلزم این می‌شود که مفرطین در محبت حیات

بذل و مسکنت و عبودیت مبتلا کردند و با نهایت پریشان حالی و فقر و فاقه طوق
اسیری بر گردن نهند وآیین در آن وقتیست که بسبب گران جانی و محبت
زنده گانی از قوم و وطن خودها دفاع نکنند —

محبت ذات موجب آنست که انسان در استحصال منافع خویشتن بکوشد
و بقدر طاقت خود اسباب راحت و رفاهیت زنده گانی را اکتساب نماید
و خود را برتب شریفه و مراتب عالیه برساند — ولی اگر محبت ذات از حد تجاوز
کند باعث آن خواهد شد که صاحب آن صفت منافع خود را بواسطهٔ ضرر دیگران
بدست آورد و حقوق عباد الله را باطلهای خود ابطال کند — و البته اگر متصفین
بدین صفت بسیار شوند امنیت مرتفع شده سلسلهٔ انتظام هیئت اجتماعیه منقطع
خواهد گردید —

میل برتری و طلب تفوق در کمالات صوریه و معنویه بر دیگران انسان را
بر جد و اجتهاد دعوت میکند و بدان سعادت و نیک بختی دو جهان حاصل می شود —
و بدون این میل هرگز کمالات انسانیه بظهور نخواهد پیوست و اختراعات عجیبه
و فنون غریبه لباس هستی نخواهد پوشید و مزایا جلیلهٔ انسانیه و قوای عظیمه
اینکه در بشر ودیعه گذاشته شده است بمنصهٔ شهود جلوه نخواهد کرد بلکه اگر این
میل نباشد انسانها باول درجهٔ حیوانیت مانده از عقل و ادراک خود بهره‌ئی
نخواهند گرفت — پس این صفت محرک اول است بسوی اسباب نیک بختی
اگر در نزد ارباب عقول ناقصه بتکبر منجر نشود و اصحاب نفوس خسیسه آنرا
بحسد مبدل نسازند — و اگر بسر حد تکبر برسد اول مفسده‌ئی که بروز [illegible]

می‌شود و قوت حرکت انسانیت بسوی معالی زیرا آنکه اگر شخصی را حسد بمقامی که مزایا و فضائل بشریه را پایانی نیست و حد و نهایت و ترقیات انسانیه را حدی نه و هیچ وقت او را بسبب خصائل و کمالات [illegible] و شدت قوة و غلبه خود تکبر حاصل نخواهد شد پس تکبر انسان را [illegible] می‌شود که گمان کمال و تمامی خود نماید و این عین وقوف و سکون است و دوم تباهی اینکه [illegible] بظهور میرسد قطع روابط عالم انسانی و چهار ارکان قوام انسانیت است چیست آنکه روابط و الفت انسانها با یکدیگر قوام انسانیت است [illegible] و تعاون و التزام [illegible] با یکدیگر و چون صفت تکبر در کسی متمکن شد و از [illegible] این امور دوری گزیند [illegible] معاشرت و معارفه دیگران کند [illegible] گرفته [illegible] وجود او در عالم انسانی [illegible] کالمعدوم خواهد بود و اگر این صفت عمومی شود لامحاله روابط [illegible] و ارکان قوام انسانیت منهدم خواهد گردید و اگر این صفت تکبد منجر شود [illegible] شده باعث تباهی هیئت اجتماعیه خواهد شد و طرق [illegible] مزایا [illegible] طالبان مسدود خواهد نمود زیرا آنکه حسود چون [illegible] دنیا را مجارات با خدا و ندان نعمت و ارباب [illegible] و اظهار نقائص آن و افساد اعمال دیگران [illegible] از حسد او آن دقیقه رهبت اجتماعیه بظهور میرسد —

حب صیت و میل و خواهش نام آوری موجب آنست که هر انسانی غایة جد و نهایت جد و اجتهاد خود را در منافع عمومیه بکار برد و این صفت دعوت می‌کند

افراد بشر را بر اینکه صرف فکر نموده از برای فائدهٔ خلق علوم نافعه و صناعات عجیبه را اختراع کنند چونکه نیک نامی بغیر از منفعت عموم بدست نخواهد شد — و این خواهش نام آوریست که از برای صیانت وطن جان فشانی را بهر ارباب نفوس کبیره سهل و آسان میکند و این حب صیت است که نفوس را از شرارتها و تعدیها و ظلمها منع میکند و همهٔ این کتب نافعه و تألیفات مفیده و اختراعات غریبه و اشعار رائقه و آداب فاضله آثار همین خواهش نام آوریست — اما نباید این میل را بسبب سوء استعمال بجائی رسانید که نفس انسانیه راضی شود بدینکه از راه های حیله و غدر و مکر و دروغ و ریاکاری استعمال صیت و اکتساب نیک نامی نماید بی آنکه حقیقةً فعلی که قابل نام آوریست از او سر زده باشد مثل اینکه از برای نام آوری مؤلفات و اشعار دیگران و صنایع و اختراعات دیگران را بخود نسبت بدهد زیرا آنکه اولاً این گونه نام آوریها هیچ به لذت و مسرتی در نفوسها نخواهد بود بلکه بجز انفعالات و انقباضات نفسانیه اثر دیگری نخواهد بخشید و ثانیاً اگر استعمال این نوع صیت و نام آوری در امتی عمومی شود البته نفوس از حرکت بسوی معالی و اکتساب فضائل باز خواهد ایستاد اما نفوس آنانکه بدین گونه اکتساب نام آوری کرده اند بجهت آنکه دیگر ایشان را داعی و مقتضی باقی نخواهد ماند و اما نفوس آن اشخاصیکه هنوز مشهور بنام نیکی نشده اند بواسطه آنکه چون ایشان را معلوم شود که حسن صیت از طریق حیله و مکر و ریاکاری نیز حاصل می شود بلا شک نفوس ایشان از تحمل رنج و تعب مسالک نام آوری حقیقی سر باز زده طریق اسهل یعنی راه حیله و مکر و ریاکاری را خواهند پیمود —

رب

بل ستایش ارباب کمال و خدمهٔ عموم افراد انسان و خیرخواهان عالم و خواهش
ذم و نکوهش اشرار و خلل اندازان هیئت اجتماعیه شوق مینماید انسان مجبول
بر طلب مدایح را بسوی کمالات و تحریض میکند بشر مفطور بر حب ستایش را
بر مکارم اخلاق و زجر مینماید مردم را از هبوط و منع میکند از انحطاط و ارتکاب
افعال رذیله — و چون افراد بشر را معلوم است که میل مدح اخیار و خواهش نکوهش
اشرار مرکوز است در نفوس انسانیه پس این میل و این خواهش بزرگترین
باعث خواهد بود از برای اینکه مردم منافع عمومیه را بر منفعت شخصیه ترجیح دهند
و از شرارت و بدخواهی نوع بشر دوری گزینند — و بلاشک اگر مدح و ذم نمی شد
در حرکت انسان بسوی فضائل ابدا حاصل می شد و در همت آن فتور روی
میداد و عملش خالی از قصور نمیگشت پس مدح و ذم چرخهای گردون ترقیات
انسانست و بدون این دو امر کمال و اعتدال از برای او حاصل نخواهد شد
ولکن نباید ستایش کننده افراط کرده ستایش خود را بدرجهٔ تملق برساند
که ممدوح را مغرور و از اکتناه احوال خویش کور سازد — و اگر تملق در قومی
شیوع یابد بلاشبه فساد اخلاق که بنیاد کهن مدنیت است آن قوم را
فرا خواهد گرفت زیرا آنکه چون متملقین فضیلت حقیره ای را چون کوهی در نظر
صاحب آن فضیلت جلوه دهند و معایب آن را بلباس فضائل بپوشانند
البته آن شخص در نفس خود اشتباه کرده دیگر در اصلاح آن نخواهد کوشید
و این سبب آن می شود که رفته رفته فساد اخلاق بر و غلبه کند و چون باهر کسی
این طریق را پیمایند فساد عمومی خواهد شد — و همچنین نباید نکوهش کننده

افراط کرده خود را فوق تمام قرار دهد و متعرض هتک اعراض عباد الله شده افعال قبیحه
ایکه منسوب بآنها متعدی نیست از این و از آن نقل نماید و بلا ملاحظه منافع عامه قدح
در زید و طعن در عمرو کند چون این گونه روش باعث اثارهٔ فتن و تاسیس اساس
عداوات خواهد گردید و اگر این صفت در امتی فاش شود سلسلهٔ انتظام آن
امت گسیخته خواهد شد —

میل استکشاف احوال امم و حب اطلاع بر تواریخ عالم موجب آنست که انسانها
حوادث ماضیهٔ قبائل و شعوب را بمنزلهٔ آیینه قرار داده و در آنها صور احوال آینده
خود را ملاحظه کنند — و اگر بواسطهٔ این میل اطلاع بر احوال اجیال سابقه
حاصل نمی شد انسان را چگونه ممکن بود که این طریق مظلم حیات و این سبیل پر خوف
و خشیت زندگانی و این مسلک تنگ سهمناک دنیا را با این عجز و ناتوانی قطع
نماید و چه سان میتوانست که مسالک خیر را از مهالک شر تمیز دهد — و اگر بسبب
این میل علم به تجربهای پیشینیان دست یاب نمیگشت مهیا نمودن وجوه استکمال
اسباب حیات چگونه ممکن بود — این میل است که عقول و ادراکات جمیع امم
ماضیه را در عقل شخصی واحد جمع میکند — و این میل است که انسان را بجائی
میرساند که بمدد حواس ظاهره و باطنه گذشتگان فائده میگیرد و بچشمهای ایشان
نظر میکند و بگوشهای ایشان می شنود — و اگر این میل در شخصی نباشد و خواهش
اطلاع بر احوال و حوادث امم نداشته باشد آن بیچاره درین عالم چون کوری
خواهد بود بی دست و پا که در بیابان بی آب و گیاه وحید و تنها و بی زاد
و توشه مانده باشد — و سوء استعمال این میل اینست که انسان تواریخ امم را

چون افسانها شنیده بمجرد استماع آنها بی غور و بی ملاحظه مسرور گردد چنانچه ببلاد عجم امرا مشرق است که در وقت غنودن بر روی بستر افسانه گوئی را بهر حیله دارند که قصص و حکایات گذشتگان را ذکر کند تا ایشان درین امر بغیر از لذت افسانه شنیدن فائدهٔ دیگری ملاحظه نمی کنند —

میل بمعرفت علل و اسباب حوادث و حب دانستن خواص و آثار اشیاء باعث فتح ابواب منافع است بر روی انسانها — و این میل رهنمائی میکند افراد بشر را بسوی صنایع عجیبه و اختراعات غریبه — و علم طبیعت و علم کیمیا که عالم را از صورتی بصورتی دیگر در آورده است بلکه جل علومیکه موجب تکمیل عقول و مقتضی تقدیم نفوس و باعث اصلاح شئون ظاهریه و باطنیهٔ انسانها گردیده است همگی از آثار همین میل و از نتایج همین خواهش است — و این میل است که قوام انسانیت انسان است و بدین از سائر حیوانات امتیاز یافته است و اعظم سعادتها و نیک بختیها را بواسطهٔ این استحصال نموده است — پس هر انسانی را واجب است که این میل مقدس را از سوء استعمال مصون و محفوظ دارد و در امور بلا فائده آن را بکار نبرد تا آنکه از منافع و فوائد آن خود را و دیگران را محروم نسازد — چنانچه متفلسفین مشرق زمین خود ها را محروم ساخته اند زیرا آنکه ایشان از قرون متعدده رغبت و میل خود ها را در مسائلی بکار برده اند که نه در آنها منافع دنیویه است و نه منافع اخرویه چون مسئلهٔ هیولی و صورت و مسئلهٔ عقول عشره و نفوس تسعه و مسئلهٔ محدد الجهات و عدم جواز خرق و التیام بر افلاک و امثال اینها از خزعبلات و خرافات —

میل محامات از وطن و جنس و خواهش مدافعهٔ از دین و هم کیش یعنی تعصب وطنی و تعصب جنسی و تعصب دینی بر میانگیزاند انسانها را بر مسابقت در میدان فضائل و کمالات و باعث این می شود که اصحاب ادیان و ارباب اوطان و قبائل و شعوب در اعلای کلمهٔ خودها بکوشند و موجب این میگردد که هر یک از آنها در اسباب عزت و شوکت و وسائل قوت و سطوت سعی و اجتهاد خودها را بکار برند — و این میل است که قبائل و ارباب ادیان را برین میدارد که بر مدارج شرف عروج کنند و بکوشش تمام مزایای عالم انسانی را استحصال نمایند — و این میل است که آتش غیرت را در نفوس مشتعل میگرداند — و این میل است که نمیگذارد انسانها را که بفقر و مایه گی راضی شوند — و این میل است که از برای تشیید قصر مجد و شرف جماعات کثیره را متفق میگرداند و بصیانت حقوق عمومیه دعوت می کند و بر حمایت وطن و مدافعهٔ از شرف و دین بر میانگیزاند — ولی نباید این میل مقدس را بسبب سوء استعمال بحدی رسانید که با عدالت و حقانیت مضادّه نموده موجب ابطال حقوق و باعث جور و تعدی بر دیگران گردد و یا آنکه سبب حقد های بیجا و عداوتهای بیفائده شود چونکه دل از برای این خلق نشده است که عداوت کده و بیت الضغینه بوده باشد — و چون کلام بدینجا رسید میخواهم با هزار تاسف بگویم که مسلمانان هندوستان میل حمایت دین یعنی تعصب دینی را بسیار بهیچ بکار برده اند زیرا آنکه ایشان تعصب را بسبب سوء استعمال بحدی رسانیده اند که موجب بغض علوم و معارف و سبب تنفر از صنایع و بدایع گردیده است — و چنان گمان کرده اند که آنچه منسوب بمخالفین دیانت اسلامیه بوده باشد باید

از روی تعصب دینی آن را مکروہ و مبغوض داشت اگرچہ علوم و فنون بودہ باشد
و حال آنکہ از روی تعصب دینی بر ایشان واجب چنان بود کہ ہر جا فضیلتی و
کمالی و علمی و معرفتی بہ بینند خود را سزاوار و اولی دانستہ در استحصال آن سعیہا
و کوششہا بکار برند و نگذارند کہ مخالفین دیانت حقہ اسلامیہ در فضیلتی از فضائل
و در کمالی از کمالات بر ایشان سبقت گیرند۔ افسوس ہزار افسوس ازین سوء
استعمال تعصب دینی کہ عاقبت آن بتباہی و اضمحلال منجر خواہد شد۔ و میترسم
از سوء استعمال تعصب دینی مسلمانان ہند بجائے برسد کہ یکبارگی مسلمانان
دست از حیات شستہ زندہ گانی را ترک کنند بجہت آنکہ مخالفین دیانت اسلامیہ
درین عالم زندہ گانی میکنند لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ باقی آیندہ

راقم جمال الدین حسینی

زراعت

بقیہ مضمون زراعت

اور زمین تہ نشین ہو جاوے پہر اوس پانی کو سونگہیں اور چکہیں اگر وہ پانی بدبودار
نہ ہو بلکہ خوشبو و ذائقہ ہو تو وہ زمین عمدہ ہی اور اگر پانی کہاری ہو جاوے تو
وہ زمین شور ہے اور اگر بدبودار ہو جاوے تو وہ زمین خراب ہی جہان تک
کہ مزہ اور بو خراب ہو۔

پہر حکیم ذیمقراطیس نے کہا کہ جو زمین بدبودار ہو یا شور ہو اوس سے
پرہیز کرنا چاہئے مگر نمکین زمین کہجور کے درخت کو سزاوار ہے۔
حکیم یونیوس نے کہا کہ اگر زمین کا امتحان کرنا چاہیں کہیتی کے لئے تو ایک
گز قدم ... کہود دین پہر اوسکا مزہ اور بو دریافت کرین اگر انگور کی بیل لگانا

چاہین تو تین قدم برابر گڈہا کہودین اور جو درخت گاڑنا چاہین تو چار قدم گڈہا کہودین
اور جو زمین بری ہو رکہنی ہو اوس سے ہر حال مین بہاگنا چاہیئے کسلیئے کہ وہ نکمی ہے
حکیم سید آغوس نے کہا جب دو زمینون کا امتحان منظور ہو کہ کون سی بہتر اور
عمدہ ہے تو ایک ہی برتن مین پہلے ایک مٹی بہر اور ترازو کے ایک پلڑے
مین ڈالدے پہر دوسرے مٹی سے بہر اور دوسرے پلڑے مین ڈالدے
بعد اوسکے تول جو مٹی ہلکی ہو وہی بہتر ہے لیکن شرط یہ ہے کہ دونو مٹیان
خشک ہون یا تری مین برابر ہون —

ابن حجاج نے کہا بعضون نے زمین کی عمدگی اور خرابی پر استدلال کیا ہی
بعضی چیزکے اوگنے سے جسمین کبھی خطا نہین ہوتی مثلاً مقیشر جسکو قروال
کہتے ہین یا حرو بجری جسکو بستناج کہتے ہین کیونکہ یہ دونون گہانسین نہین اوگتی
ہین مگر عمدہ زمین مین اور یہ بات اکثر ہی ہے اور جو زمین بری ہوتی ہے اوسمین
زعتر اوگتا ہی جسکو صفر الحمیر کہتے ہین اور اثر دلین جسکو ہستل کہتے ہین اور حسک اور
سوکہی گہانس گری ہوئی اور قمح بری جسکو قمح الجمل کہتے ہین کیونکہ یہ گہانسین نہین اوگتی
ہوتی ہین مگر بری زمین مین خلاف اور گہانسون کے کہ وہ عمدہ اور بری زمین
دونون مین ہوتی ہین جیسے پہاڑ اور سخت ترکا بیابان —

بعضون نے کہا عمدہ زمین وہ ہی کہ اگر برسون آباد نہ ہو اوسمین درخت نہ اوگین
اور جو زمین بری ہوتی ہے اوسمین درخت اوگ آتے ہین —

ابن حجاج نے کہا ہم نے زمین کے باب مین جو بیان کیا امید ہے کہ اوس پر قناعت
ہو جاویگی اگر خدا چاہے اور شاید کوئی کہے کہ جس زمین کی حکما نے مذمت کی ہے

ہم دیکھتے ہین کہ بعضے چیزین اوسمین خوب پیدا ہوتی ہین جیسے ریت ہے کہ
کہ اوسمین ببول کا درخت عمدہ ہوتا ہے اسیطرح خاج اور نسل (کتم) سخت زمین
مین خوب ہوتا ہے تو اوسکا جواب یہ ہے کہ تم جو کہتے ہو صحیح ہے پر بعضی زمین
ایک خاص قسم کی چیز کے لئے مناسب ہوتی ہے لیکن ممکن ہے کہ اور چیزون
کے لئے نامناسب ہو پس حکیمون نے اوس زمین کو عمدہ کہا ہے جو تر اور
گرم ہو یا صرف تر ہو اور جو زمینین اسکے برخلاف ہین اون کی مذمت کی ہے
اسکی وجہ یہ ہے کہ حکما اوس زمین کی تعریف کرتے ہین جو گیہون اور جو اور
باقلا وغیرہ کے مناسب ہو کیونکہ لوگون کو عموماً ان چیزون کی احتیاج ہے اسیطرح
تعریف کرتے ہین اوس زمین کی جو باغ کے میوون کے مناسب ہو جیسے
سیب اور امرود اور آلو کے اور ترکاریون کے جیسے بیگن اور دہنیا (کشنیز)
اور ساگ وغیرہ ــ

شولون نے کہا جو زمین تر ہو اوسمین ہر ایک چیز کی زراعت ہو سکتی ہے اور ہر ایک
درخت لگ سکتا ہے اسیواسطے حکیمون نے اوسکی تعریف کی ہے اور فضیلت بیان
کی ہے اور ایک چیز کے عمدہ پیدا ہونے سے کسی زمین مین وہ زمین عمدہ نہین
ہو سکتی جیسے نرمس (ایک قسم کا چھوٹا باقلا) وہ ریتی کے زمین مین عمدہ ہوتا ہے
اب نرمس کے عمدہ ہونے سے ریتی کی زمین فضیلت نہین حاصل کر سکتی کیونکہ
یہ امر شاذ اور نادر ہے اور اگر نرمس عمدہ زمین مین بویا جاوے تو بہی اچھا ہوتا ہے
اسیطرح صنوبر کے ریتی مین عمدہ ہونے سے ریتی کی عمدگی نہین ہوتی کیونکہ اور
میوون کے لئے وہ مناسب زمین نہین ہے جیسے سیب اور جام اور آلو وغیرہ۔ باقی آیندہ

راقم وحید الزمان


باز

حیوانات

شکاری پرندونکا بیان

عقاب اور باز

ہمنے عقاب اور باز دونون کو پرندون کی ایک قسم مین شامل کیا ہے۔ اسکی وجہ یہہ ہے کہ اگرچہ عقاب اور باز کی شکل اور عادات بالکل یکسان نہین ہین لیکن تاہم ان دونون مین ایک بہت بڑی مشابہت ہے یہہ پرندے اکثر جنگلی اور وحشی جانور ہوتے ہین اور انکی ٹہیک تشبیہ شیر اور چیتے اور دوسرے چوپایی درندون سے دیجاسکتی ہے جو دوسرے جانورون کو شکار کرکے اونکا گوشت چیر پہاڑ کر کہاتے ہین اور اپنا پیٹ بہرتے ہین۔

عقاب سب پرندون مین بڑا جانور ہے اور اگرچہ ایک یا دو قسم کے گدہ اس سے ایک ذرا بڑے ہوتے ہین لیکن اور کوئی پرند عقاب سے بڑا نہین ہوتا ہی اور اسکو پرندون کا بادشاہ کہنا درست ہے۔ جن لوگون نے عقاب کو کٹہرون اور بڑے بڑے پنجرون مین دیکہا ہے اونکو وہ اصلی اور طبیعی حالت اوسکی نہین معلوم ہوتی ہے جبکہ وہ پہاڑون اور چٹانون مین پہرتا ہے جہان کہ وہ اپنا گہونسلا بناتا ہے۔ لارڈ ایڈورڈ اسٹنلی صاحب لکہتے ہین کہ ہم اتفاقاً ایکمرتبہ عقاب کے گہونسلے کے پاس جا نکلے۔ اور جب ہم اون اونچے گہاٹیون پر چڑہے جو آورن* ضلع مین واقع ہین جہان جوالا مکہی یا کوہ آتش فشان زیادہ ہین اور اوسکے قریب ایک بڑی اونچی جگہہ سے پانی گرتا ہے

* آورن فرانس کی سرزمین مین واقع ہے۔

اور بڑے زور و شور کے ساتہہ اون چٹانون مین لہرین مارتا ہے تو ہمنے اس
پانی کے زور و شور مین ایک تیز آواز سنی اور وہ ایسی آواز تہی کہ گویا آسمان سے
آتی ہے جب ہمنے اوسطرف نگاہ کی جہان سے وہ آواز آتی ہوی معلوم ہوتی تہی
تو ہمکو ایک چہوٹی شے حرکت کرتی ہوی دور سے معلوم ہوی - یہہ شی جو دور سے
چہوٹی معلوم ہوتی تہی ایک سنہرا عقاب تہا جو نیچے کے میدان سے آرہا تہا -
متصل بڑہنے سے ہمکو یہہ معلوم ہوا کہ اوسکے بازو بہت کم حرکت کرسکتے ہین
بجاے اوڑنے کے وہ ہوا مین مثل جہاز کے تیرتا معلوم ہوتا تہا اور کبہی کبہی
اوسکے پر کسیقدر تہہ تہپلتے تہے - چونکہ وہ سیدہا ادہر کو چلا آتا تہا
اسواسطے ہمنے اپنے آپکو ایک چٹان کے پیچہے چہوپایا اور اوسکی حرکت کو
دوربین کے ذریعہ سے دیکہا - پہلے پہل جب ہمنے اوسکو دیکہا تو وہ ایک
میل کے فاصلہ پر تہا لیکن ایک منٹ کے عرصہ مین وہ گولی کے ٹپہ پر آگیا

باقی آئندہ - محب حسین

تاریخ

آنربل جان آدم

آنربل جان آدم ۴ مئی ۱۷۹۵ء مین پیدا ہوے اور یہہ رایٹ آنربل
ولیم آدم کے بڑے بیٹے تہے جو اسکاٹلنڈ کی عدالت جوری مقدمات دیوانی
مین لارڈ چیف کمشنر رہی ہین انکا سلسلہ ماں کی طرف سے الفنٹن صاحب سے
ملتا ہے ۱۸۰۴ء مین سول سروس بنگالا مین داخل ہوے اور فروری ۱۸۰۶ء
مین اپنے ماموں مونٹ الفنٹن (گورنر سابق بمبئی) کے ہمراہ کلکتہ مین آے
اور مختلف سرکاری خدمتوں کو انجام دیتے رہے یہان تک کہ کلکتہ کے

کونسل مین ممبر اعلی مقرر ہوے اور اوسی حالت مین (جب دنون لارڈ ہسٹنگ اپنی خدمت کی مدت تمام کرکے ولایت گئے) مسٹر آدم کو عہدہ گورنر جنرلی کا کام دیکھنا پڑا اور قریب ساتھہ مہینہ کے سنہ ۱۸۲۳ء مین لارڈ امہرسٹ کے تشریف آوری تک اسی خدمت کو نہایت استقلال اور عمدہ انتظامون کے ساتھہ انجام دیتے رہے آزادی مطابع کو اپنے زمانہ حکومت مین اونہون نے روک دیا چونکہ وہ چند سال سے پیچش مین مبتلا تھے اور مختلف جگہہ تبدیل آب و ہوا کے لئے پھرے مگر کوئی فائدہ نظر نہ آیا ناچار لارڈ امہرسٹ کے جا پہنچتے ہی انگلستان جانے کا ارادہ کیا اور مارچ سنہ ۱۸۲۵ء مین جہاز پر سوار ہوے لیکن بیماری اونکے مزاج پر اسقدر غلبہ کر گئی تھی کہ وہ جان بر نہو سکے اور اثناے سفر مین اونہون نے جہاز ہی پر انتقال فرمایا اونکی لاش ۴ جون کو جزیرہ مڈاگاسکار کی طرف سمندر مین ڈال دے گئے اور اونکے مختصر حالات عمری ایک تختی پر سینٹ جارج چرچ مین آویزان کیئے گئے اور ایک قد آدم تصویر اونکی یادگاری مین ٹون ہال کلکتہ مین لگائے گئے مسٹر آدم نے ایسٹ انڈیا کمپنی کی ۳۰ برس نوکری کی ڈایرکٹرون نے اونکی نسبت لکہا ہے کہ اونکی دیانت اور لیاقت اور مستقل سرگرمی اس قابل ہے کہ اور لوگ اوسکی پیروی اور تقلید کرین۔

راقم اکرام الدین

سوم [illegible]

طب

بقیہ مضمون حفظ صحت ازواج

نقض مضمون حفظ صحت ازدواج

۲۱ حیض تیس برس تک بلکہ بعض وقت ۳۵ سال تک جاری رہتا ہے اور جب تک وہ جاری رہتا ہی عورت حاملہ ہو سکتی ہی بشرطیکہ حیض معمولی زمانہ سے زیادہ دنون تک نرہی حسب قاعدہ اسواسطے جب حیض بند ہوتا ہی تو اولاد بہی بند ہوتی ہی اسلئے چونکہ حیض عموماً پینتالیس برس پر بند ہو جاتا ہی یہہ امر بہت کم ہی کہ بعد اس عمر کے عورت لڑکا جنے ـــ

۲۲ مین نے ایسے عورتون کے لڑکا ہوتے دیکہا ہے جنکی عمر پچاس برس سے زائد تہی اگرچہ یہہ امر بہت کم ہی کہ عورتین بعد تینتالیس سال یا ۴۵ سال کے حاملہ ہوتی ہین مین نے خود ایک عورت کو جنایا تہا جسکی عمر ۵۱ برس کی تہی اور اوس نے ایک عمدہ تندرست لڑکا جنا۔ اوسکی زچگی کم تکلیف دہ اور آسان تہی اور اوسکے بہت سے لڑکے تہے اور اوسکے چہوٹے لڑکے کی عمر اس زچگی کے وقت بارہ سال کی تہی۔ ڈاکٹر کارپنٹر نے جو مقام ڈرہم کے رہنے والے ہین مجہہ سے بیان کیا کہ مین نے چند عورتون کو جنایا جنکی عمر پچاس سال کی تہی مجہکو ایک صورت اچہی طرح سے یاد ہی جو میرے باپ کے وقت مین بسنہ ۱۸۳۹ع واقع ہوئی اور وہ یہہ تہی کہ ایک عورت ۴۹ سال کی عمر مین بیوہ ہوئی بعد بیوہ ہونے کے اوس نے جلدی دوسرا نکاح کیا اور بارہ مہینے کے عرصہ مین اوسکے پہلا لڑکا پیدا ہوا یہہ صورتین محنت کرنے والے لوگ یا مزدورون مین واقع ہوئین لیکن دو اور صورتین مجہکو معلوم ہین جنمین شریف عورتون نے پچاس کی عمر مین لڑکا جنا ایک نے پہلا لڑکا جنا اور دوسرے نے آٹہوان لڑکا جنا۔ مین یہہ بات نہین کہہ سکتا ہون کہ کسطرح اونکی حیض جاری ہوتا تہا۔ لیکن مین ایک کو اور ہی لڑکی کو جانتا ہون جسکا حیض برابر جاری اور کم وکاست ساٹہہ سال کے اخیر تک جاری رہا۔ ڈاکٹر پاول کہتے ہین کہ سال گذشتہ مین مین نے ایک عورت کو

جنا جسکی عمر ۲۵ سال کی تہی اور مسٹر میکفورڈ کہتے ہین کہ مین نے ایک عورت کو جنا یا جسنے اپنی عمر
کم سے کم پچاس سال کی تبلائی - مسٹر کلارک نے جو مقام مولڈ کے رہنے والی تہے بیان کیا کہ
مین نے چند عورتون کو جنایا جنکی عمر ۴۴ سال سی زائد تہی اور بیان کیا کہ فی الحال مین نے ایک کو
جنایا جسنے پہلا لڑکا جنا اور جسکی عمر ۴۴ سال کی تہی - مسٹر بلاوکس ہیم نے جو پورٹ ماوتہ کے
رہنے والی ہین بیان کیا کہ مین نے ایک عورت کو جنایا جسکی عمر ۵۲ برس کی تہی اور جسنے
اپنی شادی ۲۵ برس کی عمر مین کی تہی —

۲۳ لڑکا ہونے کی صورتین مندرجہ ذیل جو صحیح ہین مگر نادر ہین اہی
وقوع مین ائی ہین - جرنل ڈی ٹولس مین مندرج ہی کہ میڈہم وئہم مقام لامورکی نے
جسکی عمر ساٹہہ برس کی تہی تہوڑے دن ہوے کہ دو لڑکے توام جنے

۲۴ مین نے ایک زیادہ عمر کی عورت کے بچہ پیدا ہونے کی صورت بیان
کی اب مین ایک صورت بہت زیادہ کم سن عورت کے بچہ جنے کی جو میرے مشاہدہ مین
آئی بیان کرتا ہون - جسمین ایک لڑکی نے ۱۶ برس کی عمر تک تین لڑکے جنے - اوسکی
شادی ۱۲ سال کی عمر مین ہوئی تہی اور اوسکے خاوند کی عمر صرف ۱۵ برس کی تہی

۲۵ بہت گرم ملکون مین جیسے ابیسینا اور ہندہی لڑکیان بہت کم عمری
مین یعنی دسوین یا گیارہوین سال حیض سے ہوتی ہین فی الحقیقت بعض اوقات
وہ اس سن مین بچے جنتے ہین لیکن جب حیض جلدی شروع ہوتا ہی تو جلدی بند بہی
ہوتا ہی اسیطرح سے وہ تیس برس کی عمر مین بوڑہی ہوجاتی ہین —

۲۶ ہم جانتے ہین کہ انسان کے زمانہ بلوغ مین قدرتی ایک بہت بڑا فرق ہے
اور یہہ فرق صرف افرادہی کے درمیان مین نہین ہی بلکہ قومون کے درمیان بہی

یہہ فرق ایسا بڑا ہی کہ ایشیا کے بعض جنوبی ملکون مین ہم سنتے ہین کہ عورتین بارہ برس کی عمر مین صاحب اولاد ہوتی ہین - ڈاکٹر مانٹگومیری بعض عورتین جلدی بلوغ کی جو دلچسپ ہین بیان کرتے ہین - وہ ڈاکٹر بروس سے نقل کرتے ہین کہ اونہون نے ملک ابیسینیا مین اکثر گیارہ برس کی عورتین صاحب اولاد دیکہین ہین اور ڈیلاب نے بہی اسیہی قسم کی عورتون کو بنگال مین دیکہا ہے - ڈاکٹر گوڈیو نے جو کلکتہ مین مڈوائفری (دایاگیری) کے اوستاد یا پروفیسر تہے ایک سوال کے جواب مین جو اس بحث مین تہا بیان کیا کہ بہت چہوٹی عمر جسمین مین نے ایک ہندو عورت کو لڑکا جنتے دیکہا دس برس کی ہی لیکن مین نے سنا ہی کہ ایک نو برس کی عورت نے بہی لڑکا جنا

۲۷ سرد ملکون مین مثل روس کے عورتین بہت دیر مین حیض سے ہوتی ہین یعنی اکثر درمیان ۲۰ اور ۳۰ سال کے - اور چونکہ حیض کے جاری رہنے کا زمانہ اونمین تیس ۳۰ یا پینتیس ۳۵ سال کا ہوتا ہی اسواسطے اونکا بہت بڑی عمر مین یعنی ساٹہہ برس کی عمر تک لڑکا جنا غیر معمولی بات نہین ہے - وہ اکثر برابر حیض سے نہین ہوتی ہین اور یہہ بات سال مین تین یا چار دفعہ سے زیادہ ہوتی ہے اور جب یہہ صورت واقع ہوتی ہی تو حیض کا مادہ اکثر مقدار مین کم ہوتا ہی -

۲۸ حیض کا رقیق مادہ حقیقت مین خون نہین ہے اگرچہ صورت اور خواص مین بہت خون کے مشابہہ ہے - تاہم وہ تندرستی کی حالت مین اسطرح نہین جمتا ہی جیسے کہ خون جمتا ہی - وہ ایک مادہ ہے جو رحم سے آتا ہی اور جب حیض کا خون ایک تندرست عورت کا ہوتا ہے تو اوسکا رنگ بہت سرخ ہوتا ہی اور وہ اوس خون کے زیادہ مشابہہ ہوتا ہی جو ایک تازہ کٹی ہوئی اونگلی سے نکلتا ہی

۲۹ مادہ حیض کو جیسا کہ اوپر مذکور ہوا ہی جمنا نہین چاہیئے اور اگر ایسی صورت ہو تو عورت اپنے ایام مین سخت درد سے تکلیف اوٹھاتی ہے علاوہ برین جب تک یہ جمنا بند نہین ہوتا ہی وہ کبھی حیض سے نہین ہوتا ہے - اسواسطے ایسے صورت مین ایک حکیم کی مدد ضرور لینا چاہیئے جو کہ علامات دردآمیز مذکورۂ بالا کو دور کریگا اور اس علاج سے اوسکے حاملہ ہونے کی بھی راہ غالبًا کھولیگا -

۳۰ حمل مین حیض بالکل بند ہو جاتا ہی اور دودہ پلانے کے زمانہ یا ایام رضاعت مین بھی بند رہتا ہی اور رحم کی بیماری اور بے ترتیبی کی حالت مین بھی وہ بند ہو جاتا ہی - اور نہایت کمزوری کی حالت اور سخت بیماری مین بھی خصوصًا دِق اور سِل مین بند ہو جاتا ہی اور فی الحقیقت سل کی بیماری مین اوسکا بند ہونا بہت سخت علامات مین سے ہی -

۳۱ اسبات کا اقرار کیا گیا ہی بلکہ بڑے تجربہ کار آدمیون نے اسبات کا اقرار کیا ہی کہ بعض اوقات عورت ایام حمل مین بھی حیض سے ہوتی ہی اسبات سے مین اتفاق نہین کرسکتا ہون - یہہ بالکل غیر ممکن معلوم ہوتا ہی کہ اِس حالت مین عورت حیض سے ہونے کے قابل ہو - جسوقت وہ حیض سے ہوتی ہی اوسی وقت رحم کی گردن "میوکس" جھلی کے ذریعہ سے بند ہو جاتی ہے اور حقیقت مین اوسپر ایک تنگ مہر لگجاتی ہے - فی الواقع بعض اوقات ذرا سا سرخ مادہ جو حیض کے خون سے مشابہ ہوتا ہی معمولی ایام کے دنون مین نکلتا ہی لیکن عمومًا وہ مقدار مین بہت تہوڑا ہوتا ہے اور صرف ایکدن یا اِس سے زیادہ مین اور بعض وقت ایک یا دو گہنٹون مین بند ہو جاتا ہی - لیکن یہہ خون رحم کے اندر سے

کہ خدا نظر بد سے بچاے یہہ کام روز افزون ترقی پاتا جایگا اور یہہ قوم بہی اور قومون مین مشہور اور انگشت نما ہونے والی ہے —

ہم ہزار ہزار جان و دل سے **جناب نواب مکرم الدولہ بہادر دام اقبالہم** کا شکریہ دست بستہ ادا کرتے ہین جنکو اپنے قوم مین علوم و فنون پہیلانے کا شوق و ذوق ایک فطری خیال ہی اور جنکی دریا دلی اور فیاضی نیک کامون خصوصًا قومی کامون مین اظہر من الشمس ہے جناب نواب ممدوح علوم اور فنون کے بڑے حامی اور مددگار ہین جیسا کہ مسلمانونکو کسی وقت مین علوم و فنون کی سرپرستی مین خلفای عباسی پر فخر تہا جنہون نے بڑی بڑی مدرسے اور یونیورسٹیان ممالک یورپ اور بغداد مین قایم کی تہین اسطرح اب آجکل دکن مسلمانون کو جناب نواب ممدوح پر ناز ہی جنہون نے کئی ایک مدرسے قایم کئے ہین اور جیسا کہ ایک زمانہ مین اسپین کو حاجب محمد ابو المنصور پر ناز تہا ایسا ہی آجکل ہمارے حیدرآباد کو جناب نواب ممدوح کی توجہہ اور شوق پر فخر ہے —

غرض کہ جناب نواب صاحب مستثنی نوابان عظیم الشان مین سے ہین اور علوم و فنون کے نسبت خیال کرنے سے منتخب ہین —

اگر ہمارے ملک کے چند امرا بہی ایسے متوجہہ اور علم دوست ہون جیسا کہ جناب نواب ممدوح ہین تو امید قوی ہے کہ ہم بہت جلد اس اپنے نازک حالت سے بہت ترقی کر سکتے ہین اور اس ادبار اور افلاس کے ہلاک دریا سے ہم پار ہو سکتے ہین — خدا کرے ہمارے وطن کے امیرون اور رئیسون کے دلون مین ایک ولولہ علوم اور فنون کے پہیلانے کا پیدا ہو جاے اور جناب **نواب مکرم الدولہ بہادر دام اقبالہم** کی تندرستی اور دولت اور حشمت و جلال مین روز افزون ترقی ابدالآباد ہوتی جاے اللہم آمین ثم آمین —

فہرست مضامین

نام مضمون	نام مضمون نگار یا مولف	صفحہ
جر ثقیل — بقیہ مضمون پانی چڑھانے کے طریقے	محب حسین	۱۵۳
تدبیر منزل — غنا اور تونگری کی ترکیب	حافظ مولوی وحید الزمان صاحب	۱۶۲
معدن — بقیہ مضمون میٹلرجی	میرزا محمد مہدی خان صاحب کوکب ہند جیالوجسٹ مددگار صدر تعلقدار	۱۷۱
ادب — سوسائٹی یا کلب	نواب میر غضنفر علیخان بہادر عرف چاند بادشاہ	۱۷۸
نباتات —		
جال گوٹا	محب حسین	۱۸۰
طب — بقیہ مضمون طب کی مختصر تاریخ کا بیان	میرزا اصفدر علی صاحب طبیب افواج باقاعدہ	۱۸۱
تاریخ — عبدالمومن بن علی سلطان ملک ہسپانیا	نواب حافظ صدر الاسلام خان بہادر معتمد صدر المہام متفرقات سرکار عالی و میر مجلس جلسہ خیر خواہ ہند	۱۸۳
اخبار — علمی خبریں		۱۸۵
زراعت — تماکو بونے کے لئے کس قسم کی زمین ہونا چاہئے	محب حسین	۱۸۸
غزل —	محب حسین	//

فہرست تصاویر

تصاویر آلات	سید محمد غلام غوث صاحب	۱۵۴ تا ۱۶۰

رسالہ حافظ صحت

(۱) یہہ رسالہ عرصہ سے ہر مہینہ کے ۱۵ و ۳۰ کو نکلتا ہے (۲) اسمین حفظ صحت کے لئے خوراک پوشاک خواب و بیداری اور کثیر الوقوع امراض کے خاص علامات و طریق تشخیص و علاج و تجربہ ہای انگریزی و یونانی اور اُن تدابیر کا ذکر جو حسب تغیر موسم بطور علاج حفظ ما تقدم عمل مین لانے سے بیماری رُک سکتی ہے درج ہوتے ہین۔ (۳) جناب نواب لفٹنٹ گورنر پنجاب و سنٹری کمشنر و دایرکٹر و مڈیکل فکلٹی و چیف کمشنر میدر و راجہ صاحب جودھپور و کپور تہلہ و نواب بہادلپور معاون ہین۔ (۴) قیمت معہ محصول سالتمام کے لئے ۲ روپے سا سے عنقریب مشتہر رہین۔

رسالہ دافع آتشک رسالہ قیافہ المشتہر عہ

حکیم غلام نبی زبدۃ الحکما مہتمم رسالہ حافظ صحت لاہور موچی دروازہ

اشتہار

مجرب!!!

ادویہ مندرجۂ ذیل شرطاً تا حصول صحت باداے نقد قیمت لاہور موچی دروازہ مین دار الشفای حکیم غلام نبی زبدۃ الحکما مالک مہتمم رسالہ حافظ صحت سے مل سکتی ہین۔

۱- روغن دافع سستی و باریکی و کجی مجلوق بچپن کی خرابی سے اگر رگ پٹھے کمزور ہوگئے ہون تو اسکی چند روز مالش سے حالت اصلی پر آتی ہین فی تولہ عہ روپیہ

۲- ادویہ جو سوزاک و قرحہ کو جو سالہا سال سے ہو جلد دور کرے فی تولہ صہ روپیہ۔

۳- شربت دافع نامردی و رقت منی و جریان و احتلام و ضعف اعضای رئیسہ و معدہ و کمزوری اعصاب و تبخیر و درد کمر و تاریکی چشم و خشکی بدن و درد سر جو کثرت

جر ثقیل


بقیہ مضمون پانی چڑہانے کے طریقے

۱۱ اوس پانی بہرنے کے طریقہ مین جو شکل ۵ معلم نشان سے واضح ہے اور دوسرے اسی قسم کے طریقون مین رسّی کا بوجہہ دونون طرف تلتا ہے۔ کیونکہ جب بہرا ہوا پانی کا ڈول اوپر چڑہنا شروع ہوتا ہے تو اگرچہ اوس ڈول کی رسّی کا بوجہہ بوجہہ اسکے کہ اسطرف کی رسّی بہ نسبت دوسرے طرف کے رسّی سے بڑی ہوتی ہے چڑہانے والی قوت کو روکتا ہے لیکن تاہم یہ بوجہہ رفتہ رفتہ کم ہوتا جاتا ہے یہان تک کہ چڑہتا ہوا اور اوترتا ہوا ڈول دونون برابر ایک نقطہ پر ملجاتے ہین۔ اسی نقطہ پر جہان یہ دونون ڈول برابر ہین چڑہتے اور اوترتے ہوسے دونون رسی کی جز برابر ہونگے اور ایک دوسرے کے ہم وزن ہوگا اور بعد اسکے وہ رسی جو کنوے مین اوترتی جاتی ہر طور بھاری ہوکر اوس چڑہانے والیکے قوت کو اوسیقدر مدد پہونچاتی ہے جسقدر کہ پیشتر چڑہتی ہوی رسی اوسکو روکتی تہی۔ اسواسطے رسی کے دونون طرف کے جزون کی قوت مین ایک تغیر اور تبدل کی قوت ہے۔

۱۲ اسی طریقے اور اسی آرسے ملک فرانس مین ووسیدے کپنیے قایم کرکے بڑے بڑے گہرے بہرون کی کانون بامعدنون سے پتہر اوپر چڑہاسے جاتے ہین۔

۱۳ اگر بعوض رسی اور ڈول کے کنوے مین ایک نل لگادیا جاوے اور اس نل مین ایک مقابض یا پسٹن داخل کرین اور یہہ پسٹن بسند وقت اوپر کہولا ہوا ہو اور اس پسٹن کو موافق معمول کے اوپر نیچے حرکت دین تو پانی بذریعہ

نلہکے اوپر چڑہیگا۔ اس قسم کے آلہ کو پانی چڑہانے کا آلہ کہتے ہین جو تصویر نشان کسے ظاہر ہے۔




شکل ۱۵۰

"الف" کنوے کا پانی ہے "ب ج" مقباض یا سیفن ہے "و" پسٹن کا صندوق ہے جو اوپر کہلا ہوا ہے جب پسٹن کو نیچے حرکت دیتے ہین تو یہ صندوق یا ولیو کا موہنہ کہل جاتا ہے اور اوس مین ہوکر پانی اوپر گذرتا ہے اور جب پسٹن کو اوپر حرکت دیتے ہین تو وہ پانی اوپر چڑہتا ہے اور ولیو یا صندوق کا موہنہ پانی کے دباؤ سے بند ہوجاتا ہے اور "ب ج" کے اوپر ایک دوسرا ولیو یا صندوق "س" مستقل طور سے قایم کیا جاتا ہی جسمین ہوکر پانی اوپر گذرتا ہے جبکہ پسٹن اوپر حرکت کرتا ہے۔ اور یہہ دوسرا ولیو پانی کو نیچے واپس آنے سے روکتا ہے کیونکہ یہہ دوسرا ولیو یا صندوق پانی کے دباؤ کی وجہ سے بند ہوجاتا ہے اس پانی کو جسکو پسٹن اوپر چڑہالیجاتا ہے بذریعہ نل "ص ف" کے جسقدر طبیعت چاہے اوپر چڑہالیجا سکتے ہین۔ اس قسم کے آلہ مین قوت حرکت پانی کے برابر ہو جسکو پسٹن اوپر چڑہاتا ہے اور "پسپ راڈ" یعنی لوہے کے سلاخ کے جو پسٹن مین لگی ہوی ہوتی ہے اور اوسکے فریم یا چوکہٹے کے جسکی ذریعہ سے پسٹن کام دیتا ہے اور حرکت کرنے والے اجزاے پسٹن کی یہہ قوت حرکت برابر یا مساوی ہو۔


۱۴ ایک نہایت ہی عمدہ پانی چڑہانے کی کل کی طرز جو اگرچہ صورت مین کل مذکورہ بالا کے مختلف ہے لیکن اصول دونون کے ٹہیک ٹہیک ایک ہی ہین شکل نشان ۔ سے واضح ہوتی ہے ۔ اس کل مین یہہ فائدہ ہے کہ اوسمین رگڑ بہت ہی کم ہوتی ہے اور وہ ایک جانور کے سیدہا پہرنے سے حرکت کرتا ہے یہہ طریقہ بہت عمدہ ہے جسمین جانور کی قوت سے کام لیا جاتا ہے ۔

شکل نشان ۵



۱۵ "د ج" ایک کاٹہہ کا نل گول یا چوکور تیار کرو اور کنوئے یا تالاب کے پانی مین اوسکو اسقدر ڈوبا رکہو جسقدر کہ اوپر بلندی پر اوسکا پانی چڑہا لیجانا منظور ہو یعنے جسقدر بلندی پر پانی چڑہانا چاہو اوس ناپ سے وہ نل پانی مین غرق رکہو ۔ مثلاً اگر "ع ص" وہ بلندی کنوئے کے پانی کی سطح سے ہے جسپر تم پانی چڑہانا چاہتے ہو تو "ص ج" کو برابر "و ص" کے ہونا ضرور ہے ۔ ل م ایک بہاری بلنجر یا لٹہہ ہے جو ایک زنجیر مین باندہا جاتا ہے اور جو اپنے خود بوجہہ کے دباؤ سے پانی مین اوترتا ہے اور بہا ہوا سوراخ "ف ی" مین ہو کر نیچے اوپر گذرتا ہے ۔ وہ نل جو کنوئے مین ڈالا جاتا ہے اوسکی تلی کہلی ہوی ہوتی ہے اور اوس تلی مین ایک ویلو یا کواڑ یا دروازہ لگایا جاتا ہے ۔ اپنے دباؤ سے پانی نل مین ویلو ہو کر اوپر گذرتا ہے اور نل

"ص س" تک جو کنوے کے پانی کی سطح ہے بہرتا ہے اور "س ع" ایک چہوٹا نل ہے جو اوس بڑے نل کی ایک طرف کنوے کے پانی کے سطح کے برابر اڑا لگایا جاتا ہے اور یہہ چہوٹا نل ایک کہڑے نل ہ ق سے بذریعہ ویلو "ع" کے ملایا جاتا ہے جو اوپر کے طرف کہلتا ہے "ک" پانی کے نکلنے کا موہنہ یا ٹونٹی ہے - پلنجر یا ٹہہ "ل م" اوس بڑے نل مین ہوکر ڈہیلے طور سے گذرتا ہے اسطرح سے کہ وہ نیچے اوپر سواے اوس جگہہ کے جو حروف "ف ی" سے ظاہر ہے اور جسمین چکناہی لگائی جاتی ہے بغیر رگڑ کہانے کے یعنے ڈہیلا گذرتا ہے جب یہہ پلنجر اپنے دباؤ سے اوس پانی مین نیچے اوترتا ہے جو نل کے نیچے کے حصہ مین بہرا ہوا ہے تو ویلو یا دروازہ بند ہو جاتا ہے اور پانی پلنجر دب کر اور ویلو "ع" مین گذر کر چہوٹے نل "ق ی" مین جاتا ہے اور جب پلنجر اوپر اوٹہتا ہے تو ویلو "ع" بند ہو جاتا ہے اور وہ پانی جو چہوٹے نل "ق ی" مین بہر جاتا ہے وہ پہر نیچے نہین لوٹنے پاتا ہے اور پہر کنوے کا پانی بڑے نل مین "س ص" سطح تک چڑہکر بہر جاتا ہے - پہر جب دوبارہ یہہ پلنجر یا پسٹن نیچے حرکت کرتا ہے تو زیادہ پانی کو چہوٹے نل "ی ق" مین ڈہکیلتا ہے اور اسطرح سے پانی اسوقت تک کنوے سے چڑہتا رہتا ہے جب تک کہ وہ پلنجر یا پسٹن کام کرتا ہے - جسطرح کہ یہہ آلہ ایک آدمی یا جانور کے دباؤ سے کام دیتا ہے وہ طریقہ شکل نشان مندرجہ ذیل سے ظاہر ہے - اسیطرح سے ایک بڑے کنوے مین دو پلنجر یا پسٹن اور دو نلون کے ذریعہ سے پانی اوپر جلد جلد چڑہایا جاتا ہے اور جب ایک پلنجر نیچے جاتا ہے تو دوسرا اوپر آتا ہے - ان دو نلون کے ذریعہ سے پانی



شکل نشان ۸

ایک سیدھی نل مین جاتا ہی جو ان دونون کے بیچ مین قایم کیا جاتا ہے اور اس بیچ کے نل مین پانی دم بدم چڑھتا ہی کیونکہ جب ایک نل کا پسٹن اوپر جاتا ہی تو دوسرے نل کا پسٹن پانی کو دباتا ہی اور اسیطرح سے پانی کے چڑھاؤ کا سلسلہ منقطع نہین ہونے پاتا ہی - ایک آڑے تختہ پر جو ان دونون نلون کے پسٹنون کے اوپر قایم ہوتا ہے اور جسکا بیچ بیچ کے نل پر جایا جاتا ہی ایک آدمی ایک طرف سے دوسرے طرف ٹہلتا ہی اور جب اوس آدمی کا بوجھہ ایک جانب پسٹن کے اوپر پڑتا ہے تو وہ پسٹن نیچے جاتا ہی اور جب وہ دوسرے طرف جاتا ہے اور دوسرے پسٹن پر دباؤ پڑتا ہی تو وہ پسٹن نیچے جاتا ہی اور پہلا پسٹن اوپر آتا ہے

۱۶ چونکہ ویلو یا کواڑدار دروازہ ہر قسم کے نل مین کارآمد ہوتا ہے اسواسطے اس جگہہ اوسکے مختلف قسمون کا مختصر بیان کرنا نہایت مفید ہوگا -

۱۷ ویلو عموماً وہ تدبیر ہے جسکی وجہ سے پانی یا رقیق چیز کو جو ایک نل یا سوراخ مین ہوکر بہتی ہی ایک طرف کو بلا روک بہنے دیتے ہین اور دوسرے طرف سے روک دیتے ہین - اوسکی ساخت ایسی ہوتی ہی کہ جب ایک طرف

پانی کا بوجھہ پڑتا ہی تو وہ یعنے ویلو بند ہوجاتا ہی اور جب اوسکے دوسرے طرف دباؤ پڑتا ہے تو وہ کھل جاتا ہے۔

۱۸ چونکہ تمام قسم کے نلون سے پانی اوپر چڑہانا مقصود ہوتا ہی اسواسطے تمام ویلو ضرور اوپر کے جانب کھلتے ہین اور نیچے کے طرف بند ہوتی ہین

۱۹ ویلو کے چند قسمین ہین

"کلیک ویلو" صندوق کے ڈھکنے کی طرح ہوتا ہی (شکل نشان ۹ کو دیکھو) وہ اوپر کے جانب کھلتا ہے اور ایک چول پر حرکت کرتا ہے اور جب پانی اوسکو نیچے دباتا ہی تو وہ بند ہوجاتا ہی۔

اس قسم کے ویلوون مین سی نہایت سادہ ایک مفرد "کلیک ویلو" ہے اور اسکو عموماً اسطرح تیار کرتے ہین کہ کسی ایک دہات یعنی لوہے تانبہ پیتل وغیرہ کے تختہ پر جو اوس سوراخ سی بڑا ہوتا ہی جسکے ڈھکنے کے لئے وہ بنایا



شکل نشان ۹


جاتا ہے ایک چمڑے کا ٹکڑا دونون جانب منڈھا جاتا ہے۔ اور جو چمڑا اوس تختہ کے نیچے کے طرف ہوتا ہی اوسکے نیچے ایک دوسری تختی یا ٹکڑا دہات کا جو سوراخ سے چھوٹا ہوتا ہی لگایا جاتا ہی۔ یہہ چمڑا بڑے تختہ سے کسیقدر بڑا ہوتا ہی اور مڑ بھی جاتا ہی اسواسطے اسکی نوک سے چول بنائی جاتی ہے جسپر ویلو مذکور حرکت کرتا ہی۔ اس قسم کا ویلو خود اپنے ہی بوجھہ سے بند ہوجاتا ہے اور پانی کے زور سے کھلتا ہی جو اوسمین ہوکر نیچے سے اوپر گذرتا ہی اور اس سے

بہی زیادہ وہ اوس پانی کے بوجہہ سے بند ہوجاتا ہی جو اوپر چڑہکر پیچہے واپس
آتا ہی اور جس کے روکنے کے لیئے یہہ ویلو تیار کیا جاتا ہے ۔

۲۰ ویلو کو اوسقدر کہلنا چاہیئے جسقدر کہ وہ باعتبار لنبائی
چوڑان کے سوراخ کے موہنہ کو ڈہانکتا ہی ۔ یہہ بات اوسوقت پیدا ہوگی جب
اوس چول کا زاویہ جسپر وہ حرکت کرتا ہی قریب تیس ۳۰ درجے کے ہو ۔

" ڈبل کلیک ویلو " دو نصف کروی تختون سے مرکب ہوتا ہی اور اوسکی
چولین ان نصف کرون کے قطر پر ہوتی ہین ۔ دیکہو شکل نشان ۱۰

۲۱ اون سب ویلوون مین سے
جو پانی کی سیدہی حرکت سے کہلتے ہین نہایت
سیدہا سادہ وہ ویلو ہے جسمین ایک چوڑا تختہ
تانبہ لوہے وغیرہ کا ہوتا ہے اور یہہ دہات
کا تختہ اوس سوراخ سے بڑا بنایا جاتا ہے




شکل نشان ۱۰

جسکے ڈہکنے کی غرض سے وہ تیار کیا جاتا ہے اور اوس تختہ کو اسطرح سے بیٹہک
ٹہیک کرتے ہین کہ سوراخ کو اچہی طرح سے بغیر کسی سانس کے بند کرے ۔ اس قسم کے
ویلو مین ایک لوہے کی پتلی سلاخ مثل تکلے کے بیچا بیچ مین لگائی جاتی ہے اور
نیچے کے طرف اوس تکلے کا اخیر ایک سوراخ مین ہوکر پہسلتا ہی جو دوسرے
ترچہی سلاخون کے آپسمین ملنے سے پیدا ہوتا ہی (دیکہو شکل نشان ۱۱)



شکل نشان ۱۲

۲۲ اس قسم مین سے مخروطی ویلو جنکو اکثر
" اسپنڈل ویلو " کہتے ہین عموماً رایج ہین مخروطی
ویلو ... کہنا مناسب سمجہا گیا ۔




شکل نشان ۱۱

بہت آسانی سے اِس قسم کا ویلو اپنی جگہہ کو ڈہانک لیتا ہی "ویلو بکس" کا رقبہ
وِیلو کی اوپر کے طرف سے دونا ہونا چاہیے اور وِیلو کو اسطرح حرکت کرنا چاہیے کہ
وہ اپنی جگہہ سے چوتہائی حصہ اپنے اوپر کی سطح کے قطر سے اوپر بلند ہو جاوے

۲۳ یہہ ویلو جو شکل نشان ۱۲ سے ظاہر ہین کروی یا نصف کروی شکل
کے بنائے جاتے ہین اور ایک مخروطی جگہہ پر قایم ہوتے ہین اور اس صورت مین
وہ خود اپنے ہی بوجہہ سے بند ہو جاتے ہین اور پانی کے زور سے کہلجاتی ہین
جو اونمین ہوکر اوپر چڑہتا ہے ۔

۲۴ یہہ چند پانی چڑہانے کی تجویز ہین جو ہمنے اوپر بیان کین اوس پانی
چڑہانے کے نل یا آلہ کے سامنے گرد اور بے حقیقت ہین جو آجکل عام رایج ہی
اور جو سکشن پمپ کے نام سے مشہور ہے ۔ اس مفید آلہ کا ایک حصہ شکل
نشان ۱۳ سے ظاہر ہے ۔



شکل نشان ۱۳

۲۵ اس آلہ مین ایک نل یا پائپ س س و ہوتا ہی جسکو کنوے مین
اوتارتے ہین ۔ اِس نل کی لنبائی ۳۲ فٹ سے زیادہ ہرگز نہین ہونا چاہئے
اس نل کے موہنہ پر جسکو سکشن نل کہتے ہین ایک بڑی سی سرنج پچکاری لگائی جاتی ہے
جو اونہین عام اصول پر کام دیتی ہے جیساکہ عام پچکاری ۔
جب اس نل سے پانی چڑہانی کی کارروائی کو شروع کرتے ہین تو

تو اول نل س س ی کو کنوئے کے پانی کے سطح تک ہوا سے بہرتے ہین اور پچکاری کو حرکت دیتے ہین ۔ یہ پچکاری ہوا کو جو کنوئے مین بہری گئی ہے نل س س ی سے اوپر کہینچتی ہے ۔ جب وہ پانی جو نل س س ی مین بہرا ہوا کر قدرے ہوا کے دباؤ سے خالی ہوا تو اوس کرۂ ہوا کا دباو جو کنوئے کے پانی کی سطح پر باہر کی جانب ہے کنوئے کے پانی کو نل س ی مین ڈہکیلتا ہے اور جسطرح سے کہ ہوا پچکاری کے ذریعہ سے اوپر کہنچی جاتی ہے اوسیطرح پانی اوپر چڑہتا جاتا ہے یہان تک کہ وہ پانی ویلو "د" مین ہوکر اوپر گذرتا ہے ۔ یہ ویلو اوپر کے جانب کہلتا ہے اور پانی کو لوٹنے نہین دیتا ہے اسواسطے کہ جو پانی اوسکے اوپر ہوتا ہے اوسکے دباؤ سے وہ بند ہو جاتا ہے جب پانی نل الف ج مین بہر جاتا ہے تو پچکاری کو اسطرح حرکت دینے کی حاجت نہین رہتی ہے بلکہ پہر وہ لفٹنگ پمپ کے اصول پر جکا بیان اوپر بیان کیا ہے حرکت کرتی ہے ۔ جب پسٹن نیچے جاتا ہے تو ویلو "د" بند ہو جاتا ہے اور ویلو "ل" کہلجاتا ہی اور پانی پسٹن مین ہوکر اوپر گذرتا ہے ۔ جب پسٹن کو اوپر کہینچتے ہین تو ویلو "ل" بند ہو جاتا ہے اور جو پانی پسٹن کے اوپر ہوتا ہے وہ اوپر چلا جاتا ہے ۔

اس عرصہ مین کرۂ ہوا کے دباؤ سے جو کنوئے کے پانی کی سطح پر پڑتا ہے زیادہ پانی نل مین پچکاری کے ساتھ اوپر چڑہتا ہے ۔

کرہ ہوا کے دباؤ مین یہ قابلیت ہے کہ وہ ۳۴ فٹ کے پانی کے ستون کو سنبہالی رکہتا ہی اسواسطے ظاہر ہے کہ اس قسم کا پانی چڑہانے کا آلہ اوسی وقت کارآمد ہے جبکہ اوسکا پسٹن کنوئے کے پانی

کے سطح سے ۳۴ فٹ سے بھی کم اونچا ہو کیونکہ اگر ایسا ہوگا تو ہوا کا دباؤ پانی کو پسٹن سے ملحق نہ رکھیگا —

اسواسطے جب سکشن پمپ اور لفٹنگ پمپ کو مقابلہ کرکے دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ سکشن پمپ میں ۳۴ فٹ کی لمبی لوہے کی سلاخ کی ضرورت نہیں ہوتی ہے اور سوا اسکے اور کوئی فائدہ اسمیں نظر نہیں آتا ہے — باقی آیندہ — راقم محب حسین

تدبیر منزل

غنا اور تونگری کی ترکیب

۱ اسباب میں جو اگلے حکیموں اور دانشمندوں نے لکھا ہے اور جو اون میں وقتاً فوقتاً اور حکما اور عقلا کمی اور بیشی اور اصلاح اور ترمیم کرتے چلے آئے ہیں اگر اون سب امورات کو تفصیل سے لکھا جاوے اور اون کے اسباب اور علل کو بیان کیا جاوے پھر اون اسباب اور وجوہ کی واجبیت اور ناواجبیت پر غور کیا جاوے تو ایک بہت بڑی کتاب مدون کرنا چاہیئے —

۲ — یہ امر ظاہر ہے کہ جسقدر دلوں کا توجہ اور میلان اور اونکا سرور اور انبساط ایک مختصر تقریر کے سننے اور ایک مختصر رسالے کے دیکھنے سے ہوتا ہے ویسا سرور ایک بہت لمبی چوڑی تقریر کے سننے اور بڑی موٹی کتاب کے دیکھنے میں نہیں ہوتا ہے بلکہ برخلاف اسکے ایک لمبی تقریر کے سننے اور ایک موٹی پوٹ کتاب کے دیکھنے سے طبیعت اداس مضمحل ہو جاتی ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ انسان کی اصل اور فطرت میں یہ بات

رکھی گئی ہے کہ وہ ہر ایک کام کو جلد پورا کرنا چاہتا ہے اور بہت جلد اوسکے نتایج اور ثمرات کو دیکھنا چاہتا ہے اسی وجہ سے وہ ایک مختصر تقریر کو جو جامع اور مانع اور مفید مطلب ہو بہت پسند کرتا ہے۔

۳ - مختصر تقریر اور تحریر سے ایک یہ ہی فائدہ ہے کہ عمل کرنے والیکو بہت آسانی ہوتی ہے اور وہ بڑی تشفی اور دلجمعی سے اوسکے ایک ایک فقرہ کو اپنا دستورالعمل بناتا جاتا ہے۔

۴ - اسی خیال سے مین چاہتا ہون کہ غنا اور تونگری کے اسباب کو جنپر اگلے اور پچھلے حکیمون کا اتفاق ہے ایک مختصر تقریر مین بیان کرون۔

۵ - جس شخص کا دل یہ چاہے کہ مین دولتمند اور مالدار ہو جاؤن وہ ان تراکیب پر عمل کرے خدا سے یہ توقع ہے کہ وہ بہت جلد غنی اور تونگر ہو جاویگا۔

۱ - قناعت کے سمجھنے مین جو غلطفہمی ہوتی ہے اوسکو رفع کرلے قناعت کے یہ معنی نہین ہین کہ انسان اپاہج اور کاہل الوجود بنکر بیٹھ رہے اور ذرایع دولت کے حاصل کرنے سے ہاتھ پانون پسار دے یا جس وقت اوسکو دولت بقدر کفایت مل جاوے تو وہ اوسکی ترقی اور افزایش کے فکر چھوڑ دیوے قناعت کے صحیح معنی یہ ہین کہ جسقدر مال اللہ جل جلالہ اوسکو مباح ذریعون سے عنایت فرما دے وہ اوسپر شاکر رہے خداوند کریم کے درگاہ مین سے ادبی اور ناشکری کے کلمے زبان پر نہ لاوے اور اپنے بنی نوع کے اموال پر ناواجب اور ناجایز طریقون سے دست درازی نکرے اور نہ دست درازی کا خیال دل مین لاوے جب قناعت کے یہ معنی ہوے

تو طمع کے معنی یہ ہونگے کہ خداوند کریم کی ناشکری اور شکایت اور اپنے ہی نوع کے اموال پر ناجایز طریقون سے دست درازی کرنا یا ایسی دست درازی کی نیت اور تدبیر کرنا۔
اس معنی کے صحیح اور درست ہونے کے دلایل قرآن اور حدیث سے بہت لا سکتے ہین پر اس مقام پر اون کے بیان کرنے کا کوئی موقع نہین ہے مگر عاقل آدمی سمجھ سکتا ہی کہ جب قرآن اور حدیث مین جابجا کسب حلال اور تحصیل مال کی ترغیب دی ہے پھر کسب کو چھوڑ دینا اور ذرایع تحصیل کو قطع کر دینا کیونکر محمود ہوگا ہمارے دلون کی تشفی کے لیے صرف یہ آیت کافی ہی وَلَا تَنْسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا - جب قناعت کے صحیح معنی ہمکو معلوم ہوئے پس اگر ہزارون لاکھون روپے ہمارے پاس موجود ہون اور ہم اوس سے زیادہ کی فکر کرین اور جتنے ذریعے دولت کے ہین اون سب پر عمل کرنے کی کوشش کرین تو ہمارے قناعت پر ایک ذرا سا دھبہ بھی نہین لگ سکتا۔
۲ ہر بات مین سچائی اور ایمانداری کو لازم کرے اس بات کا دھیان رہے کہ کبھی بھولے سے بھی جھوٹ زبان سے نہ نکلے اور جو وعدہ کرے اوس مین سر مو خلاف نہ ہو جب یہ کریگا تو اوسکا اعتبار لوگون کے نظر مین ہوگا اور ہر ایک شخص اوسکو قرض دینی کی اور اوسکے تجارت اور سوداگری اور ہر معاملے مین شریک ہونیکی آرزو کریگا۔
۳ — بعوض اون بیکار دوستون کے جنکی مثال بے پھل درخت کی سی ہے اور اونکے ساتھ بیٹھنے یا زندگی بسر کرنے سے بجز بے فایدہ اوقات رایگان ہونے کے اور ضرورت کے وقت ندامت اور حسرت لاحق ہونے کے

کچھہ حاصل نہین ہوتا بڑے بڑے متمول تاجرون اور ذی استطاعت بیوپاریون اور خوش معاملہ اور متدین ساہوکارون اور بنیون سے دوستی پیدا کرے اور اوقات فرصت کے وقت اون کی صحبت مین بیٹھے اور شادی اور غمی مین اون کے شریک رہ کر دوستی کا حق اون کے ساتھہ ادا کرتا رہے۔

۴ کسی قسم کی تجارت اور پیشہ مین شرم نہ کرے جو شرع اور مذہب کے روسے حلال ہو اور لوگون کے طعن تشنیع کے طرف ہرگز التفات نہ کرے۔

۵ اپنی آمد اور خرچ کا حساب ہمیشہ لکھا کرے اگر فرصت کثیر ہو تو حساب تفصیلی لکھا کرے ورنہ حساب اجمالی پر قناعت کرے۔

۶ ہر مہینے کے بعد اپنے خرچ کے فرد کو دیکھے اور جسقدر مدات اوسمین ہون اون کو خوب غور سے جانچے اور باستثنا اون مدات کے جو ضروری ہون فضول اور بیکار مدات کو چھانٹ کر اونکا خیال رکھے کہ ماہ آیندہ مین اون مدات مین کچھہ صرف نہ ہو۔

۷ جب ضروری اور لازمی مدات معین اور علیحدہ ہوجاوین تو اونکی ایک فہرست نمبروار اس طور سے بنا وے کہ جس مدکی رقم سب سے کم ہو سب سے پہلے اوسکو لکھے پھر جو اوس سے زیادہ ہو اوسکو لکھے پھر جو اوس سے زیادہ ہو اسیطرح اخیر تک۔

مثال

مدات مصارف ماہانہ

۱	بابت دیا سلائی	۸؍
۲	بابت ظروف گلی	۱؍

۳	روغن سیاہ	۳/
۴	خاکروب	۴/
۵	گاذر	۶/
۶	سقّا	۸/
۷	خرچہ خطوط محصولی بحساب اوسط یکسالہ	۹/
۸	متفرقات حجامت وغیرہ تفریح طبع	۱۰/
۹	محصول اخبارات ورسایل علمی	عہ
۱۰	چندہ مجالس قومی وخیرات وغیرہ	عہ ۲/
۱۱	پان تماکو وغیرہ	عہ ۴/
۱۲	تنخواہ ماما	للعہ
۱۳	تنخواہ ملازم	للعہ
۱۴	کرایہ مکان	صہ
۱۵	خرچہ خوراک مع دعوت احباب وغیرہ	ے
	میزان کل	
	ےعہ	

۸ جب فہرست بموجب طریقہ مذکورۂ بالا کے اچھی طرح کئی مہینون کے
تجربہ سے تیار ہو جاوے اور سوا اون مدات کے جو مندرجہ فہرست ہین
اور کوئی نئی مد معمولی خرچ کی پیدا نہ ہو اوس وقت جسقدر رقم آمدنی مین سے
بعد ان مصارف ضروری کے ماہانہ بچ رہے اوسکا ایک فنڈ علحدہ قایم کرے
جب وہ اوس مقدار کو پہنچے کہ وہ اپنی ماہانہ منفعت سے کم سے کم دالی مد کو

جو اول نمبر مین ہے مٹانے کے لایق ہوجاوے تو اوسکو فوراً کسی منفعت کے کام مین شریک کرے منفعت کے کام یہ ہین -

اوس رقم سے خود کچھہ سوداگری کرے کسی تجارتی کمپنی مین داخل کرے جہان بددیانتی کا خوف نہ ہوا ور وقت پر نفع ملنے کا ہمیشہ اطمینان ہو چھوٹے چھوٹے دوکانداروں اور بنیون کو جنکی ایمانداری پر بہروسا ہو نفع کا اندازہ ٹہرا کر دیوے اور وقت پرا ون سے منافعہ وصول کرتا رہے کہیتی کرنے والونکو فصل سے پہلے روپیہ دیوے اور فصل پرا ون سے جنس ٹہرالیوے ہر ایک پیشہ والے اور ضروری اشیا کے بنانے والیکو دیوے جسکے امانت اور دیانت پر بہروسا ہو اور اوس سے مال کا نرخ کر لیوے یا منفعت مین شریک ہوجاوے مکان یا دوکان یا باغ یا مقطعہ مول لیوے جسکی آمدنی ہمیشہ ہوتی رہے اگر ان صورتون مین سے کوئی صورت ممکن نہ ہو تو روپیہ سرکاری بنک یا معتبر مہاجن کے وہان جمع کرے جسکا نفع ہمیشہ ملا کرے -

تمثیل و تشریح

مثلاً فرض کیجئے کہ ایک مہینے مین بعد مصارف ضروری کے اوس شخص کے پاس ۵۰۰ روپیہ بچ رہے تو اس رقم کو حقیر سمجھہ کر بیکار نہ ڈال دیوے بلکہ اوس پانچ روپیہ سے کوئی تجارت کرے یا کسی کمپنی مین داخل کرے اسلئے کہ اگر کم سے کم منفعت رکھی جاوے تب بھی روپیہ سیکڑے کے حساب سے پانچ روپیہ کے نے رما ہوار ہوتی ہے اور وہ ضرورت نمبر ایک کے مٹانے کے لئے کافی ہے پہر فرض کیجئے کہ دوسرے مہینہ مین یا تیسرے مہینہ

ہو جمع ہوئے تو اوسکی منفعت ۱ روپیہ ماہواری جو نمبر ۲ کی ضرورت کے مٹانے کے لئے کافی ہے اسی طرح سے وقتاً فوقتاً ہر ایک ضرورت معمولی کے لئے جب اسقدر روپیہ جمع ہوجاوے کہ اوسکا نفع اوس ضرورت کے مٹانے کے لئے کافی ہو تو فہرست مدات مین سے اوسپر قلم تنسیخ کھینچدیوے اور جسقدر رقم ماہواری اوس ضرورت کے لئے بچتی جاوے اوسکو بھی رقم بچت مین شریک کرتا جاوے غرض اس سے یہ ہے کہ چندہی روز مین اوسکے سارے معمولی اخراجات رقم منافع سے ادا ہونے لگین گے اور کل آمدنی ماہواری بچتی جاوے علاوہ اسکے ایک معتدبہ رقم یعنی دو ہزار دو سو ایسے غریب شخص کے پاس جسکا ماہواری مصارف ۲۰ سے زیادہ نہ ہو جمع ہونا کسقدر مفید اور باعث مسرت اور خوشی کا ہوگا۔

۹ کبھی روپیہ کو بیکار نہ رکھنا خواہ قلیل ہو یا کثیر بلکہ ہمیشہ ایسے کام یا جائداد مین لگا دینا جس سے منفعت حاصل ہوتی رہے اور اصل مین نقصان کا اندیشہ نہ ہو۔

۱۰ سودی قرض کبھی نہ لینا چاہیئے اگرچہ کتنی ہی ضرورت ہو اسلئے کہ ہر ایک ضرورت کو پورا کرنا جبہی واجب ہے کہ اپنے پاس مال ہو ورنہ پرائی مال سے اپنی ضرورت نکال لینا پھر ساری عمر اوسکی تکلیف اوٹھانا عقل سے بعید ہے۔

۱۱ بغیر سودی قرض بھی نہ لینا جب تک کہ ضرورت شدید مہلک نہ ہو۔

۱۲ کوئی چیز بغیر ضرورت شدید کے نہ لینا اسوجہ سے کہ جب کسی موقع پر روپیہ کی ضرورت ہوتی ہے تو گھر کے سامان اس لایق نہین ہوتے کہ وہ فوراً

بک جاوین اور اون سے روپیہ حاصل ہو یا جب سفر کا اتفاق پڑتا ہے اور ان
چیزون کے نیلام اور فروخت کی ضرورت ہوتی ہے تو بہت نقصان ہوتا ہی
اسی وجہ سے جہان تک ہو سکے نقد روپیہ یا سونا چاندی اپنی پاس رکہنا
ضرور ہے البتہ جس چیز کی بہت ضرورت ہو کہ اوسکے بغیر گذارہ دشوار ہو تو
اوسکو خرید کرلے ۔

۱۳ جب کوئی ضروری شے خریدے تو اوسمین چند باتون کو دیکھے
ایک یہ کہ وہ شے مضبوط ہی یا نہین دوسری یہ کہ واجبی قیمت پر ملتی ہے
یا اوس سے گران تیسری یہ کہ وہ ایسی شے تو نہین ہے کہ چند روز مین محض
بے قیمت ہو جاوے جیسے ملمع کی چیزین اور انگریزی سونا چاندی وغیرہ
یا جہوٹا گوٹا پٹہا یا زیور وغیرہ ۔

۱۴ جس قدر آمدنی ہو اوسکے نصف سے زیادہ صرف نہ کرے اگر بہت
ہی سخت ضرورت لاحق ہو تو دو ثلث تک صرف کر سکتا ہی مگر ایک ثلث حوایج
اور ضروریات اتفاقی اور غیر معمولی کے لئے بچا رکہنا ضرور ہے ۔

۱۵ اپنا وقت بیکار نہ گذرنے دینا کوئی ایک کام تحصیل معیشت اور مال کا
اوسمین تجویز کرنا فرض کیجئے کہ دس بجے سے چار بجے تک ہماری نوکری
ہوگئی تو ہرگز مناسب نہین ہے کہ ہم اسکو کافی سمجھکر اپنی صحت اور تندرستی
محفوظ رکہکر دوسرے اوقات فرصت مین کوئی کام نہ کرین مثلاً صبح سے
دس بجے تک یا چار بجے سے چہہ بجے تک یا چہہ بجے سے آٹہہ یا دس بجے تک
اگر ہو سکے تو ہم ایک اور جگہہ نوکری کرین اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو اجرت پر ادہر
کوئی کام کرین ۔

۱۶ جب سب اوقات معمور ہوجاوین اور شرائط صحت کے رعایت کے بعد کوئی وقت بیکار نہ رہے تو اب بھی ہمکو ضرور نہین کہ تحصیل معاش سے غافل ہوجاوین بلکہ یہ ضرور ہے کہ اب ہم اوروں سے کام لیوین اور اونکے محنت کا اجور ادیکر منفعت کے ایک حصے سے ہم متمتع ہوون مثلاً کسی سے مضاربت یا شرکت کرین یا انجمنہائے تجارتی مین شریک ہوون -

۱۷ اگر ایک معاملہ مین ہمکو اتفاق سے خسارہ ہو تو ہمت ہار کر اوس معاملہ کو چھوڑ نہ دین بلکہ نقصان کی وجہون پر غور کرکے آیندہ اون سے احتراز کرین اور پھر وہی معاملہ شروع کرین یہان تک کہ منزل مقصود پر پہونچین — ع
بہر کارے کہ ہمت بستہ گردد ٭ اگر خارے بود گلدستہ گردد ٭ —

۱۸ ذرایع تمول یعنی تجارت اور صنعت اور حرفت اور زراعت اور نوکری مین سے جسمین ہم اپنی لیاقت کو زیادہ پاوین اوس کام کو کرنا چاہیے اور اسکو منتظر نہ رہنا چاہیے کہ ایک کام ہمکو نہین آتا مگر سعی اور سفارش سے اوسکو حاصل کرلین گے کیونکہ اخیر مین وہ ساعی علحدہ ہوجاتے ہین یا مرجاتے ہین پھر ندامت اور شرمندگی حاصل ہوتی ہے اب اصلی کام بھی ایک مدت چھوٹ جانے کی وجہ سے نہین ہوسکتا نہ یہ کام چل سکتا ہے -

۱۹ ہم وہ علم حاصل کرین جو ہمارے زمانہ مین کارآمد ہو اور جسکی ہمارے زمانہ مین قدر و منزلت ہو اگرچہ گزشتہ زمانہ مین اوسکی کچھ قدر و منزلت نہ ہو یا ہمارے بزرگون نے اوسطرف التفات نہ کیا ہو -

۲۰ اگر فرصت کثیر ہو اور اشغال ضروری مانع نہون تو ہمیشہ ہر ماہ کا بلحاظ اخراجات ماہ گذشتہ کے ایک موازنہ بنادے جس سے زیادہ صرف نہو پاوے

اور جو فرصت قلیل ہو تو سالانہ موازنہ پر قناعت کرے۔

اس موازنہ سے مقصود یہ ہے کہ ہر ایک مد کا سالانہ خرچ معلوم اور معین ہو پھر اوسکے زیادتی یا کمی یا واجبیت اور ناواجبیت پر غور کرنے کا موقع حاصل ہوا اور یہ غرض نہین ہے کہ اگر کوئی ضرورت شدید غیر معمولی درپیش ہو جاوے تو وہ پوری نہ ہو سکے اسلئے کہ بانی موازنہ خود یہ شخص ہے جسکو اپنے گہر کے تمام امورات مین بحسب مصالح تبدل اور تغیر کا اختیار کلی حاصل ہے۔

۲ ہم اپنے اولاد اور بی بیون اور لونڈیون اور غلامون اور کنبے والون کی تعلیم وتربیت مین ایسی کوشش کرین جسکی وجہ سے اشخاص مذکورہ بالا مین سے ہر شخص اپنی روٹی کمانے کے لایق ہو جاوے اور ہمارے تکفل کا محتاج نہ رہے گو ہم قرابت اور یگانگت کے خیال سے ہر ایک کے ساتہہ رعایت ومراعات کرتے رہین۔

جس گہر مین ایک کمانے والا ہو اور دس کہانے والے وہ گہر ہرگز غنی اور مالدار نہین رہ سکتا برخلاف اسکے اگر دس کمانے والے ہون اور دو ایک معذور کہانے والے تو وہ گہر نہایت بے فکرا ور مالدار رہیگا۔

جب ہم عورتون کو لکہنا اور پڑہنا اور طرح طرح کے مطعومات اور ملبوسات کا تیار کرنا سکہلا وینگے تو وہ ہرگز محتاج نہین رہ سکتین فقط راقم وحید الزمان

معدن

بقیۂ مضمون میتلر سے

فلز جسوقت سے کہ انسان کی نظر اس شریف فلز پر پڑی کوئی اور فلز

قدر و قیمت مین اسکے مقابل ابتک پیدا نہین ہوا - ہر چند کہ انسان کے
ہر روزہ امور مین لوہے کی نہایت ضرورت ہے یعنی بغیر لوہے کے کوئی کام
بآسانی ہو نہین سکتا تاہم سونے کے لون و رنگ مین کچھ عجب دلفریبی ہے کہ جسکے
دیکھنے سے طبیعت کو فرحت حاصل ہوتی ہے گویا قرآن مین بھی صفراء فاقع
لونہا تسر الناظرین اسی کے شان مین آیا ہے -

ف ۱۱ قدیم زمانہ مین سونا بہت کم مقامات مین نکلتا تھا - مگر اب تحقیقات
حال سے یہہ ظاہر ہوا ہے کہ تمام عالم مین پھیلا ہوا ہے اگرچہ اوسکا نفع کے
ساتھہ اور کثرت سے پیدا ہونا موقوف تھوڑے مقامات پر ہے - انگلستان مین
عیسوی سولہوین صدیمین کثرت سے نکلتا تھا اور اب بھی بقدر پانچ سو یا چھہ سو
سیر فی سال کے شمالی ویلز کے خطہ مین پیدا ہوتا ہے - ہونگالیہ مین بھی
سالیانہ بقدر تیس لاکھہ روپیہ کے سونا استخراج کیا جاتا ہی - مگر ہر صورت مین
اسکے نکالنے مین نہایت حکمت اور خبرداری سے کام کرنا لازم پڑتا ہے

ف ۱۲ کرۂ زمین پر تین خطہ مشہور و معروف ہین کہ جنمین سونا بکثرت
پیدا ہوتا ہے یعنی اورل کے پہاڑ و نکا سلسلہ مملکت روس مین اور کلیفارنیہ
امریکہ مین اور جزیرۂ آسٹریلیہ مین - گو اورل کے پہاڑون مین اب پیداوار
بہت کم ہے مگر سیبریہ مین (جو شمال ممالک اشیائے روس مین واقع ہے)
البتہ چند سال تک بہت ہی زرخیز معادن پیدا ہوے - حال مین کلیفارنیہ
کے معادن مشہور رہین جو ۱۸۴۸ء عیسوے مین نکلے تھے اور آسٹریلیہ
کے بھی سونے کے کھیت جو ۱۸۵۱ء عیسوے مین ظاہر ہوی تھی نہایت ہی
نامور معدن ہین یعنی حال مین جتنا سونا تمام عالم مین پیدا ہوتا ہے اوسکا

کلیفارنیہ اور آسٹریلیہ سے آتا ہی - آسٹریلیہ کے ملک مین اور اکثر مقامونمین
جہان سونا پیدا ہوتا ہی یہہ دیکھا گیا ہے کہ سونا طبقات پلنٹا رنیک سیلوریہ مین واقع
ہوتا ہی - اگرچہ کلیفارنیہ کے سونے کے معدن طبقات جوراسیہ مین واقع ہین
جو سیلوریہ طبقات سے جدید تر ہین -

ف ۱۳ یہہ جاننا چاہیئے کہ سونا سامات مین سخت پتھر کے اوس کثرت سی
پیدا نہین ہوتا جیساکہ بہل پہلے چکنی مٹی مین پیدا ہوتا ہے - کلیفارنیہ اور
اوسکے اطراف کے اضلاع کے سونیکا محاصل سالیانہ آٹھہ کرور سے دس
کرور روپیہ تک کا ہی - اور آسٹریلیہ کا محاصل طلا سات کرور اور ممالک
روس کے سونیکا محاصل ساڑھے تین کرور روپیہ ہے اور کل جنوبی
امریکہ کا محاصل کوئی دو کرور سالانہ ہے - سنہ ۱۸۴۸ء کے آگے کل محاصل
تمام عالم کے سونیکا سال مین سات کرور کا ہوا کرتا تھا مگر اب کوئی انتیس ۲۹
کرور روپیہ کے قریب ہوتا ہی یعنے ۲۹ کرور روپیہ کا سونا سال مین پیدا ہوتا ہے

ف ۱۴ سونے کے سامات کے اطراف وجوانب کے پتھر کسی قسم کیون نہون
مگر جس پتھر مین کہ سونا ہوتا ہی وہ اکثر اوقات کوارٹس یعنی بلور کا پتھر ہوا کرتا ہے
کلیفارنیہ کے سامونمین فی ٹن نصف اونس سے پانچ اونس تک سونا نکلتا ہی
یعنی فی کھنڈی پتھر مین گیارہ ماشہ سے نو تولے تک سونا پیدا ہوتا ہے مگر
کبھی کبھی اس سے بہت زیادہ بھی نکلتا ہی بعض وقت فی ٹن تین سو ۳۰۰ اونس تک
بھی پیدا ہوتا ہی یعنے فی کھنڈی (۵۴۰) تولہ سونا ہوتا ہے -

ف ۱۵ ندی کے مٹی مین جسکو ڈرفٹ کہتے ہین سونا پیدا ہوتا ہی جو کہ مدتونمین
سخت پتھر مین سے دہل کر مٹی مین شامل ہو گیا ہی - سونا اکثر گنگہ اور قدیم ندیون

اور دریاؤن کے تلیوٹمین پیدا ہوتا ہی اور ایسے زردار طبقات ایک فٹ سے بارہ فٹ تک ضخیم ہوا کرتے ہین ۔

ف۱۶ جب پانی کسی زرخیز مقام پر دستیاب نہو سکتا ہو تو ایسے سونے کے معدن کو نہایت حکمت اور احتیاط سے نکالتے ہین جیسے کہ آسٹریلیہ مین اور جب پانی افراط سے دستیاب ہوسکے جیسے کہ کلیفارنیہ مین تب ان قدیم دریا کے تلیونکو جنمین سونا ہی پانی کے ذریعہ سے ہوتے ہین اور اسکو ہیڈرالیک درکنگ یعنی پانی سے معدن نکالنے کا کام یعنے پانیکو جو پچاس سے دو سو فٹ تک کے بلندی پر واقع ہی بذریعہ گاڑہے کپڑے اور چمڑے کے نلون کے لاکر سطح پر اوس مٹی کے بہاتے ہین اور چونکہ وہ پانی کسیقدر زور سے اوس سطح پر پڑتا ہے وہ مٹی دہل جاتی ہے اور بڑے بڑے حوضون مین یا تالابون مین سونے اور پانی کے ساتھہ بہہ جاتی ہے ۔ چونکہ سونا کئی درجہ مٹی اور پتھر سے بھاری ہے فوراً تہ نشین ہوجاتا ہی اور اون حوضون کے دروازے کہولدینے سے وہ مٹی اور چہوٹے پتھر باہر نکلجاتے ہین ۔ قدیمی لوگ یا وہ اقوام جنمین عمدہ طریقے استخراج کے نہین پائے جاتے ہین اکثر سونیلے مٹی کو چوڑے ظرف مین ڈالکر پانی سے دہوتے ہین جو مٹی ہے وہ دہل جاتی ہے اور سونا رہجاتا ہے بہرکیف دونون طریقون مین کوئی فرق نہین ہی کیونکہ سونے کے ثقیل الوزن ہونے سے سونا تہ نشین ہوجاتا ہے اور مٹی پانیکے ساتھہ بہہ جاتی ہے ۔

ف۱۷ فطری[۱] سونا اکثر چاندیکے ساتھہ شریک نکلتا ہی ۔ جو سونا آسٹریلیا سے آتا ہی اوسمین تین جزو سے اٹھہ جزو تک ہر سو جزو مین چاندی ہوتی ہی ۔ مگر بعض اوقات ہر سو جزو فطری سونے مین چالیس جزو تک بہی چاندی شریک ہوتی ہے فی زمانہ

۱ فطری سونا اسکو کہتے ہین جو کان سے حالت فلزی مین نکلے اور ایسا ہی دوسرے فلزات کو بہی فطری کہینگے جب وہ حالت فلزی مین معدن سے نکالے جائین ۔

جتنے طریقے سونیکے استخراج کے ہین ان سب مین سونیکو چاندی یا تانبے کے ساتھہ شریک کرکے اونکا الوی یعنی ممزوج تیار کرلیتے ہین۔

ف ۱۸ خاک آلودہ سونیکا دہونا سب سے آسان طریقہ ہے۔ مگر جب سونا کسی قسم کے پتھر مین بہت بکھرا ہوا ہوا اور بہت ہی مہین حالت مین شریک ہو یا زرخیز کوارٹس کے ساتھہ شریک پیدا ہو تب ایسے پتھر کو بوسیلہ ایک آلہ کے جسے اسٹامپ کہتے ہین چور کرلیتے ہین تاکہ وہ بالکل مثل سفوف کے ہوجاوے۔ اوسوقت اس چورے مین پارا شریک کرتے ہین اور وہ پارا کل سونیکو جذب کرکے ایک ممزوج بنالیتا ہے یعنی سونا پارے مین حل ہوجاتا ہے (یا جیسا کہ عوام کہتے ہین پارا سونیکو کہا جاتا ہے) جو فضلہ مثل پتھر کے چورے اور مٹی کے ہے وہ الگ ہوجاتا ہے اور سونے اور پاریکا ممزوج الگ کرلیا جاتا ہے۔ اس ممزوج طلا و زیبق کو لوہے کے انبیق مین ڈالکے آنچ اوسکے نیچے دیتے ہین تب وہ پارا کل بخار بنکے اوڑتا ہے۔ اور بانکی ظروف مین سے اوس بخار کو اگر گذارین تو کل پارا حاصل ہوتا ہے اور دوسرے بار پھر کام اسکتا ہے۔ جو کچہ انبیق مین رہجاتا ہے وہ سونا ہے۔ اوسکو گلالیتے ہین اور اگر اوسمین تانبا یا چاندی شریک ہو تو اوسکو دوسرے طریقون سے صاف کرلیتے ہین جو ذیل مین مندرج ہین۔

ف ۱۹ آج کل ایک اور طریقہ بھی سونیکے حاصل کرنیکے لئے رایج ہے نمک کو پانی مین حل کرکے اوسمین سے کلورین گیس کو (جو ایک قسم کا زرد رنگ ہوائی مادہ ہے) گذارتے ہین اور اس محلول نمک مین سونیکے مٹی یا زرآلود پتھر کے چوریکو بھگوتے ہین۔ اثر اس محلول کا سونے پر

(اور اوس چاندی پر جو سونیکے ساتھہ ممزوج ہے) یہہ ہوتا ہے کہ بالکل
سونا حل ہوجاتا ہی - بعد اوسکے اس محلول طلا مین تانبیکے ٹکرے ڈال دینے سے
سونا مانند بہورے رنگ کے درد کے تہ نشین ہوجاتا ہی اور چاندی ہی سفید درد کے
مانند تہ نشین ہوتی ہے اور تانبا اوسکے عوض مین حل ہوجاتا ہی -
ف ۲۰ سونیکو کئی طریقون سے چاندی سے الگ کرتے ہین مگر بہترین طریقہ
بوسیلہ تیزاب کے ہے - اسمین ہی دو قسم ہین اول طریقہ تربیع ہے
یعنی اگر سونا چاندی کے ساتہہ شریک ہے تو اوسمین اور ہی چاندی گلا کر
شریک کیجاتی ہے جب تک کہ نسبت سونیکی چاندی سے ایک اور تین کے
ہوتی ہے - یعنی ایک جزو سونا اور تین جزو چاندی کا ممزوج تیار کرلیا
جاتا ہے بعد اس ممزوج کو پتلے لوح یا ورق کے شکل مین تیار کرکے
شوریکے تیزاب (نیٹرک اسڈ) مین جوش دیتے ہین - شوریکا تیزاب
کل چاندی کو حل کرتا ہی اور خالص سونا شیشے مین رہجاتا ہی - اور دوسرا طریقہ
گندہک کے تیزاب (سلفیوریک اسڈ) کا ہی اور یہہ طریقہ ارزان تر اور آسان
تر ہے طریقہ تربیع سے - اس طریقہ مین دستور یہہ ہی کہ کچھہ نسبت
سونے اور چاندیکے وزن مین ضرور نہین فقط تین یا چار برابر اوس
ناصاف سونیکے چاندی شریک کردیجاتی ہے (یعنی گلانے سے) اور اس
ممزوج نقرہ و طلا کو گندہک کے تیزاب مین جوش دینے سے چاندی
حل ہوجاتی ہی اور سونا باقی رہجاتا ہی - چہان لینے سے سونیکی خاک
الگ کر لیکے گلا لیتے ہین اور اوس محلول مین تانبے یا لوہے کے ٹکرے
ڈال دینے سے چاندی ہی تہ نشین ہوتی اور گلانے سے حاصل ہوجاتی ہے

ف ۲۱ فلزات مین فقط سونا زرد رنگ ہی اور نہایت کوفت پذیر ہے یعنی اوسمین قابلیت طرق بہت اعلی درجہکی ہے - اور دو لاکہہ بیاسی ہزار ورق ملکر ایک انچ موٹے ہوتے ہین یعنی ہر ورق کی موٹائی ۱/۲۸۲۰۰۰ انچ کے ہوتی ہی - اور سونیکا ورق جو کنارے وغیرہ کے چاندی کے تار پر رہتا ہی وہ اس سے بہی کہین پتلا ہوتا ہی - اس صورت مین چاندیکے سلاخ پر سونا مڑہتے ہین اور اوس سلاخ کو کہینچ کے رفتہ رفتہ تار بناتے ہین - اس بات سے سونیکی خاصیت استداد بہی نظر آتی ہے اگرچہ خالص سونیکا نہایت مہین تار کہینچ سکتا ہی

ف ۲۲ خالص سونا نرمی مین قریباً سیسے کے برابر ہی اور ہوا اور پانی کے اثر سے دُہندلا اور میلا نہین ہوتا کوئی تیزاب بذات واحد سوای سیلنک اسڈ کے اوسکو حل نہین کرتا مگر نائٹر (یعنی تیزاب نمک اور شورہ کے ممزوج) وزن اضافی سونیکا ۱۹۲۵ (۱۹ ¼) ہے -

ف ۲۳ سونا جو یورپ مین سکہ یا زیور کے لیے مستعمل ہے اوسمین ہمیشہ تانبا یا روپا ممزوج کیا جاتا ہی تاکہ اوسمین کچہہ سختی پیدا ہو - انگلستان کے سونیکے سکہ مین ہر چوبیس جزو مین بائیس جزو سونا اور دو جزو تانبا ہوتا ہی اور اسکو استانڈرڈ گولڈ یعنی طلائی مقیاس کہتے ہین - اور ہر جزو کو سونیکے ایک کرٹ کہتے ہین اور زر خالص کو چوبیس کرٹ کا سونا کہتے ہین اور اس قیاس سے انگریزی سکہ کے سونیکو بائیس کرٹ خالص یا بائیس جزو خالص کہینگے یعنی چوبیس جزو مین بائیس جزو خالص سونا ہی - زیور اور گہڑیکے تاب اور زنجیر وغیرہ مین کم سے کم آٹھہ جزو خالص سونا ہوتا ہی مگر ہرگز اٹہارہ جزو خالص سے زیادہ کا سونا مستعمل نہین ہی اور زرگر اور دوسرے

کاریگر ایسے ممزوج سونے کو مخصوص طریقون سے خالص سونیکے رنگت پر لاتے ہین یعنی بعض دواؤن اور تیزابون کے استعمال سے اوسکے اوپر کے سطح کا تانبا حل ہوجاتا ہی اور خالص سونا رہجاتا ہی۔ بعد جلا کرنے سے مثل زر خالص کے اوسمین آب وتاب آتی ہے ۔

ف۲۴ سونا ملمع کے کام مین بافراط صرف ہوتا ہی اور یہہ ملمع یا ورق سے ہوتا ہی یا بوسیلۂ قوۃ کہربائی کے اور شیشے یا چینی کو جو یاقوت یا قرمزی رنگ دیا جاتا ہی ممزوج طلا اور رنگ سے ہی۔ راقم میرزا مہدے

ادب

سوسائٹی (انجمن) یا کلب

ہر ملک کے لئے نہایت ضرور ہے کہ وہان عمائد اور اعزا کے چند سوسائٹیان ہون یا کلب۔ ہندوستان مین یہہ امر مروج ہوگیا ہی گو ابہی وہان بہی اعلی درجہ کے سوسائٹیان بہت ہی کم ہین مگر امید قوی ہے کہ رفتہ رفتہ وہ اپنے فرایض منصبی کو پورا کرینگے اور بمصداق اس ضرب المثل کے۔ بیکار مباش کچہہ کیا کر ہم یہہ کہہ سکتے ہین کہ این ہم غنیمت است مگر وہ ملک یا شہر جسکے کان نے کبہی سوسائٹی کا لفظ نہ سنا ہو ہمکو اس سے کیا امید ہوسکتی ہی کہ وہ اسکے فوائد اور نتایج کو سمجھے گا۔ دیکہو ہمارے ہی شہر مین بعض مہذب اور نیک اندیش حضرات نے کچہہ کچہہ اسکی بنا ڈالے ہین مگر جب تک یہان کے امرا اور عمائد کو اسطرف رغبت نہو کچہہ امید ہوسکتی ہے کہ اسطرحکے کام اعلی درجہ کی ترقی کر سکینگے۔

مین چاہتا ہون کہ سوسائٹی کے فوائد اور نتایج کو بالتصریح بیان کرون مگر جب رسالے معلم کے خریدارون کے رجسٹر کو دیکہتا ہون تو ہمت پست ہوجاتی ہے کیونکہ یہان

بہت کم امرا بالفعل اسکے خریدار ہین اور جو خریدار ہین وہ سوسائٹی کے فوائد اور نتائج سے بخوبی واقف ہین غرض کس بشنود یا نشنود من گفتگوئے می کنم۔

مین ابھی اس بحث کو چھیڑنا نہین چاہتا کہ سوسائٹی کسطرحکی ہونا چاہیے کیونکہ اب بھی بہت سے سوسائٹیان صبح و شام نظر آتے ہین۔

مین صرف اپنے اوپر کے قول کی پابندی کرتا ہون اور میرے قول کی تائید مین ایک بہت بڑی دلیل پیش کرتا ہون۔

سوسائٹی یا انجمن سے اصل مطلب باہمی میل جول ہی اور اسکے فوائد سب پر ظاہر ہین مگر ہمکو شکر کرنا چاہیئے کہ ہمارے شارع کا بھی یہی مقصود تھا جیسے دن مین پانچ وقت ایک خاص جائی پر جمع ہونیکو بہت مستحسن بتلایا اور پھر مین اوس کام کے کرنیکی (جو ایک خاص جائی پر کرنیکو حکم دیا ہے) اسقدر عزت نہین کی اور اسی کام کو آٹھہ دن مین ایکدفعہ بہت ہی زیادہ معزز کیا کہ کوئی کامل وجوہ ہی کیون نہو مگر اس سعادت سے مشرف ہو۔ اسی طرح بہت سے کام ایسے بتلائے جس سے آپس مین میل جول ہو مگر یہان بیان کرنا کچھہ میرے مطلب سے متعلق نہین ہے۔

سوسائٹی مین متعدد دیار و امصار کے اخبارات آتے ہین لائبریری بہت قرینے سے مہیا کیجاتی ہے ہر وقت وہان دس پانچ لوگ جمع رہتے ہین کوئی روز کھانے کا بھی مقرر کردیا جاتا ہی بلیرڈس ٹیبل بھی وہان رکھا رہتا ہی۔ اوسمین لکچر دیئے جاتے ہین وہان پر ہر ایک امر کی بحث ہوا کرتی ہے۔ بیکار لوگون کے ستانے اور بیکار حضرات کے آرام کے لئے بہت ہی مفید جاہی آدمی کو کیسی ہی فکر ہو مگر دو گھڑی وہان دل بہل جاتا ہی نئی پرانی خبرین سننے مین آتی ہین دور دراز کے حالات معلوم ہوتے ہین ہمجنس مین محبت و الفت بڑھتی ہے مگر یہان یہہ بھی اہتمام ہوتا ہے کہ سوسائٹی مین مبتد

اشخاص شریک ہون یا داد اکا حسد سوسائٹی مین نہ نکلا کرے غرض ہر ہر شخص اپنے اپنے کام مین مصروف رہی کوئی کتاب دیکہتا ہے کوئی اخبار پڑہتا ہی کوئی بلیرڈ کہیلتا ہی کوئی اپنے دوست سے باتین کرتا ہی کوئی سوڈا لیمونیڈ پیتا ہی کوئی ٹیفن کہاتا ہی

اگر ہمارے شہر کے امرا چاہین تو مین بدل اسطرحکی سوسائٹی یا کلب کے قایم ہونیکا مشتاق ہون اور حتی الوسع دامے درمے قدمے سخنے سے دریغ نہین کرنیکا اور جب وہ معزز لوگ اس امر پر کمر باندہینگے تو اسکے نتایج بہی انکو معلوم ہوجائینگے اب نتائج بیان نہ کرنیکی معافی چاہتا ہون اسلیئے کہ ہمنے فوائد اور قواعد بتلا دیئے اب آپ اوس کام کو کرکے نتیجے اسکے دیکہہ لو والسلام۔

راقم خاکسار غضنفر علی

نباتات

جمال گوٹا

جمال گوٹا۔ جمال گوٹیکو انگریزی زبان مین کروٹن آیل کہتی ہین اور جمال پور کے قریب جو پہاڑیان ہین اونکے جڑون کے پاس مسلسل نیچے زمین مین جمال گوٹے کے درخت بکثرت خودرو اُگتے ہین۔ اور لوگ قیاس کرتے ہین کہ اس جگہہ کا نام اسی وجہ سے جمال پور× ہوا کہ وہان جمال گوٹیکے درخت بہت پیدا ہوتی ہین

جمال گوٹا ایک مفید شی ہے اور اسکا درخت سایہ دار ہوتا ہی۔ اسکا بیج آٹہانہ سیر فروخت ہوتا ہی۔ جمال گوٹے کے ایک درخت مین سی سالانہ دس سیر جمال گوٹا پیدا ہوتا ہی اور اس حسابسے پانچ روپیہ سالانہ ایک درخت کی منفعت ہوی۔ جمال گوٹے کی درخت کافی کو درختونمین پندرہ فٹ کی فاصلہ سے بغیر کسی نقصانکے لگائی جاسکتے ہین۔ اور اس حسابسے ایک ایکڑ زمین مین ۱۹۰ درخت جمال گوٹے کے بوئی جاسکتے ہین جنکی آمدنی بعد چار سال کے نوسو پچاس (۹۵۰) روپیہ سالانہ ہوگی۔ اور اس ایک ایکڑ زمین مین جسمین درخت مذکور بوئے جائین اور درخت بہی بوسے جاینگے خواہ وہ کافی کے ہون یا اور کسی چیز کے اور اونکی پیداوار کی آمدنی علاوہ جمال گوٹونکے درختونکی آمدنی کے ہوگی۔ فقط راقم محب

× مغربی شمالی مین ہی—

طب

بقیۂ مضمون طب کی تاریخ کا مختصر بیان

اور انہین دونون پر عربی طبابت کا اختتام ہوا یعنے بعد انکے کوئی مشہور عربی حکیم نہین ہوا غرض عربی اطبا نے بہت سے نئی دوائین جو ملک عرب فارس اور ہند مین میسر آئین ظاہر کین اور کئی طرح کے نمک فلزات اسڈ و عرق کھینچنے کی ترکیب ایجاد کی سوائے اسکے جو دوائین کہ کیمیائی ترکیب سے بنائی جاتین ہین ظاہر کین عرب کے لوگ اس تدبیر کے شایق تھے کہ فلزات کو متبدل کرکے سونا چاندی بناوین مگر سونا چاندی تو نہین بنا کئی دوسری کیمیائی اشیا معلوم ہوئین یہہ شوق ملک یورپ مین بہی جاری تہا مگر اب متروک ہے سونا یا چاندی بسیط عنصر ہے اُن کئی عناصر کو ملانے سے یا جس چیز مین کہ کئی عناصر ہون جدا کرنے سے طرح طرح کے کیمیائی اشیا بنا سکتا ہی مگر نئی عنصر کو سوائے خدائے تعالی کے کوئی شخص نہین بنا سکتا ہی خلاصہ عرب کا علم طبابت سنہ ہجری تک جاری رہا اور سنہ مذکور سے عربی علم طب کی ترقی موقوف ہوئی بعد سنہ مسطور سے یہہ علم یورپ مین آیا اہل یورپ نے عربی کتابونکا ترجمہ کیا اور بہرہ مند ہوئی اِس امر کے تمامی یورپ بہت ممنون و مشکور ہین غرض نوسو ہجری تک ملک یورپ مین علم فقط مشایخ لوگون مین تہا اسکے بعد علم طب کی ترقی ملک یورپ مین کئی اسباب سے ہونے لگی پہلے یہہ کہ انگلستان و فرانس کے لوگونکے پاس لاٹن طبابت کے کتابین تہین بعد اسکے جبکہ وہ لوگ ملک یہودیا کے جنگ سے جو کہ بیت المقدس کے لینے کے واسطے تہے

بیٹھے تو عربی و یونانی کتابیں اپنے ہمراہ لیتے آئے انکا ترجمہ کیا یہہ تینون طرح کے علم طب یعنی لاٹین یونانی عربی یورپ کے علم طب کی بنیاد ہوئین یہہ جنگ سنہ ۱۰۹۶ء مین شروع ہوئی اور سنہ ۱۲۶۹ء مین آخر ہوئی اس جنگ سے واپس ہونیکے وقت سے یورپ کے لوگون نے عربی یونانی اور لاٹین زبانین سیکہنا شروع کین اس سبب سے یورپ کے لوگونکے زبان مین عربی یونانی اور لاٹین کے اکثر الفاظ مروج ہین گویا یورپ کے زبان کی بنیاد ان تینون زبانون سے ہے سنہ ۱۳۱۵ء مین شہر بلونا مین موڈینا نام شخص نے انسان کی تشریح کرنا شروع کی اسی سن مین متاخرین کی طبابت متقدمین سے جدا ہوئی۔ دوسرا سبب علم کی ترقی کا یورپ مین یہہ ہوا کہ سنہ ۱۴۵۳ء مین شہر قسطنطنیہ کو محمد نام بادشاہ نے فتح کیا اس شہر کے خانقاہون کے عالم جو کہ عیسوی تہے وہان سے نکلکر یورپ کیطرف آئے اور اپنے ہمراہ کتابونکو بہی لائے یورپ مین ان کتابونکا ترجمہ ہونا شروع ہوا اور درس تدریس شروع ہوئی ان لوگونکے آنیکے باعث یورپ کے لوگونکی جہالت اور بے علمی کی تیرگی علم کے چراغ سے روشن ہوئی۔ تیسرا سبب یہہ ہوا کہ خود یورپ کے لوگونکو بہی علم سیکہنے کا شوق ہوا بسبب ان کتابونکے ملنے اور ان عالمون کے آنے کے۔ چوتہا سبب علم کے پہیلنے کا یہہ ہوا کہ اسی عرصہ مین چہاپنے کی ترکیب ایجاد ہوئی جسکے سبب جلد ہی علوم ملک یورپ مین پہیلنے لگے ان کلہم امور کے سبب علم طب کی ترقی ہوئی اور سنہ ۱۶۰۰ء مین اطبا کے تین حصہ ہوئے ایک طبیب دوسری اہل کیمیا تیسری اہل تشریح ان تینون مین سے علم تشریح نے بہ نسبت دوسری علوم کے زیادہ ترقی پائی۔ یورپ مین طبابت کا علم سنہ ۱۸۰۰ء کے آخر تک اسطرح جاری رہا اور ترقی پائی جیسا کہ مذکور ہوا اس صدی کے آخر سے ابتک علم طب مین مثلاً علم نباتات علم کیمیا وغیرہ کی ترقی ہوتی جاتی ہے یہہ زیادتی اور ترقی علم کی کسی ایک شخص سے اور کسی ایک ملک سے نہین ہوئی کہ جسکا فخر اور بزرگی اوس شخص

یا اوس ملک کو ہو بلکہ بہت سے شخص کئی ملکون مین اسکے درپے ہین اسلئے وے سب اِس فخر و بزرگی کے مستحق ہین فقط باقی آینده —

راقم میرزا اصفدر علی سپیز آسس ٹنٹ سرجن سوم پلٹن باقاعده

تاریخ

عبدالمومن بن علی سلطان ملک ہسپانیا

سلطان عبدالمومن بن علی نے جب آفریقہ کے امورات کے انتظام کو بخوبی تمام سرانجام دیا تو توسن توجہ کے عنان کو اپنی دارالسلطنت مرافعہ کو آرایش و زیبایش دینی سے طرف گرم جولان کیا اور اوسے عدالت کے محکمون اور مکتبون اور مدرسون سے رونق بخشا۔ اور اوس نے وہان ایک ایسے دارالعلوم کی بنیاد ڈالی کہ جہان نوجوان لڑکون کی نہ صرف علم و ہنر مین بلکہ پیشہ نبرد آزمائی مین اور ایسے ایسے کسب و کمال مین جو ہر یک سرفروش کو پُرضرور رہو۔ تعلیم و تربیت کی جاوے ۔ کیونکہ اوسکو نہ فقط قاضیان قابل کی اور ناظمان لایق صوبجات ۔ اور حاکمان شہر کی حاجت تہی بلکہ اوسکی تمنا یہہ تہی کہ عمده عمده سپہ سالار اور اچہے اچہے سپاه جرار اپنے مدارس سے تیار ہوکر نکلتے دیکہے غرض اوس سلطان نے ماسوا کے اعلی ترین خانوادون کے لڑکون کو اور دوسرے قبیلون کے بچون کو اُن مکتبون اور مدرسون مین داخل فرمایا چنانچہ اونکا شمار تین ہزار کا تہا۔ اور اونکا سن ایسا برابر بلا فرق و تفاوت تہا کہ ہر ایک دیکہنے والے کو

ایسا مفہوم ہوتا تہا۔ کہ اُن سب لڑکون نے ایک ہی دن کتم عدم سے کشور ہستی مین قدم رکہا ہے یہہ کل لڑکے حافظ اور بعض وقت طالب عالم کے لقب سے ملقب کئے جاتے تہے۔ کیونکہ وہ عقائد و فقہ کی نہایت عمدہ عمدہ کتابین پڑہتے تہے۔ اور اونکو یاد رکہتے تہے۔ اور بہت سے دوسرے کتابون مین ہی اونکا درس ہوا کرتا تہا۔

سلطان عبدالمومن کی یہہ عادت تہی کہ ان سب حافظون کو جمعہ کے دن اپنے بارگاہ شاہی مین فراہم کرتا۔ اور اونکو حکم دیتا کہ ہفتہ بہر جو کچہہ کہ انہون نے پڑہا سیکہا تہا اپنے حضور مین اعادہ کرین۔ پس اسطرح سے اول نوجوان حافظون کو واسطے تحصیل علوم و فنون کے ترغیب و تحریص دیتا تہا۔ تاکہ آخر کار وہ عالم فاضل اور مستعد و مجتہد اور رائے صائب دینے مین قابل و کامل بن جائین۔ اور دوسرے روز سلطان عبدالمومن بن علی کے سامنے وہ اپنے اپنے گہوڑون کی سواری کا اور ہتیار چلانیکا ہنر بتلانے مین نیزہ پہینکنے اور گہوڑ دوڑ مین پہرتی اور شتابی دیکہا دیتے تہے اور بہی ایسے ایسے کمالات و فنون جو اونکی وضع سپاہانہ و طرز دلاورانہ سے مناسبت رکہتی تہی۔ کر بتلاتے تہے اور تیسرے روز اونکی غلیل بازیکی مشاقی و چابک دستی کا۔ برچہیون کی پہینک مارکا پتہرہون کا نشانہ لگانیکا۔ اور پہینک کر مارنیکے دوسرے ہتیارون کو استعمال مین لانیکا امتحان لیاجاتا تہا۔ اور ایک دن پہر وہ سلطان اون حافظون سے شناوری یعنی تیرنیکا شغل کرواتا تہا۔ باقی آئندہ۔ راقم خیرخواہ انام صدرالاسلام

علمی خبرین

لندن کے اخبارون مین سے " ڈیلی ٹیلیگراف " ۰۰ ۰ ،۲ ۲
ہوتے ہین اور " ڈیلی نیوز" کے ۰۰ ۰ ،۶۰ را پرچہ اور "
لاکہہ پرچہ اور " کرانیکل " کے ۰۰ ۰ ،۹۰ پرچہ اور " گرافک
معہ تصاویر اور پولس نیوز معہ تصاویر انین ہرایک اخبار کے
فروخت ہوتے ہین ÷
پروفیسر پیروسینو جو منڈ وی کے ر
ڈاکٹر ایچ - ای لکس صاحب نے جو بیتہلم کے باشندہ ہین یہہ ا
کے ذریعہ سے چیزون کی شکل اور رنگت ایک مقام سے د
منتقل ہوتی ہی جیسے کہ آلہ ٹیلی فون کے وسیلہ سے آواز
کہ یہہ لوگ بہت جلد ایک ایسا آلہ ایجاد کر لین گے جسکے ذریع
جو ہزارون کوسون کے فاصلہ پر ہونگے اور جنکے درمیان
سمندر حائل ہونگے ایک دوسرے کو دیکہینگے اور آپسمین بات
خبر ہے کہ روس کے شاہی مجلس علوم
ایک شعبہ کے لوگ ایک ہوائی جہاز کے ایجاد کرنے کی کوشش
جو ہوا مین اوپر چلے گا - ان ایجاد کرنے والونکا اقرار ہے
ایک کشش دریافت کی ہے جو زمین کے کشش ثقل کے برخلاف
جو ہوائی جہاز کہ اونہون نے تجویز کیا ہی وہ ۴۰ فٹ کا لنبا اور
اور ۱۶ فٹ کا اونچا ہوگا - اس جہاز کی شکل عموماً مخروطی ہوگ

دو پہیون کے ذریعہ سے چلے گا اور ان پہیون پر ایک خاص ساخت کے آلہ سے قوت دی جاویگی اس جہاز کا وزن باوجود اس معتدبہ لنبائی چوڑائی کے دو سو سیر ہوگا اور کہتے ہین کہ یہہ ایک غبارہ وغیرہ سے مختلف ہوگا کیونکہ اگر اس جہاز مین کوئی چیز ٹوٹ جاویگی تو وہ ایک بارگی گر نہ پڑیگا بلکہ آہستہ آہستہ زمین پر اوتریگا۔

چند روز گذرے کہ مقام وینرنیدت مین دفتر تلغراف کے پاس ایک شہاب ثاقب ٹوٹ کر گرا اور پختہ سڑک مین دور تک دہس گیا۔ اس واقعہ کو بہت سے لوگون نے ملاحظہ کیا اور بیان کیا کہ شہاب ثاقب مذکور بڑا چمکدار تہا۔ جب اس آسمانی پتہر کو بغور ملاحظہ کیا تو معلوم ہوا کہ اوس مین ایک مثلث سوراخ پانچ سانٹ (سانٹ زیادہ ہوتا ہے ۳۹/۱۰۰ انچہ سے) کا چوڑا موجود تہا جسوقت یہہ شہاب ثاقب گرا تہا تو وہان کے آس پاس کی زمین جہان وہ پڑا تہا اوسوقت جم گئی تھی بعد اسکے ڈاکٹر اسکویر کے روبرو جو وینرناسدت کے مدرسہ اعلی کے مدرس تہے یہہ پتہر زمین سے نکالا گیا یہہ آسمانی پتہر مثلث الشکل تہا اور ہر طرف سے مبتلر یا جوہردار تہا جسکے طرفین ہموار ہے اور زردی مائل سرخ اور قدرے سیاہ رنگ کی تہین۔ اسکا وزن ۷۵ ۳ گرام کا تہا۔ اسکی تشریح اب کیجاتی ہے

ملک سائبریا یعنی شمالی روس کے ایک ضلع مین جسکا نام "درکوجانسکی" ہے ایک بہت بڑے گینڈے کا مردہ جسم ملا ہے یہہ جسم ایک دریا کے کنارہ جو دریا جانا کے متعلق ہے یعنی اوسمین بہکر جاتا ہے ملا ہی اور پانی کی رگڑ سے اوجہل گیا تہا۔ جسطرح کہ ۱۹۰۰ع مین دریا لینا کے کنارہ ایک بہت بڑے ہاتہی کا جسم ملا تہا جسکو مینتہ کہتے ہین (یہہ قسم ہاتی کی اب دنیا مین نیست و نابود ہے) اور اسیطرح سے اب یہہ گینڈ ملا ہے جو بالکل تر و تازہ ہے کہ گویا ابہی مرا ہے

اسکا چہرا کسی جبہ سے پھٹا ہنین ہے اور بالون سے ڈہکا ہوا ہے ۔

برقی روشنی کا تجربہ الہ آباد کے ریلوی اسٹیشن پر

قریب ہونے والا ہے اسکا انتظام مسٹر لاڈس اسکو بنڈر جو پروشیا کے باشندے ہین کرینگے ۔ چار لیمپ مختلف مقامون پر اس غرض سے رکہی جاینگے تاکہ روشنی تمام اسٹیشن مین ہو ۔ ہر لیپ کے پیچھے ایک چاندی کا بہت صاف آئینہ نما عکس انداز لگایا جاویگا ۔ اور یہہ عکس انداز روشنی کی سید ہے اور معکوس شعاعون کو ایک سفید سطح پر ڈالیگا کیونکہ اس روشنی کی شعاعین آنکہون پر سیدہی ہنین پڑنی پاوینگی ۔

ایک آلہ استماع صوت کلکتہ کے دفتر تلغراف مین قایم

کیا گیا ہے ۔ اور خوب اچھی طرح سے کام دیتا ہے ۔ بطور تجربہ کے بذریعہ اس آلہ کے گفتگو دو شخصون مین کرایگئے جو دو دور کے مقامون مین تہے اور نزدیک کے مقامون مین ہی اس تجربہ کو کیا گیا ۔ غرضیکہ ہر طرح سے یہہ آلہ کمل اور پورا پایا گیا ہے ۔ جب رانی گنج اور کلکتہ کے آدمیون سے بذریعہ اس آلہ کے گفتگو ہوی تو اوسکو قابل اطمینان پایا ۔

مقام ٹیورن سے یہہ کیفیت آی ہے کہ فاسفورس کو

چہاپے کی روشنائی مین ملا سکتے ہین اور اسکی وجہ سے حروف اندہری رات کو چلکدار ہونگے ۔ خبر ہے کہ مقام ٹیورن مین ایک روزانہ اخبار اسہی فاسفورس کی روشنائی سے چہاپا جاویگا جسکی وجہ سے اندہری رات مین لوگ بغیر چراغ کے پڑہ سکینگے ۔

زراعت

تماکو بونے کے لئے کس قسم کی زمین ہونا چاہئے

صرف تجربہ سے معلوم ہو سکتا ہی کہ کون سی زمین تماکو کی زراعت کے قابل ہوتی ہی۔ لیکن مشہور ہی کہ ہوانا تماکو کی خوبی لوہی کی مقدار اور حالت پر منحصر ہے جو زمین مین ہوتا ہی۔ ہماری ملک مین ہوانا اور ورجینیا تماکو سرخ قسم کی زمین مین پیدا ہوتی ہی۔ جو زمین سرخ اور سرخی مائل بہوری رنگ کی ہوتی ہے اس زمین اکثر لوہا یعنی لوہی کا "آگزائیڈ" (خاک یا کشتہ) جسکا رنگ سرخی مائل بہورا ہوتا ہی شامل ہوتا ہی۔ اور جس زمین کا رنگ ہلکا ہوتا ہی اوسمین کالا آگزائیڈ لوہی کا ملا ہوا ہوتا ہے۔

شمالی امریکہ اور یورپ کی ملکون مین تماکو کی زراعت کے لئے بہت زرخیز زمین کی ضرورت ہے لیکن اون ملکون مین جنکی آب ہوا گرم ہے یا جہانکی ہوا مین تری ہی اسقدر ضرورت نہین ہی۔ ملک ورجینیا مین تماکو کی زراعت کے لئے ہلکے سرخ رنگ کی زمین اور پہاڑی زمین اور ہلکی کالی زمین جو پہاڑون کے غارون مین ہوتی ہے اور زرخیز بہی زمین تلاش کیجاتی ہی۔

ہند کے بعض بعض حصون مین مثلاً اون جایون مین جو دریائے گنگا کے کنارے واقع ہین اور نارورن سرکار (جنوبی سرکار) مین تماکو عمدہ اور تیز پیدا ہوتا ہے۔ جب نیک مرتبہ سی عمدہ اور مزہ دار تماکو پیدا ہو جاتی ہی تو اوسکا بونے والا مالدار ہو جاتا ہے

فقط ایگریکلچر۔ راقم محب حسین

غزل

سو سی ہی کچھہ نہ شعلۂ کچھہ کوہ طور ہی — ظاہر ہوا ہمین کہ اوسیکا ظہور ہی

ہم سجدہ پھر بتون کو نکیونکر کرین بتا — زاہد خدا کا جلوہ تو انمین ضرور ہے

شراب خواری و اقسام فواحش مثل کثرت جماع و اغلام و جلق سے ضعف جگر و کمی ا[illegible]
دماغ پاؤنکا ہولنا و سستی و تکاہل بدن و ایسی قبضی لاحق ہون دور ہوتے ہین
فی بوتل [illegible] روپیہ ۔

۴ ۔ تریاق مایوسین یہہ دوائ جسکی نصف چانول خوراک بھی نامردی و
سرعت انزال و نسیان و ضیق النفس کھانسی تر دمہ درد شقیقہ عرق النسا
وجع مفاصل و جلدی کہنہ امراض اور برائے زخم خنازیر ناصور دور ہوتی ہین
جنکو دودہ و روغن زرد نہ ہضم ہوتا ہو اس سے اچھی طور پر ہضم کرسکتے ہین
فی خوراک ۸/ ۳۰ خوراک ۔

۵ ۔ حب دافع ذیابیطس ان گولیون کے کہانے سے بار بار آنا پیشاب کا
و تشنگی بند ہو جاتی ہے سلسل البول و ضعف مثانہ و جلن و اسہال دیرینہ
دماغی کے لاگ جو تاثیر آب و ہوا یا کثرت کار سے نظام عصبی مین بگاڑ ہوا ہو
دور ہوسکتے ہین [illegible] ۔

۶ ۔ حب قایم مقام افیون اس سے بے ضرر و صحیح نشہ افیون و چنڈو
چہوٹ جاتے ہین بھوک کہلتی ہے نیند آتی ہے سستی بدن و نزلہ و زکام و ریزش
جو گلے مین گرتی ہو و کہانسی و تپ ربعہ دور ہوتے ہین ۔ [illegible] روپیہ

۷ ۔ ہلاس اسکے سونگنے سے نزلہ دور ہوتے ہین [illegible] ۔

۸ ۔ حب دافع آتشک کیسی سخت آتشک ہو زہر ہو یا مادین بلا تکلیف مونہہ و دفعی
دوست جاتا رہتا ہی [illegible] روپیہ ۔

۹ ۔ ماء اللحم یہہ پہول میوجات و طیور کے گوشت سے طیار کیا ہوا عرق نامردگی
و قراقر شکم و لقوہ و استرخا و مالیخولیا مراقی و خفقان و کمی خون کو کہوتا ہی
فی بوتل [illegible] ۔

ایک عرق بطور علاج حفظ ما تقدم

مرض مہلک آتشک و سوزاک دیدہ سے بچنے کے لئے تجربہ کیا گیا فی بوتل عہ
ایک بوتل ہاہہ مہینے کیواسطے کافی ہے مفصل حال آدہ آنہ کے ٹکٹ کے
بہیجنے سے معلوم ہو سکتا ہے نمبر ۱۵۰ —

رسید زر از حضرات خریداران معلم

نواب شوکت جنگ بہادر دام اقبالہم	سلے/
نواب اکرام جنگ بہادر دام اقبالہم	سلے/
نواب وزارت علیخان بہادر دام اقبالہم	سسے/
نواب احمد علیخان بہادر دام اقبالہم	سسے/
مولوی حافظ محمد انور اللہ صاحب استاد حضرت بندگان عالی حضور پر نور دام اقبالہم	سسے/
حکیم سید علیخان بہادر میر مجلس صفائی	سلے/
مولوی محمد حسن عطار اللہ خان صاحب منصرم معتمد صدر المہام عدالت سرکار عالے	سلے/
مولوی محمد اعظم صاحب ابو الجلال نائب سر رشتہ دار دفتر معتمد مالگزاری سرکار عالے	سسے/
مولوی محمد غضنفر علی صاحب مہتمم دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالے علاقہ تعمیرات عامہ	سسے/
منشی کشن راؤ صاحب میر منشی دفتر معتمد مالگزاری سرکار عالے علاقہ مال	سلے/
غلام نبی صاحب جاگیردار پوکلن پلی	للعہ

[illegible]

اس رسالہ [illegible]

[illegible]

یہ رسالہ بغیر درخواست کے ہی [illegible] ایک نام [illegible]

[illegible] ماہوار [illegible] مطلع فرمائیں اور جو صاحب

انکار سے مطلع فرمائینگے انکا نام [illegible] کیا جائیگا [illegible]

بعد [illegible] دو یا زیادہ رسالون کے انکار کرینگے [illegible] پہلی قیمت ادا کرنی ہوگی

زر قیمت بذریعہ ہنڈوی یا نوٹ یا ٹکٹ [illegible] کے ذریعہ رجسٹری ارسال فرمایئے

اور اگر ٹکٹ نیم آنہ ارسال فرمائیں تو فی روپیہ آدہ آنہ کا ٹکٹ زیادہ ارسال کریں کہ بٹہ

[illegible] خط و کتابت [illegible] ہر حال میں جاری رہیگی [illegible] کے معرفت [illegible] کا ادا

اجرت انطباع اشتہارات

اس رسالہ میں اشتہارات مفید خاص و عام اجرت پر طبع ہوسکتے ہیں

جن صاحبوں کو ضرورت ہو ارسال فرمائیں اور نرخ حسب ذیل ہے —

اول ہر [illegible] سطر دو آنہ [illegible] فی صفحہ [illegible] اگر [illegible] نصف [illegible]

[illegible] الغرض یہہ رسالہ [illegible] میں [illegible]

[illegible] ہندوستان [illegible]


[illegible]

[illegible]

[illegible]

وقال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اللہ وملائکتہ یصلون

علی معلم الناس الخیر



[illegible]

[illegible]

فہرست مضامین

مضمون	نام مضمون نگار یا مولف	صفحہ
جر ثقیل		
بقیہ پانی چڑھانے کے طریقے	محب حسین	۱۰۹
ادب		
بقیہ مضمون اسباب حقیقیہ سعادت و شقاوت انسان	مولوی جمال الدین صاحب حسینی	۱۹۹
بقیہ مضمون ماخذ العلوم	مولوی کرامت علی صاحب مرحوم	۱۰۲

فہرست تصاویر آلات

تصاویر آلات	سید محمد غوث صاحب	۱۹۳ تا ۱۹۷

اشتہار

ہمارے تمام ناظرین بلند خیال اور عالی ہمت کو مژدہ ہو کہ آجکل ہمارے کارخانہ مین ایک مصور رشک معنی اور بہزاد موجود ہین جو تصویر روغنی اور آبی نہایت عمدہ مثل تصاویر ولایتی کے تیار کرتے ہین شرح قیمت مندرجہ ذیل ہے جن صاحبون کو اپنی تصویر تیار کرانا منظور ہو وہ اپنا فوٹو بھیجکر ایڈیٹر رسالہ معلم سے رسل و رسایل فرماوین مگر شرط یہ ہے کہ نصف قیمت پیشگی لیجاویگی۔

روغنی: مقدار بلندی تصویر	قیمت	آبی: مقدار بلندی تصویر	قیمت
یک فٹ	للعہ	۶ انچہ	سعہ
۱۳ انچہ	لعہ	یک فٹ	ملعہ
۱۴ انچہ	عہ		

اسیطرح بحساب فی انچہ تین روپیہ زاید لیجاوینگے یک فٹ سے کم بلند تیار نہوگی۔
اور قد آدم تک تیار ہو سکتی ہے۔

اشتہار

مجرب!!!

ادویہ مندرجۂ ذیل شرطاً تا حصول صحت باداے نقد قیمت لاہور موچی دروازہ مین دار الشفاء حکیم غلام نبی زبدة الحکما مالک مہتمم رسالہ حافظ صحت سے مل سکتی ہین۔

۱۔ روغن دافع سستی و باریکی و کجی مجلوق بچہ پن کی خرابی سے اگر رگ پٹھے کمزور ہوگئے ہون تو اسکی چند روز مالش سے حالت اصلی پر آتی ہین فی تولہ للعہ روپیہ۔

جرثقیل

بقیہ مضمون پانی چڑھانے کے طریقے

۳۰ بادی النظر مین معلوم ہوتا ہے کہ ہوا کا دباؤ جو پانی کے ستون کو سیکشن پائپ مین سنبھالے رہتا ہی اوس قوت کو مدت دیتا ہے جو پانی چڑھانے کے کام مین آتی ہے ۔

۳۱ لیکن جب اچھی طرح سے اون قوتون پر غور کرتے ہین جو اس طریقہ مین کام دیتے ہین تو معلوم ہوتا ہی کہ یہہ بات نہین ہے ۔

۳۲ ان قوتون مین سے بعض ایسے قوتین ہین جو اوس پانی کے ستون کی چوٹی سے جسکو پسٹن نے اوپر چڑھایا ہے اوپر سے نیچے کو کنوے کی تلے کے طرف زور کرتی ہین اور بعض ایسے ہین جو نیچے سے اوپر کی طرف زور دیتے ہین ۔ اب یہان سے یہہ بات ظاہر ہے کہ وہ قوت جرثقیلی جو پسٹن کو اوپر کہینچنے کے لئے استعمال کیجاتی ہے تمام اوس زور یا قوت پر غالب آتی ہے جو اوپر سے دبانے والی قوت مین بعد منہا کے نیچے سے دبانے والی قوت کے باقی رہتی ہے ۔ یعنی وہ قوت جو نیچے کی طرف زور دیتی ہے اوس قوت سے جو نیچے سے اوپر کی طرف زور دیتی ہے زیادہ ہوتی ہے اور پسٹن کو اوپر کہینچنے مین اس قوت کو مغلوب کرنا پڑتا ہے جو نیچے کے طرف زور دیتی ہے ۔ اب ہم تصریح کے لئے اوس پانی کے ستون کو قیاس کرتے ہین جو ویلو مین گذر کر پسٹن کے اوپر رکہا ہوا ہی اس پانی کے ستون کے اوپر کی سطح پر کرہ ہوا کا دباؤ پڑتا ہے اسواسطے پسٹن کو ہوا کا دباؤ سنبھالنی پڑتا ہی ۔ اور پسٹن کو اوس پانی کے ستون کا بہی بوجہہ سنبھالنے پڑتا ہے

جو اوسکے اوپر واقع ہے - کرۂ ہوا کا وہ دباؤ جو کنوے کے پانی کی سطح پر پڑتا ہے
پانی کے ذریعہ سے پسٹن کے تلے تک پہونچتا ہے - لیکن یہہ اثر کرہ ہوا کی دباؤ کا
پسٹن کے تلے تک پہونچنے مین اوس پانی کے ستون کے وزن کی وجہہ سے
گہٹ جاتا ہے جو پسٹن کے تلے اور کنوے کے سطح کے درمیان مین واقع ہے
کیونکہ کرہ ہوا کا دباؤ جو کنوے کے سطح پر پڑتا ہی اول اوس پانی کے ستون
کے بوجہہ کو سنبہالتا ہی جو پسٹن کے تلے اور کنوے کے پانی کے سطح کے
درمیان واقع ہے - اور پسٹن کے تلے پر صرف اوسقدر زور ڈالتا ہی جو اس
پانی کے ستون کو سنبہالنے کے بعد باقی بچتا ہی - اسواسطے جو اثر پسٹن کے
تلے پر پڑتا ہی وہ ویسا ہی ہوتا ہے جیساکہ اگر وہ پانی کا ستون جو پسٹن کے
تلے اور کنوے کی سطح کے درمیان مین ہی پسٹن کے اوپر ہوتا اور اوسکو
نیچے دباتا - اور نیچے سے کرۂ ہوا کا دباؤ جو کنوے کے پانی کی سطح پر
پڑتا ہے اوجیں پسٹن کو دباتا - پس پسٹن کو نیچے کے طرف دو قوتین
دباتی ہین ایک تو کرۂ ہوا کا دباؤ جو اوس پانی کے سطح پر پڑتا ہی جو پسٹن کے
اوپر واقع ہے دوسرے پانی کے ستون کا بوجہ جو پسٹن کے اوپر بہرا ہوا ہے
اور دوسرے پسٹن کو کرہ ہوا کا وہ دباؤ اوپر ڈہکیلتا ہے جو کنوے کے پانی کے
سطح پر پڑتا ہی اور بذریعہ اوس پانی کے ستون کے پسٹن کے تلے تک
پہونچتا ہے جو پسٹن کے تلے اور کنوے کے پانی کے سطح کے درمیان
بہرا ہوا ہی - اور یہہ ہوا کا دباؤ جو پسٹن کے تلے پہ نیچے کے طرف سے پڑتا ہے
اور پسٹن کو اوپر اوٹہاتا ہے اوس کرہ ہوا کے دباؤ کو توڑتا ہی جو اوس
پانی کے سطح پر پڑتا ہی جو پسٹن کے اوپر بہرا ہوا ہے اور پسٹن کو اوپر سے

دباتا ہی ۔ پس پسٹن کو نیچے دبانے والی قوت صرف اوسہی پانی کی باقی رہے جو اوسکے اوپر بہرا ہوا ہے ۔

۳۳ پس اوپر کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ پمپ پانی سے پانی بہرنے کے لئے اسقدر قوت دینا چاہئے جو اوس تمام پانی کے بوجھ کے برابر ہو جو نل مین بہرا ہوا ہے اور یہہ کہ ہوا کا دباؤ پانی بہرنے یا پانی چڑہانے کی قوت کو کسیطرح کی کچھ مدد نہین دیتا ہے ۔

۳۴ چونکہ پمپ کی حرکت پانی چڑہانے مین ٹہیر ٹہیر کر ہوتی ہی اسواسطے وہ دہار پانی کی جو ٹونٹی کی راہ سے نکلتی ہے وہ بھی ضرور رُک رُک کر بے ترتیب طور سے نکلے گی اگر کوئی تدبیر اس بے انتظامی کے دفع کرنے کی نکی جا دیگی ۔ پمپ کی چوٹی پر ایک چہوٹا حوض اوس بے انتظامی کے دفع کرنے کے لئے اوسطور کا تیار کر سکتے ہین جو شکل نشان ۱۳ سے ظاہر ہے ۔
اگر پمپ کو مثلاً اسطرح حرکت دین کہ پانی ایک معین عرصہ مین اسقدر زیادہ کنوے سے اوپر چڑہے جو مقدار مین اوس پانی سے زیادہ ہو جو ٹونٹی سے نکلتا ہی تو یہہ پانی ٹونٹی کے اوپر نل کے پیپے مین ضرور جمع ہوتا جایگا اسواسطے م ن حوض پانی سے بہر جایگا ۔ اور اس حوض مین پانی بہرتا رہیگا یہان تک کہ اس پانی کی سطح بلند ہو جاویگی اور یہہ پانی ٹونٹی کی دہار پر ایک دباؤ ڈالیگا اور دہار مین اسقدر تیزی یا زور پیدا کریگا جو اوس زور کے برابر ہوگا جو اوس پانی مین ہے جو بذریعہ پسٹن کے کنوے سے اوپر چڑہایا جاتا ہی ۔ اسواسطے حوض کے پانی کی سطح زیادہ بلند ہونے سے موقوف ہوگی ۔
لیکن جب پسٹن اوپر حرکت کرتا ہی تو حوض کے پانی کی سطح مین ایک خفیف تغیر البتہ

واقع ہوتا ہی کیونکہ جب پسٹن نیچے جاتا ہے تو حوض کا پانی ٹونٹی کی راہ سے نکلتا رہتا ہی اور اس عرصہ مین پانی کنوے سے اوپر نہین آتا ہے اور اسکا نتیجہ یہہ پیدا ہوتا ہے کہ حوض کے پانی کی سطح مین ایک کمی واقع ہوتی ہے - اور جب پسٹن اوپر آتا ہے تو پانی بہی اوپر چڑہتا ہے اور حوض کے پانی کی مقدار بہ نسبت اسکے کہ وہ ٹونٹی سے نکلے زیادہ ہوجاتی ہے - اور اسکا نتیجہ یہہ ہوتا ہی کہ حوض کے پانی کی سطح بلند ہوجاتی ہے اور اسطرح حوض کے پانی کی سطح پسٹن کے ساتہہ کم و زیادہ ہوا کرتی ہی - لیکن اگر بہ نسبت پمپ کے اندازہ کے حوض کا طول و عرض اور عمق بڑا ہو تو یہہ اختلاف پانی کی سطح مین کم ہوگا کیونکہ وہ مقدار پانی کی جو پیپے کے ایک حصہ مین بہری ہوی ہے اور جو اوس پانی کے برابر ہے جسکو پسٹن ایک مرتبہ مین کہینچ لاتا ہے بہت تہوڑا تغیر پانی کی سطح پر پیدا کریگی - اور پانی اس موری کی راہ سے برابر نکلا کریگا -


۳۵ شکل نشان ۱۴ مندرجہ ذیل سے اس قسم کے پمپ کی حرکت بآسانی سمجہہ مین آتی ہے - اور یہہ شکل سیکشن پمپ کی ہی جو اکثر بروقت لیکچر دینے کے شاگردون کے سمجہانے کے لئے کارآمد ہوتا ہی ح ح پمپ ہینڈل یعنی پیچ چلانے کا ہاتہہ ہے جو پسٹن راڈ الف یعنے اوس سلاخ کو جو پسٹن مین لگی ہوی ہے اوپر نیچے اوٹہاتا ہے - اور پمپ بیرل یا پانی چڑہانے کا نل شیشہ کا بنا ہوا ہے جسمین سے پسٹن دکہائی دیتا ہے - اور اسمین ایک ویلو ہے -

اور اس آلہ مین دوسرے جزا وہنہین جزون کے مطابق ہین جو شکل نشان ۱۳ سے ظاہر ہوتے ہین

۳۶ ایک اور دوسری وضع پانی چڑہانے کے نل کی ہی جسکو فورسنگ پمپ کہتے ہین

یہہ نل بہت مروج ہے اور اسکے استعمال مین بہت فائدے ہین - یہہ الہ شکل نشان
۱۵ مندرجہ ذیل سے ظاہر ہوتا ہے -

شکل نمبر ۱۵




سکیشن پائپ س ی مین اسیطرح کا فعل ہے جو سکیشن پمپ مین ہے - لیکن اسکا
پسٹن س و ایک ٹہوس لٹو ہے جسمین ولو نہین ہے

۳۷ فورسنگ پائپ ج ج اپنے بنیاد ی ف کے اوپر ایک ولو
ہور و ہ رکہتا ہے جو اوپر کے جانب کہلتا ہے - جب پسٹن س و کو اوپر اوٹہاتے ہین
تو ولو و کہلجاتا ہی اور پانی سکیشن پائپ سے پمپ بیرل مین جاتا ہے اور جب
پسٹن س و کو نیچے دباتے ہین تو ولو و بند ہوجاتا ہے اور پانی پسٹن کے دباؤ سے
ولو ,, د ،، مین زور سے گذر کر فورسنگ پائپ مین اوپر چڑہتا ہے - اسیطرح سے
جب تک یہہ پانی چڑہانے کا الہ چلا کرتا ہی تب تک پسٹن کو اوپر حرکت دینے سے
پانی سکیشن پائپ مین سے پمپ بیرل مین جاتا ہی اور اوسکو نیچے حرکت دینے سے
پمپ بیرل مین سے فورسنگ پائپ مین جاتا ہے -

۳۸ اس غرض سے کہ فورسنگ پائپ مین سے متواتر پانی بہکر
نکلتا رہے ایک ظرف ہوای (یہہ وہ ظرف ہی جسمین ہوا بہری ہوی ہوتی ہے)
اکثر فورسنگ پمپ پر لگا دیتے ہین - ایسے فورسنگ پمپ کی وضع جسمین ظرف


ہوائی بھی لگایا جاتا ہے شکل نشان ۱۶ مندرجہ ذیل سے واضح ہے ۔




شکل نشان ۱۵

۳۹ جب پسٹن کو نیچے حرکت دیتے ہین تو پانی ویلو "د" مین ہو کر اوس ظرف مین جاتا ہی جو چارو طرف سے بند ہوتا ہے اور جسمین ہوا بھری ہوئی ہوتی ہے اور فورس پائپ یا نل ج ح اس ظرف مین اوتار آجاتا ہی اور اوس ظرف کے تلے مین ختم ہوتا ہے پانی زور کھا کر اس ظرف مین بلند ہوتا ہے اور سطح "و" "و" تک چڑھتا ہے اور جو ہوا اس پانی کی سطح پر ہوتی ہے وہ دبتی ہے ۔ اور جب یہہ پانی لوٹنے سے بذریعہ ویلو "و" کے جو بند ہو جاتا ہے محفوظ رہتا ہے تو ہوا کا دباؤ جو اس ظرف م ن مین بھری ہوی ہے اوس پر پڑتا ہے اور یہہ ہوا کا دباؤ پانی کو زور دیتا ہے جو نل ج ح مین ہو کر اوپر چھڑتا ہی اور وہان سے متواتر ایک لگاتار دہار مین بہتا رہتا ہے ۔

۴۰ فورسنگ پمپ معہ اپنے ظرف ہوائی کے جو عام ایکجن کے واسطے تیار کیا جاتا ہے شکل نشان ۱۷ سے واضح ہے ۔ اِس جگہہ اوسکے تمام اجزا اکو اونہین حرفون سے ظاہر کیا ہے جن سے کہ شکل نشان ۱۵ اور ۱۶ مین ظاہر کیا تہا ۔



شکل نشان ۱۶



شکل نشان ۱۶

۴۱ جن فورسنگ پمپون مین پانی بڑے زور کے ساتہ لپیٹ
کو دباتا ہے اونمین بہت ضروری ہے کہ پسٹن پمپ برل کے ساتہ بخوبی ملکر
رگڑ کہاتا ہوا حرکت کرے - یہہ ترکیب ایک عمدہ پلنجر کی وجہ سے ہوسکتی ہے
جو پ شکل نشان ۱۸ سے ظاہر ہے - یہہ پلنجر ایک چمڑے کے پٹے الف
ب مین ہوکر حرکت کرتا ہے - اور یہہ پٹا پلنجر کا پلنجر کے ٹہیک مناسب
بنایا جاتا ہے - یہہ پلنجر اوس پٹے سے خوب چسپان رہتا ہے اور ذرا بہی
سانس نہین ہوتی ہے کہ پانی جا دے یا ہوا آ دے - اور اس مین چربی
یا تیل لگایا جاتا ہے جسکی وجہ سے وہ پہسلتا ہوا حرکت کرتا ہے - جب یہہ
پلنجر اوپر اوٹہتا ہے تو وہ جگہہ جسکو وہ چہوڑتا ہے پانی سے بہر جاتی ہے
اور یہہ پانی ویلو "د" مین ہوکر فورسنگ پائپ مین جاتا ہے -

۴۲ اگر ہم اوس فورسنگ پمپ کو بغور دیکہین جو شکل
نشان ۱۷ سے ظاہر ہے تو ہمکو معلوم ہوگا کہ اوسکا اصول جنپر پسٹن نیچے
اوپر حرکت کرتا ہے نہایت صاف صاف ہین - جب پسٹن اوپر اوٹہتا ہی
تو وہ سکیشن پائپ مین سے پانی کو کہینچکر پمپ بیرل یعنے نل مین اسکے اوپر
لیجاتا ہے اور جب نیچے حرکت کرتا ہے تو پمپ بیرل مین سے پانی کو فورس
پائپ مین ڈہکیلتا ہے -




شکل نشان ۱۸

۴۳ اس جگہہ پسٹن ٹہوس ہے اور اوسمین کوئی ویلو نہین ہے

اس مقام پر اسباب کا کوئی سبب معلوم نہین ہوتا ہی کہ کیون پسٹن کے اوپر کی سطح پانی کے اوٹہانے مین کام نہین دیتی ہے جیساکہ اوسکے نیچے کی سطح کام دیتی ہے - چاہیئے یہہ تہا کہ جیسے پسٹن کے نیچے کی سطح پانی کو سکشن پائپ سے کہینچتی ہے اوسیطرح سے اوسکے اوپر سطح پانی کو فورس پائپ مین ڈہکیلتی - یا یون کہو کہ جب پسٹن نیچے اوترتا تو چاہیئے تہا کہ جیسا اوسکے نیچے کی سطح پانی کو فورس پائپ مین ڈہکیلتی ہے اوسیطرح سے اوسکی سطح بہی پانی کو سکشن پائپ مین سے کہینچتی - اس تدبیر کو عمل مین لانے کے لئے صرف یہہ ضرور ہے کہ پسٹن کے بیلن کی چوٹی کو بند رکہین اور پسٹن کی سلاخ خوب چسپان ایک سوراخ مین ہوکر حرکت کرے اور پسٹن کی چوٹی یا سر فورس پائپ اور سکشن پائپ اور کنوے کے تلے مین برابر پہونچے -

۴۴ تدبیر مذکورہ بالا کا عمل شکل نشان ۱۹ سے بخوبی ظاہر ہے -



شکل نشان ۱۹

۴۵ جب پسٹن کو اوپر کہینچتے ہین تو سیکشن ویلو "ف" کہلجاتا ہے
اور پانی کہنچکر پمپ بیرل مین جو پسٹن کے نیچے ہے بہرجاتا ہے اور جب پسٹن
کو نیچے دباتے ہین تو وہی سیکشن ویلوف بند ہوجاتا ہے اور پسٹن کا زور
پانی پر پڑنے سے جو اوسکے نیچے بہرا ہوا ہے ویلوج کہلجاتا ہے اور پانی
فورس پائپ س پ ح مین چہڑتا ہے - اور جب پسٹن کو نیچے دباتے ہین
تو پانی سیکشن ویلو "ی" مین ہی ہوکر گذرتا ہے اور اوس نل مین جاتا ہے
جو پسٹن کے اوپر واقع ہے - اور جب پسٹن کو اوپر کہینچتے ہین تو پانی اوپر کو
دباتا ہے اور سیکشن ویلو ی کو بند کرتا ہے اور ویلو "د" کو کہولتا ہے اور
فورس پائپ مین بزور چہڑتا ہے - اس تدبیر سے متواتر پانی فورس پائپ مین
پمپ بیرل سے جاتا رہتا ہے اور کوی ہرج واقع نہین ہوتا ہے اور اسیطرح
سے پمپ بیرل مین برابر پانی سیکشن پائپ سے آتا رہتا ہے - اگر غور کرین
تو معلوم ہوگا کہ "ی" یا "ف" دونون ویلوون مین سے ایک کہلا رہتا ہے
جب پسٹن نیچے جاتا ہے تو ویلو ی کہلجاتا ہے اور ویلو "ف" بند ہوجاتا ہے
اور جب وہ پسٹن اوپر جاتا ہے تو ویلو "ی" بند ہوجاتا ہے اور ویلو "ف"
کہلجاتا ہے ۔ سو اسطے ایک متواتر دہار ایک نہ ایک ویلو مین ہوکر برابر پمپ
بیرل مین جاری رہتی ہے - اسیطرح سے خواہ پسٹن کو اوپر اوٹہاین یا نیچے
دباوین "ج" اور "د" ویلوون مین سے ایک ضرور کہلیگا -


۴۶ جن سادے پمپون سے باغون مین پانی دیا جاتا ہے
وہ اوس شکل سے ظاہر ہین جو اس پانی چڑہانے کے رسالہ کے شروع مین مندرج ہے
یہہ آلہ ایکہرا یا دوہرا فورس پمپ ہوتا ہے جسمین سے ایک پانی کا فوارہ نکلتا ہے

اور آب پاشی کا کام دیتا ہے۔

۴۷ "فایر انجن" یا آگ بجہانے کا آلہ ایک دوہرا فورسنگ پمپ ہوتا ہے جسکا ہر نل اصول مندرجہ بالا پر کام دیتا ہے۔

۴۸ اس آلہ کا عام نمونہ شکل نشان ۲۱ سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے۔

۴۹ اس آلہ مین "الف" "الف" دو ٹہوس پسٹن ہین جو یکے بعد دیگرے نیچے اوپر حرکت کرتے ہین اور اوس پانی کو زور سے دباتے ہین حسب اصول متذکرہ بالا اوسکے دو نون نلون یا پیپون مین پہنچکر آتا ہے اور پہر یہہ پانی زور سے ایک ہوای ظرف "د ی" مین جاتا ہے۔ پہر اس پانی کو وہ ہوا جو ظرف مذکور مین بہری ہوی ہے دباتی ہے اور یہہ پانی زور سے بذریعہ فورس پایپ "د و" ایک بڑے لنبے چمڑے کے سونڈ سے نل مین جاتا ہے اور اس نل کے سرے پر ایک بڑا فوارہ لگایا جاتا ہے۔ آگ بجہانے والے اس چمڑے کے نل کو اوس مکان کے پاس لیجاتے ہین جسمین آگ لگی ہوتی ہے اور اوسکو ذریعہ سے پانی کو بڑے بلندی تک چڑہا لیجاکے جلتی ہوی آگ پر پانی چہوڑتے ہین اور اس تدبیر سے آگ بجھہ جاتی ہے۔ فقط



شکل نشان ۲۱

راقم محب حسین

ادب

باقی مقالہ گذشتہ اسباب حقیقیہ سعادت و شقاوت انسان

میل انتقاد آثار و اعمال ارباب صنایع و اصحاب اختراعات و حب خرده گیری در تالیفات و تصنیفات و افکار و خطب حکما و علما و خداوندان دانش عجیبه میلیست و غریبه خواهش الیست که مبدع کون در افراد انسانیه نهاده است - و فائدهٔ این میل و ثمرهٔ این خواهش در ترقیات از سعی هزارها مربی شفیق و از کوشش هزارها معلم دل سوز بیشتر است - و اگر این میل در افراد این نوع نمیشد تساهل و تسامح و اهمال و تهاون انسانها را فرا گرفته عقول صافیه و قرائح ذکیه ایشان از خطه نقص و حضیض ناتمامی هیچ گاهے باوج کمالات و ذروهٔ فضائل عروج و صعود نمیکرد - و آثار عظیمه و نتائج جلیلهٔ خرد و دانش ایشان صورت هستی نمیگرفت - و این صنائع بدیعه و حرف انیقه و علوم دقیقه بعالم شهود جلوه گر نمیشد - و غالب قوای مقدسه انسانها که مخازن اسرار و حکم الهیه است در نهان خانهٔ کمون عاطل و باطل مانده بلا اثر و بے فائده میگردید - پس این میل انتقاد و این خواهش خرده گیری دعوت میکند انسانها را بتحقیق و تدقیق و ایشانرا برین میدارد که در صنایع و حرف و علوم و معارف تعمق و تدبر نمایند و تساهل و تهاون نورزند - و بودن این میل در افراد بشریه برین دلالت میکند که کمالات انسانیه را نهایتی نیست و قدرت بنی آدم را اندازهٔ نمیباشد - و هر اثرے که از انسان سر زند اگرچه در نهایت حسن و غایت اتقان و احکام بوده باشد باز نظر بقوائے فعاله ئیکه در و گذاشته شده است خالی از نقص و عیب و ناتمامی نخواهد بود - و شور استعمال این میل اینست که دارای آن بواسطهٔ حسدیکه از آثار خبث نفس است

آنقدر خواهش انتقاد را قوت بدهد و حب خرده گیری را بدان پایه برساند که از سرعت
حرکت در عیب جوئی فرصت نظر بمحاسن او را دست یاب نگردد - و بغیر عیب و نقص
چیز دیگرے در آثار خستهٔ ارباب دانش و بینش بدیدهٔ غبار آلود حسدش نیاید -
و اگر فساد این میل در قومی عمومی گردد البته فتور همت آن قوم را فرا گرفته از کارهای
و آثار عظیمه و کارهاے سترگ از ایشان ظهور نخواهد نمود - چونکه غایت قصوی و مطلب
اقصی و محرک اوّل هر کسے در ارتکاب اعمال شاقه چه بدنیه بوده باشد و چه فکریه
جلب تحسین و استحصال محمدت است از دیگران - و اگر مدح و ثنا و تحسین و ستایش
در اعمال و افعال زائل شده بغیر از تشنیع و تقبیح اثر دیگرے بر آثار انسانیه مترتب
نشود قوای عقلیه لامحاله از حرکت باز خواهد ماند و قوای بدنیه را وهن و سستی
فرا خواهد گرفت -

میل بقاء اسم بعد از وفات و خواهش پایداری نام سبب مردن انسان را برین
برمیانگیزاند که آنچه در وی گذاشته شده است از قوت و توانائی و طاقت همه را
بلا تهاون و بدون مسامحه در استحصال امر سترگی که فوق طاقت دیگران بوده باشد
بکار برد - چونکه تلبس بحالات حیات و حب نام آوری در زندگانی برین میدارد
که بقاء نام را پس از مرگ چون نام آوری در حالت زندگانی بداند و بقدر توهم
استداد مدت آن و باندازهٔ تخیل لذت مساعی خود را بدون سستی در اکتساب
اسباب آن بکار برد - و بودن این میل در انسان برین دلالت میکند
که این نوع در بقاء و کمال سعادت خود محتاج است باموری بسیار دشوار و افعالی
بسیار شاق که هرگز بر آنها قادر و توانا نخواهد شد مگر بدین گونه سببی فعال و باعثی
مؤثر که خواهش بقاء نام بوده باشد پس از مرگ - و اگر میل بقاء اسم در بعضے

از نفوس کبیره متمکّن نمی شد از کجا این اختراعات عجیبه و این صنایع غریبه و این علوم حکمیّه عالیه و این فنون ریاضیهٔ دقیقه ئیکه با خوارق عادات سر مباراة و مجارات دارد این نوع را دست یاب می شد و این عالم جدید را که هر کسی بنوعی از آن بهره ور است از کجا استحصال مینمود — و اگر کسی بنظر بصیرت غور کند بروز ظاهر خواهد شد که ترقیات و تنزّلات امم بر حسب قوّت و ضعف این میل است در احاد آنها — و سوء استعمال این میل اینست که شخصی بخواهد چون (چنگیز خان) بسبب ریختن خون ملیونها از نفوس مقدسه انسانیّه اسمی در عالم بگذارد والبتّه این گونه اسم گذاشتن همیشه با لعنها و نفرینها مقرون خواهد بود — و یا آنکه بخواهد چون آن احمق یونانی که در شب تولّد اسکندر معبد زهره را آتش زد ابقاء نامی کند و اسم خود را تا ابد قرین خنده ها و قهقهه های سامعین و قارئین نماید — و این نوع ابقاء نام را البتّه هیچ گونه لذّتی و مسرّتی نبوده باشد بلی ابقاء نام را آنوقت لذّت خواهد بود که انسان مصدر امر سترگی گردد که در منفعت عموم خلق بوده باشد — و چنان گمان نشود که اشخاصیکه حاشیه ئی بر حاشیهٔ فلانیّه نوشته اند و یا آنکه دیباچهٔ آن حاشیه را شرح کرده اند و یا آنکه در زاویهٔ خاموشی نشسته در نزد مغفّلین کسب شهرتی نموده اند از جملهٔ اصحاب نفوس کبیره ئی میباشند که بذل جهدی کرده نامهای خود را در این عالم باقی گذاشته اند — بلکه باید دانست که بقاء نامهای این گونه اشخاص در لوح عالم مثل بقاء نام (عبید زاکانی) و (ملّا دوپیازه) و مثل بقاء اسم (ابلیس) مصراست — و انسان عاقل را نشاید که باین گونه بقاء نام خورسند گردد —

میل آزادی در افکار و حبّ حریّت در افعال — باقی آینده

جمال الدین حسینی

بقیہ مضمون ماخذ العلوم

چوتہا مقدمہ مسلمانون کے تواریخ مین اور حدیثون مین ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام اور اوسکے ذریت کی زبان طوفان کے قبل تک سریانی تہی شیعون کے حدیث مین ہے کہ حضرت نوح وحضرت صالح وحضرت ہود وحضرت لوط وحضرت شعیب بدران حضرت موسیٰ وحضرت خاتم پیغمبران علیہم السلام کی زبان عربی تہی لیکن لغتون مین لکہتے ہین کہ حضرت نوح وحضرت ہود وحضرت لوط علیہم السلام کے نام عجمیہ ہین یعنی عربی ہنین میرے سمجہہ مین ہنین آتا اون نامون کے وزن اور مشتقات سب عربی ہین تو عجمہ کیون ہوسنے لگے اور یہہ کہ شہر بابل کے بنانے مین فلیج بن عیبر کے وقت مین خلل پڑا اور زبانین اونکی بدل گئین مین یہہ سمجہتا ہون کہ وہ سب جب وہان سے متفرق ہوے تینون بزرگون کی اولاد کو تین زبانین کہ جو اصلی تہین ملی پہلے زبان کہ بنا اوسکے حروف مفرد پر ہے اور بمنزلہ ابجد کے ہے اور عوام کے واسطے ہی اور جتنی زبانین اوسکے قاعدون کے تحت مین ہین اوسکا نام مین نے فارسی رکہا ہے دوسری زبان کہ بنا اوسکی دوحرفی پر ہے اور جتنی زبانین اوسکے قاعدہ کے تحت مین ہین اوسکا نام مین نے ترکی رکہا ہی تیسری زبان کہ غالب بنا اوسکی برعایت صنعت قلب سہ حرفی پر ہی اور جتنی زبانین اوسکے قاعدہ کے تحت مین ہین اوسکا نام مینے عربی رکہا ہے اور ایک حرف تنہا زبان سے نہ نکل سکیگا جبتک دوسرے حرف سے ملایا جاوے اوسکی واسطے خاصہ الف دوا دیا ہے اگرچہ ان تینون حرفون کے اور معنے بہی ہین اور دوسرے اور تیسرے معنی حاصل کرینکے واسطے اور حرفون سے بہی لا سکتے ہین اور فارسی وترکی مین فقط لفظ کی تفہیم کے واسطے بہت حرف

ملائے جاتے ہین اور حرف نسبت اور نسبت در نسبت اندنون مین خصوصًا فارسی مین بہت ہین اور عربی مین حرف کے بڑہنے سے معنی بڑہ جاتے ہین یہہ تینون زبانین الہام سے حضرت آدم علیہ السّلام اور اون کے بعد کے پیغمبرون کو عطا ہوے ہین یعنی کلیت وجنسیت ونوعیت وصنفیت کے واسطے جیسے انسان یا آدمی نوعیت پر دلالت کرتا ہے اوسکے سب فردین ابتداے خلقت سے آخر تک ہے اور جتنے اسمار واعلام واسمار اصوات واصطلاحات کے الفاظ ہین لوگون کے بنائے ہوے ہین اور بنتے جاتے ہین اصل زبان سے کچہ علاقہ نہین رہکتے ابرانی کا لقب حضرت ابراہیم علیہ السّلام پر پڑا جب سے اونکو حکم ہوا صحراگردی ودشت نوردیکا اسواسطے کہ اوسکے معنے کثیر السفر کے ہین اور یہہ کہ ندی کے عبور کرنے سے اونکا لقب عبری ہوا دور ہے گویا وہ زبان بسبب کثرت سفر اور لوگون کے اختلاط سے پیدا ہوئی جیسے اردو زبان مثلاً اب وہ زبان صرف آسمانی کتابون مین ہے کسی قوم کی بول چال مین نہین ہے اون آسمانی کتابون کے محاورے مین بھی آپس مین بڑا اختلاف توراۃ سے لیکے ملاخیا نبی کے رسالے تک کہ اکتیس کتاب ہی ایک وتیرہ اور محاورہ پر نہین ہے **پانچوان مقدمہ** حضرت سام کی اولاد مین بھی بڑے بڑے بت پرست اور سرکش گذرے ہین یہانتک کہ بعض اونکے سلاطین اپنے تئین خدا کہتے اور کہلواتے تھی لیکن یہہ بات تو مین جنکو کچہ جاہ ومنصب ہی اون مین بھی پاتا ہون کہ اپنے واسطے سامان بزرگی والقاب ونصب نامے بزرگی کے تیار کرنے لگتے ہین خصوصًا بڑے بڑے حکام کا تو کچہ کہنا ہی نہین چین کے تاتاری بادشاہ اپنے تئین چاند کی اولاد جانتے ہین مین یہہ سمجھتا ہون کہ کوئی شخص

اونہین اوسکا نام آئی دغدی ہوگا ترکی مین آئی چاند کو کہتے ہین اور دغدی یعنی
زادہ یعنی ماہ زادہ یہہ نام ترکونکا ہوتا ہی خوشامدیون نے اوسکو حقیقت ٹہرا دیا
اسیطرحسے تاتار اور مغل کی بڑی مارن سے ایک بی بی الانقوا نام تھی اوسنے اوسسے
بڑہ کے ظاہر کیا کہ مین سورج سے حاملہ ہون اور سورج سی لڑکی جنی اوسی لڑکی کی
ذریت سی تاتاریہ و مغولیہ ہین اور مغولیہ کی ذریت سی سلاطین تیموریہ ہین جنہون نے
کئی سو برس ہندوستان کی سلطنت کی اونکے علم مین سونیکے تار سی یہہ شعر فارسی
لکہا ہوا تہا ؎ از ان بلند بود قدر آستانۂ ما + کہ آفتاب قدم می نہد بخانۂ ما +
عالمگیر اورنگ زیب نے کہ پڑہا لکہا تہا اوس بدعت کو موقوف کیا اون کرشن
قوم کے نام یہہ ہین عاد و ثمود و جرہم اولی ــ قوم عاد سے عمالقہ ہین اور فراعنہ مصر
قوم عمالقہ سے اور کنعان ان سبکو عرب بایدہ بھی کہتے ہین یعنی اونکی مفصل خبرین
اور آثار کچھ باقی نہین ہین ــ کنعانی کو لکہا ہی کہ کنعان بن سام کی اولاد سے
ہین اور کنعانیون کی زبان مشابہ عربی زبان کے تھی ــ اور کنعان کے
ملک کو فینیقیہ یا فونیقیہ اور غور بھی کہتے ہین اور یہہ کہ کنعان بیٹا حضرت حام کا ہے
زمین کی تقسیم کے مخالف ہی اسواسطے کہ حام کی اولادکو افریقیہ ملا اگرچہ ان
قومون کی خبر مفصل معلوم نہین لیکن مجملی خبر اوسی زمانے کے اشعار مین عربی
کے ابتک موجود ہین اور عرب اپنے تاریخون کو اشعار مین لکہتے تہے اور مثلون
مین درج کرتے تہے خصوصاً لڑائیون کے دنون کو وہ اس فن مین
اور کبہی کئی فنون مین ضرب المثل ہین حافظہ اونکا مشہور ہی اور بڑی دلیل
اون قومون کے ہونیکی یہہ ہی کہ اونکا احوال اجمالی قرآن مجید مین مذکور ہی
اور قرآن مجید مین اونہین قومون کا احوال مذکور ہی جنکو عرب بہود خوب جانتے تھے

۲۔ ادویہ جو سوزاک و قرحہ کو جو سالہاے سال سے ہو جلد دور کرہی فی تولہ صہ

۳۔ شربت دافع نامردی و رقت منی وجریان و احتلام وضعف اعضای رئیسہ و متعدد و کمزوری اعصاب وچشم ودرد کمر وتاریکی چشم وخشکی بدن ودرد سرجو کثرت شرابخواری و اقسام فواحش مثل کثرت جماع و اغلام وجلق سے ضعف جگر و کمی اشتہا و ہاتہہ پاؤں کا پہولنا وسستی وتکاہل بدن دایمی قبضی لاحق ہون دور ہوتے ہین فی بوتل للعہ روپیہ۔

۴۔ ترکیب ... سین یہہ دوائی جسکی نصف چانول خوراک بھی نامردی و سرعت انزال ونسیان وضیق النفس کہانسی تر دمہ درد شقیقہ عرق النسا وجع مفاصل وجلدی کہنہ امراض اور پرانے زخم خنازیر ناصور دور ہوتے ہین جنکو دودہ وروغن زرد نہ ہضم ہوتا ہے اس سے اچہی طور پر ہضم کرسکتے ہین فی خوراک ۸ر ۳۲ خوراک۔

۵۔ حب دافع ذیابیطس ان گولیون کے کہانے سے باربار آنا پیشاب کا وتشنگی بند ہوجاتی ہے سلسل البول وضعف مثانہ وپیچش و اسہال دیرینہ دیانی کے لاگ جو تاثیر آب و ہوا یا کثرت کار سے نظام عصبی مین بگاڑ ہوا ہو دور ہوتے ہین عہ۔

۶۔ حب قایم مقام افیون اس سے بے ضرر وجہ نشہ افیون وچنڈو ہیہوش جلاتے ہین بہوک کہلتی ہے نیند آتی ہے سستی بدن ونزلہ وزکام وریزش جو گلے مین گرتی ہو وکہانسی وتپ ربعہ دور ہوتے ہین صہر روپیہ۔

۷۔ ہلاس اسکے سونگہنے سے پر ڈال دور ہوتے ہین عہ۔

۸۔ حب دافع آتشک کیسی سخت آتشک ہو نر ہو یا مادین بلا تکلیف موہنہ وغیرہ ودست جاتا رہتا ہے للعہ روپیہ۔

۹ـ ماء اللحم یعنی پہول میوجات وطیور کے گوشت سے طیار کیا ہوا عرق نامردی
و قراقر شکم و لقوہ و استرخا و مالیخولیا مراقی و خفقان و کمی خون کو کہوتا ہے۔
فی بوتل ۲ عہ

ایک عرق بطور علاج حفظ ما تقدم

مرض جانکاہ آتشک و سوزاک دیدہ سے بچنے کے لئے تجربہ کیا گیا فی بوتل ع
ایک بوتل چھ مہینے کیواسطے کافی ہے مفصل حال آدہ آنہ کے ٹکٹ کے
بہیجنے سے معلوم ہو سکتا ہے نمبر ۱۵۰ ـ

رسید زر از حضرات خریداران معلم

میر عبد السلام خان صاحب
اول تعلقدار اطراف بلدہ　　　　لے ر

فہرست مضامین

مضمون	نام مضمون نگار یا مولف	صفحہ
ادب		
بقیہ مضمون ماخذ علوم	مولوی کرامت علی صاحب	۲۰۵
معدن —		
کروسن آیل یا مٹی کے تیل کے کنوے —	محب حسین	۲۱۱
حفظ صحت —		
آنکھون کی بینائی قایم رکھنے کی ترکیب	ایضاً	۲۱۸
فلسفہ —		
فلسفہ وحدت جنسیت و حقیقت اتحاد لغت —	مولوی جمال الدین صاحب حسینی	۲۲۱
زراعت —		
بقیہ مضمون زراعت —	مولوی وحید الزمان صاحب	۲۲۸
نبات —		
سورج مکھی —	محب حسین	۲۳۲
بانس صدہا کامون مین آتا ہے	ایضاً	۲۴۳
علمی خبرین		۲۴۵

رسالہ حافظ صحت

(۱) یہہ رسالہ عرصہ سے ہر مہینہ کے ۱۵ و ۳۰ کو نکلتا ہے (۲) اسمین حفظ صحت کے لئے خوراک پوشاک خواب و بیداری اور کثیر الوقوع امراض کے خاص علامات و طریق تشخیص وعلاج وتجربہ ہای انگریزی و یونانی اور اُن تدابیر کا ذکر جو حسب تغیر موسم بطور علاج حفظ ما تقدم عمل مین لانے سے بیماری رُک سکتی ہے درج ہوتے ہین۔ (۳) جناب نواب لفٹننٹ گورنر پنجاب و سنٹری کمشنر و ڈارکٹر و مڈیکل فکلٹی و چیف کمشنر میواڑ و راجہ صاحب جودھپور و کپورتھلہ و نواب بہاولپور معاون ہین۔ (۴) قیمت معہ محصول سالتمام کے لئے رؤسا سے [illegible] مقرر ہین۔ رسالہ دافع آتشک [illegible] رسالہ قیافہ [illegible]

المشتہر

حکیم غلام نبی زبدۃ الحکما مہتمم رسالہ حافظ صحت لاہور موچی دروازہ

اشتہار

مجرب !!!

ادویۂ مندرجۂ ذیل شرطاً تا حصول صحت بادای نقد قیمت لاہور موچی دروازہ مین دار الشفاے حکیم غلام نبی زبدۃ الحکما مالک مہتمم رسالہ حافظ صحت سے مل سکتی ہین۔

۱ — روغن دافع سستی و باریکی و کجی مجلوق بچپن کی خرابی سے اگر رگ پٹھے کمزور ہوگئی ہون تو اسکی چند روز مالش سے حالت اصلی پر آتی ہین فی تولہ [illegible] روپیہ۔

۲ — ادویہ جو سوزاک و قرحہ کو جو سالہا سال سے ہو جلد دور کرے فی تولہ [illegible] روپیہ۔

۳ — شربت دافع نامردی و رقت منی و جریان و احتلام و ضعف اعضای رئیسہ و معدہ و کمزوری اعصاب و چشم و درد کمر و تاریکی چشم و خشکی بدن و درد سر جو کثرت شراب خواری و اقسام فواحش مثل کثرت جماع و اغلام و جلق سے ضعف جگر و کمی اشتہا و ہاتھہ پاؤن کا پھولنا و سستی و تکاہل بدن دائمی قبض لاحق ہون دور ہوتے ہین فی بوتل [illegible] روپیہ۔

ادب

بقیۂ مضمون رسالہ ماخذ علوم

یر قومونکا احوال جسکو وہ لوگ نہین جانتے تھے اوسمین مذکور نہین ہے اگر اون
زمونکا وجود نہوتا اور وہ سب احوال جھوٹا ہوتا تو وہ سب خصوصًا اعراب
یعنی بادیہ نشین انکار کرتے مگر اونھون نے انکار نکرکے یہی کہا کہ یہ سب قصے
پیشینیون کے ہین اور اونکے نام بھی سب عربی ہین دیکھو لغتون کی کتابون کو
ور مشتقات سب دریافت کرو اگر ایک قوم کا احوال دوسری قوم نہ جانے تو
س سے یہہ لازم نہین آتا کہ اوس قوم کا وجود ہے یا انکا احوال سب بے اصل ہی
ہون نے کہا ہی کہ عرب سب حضرت اسمعیلؑ بن حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اولا
بن محض بے دلیل ہی عرب حضرت اسمعیلؑ علیہ السّلام کو ابو الفصاحت کہتے تھے
یعنی فصاحت کا باپ اور ایسا ہی ہے کہ ابتک حجازیون کی زبان فصاحت مین
سب عرب کی زبان سے ممتاز ہی اور اونکی بیٹی قیدار کو ابو العرب کہتے ہین کہ وہ
رب کے مربی تھے باپ کے مانند نہ اس معنی سے کہ سب عرب اونکی اولاد ہین
ن اسمعیل کو عرب مستعربہ کہتے ہین یعنے عرب مین داخل ہوے اور پہلے اسکے
برانی تھے حضرت اسمعیلؑ نے جرہم ثانی کے قبیلہ کی بیٹی سے شادی کی ہو سکتا ہے
مصری عورت سے بھی شادی کی ہو جیسے توریت مین ہی بنی اسمعیل کی بزرگیان
بت ہین بلکہ اونکے سبب سے سارے عرب کو بہی بزرگیان حاصل ہوئین دیکھو
ضرت موسی علیہ السّلام مدت تک اونکے صحرا مین رہے باوجودیکہ سب اپنے
ائیون سے لڑے جیسے بنی عمون و بنی مواب ابناء حضرت لوط علیہ السلام
ر بنی قنطورہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صلب سے تھے او بنی عیصو کہ عیصو

حضرت یعقوب علیہ السلام کے بڑے بہائی تہے اور توام پیدا ہوے تہے سب لڑے
مگر عرب بنی اسمعیل سے نہین لڑے اسیطرح سے کوئی پیغمبر یا بادشاہ بنی اسرائیل کا
عرب بنی اسمعیل سے نہین لڑا تو اس سے صاف اونکی بزرگی ثابت ہی یہہ بڑی دلیل ہے
حقیقت اسلام پر اور یہان عرب سے سوای عمالقہ و فراعنہ وکنعانیون کے مراد ہی
چہٹا مقدمہ سورستان وکنعان کے ملک مین عمالقہ اور کنعانی اور دوسرے
دوسرے قوم اور قبیلہ عرب ضجاعمہ کہ عرب سلیح قوم قضاعہ بن مالک بن سبا یا بن مالک
بن عمرو بن مرہ بن زید بن مالک بن حمیر بن سبا سی تہے اور یمن سے جاکے وہان
بسے تہے ۔ ہان بستین تہین بنی اسرائیل نے جب اون ملکون مین چڑہائی کی
سوری وکنعانی جو اہل علم وفضل وقوی تہے اپنے ملکون کو چہوڑ یونان کے ملک
مین جا بسے جو لڑے مارے گئے جو رہگئے بنی اسرائیل کے جزیہ گذار ہوے عرب
ضجاعمہ شاید بنی اسرائیل کے مددگار تہے وہین رہی اور ریاست کرتے تہی تابع مین
بنی اسرائیل اور دوسرے بادشاہون کے جبکہ بنی اسرائیل کا زور کم ہوگیا تب بہی
تہے بعد اسکے چہ سو یا چار سو برس قبل ہجرت کے جبکہ سد مارب ملک یمن کے
جسکو ملکہ بلقیس یا حضرت سلیمان علیہ السلام نے بنایا تہا بڑی سیل سے جسکو سیل
عرم کہتے ہین وہ سد ٹوٹ گئے وہان کے رہنے والے بہاگے اونہین سے
بنی عمرو بن مازن بن ازد بن غوث بن نبت بن مالک بن ادد بن زید بن کہلان
بن سبا تہی اونکو غسان کہتے ہین اسواسطے کہ ایک پانی کا نام شامات مین غسان
ہی وہ پہلے وہان جاکے اوترے بعد اوسکے بنی سلیح سے لڑے اونکے
بادشاہون کو قتل کیا اونکی جگہون کو چہین لیا تب عرب قضاعہ نے اور رومیون نے
جو شامات مین رہتے اور حکومت کرتے تہے اونکو مانا اور قبول کیا وہ غسا س

ملوک روم کی عمال ذنابعین سے ہوئے اونہین اکتیس بادشاہ گذرے ہین پہلا اونہین
جفنہ بن عمرو بن ثعلبہ بن عمرو بن مزیقیا تہا کہ بنی سلیح کو مار نکالا آخر اونکا جبلہ بن آیہم
بن جبلہ تہا کہ مسلمان ہوا خلافت مین خلیفہ ثانی رضؓ کے بعد اسکے بہاگ گیا اور
نصرانی ہوا اونہون نے چہہ سو یا چار سو برس یا درمیان اسکے بادشاہی کی
اونکے آثار سے بہت سے برکہ اور دیر ہین اونمین سے دیر حالی و دیر ایوب
و دیر ہند وصرح غدیر و حفیر و برکہ اوس کا اور دیر زخم و دیر بنوت اور بہت سے پل
وادرج وقسطل وقصر سویدا و شاید قصر برقع کچہہ کچہہ ابتک موجود ہین اوس ملک کا
مذہب بہتونکا صابی تہا وہ مذہب مین ایسا سمجہتا ہون کہ اسگلے فارسیونکا سا ہے
کہ ستارے اور فرشتونکو مانتے ہین اور انکی پرستش کا ہین بہی ہنین اور بہت
عیسائیونکا مذہب اور کچہہ یہودیونکا مذہب تہا قبل اسلام کے اور کچہہ تہوڑے
بت پرست تہے اوس ملک کی عربی سریانی عبرانی تہی خواص مین بیشتر یونانی
و کمتر لاطینی بہی کچہہ کچہہ تہے اسواسطے کہ یونانی و لاطینی زبان اونہین حکماکی
جو سورستان و کنعان سے گئے بنائی ہوئی ہے **ساتوان مقدمہ**
اصلی یونان کا ملک بہت وسیع ہنین ہی اور بڑا زمین کو لرزہ ہوا کرتا ہے
سیل پانی کی بہت ہولناک وہان ہوتی ہے اور بڑے بڑے پہاڑ ہین اور
آگ کا پہاڑ ہے جسے برکان یا بلکان یا ولکان کہتے ہین اب جہان کہین
آگ کا پہاڑ ہو یہی نام ہو گیا ہی اہنین سببون سے وہ ملک زمین قارہ سے
جدا ہو گیا ہے تاریخ ابن خلکان مین حا رہملہ کے حرف مین ترجمہ مین ابوزید
حنین کے لکہا ہے کہ یونانی اولاد سے یونان بن یافث بن نوح عؑ کے ہین
مین کہتا ہون اولاد در اولاد سے ہو گا غرض ابتدا مین وہ لوگ وحشی تہے

اسباب تمدن سے کچھ واقفیت نہ رکھتے تھے یہان تک کہ شادی بیاہ بھی نہجانتے تھے اڑہائی ہزار برس تخمینا قبل ہجرت کے کچھ مسافر وہان جاکے بسے وہ بت پرست تھے اونکا ردیہ و انتظام اچھا نتھا بعد اوسکے مصر سے اور سورستان سے جبکہ حضرت موسی علیہ السلام نے اون دونون ملکون پر حملہ کیا بہاگ کے وہان گئے تب ایک گروہ یونانی سے تھے جب یونان میں بڑہتی بڑہی اور جگہہ نے تنگی کی سمندر پار ہو چہوٹے ایشیا سے اناطولیا بھی کہتے ہین اوسکے کنارے کے جزیرے مین ایسے ققروپس مصری نے دیوتا [illegible] اونکو سکہلایا اور ملک اریوپاجیہ کو قایم کیا اور بلاد اتنا [illegible] آتہینا بسایا پہلے اوسکے نام سے ققروپیا کر مشہور تہا اور دانیوس نے مصر ہی سے سلامت ارقوس مین فلاحت کو دخل کیا اسیطرح سے اورلوگون نے ہنر سکہلائے کسی قدموس صوری نے اونکو انگور بونا اور عمل معدن سکہلایا حروف ہجا یہ تیرہ[13] یا سولہ[16] سوائے الف و واو و یاکے اور اوسمین بیت سولہ یا اونیس حرف سکہلائے اور اون حرفون کو یونانیون سے رومیون نے سیکہا اب وہ حرف سارے فرنگستان کے بین لکہے کا دستور دہنے طرف سے بائین طرف کو اور بائین طرف سے دہنے طرف کو دونون طور سے قدیم سے تہا قیاس سے بہت دور ہی اسمین کچہہ شک نہین کہ لکہا بہت خط مصری و سریانی و عبرانی و فارسی و ترکی دہنے طرف سے بائین طرف کو ہی اور ان سب زبانون کی قدامت مین کچہہ شک نہین جسطرح بائین لکہنے مین بہلا طرف مقدم ہے دوسرے پر اسیطرح سے دہنا مقدم ہے بائین [illegible] مین [illegible] کا [illegible] اور [illegible] اوسکا کفدست کیطرف [illegible] احوال [illegible] سے لکہکے آسکتے ہین

یا بطور دائرہ کے لکہتے ہین اگرچہ پیچہے طرف کو اولٹے یا نون سے چلنا ممکن ہی لیکن ٹہیک چلنا موہنہ کیطرف کا ہی اور بعض صورتین لکہنے کی تو ہو ہی نہین سکتین اور حروف مفقوہ کی صورت دلالت کرتی ہی کتابت پر کتابون کے مفردہ ہی صورت پر اور کوئی کشش اون حرفون مین دہنے سے بائین کو یا برعکس نہین بلکہ سب شین اوسکی نیچے اوپر ہے ان جہتون سے میرا قیاس یہی ہے کہ بائین سے دہنے کو لکہنا بعد کی ایجاد ہی دیکہو عربونکو کہ ہندسہ کی رقمون کو بائین طرف کے لکہنے والون سے لیا ابتک اوسی طورسے لکہتے ہین وہ سب یونانیون نے جب خوب اطمینان حاصل کیا تب علمون اور صنعتون کیطرف متوجہ ہوے اور بڑے مشہور ہوی یہانتک کہ اگر کوئی اون کے احوال کو نجانے اور اونکی حکمتون اور صنعتون کو نہ پہچانے تو جاہل گنا جاتا ہی اونہون نے بڑے بڑے بت خانہ بنا لئے ہر قسم کی تصویرین بنائین اوس بت خانے کے کاہنون سے اگر کوئی آیندہ کا احوال پوچہتا تو وہ مبہم گول گول جواب دیتے اوس جواب کو بتون کے طرف منسوب کرتے جو کوئی ایک نیا کام مفید نکالتا اوسکو خدا کہتے اوسکے صورت کی پرستش کرتے حکیمون سے صرف آئین بنواتے اگر اوس آئین کو پسند نکرتے تو بدلواتے سولون حکیم کہ پیشینون سے ہی معاصر طالیس ملیطی کا اوسکے آئین ناقص تہتے تو کہتا اثینائیون کے لئے اس سے بہتر نہین چاہئے جب آئینون کے بدلنے سے تہک گیا تو اون سے رخصت لیکے دس برس کے واسطے اوس ملک سی نکل گیا جب کسی حکیم سے خفا ہوتے تو ایک بہانے سے مار ڈالتے نام کے بنانے مین اور تحریف کرنے مین بڑے اوستاد تہے اونکی تواریخ کی کتابین جیسے سارے جہان کے بت پرستون کے ہوتے ہین خرابات سے بہرے ہین ہر دوط مورخ جو ابتک ابو المورخ گنا جاتا ہی جسکو حکیم فیثاغورث نے

جہنم کے سیاحت و سیر مین اور ہومیر شاعر کو بسبب جہوٹ کہنے کے جہنم مین بڑے عذاب
مین دیکہا اوسنے اپنی تواریخ بشری مین جو سب احوال اور ملکون کا لکہا ہی اور اون کے
نام تراشے ہین سنکے تعجب ہوتا ہی شاید انبیار بنی اسرائیل کے رسالون مین جو یہود کے
جنگ مین ہین ایسے نام اوس کتاب سے لئی ہین یونانی سب اور اونکی ذرّیت اور اون کے
حکما کی ذریت سب منقرض ہوگئی کوئی اونمین سے باقی نہین ہے یونانیون کے بعد
رومیون نے نام نکالا۔ **روم کا ملک** روم بن عیصو بن اسحاق بن ابراہیم ع
سے آباد ہوا شاید روم عیصو کی اولاد اور اولاد سے ہو وہ لوگ ہی بنی اسرائیل
کی چہڑ ہائی سے اپنا ملک سورستان چہوڑ دہان آکے بسے یونانیون کے بعد اونہون
نے سلطنت کی اونکی سلطنت مین کچہہ حکما خصوص اطبا اپنے فن مین کامل ہوئے ہین
انہین کے زمانہ مین حضرت عیسی روح اللہ علیہ السلام خدا کی قدرت سے بن باپ کے
حضرت مریم علیہا السلام سے پیدا ہوے اور مبعوث ہوے لاکہون بیمار جنکو جنکو آنکہ
بہر کے مہربانی سے دیکہا اچہا ہو گیا جسنے اونکا کپڑا صدق دل سے چہوا اچہا ہو گیا
جسکی آنکہکا نشان تک بہی نہا بینا ہو گیا مُردون کو بہی خدا کے حکم سے جلایا جسکا
وصف خدا نے اور خاتم پیغمبران پیغمبر آخر الزمان نے کیا ہے مین اوسکا وصف کیا لکہون
میری سڑی زبان و قلم سے کیا ہو سکتا ہی اون رومیون نے اپنے شیطانی خیال سے کے
کہین ہماری بادشاہی نہ چہین لین اونکو بہت دکہہ دیا در پے شہادت کے ہوے
حضرت کے حواریون اور اونکے اصحاب معلی القاب کو اور اونکے بعد جتنے پیغمبر مبعوث ہوے جنکو شہید کیا
اصلی عیسائی کو اتنا شہید کیا کہ اونکے خون سے ندیان بہادین بت پرستی مین سب بت
پہتون سی پڑہ چڑہ کے نکلے جب بدین عیسائی مشرف ہوے تب طور ہی قسم کی بت پرستی نکالی
پیشوایان دین کی صورتونکو پرستش کرنے لگے اب تک یہی احوال ہے (باقی آئندہ) راقم کرامت علے

معدن

کروسن آیل یا مٹی کے تیل کے کنوے

۱ اس صدی کے پہلے سالون مین بہت بڑے تغیر روشنی کرنے کے سامان یعنی تیل مین ہوے ہین جس سے مکان اور عمارت اور سڑکون پر روشنی ہوتی ہے — اور ہر ایک تغیر مین ایک ترقی پنہان تہی جو ظہور مین آئی تہوڑا عرصہ گذرا کہ تیل جو چند قسم کے نبات سے نکلا جاتا تہا سب جگہہ روشنی کے واسطے مروج تہا اور اسیہی تیل کی روشنی گہر گہر اور بڑے بڑے مکانون اور مقامون پر ہوا کرتی تہی — بعد اسکے تہوڑی مدت گذری کہ جب سے کروسن آیل یعنی مٹی کا تیل استعمال ہونے لگا ہی اور اب یہان تک اسکا رواج پہنچا ہے کہ گہر گہر یہہ تیل جلایا جاتا ہے* اور اب اس نباتی تیل کا کوئی نام تک نہین لیتا ہے — اب بہت جلد اس مٹی کے تیل کا رواج بہی اوٹہہ جاویگا اور اسکی جگہہ پر برقی روشنی کا رواج پہیلیگا —

۲ یہہ کروسن آیل یا پیٹرولیم یعنی مٹی کا تیل ایک ایسا تیل ہے جسمین نہ نباتی اور نہ حیوانی مادہ ہے اور یہہ نباتات سے جیسے کہ اور تیل مثل نارجل اور تل وغیرہ سے نکالیجاتی ہین نہین نکلا جاتا ہی — پہلے مٹی کے تیل کا نام اصلمین پیٹرولیم رکہا گیا تہا کیونکہ لوگون کا یہہ خیال تہا کہ مٹی کا تیل پتہر کے چٹانون مین سے نکلتا ہی — مگر بعد تحقیقات اور صحیح واقفیت کے اوسکا نام بجای پیٹرولیم کے کروسن آیل استعمال ہوا مٹی کا تیل ایک رقیق شے ہے جو پتہر کے کوئیلون مین سے نکالی جاتی ہے اور جسمین پیچو مٹین* ہوتا ہے — مٹی کا تیل دو اجزا سے

* پیچو مین ایک شے ہے جو بہت جلد جلتی ہے —

[illegible]

یعنی ہائڈرو کاربن سے مرکب ہی۔ یہہ تیل تمام ہمارے ناظرین کو بخوبی معلوم ہے کہ ایک شے تجارتی ہے جو تمام ہند مین مروج ہے۔ اسواسطے اسکے زیادہ بیان کرنے کی ضرورت نہین ہے۔ صرف اسیقدر بیان کرنا کافی ہوگا کہ کہان سے وہ نکلا جاتا ہے اور کسطرح نکالا جاتا ہے۔

۴ مٹی کا تیل اون بڑے بڑے قطعات زمین مین سے نکالا جاتا ہے جہان پتھر کا کوئلہ ہوتا ہے اور جہان اگلے جنگلون کے لکڑیان وغیرہ دبے ہوے ہوتے ہین۔ اس قسم کے مقامات جہان یہہ تیل نکل سکتا ہی دنیا کے تمام حصون مین کم و بیش پائے جاتے ہین۔ لیکن اب تک یہہ مقامات جہان سے مٹی کا تیل بکثرت نکلتا ہی خاصکر "یونائیٹڈ اسٹیٹ" مین جو امریکہ مین واقع ہے دریافت ہوے ہین۔ اور "یونائیٹڈ اسٹیٹس" مین سے بھی مقام "پینسالونیا" مٹی کے تیل کے واسطے ایک عمدہ معدن ہی۔ بیس برس کے عرصہ سے ان مقامات کی دریافت ظہور مین آئی ہے لیکن امریکہ کے باشندون کو اس تیل کا علم اس عرصہ سے بھی بیشتر حاصل تھا۔ یہہ لوگ اس تیل کو گٹھیا بای اور جاڑے بخار مین استعمال کیا کرتے تھے۔ گٹھیا بای مین یہہ لوگ اس تیل کو اوپر سے لگاتے تھے اور جاڑے بخار مین اسکا اندرونی استعمال کرتے تھے۔ کم سے کم چالیس برس آگے سے "یونائیٹڈ اسٹیٹ" کے لوگ اس تیل کو گٹھیا بای کے عارضہ مین بطور دوا کے استعمال کرتے تھے۔ جو مزدور وغیرہ اس تیل کے نکالنے کے واسطے مقرر ہوتے ہین وہ اس تیل کو برابر ایک وقت معینہ پر پیا کرتے ہین اور یہہ اس غرض سے پیتے ہین کہ زکام اور ڈھنڈ سے محفوظ رہین اور ان لوگون کی حالت تندرستی سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ یہہ تیل ایک عمدہ دوا ہے اگرچہ اور دوسرے لوگ

اسکو نہین پہنچتے ہین —

۴ عموماً اس تیل کے زمین مین موجود ہونے کی شناخت آس پاس
کی ہوا کے بو سے ہوا کرتی ہے اور بعض وقت اس سے بھی ہوتی ہے گرد و نواح
کے چشمے اور کنوئے کے پانی کی سطح پر یک قسم کی چکنائی ہوتی ہے - جس جگہہ
یہہ تیل ہوتا ہی وہ اکثر نیچے اور دلدلی جگہہ ہوتی ہے اور اسطرح جہان کہین یہہ
تیل موجود ہوتا ہے وہان پانی پر چکنائی اور گندی ہوا باسانی دریافت
ہو جا سکتی ہی - جہان کہین یہہ علامتین ظاہر ہوتی ہین تو وہان ایک آلہ جسکو
"ڈیرک" کہتے ہین قایم کیا جاتا ہے اور اوس سے کام لیا جاتا ہی - یہہ آلہ تیل
نکالنے کا جسکو ڈیرک کہتے ہین ایک لمبے ستون کیسی شے ہے جسکی بلندی پچاس
فٹ کی ہوتی ہی اور نیچے سے اوپر کو مخروطی شکل کا نوک دار ہوتا ہے اس
آلہ کی چوٹی پر ایک چرخی لگای جاتی ہی اور اس چرخی پر سے ایک رسی لٹکای
جاتی ہے اس رسی کے چھور مین ایک برمہ کا سا آلہ زمین مین سوراخ کرنے کی
لئے باندھا جاتا ہی اور ایک دوسرا آلہ اس رسی کے قریب جھیر مین قایم کیا جاتا ہی
جو اس برمہ کو زمین مذکور مین گھوساتا ہے اور اس برمہ کو پانچ سو یا چھہ سو فٹ
زمین مین نیچے گھوسا دیتے ہین یہان تک کہ تیل مذکور نکل آتا ہے اگر تیل
موجود ہوتا ہے تو وہ فوراً خودبخود اس سوراخ مین ہوکر اوپر بہنے لگتا ہی -
اس صورت مین صرف اوسکو پیپون مین بھرتے ہین - یا جس صورت مین
وہ خود اوپر بہہ کر نہین آتا ہی تو اس سوراخ مین اوسی رسی کے ذریعہ سے
جسمین برما بندھا ہوا تھا ڈول بہانستے ہین اور تیل کو اس کے ذریعہ سے اوپر
لاتے ہین - لیکن اگرچہ بہت سے علامتین پائی جاتے ہین اور اوسکے نکالنے

... تجربی عمل مین آتی ہے تاہم ہمیشہ تیل نہین نکلتا ہی - اور بعض وقت ایساہی ہوتا ہی کہ جن کنوؤن مین یہہ معلوم ہوتاہے کہ تیل کبہی خالی نہین ہوگا اونمین سے ایکبارگی تیل نکلنا بند ہوجاتا ہی اور وہ بالکل سوکہہ جاتے ہین اور بعض وقت یہ ہوتا ہی کہ جو کنوئے سوکہے ہوتے ہین اونمین سے پہر ایکبارگی تیل بہنا شروع ہوجاتا ہی - چونکہ یہہ بہروسا نہین ہوتاہی کہ کس زمین مین تیل نکلے گا اسواسطے اس تیل کے نکالنے کا کام بہت مشکل ہے اکثر بہت روپیہ صرف کرنے کے بعد بہی کچہہ ہاتہہ نہین آتاہے اور کبہی ایسابہی ہوتاہے کہ بغیر زیادہ سعی اور کوشش کے تیل نکل آتا ہی اور دولت کا چشمہ ایکمرتبہ جاری ہوجاتاہے - جس زمین مین تیل نکلتاہے وہان اسوجہ سے کہ اس تیل کا جاری رہنا قابل اعتبار نہین ہے اس قدر انقلاب ظہور مین آتے ہین جسکا کچہہ بیان نہین ہوسکتا - جنگل کے کیسے ہی ان گوشہ مین جہان تیل نکل آتا ہی وہان ایکبارگی ایک شہر اسقدر جلد آباد ہوجاتا ہی کہ گویا وہ شہر جادو کے زور سے بسایا گیا ہے - اور جب ایک چند مہینوان مین تیل کا نکلنا بند ہوجاتا ہی تو وہ شہر بہی غائب ہوجاتاہے - ان شہرونکی وضع یہہ ہے کہ غارون اور ترشی ہوی زمین کے درمیان مین جابجا جہوپڑیان ہوتے ہین اور ایک جنگل کا جنگل تیل نکالنے کے آلات کا ہوتا ہی - لوگ بیان کرتے ہین کہ ان مقامون پر رات کے وقت ایک بڑی وحشت اور ہو کا عالم ہوتا ہی - ایک صاحب جنہون نے شہر "پای تہول" کو بچشم خود دیکہا تہا اپنا مشاہدہ مندرجہ ذیل مین بیان کرتے ہین -

" جب رات ہوتی ہی تو تیل نکالنے کے آلات پر جو لوہے کے ٹل لگے ہوے ہوتے ہین اونکے موہنہ کو یکے بعد دیگرے بند کردیتے ہین اور

اونمین سے ایک خفیف توپ کیسی آواز نکلتی ہے - اور بڑے بڑے شعلے گوسنجتے
ہوے ادہرادہر چلکتے پہرتے ہین اور ان شعلون کی روشنی مین وہان کے مزدور
جنگلون اور جہاڑیون مین اوسہی آسانی سے اپنا کام کرتے ہین جیساکہ کوئی
دنمین کرتا ہی - یہہ حالت راتکی وہان ایک بڑی خوف ناک اور تعجب انگیز ہوتی ہی
اور سایہ اور روشنی ملکر ایک عجیب اثر پیدا کرتی ہے جسکا بیان احاطۂ تحریر سے باہر ہے

۵ ان مقامون کی ہوا جہان مٹی کا تیل نکلتا ہے پہلے پہل
نئے لوگون کو جو وہان جاتے ہین نہایت ناگوار معلوم ہوتی ہے - لیکن چند
روز مین اونکو اوسکی بو سونگنے کی عادت ہوجاتی ہے اور پہر یہان تک نوبت
پہونچتی ہے کہ وہ ایسی ہوا سونگنے کو جو مٹی کے تیل سے آلودہ ہوتی ہی دوسری
ہوا کے سونگنے پر ترجیح دیتے ہین - جو بخارات کہ مٹی کے تیل کے کنوون
اور مٹی کے تیل مین سے پیدا ہوتے ہین وہ بہت شعلہ پذیر ہوتے ہین اور
اسمین فورًا آگ لگ جاتی ہے - اور آگ جلانے مین ذراسی بے احتیاطی
ہونے سے ایک خوف ناک آگ لگ جاتی ہے - مشہور ہے کہ ان مقامون مین
رہنا زیادہ تر خوف ناک بہ نسبت اون مقامون مین رہنے کے ہے جہان
بارود بکثرت ہو لیکن باوجود اس خوف اور دہشت کے اور باوجود اسکے
کہ جابجا جگہ حقہ اور چلم پینے کی ممانعت مین اشتہار لگے ہوتے ہین مزدور جو تیل
نکالنے کے کام پر نوکر ہوتے ہین اپنے حقہ اور چورٹ پینے کی عادت کو نہین
چہوڑتے ہین - اور وہ لوگ جو اس تیل کے کاروبار پر معین ہوتے ہین
کچہہ احتیاط زیادہ نہین کرتے ہین -

۶ مٹی کے تیل کا ایک بارگی روشن ہوجانے سے اور اور

عام خواہش کی وجہہ اور باسانی کنووں مین سے نکلنے کے سبب سے ایک بہت بڑا انقلاب دولت کا اون لوگون مین واقع ہوا ہے جو اسکے کارخانے کرتے ہین اور دفعتاً مٹی کے تیل کے کنوے نکل آنے سے بہت لوگ زیادہ مالدار ہو گئے ہین - مقام "فلیڈلفیا" مین ایک کمپنی اس تیل کے نکالنے کے لئے قایم ہوی اور اوسنے بیس ہزار روپیہ کنووں کے کہدوانے مین صرف کئے اور قسمت سے ایک عمدہ تیل کا کنوا نکلا جسمین بکثرت تیل تہا - اس کمپنی نے ایک ہفتہ کے عرصہ مین بارہ گونہ نفع پر اس کنوے کو فروخت کر دیا اور اسمین سے نصف تیل لینے کی اپنے واسطے شرط کر لی جسکی آمدنی اونکو دو ہزار روپیہ روز تاریخ فروخت سے شروع ہوی - اور وہ غریب زمیندار جنکو اس زمین سے قوت بسری کے لئے بہی پیدا نہین ہوتا تہا اس تیل نکلنے کی بدولت ایک بہت دولتمند اور عظیم الشان مالدار ہو گئے ہے

۷ پچہلے برسون سے یہہ تیل ہندوستان مین بکثرت آنے لگا ہے سنہ ۱۸۷۵ع اور سنہ ۱۸۷۶ع عیسوی مین ۵۰۷۴۳۶ گیلن مٹی کے تیل کے ہندوستان مین آئے اور پہر چار برس بعد ۱۰۳۰۲۰۳۰ گیلن کی آمدنی ہوی اور اسوقت تک روز بروز زیادہ اس تیل کی درآمد ہوتی جاتی ہی اور سال حال مین تخمیناً چالیس لاکہہ گیلن کی آمدنی ہو گی اس تیل کے عوض مین ہند سے قریب پچیس لاکہہ روپیہ کے ولایت کو جاتا ہی -

۸ مٹی کا تیل ہند مین بہی نکل سکتا ہی اور وہ زمین جسمین یہہ تیل پیدا ہوتا ہی ملک برہما مین موجود ہے - اس ملک کے بعض مقامون مین مٹی کا تیل نہایت عمدہ قسم کا نکلتا ہے اور دوسرے مقامون مین گاڑہا اور

اور خراب نکلتا ہے - امید ہے کہ ہند مین اور مقامون مین بھی یہہ تیل نکلے اگر اسکے نکالنے کی کوشش کیجاوے -

۹ افسوس کا مقام ہے کہ ہمارے ہند مین جہان صدہا ایسے زمینین مل سکتے ہین اور انمین یہہ تیل نکالا جا سکتا ہے اور ایک معتدبہ رقم پچیس لکہ روپیہ سکے باہر جانے سے محفوظ رہسکتی ہے جس سے ہمارے ملک کے غریب وغربا پرورش پا سکتے ہین مگر ہم دیکھتے ہین کہ ہمارے ملک کے باشندون کو ان باتون کے طرف بہت کم میلان ہے -

۱۰ اس موقع پر ایک یا دو باتین بطور نصیحت مزید احتیاط کے لیے لکھنا خلاف محل نہونگے - چند برسون سے ہند مین مٹی کا تیل بہت برا اور خراب قسم کا آنے لگاہی - اس سے بہتر قسم کا تیل شروع مین آتا تہا - مگر یہہ تیل جو آجکل فروخت ہوتا ہے بہت کم درجہ کاہی - اسواسطے اس تیل کا استعمال کرنا ایک بہت بڑے خوف کی بات ہی کیونکہ یہہ تیل ذرا سی گرمی پہونچنے سے جل اوٹہتا ہی اور اگر زیادہ ہو تو تمام گہر کو خاکستر کر سکتا ہی اور آدمیون کی جانین جاتی ہین -

۱۱ اون ملکون مین جہان تہرمامیٹر یعنے مقیاس الحرارت بہت درجہ تک بلند ہوتا ہے اس تیل کا استعمال قطعاً منع ہے خصوصاً ہندوستان مین اس تیل کا رواج ہرگز نہین چاہیئے کیونکہ ہند مین تہرمامیٹر بہت زیادہ درجہ پر رہتا ہے اور اسکے استعمال سے ہزارہا آفتین پیدا ہوتی ہین اسواسطے مین اپنے ناظرین کے خدمت مین التماس کرتا ہون کہ وہ فوراً اپنے گہرونمین اس تیل کے استعمال کی سخت ممانعت فرماوین - فقط

راقم محب حسین

حفظ صحت

آنکھون کی بینائی قایم رکھنے کی ترکیب

اکثر آدمی اپنے آنکھون کی حفاظت کرتے ہین اور اونکے آنکھین مرنے دم تک صحیح و سالم رہتے ہین اور بہت سے ایسے لوگ بھی ہین جو اپنے آنکھون کی احتیاط نہین کرتے ہین اور اونکے استعمال مین کسی قسم کی خبرداری کو کام مین نہین لاتے ہین - ایسے بے احتیاط لوگ اخر الامر اپنے آنکھون کی روشنی سے اور اپنے بینائی چشم سے ہاتھ دہوتے ہین آنکھون کو صحیح و سالم رکھنے کے لئے حکمارنے جو قواعد معین کئے ہین انمین سے عمدہ اور مختصر نذر ناظرین کرتا ہون -

(۱) تیز روشنی سے پرہیز کرنا چاہیئے (۲) ایکبارگی روشنی مین سے تاریکی مین اور تاریکی مین سے روشنی مین چلے جانا نہین چاہیئے اور جب گرم ہو تو دفعتاً سردی اور جب سرد ہو تو دفعتاً گرمی سے پرہیز کرنا چاہیئے (۳) آنکھون کو صاف رکھنا چاہیئے اور اونکو تازہ پانی سے جو نہ گرم ہو اور نہ سرد دہونا چاہیئے - (۴) روزہ دار آدمی کا لعاب دہن آنکھین آنے کی بیماری مین مفید ہے - اکثر جانور اپنے زخمون کو زبان سے چاٹ کر آرام کرتے ہین کیونکہ لعاب دہن مین خداوند تعالی نے شفا کرنے کی بہت بڑی تاثیر رکھی ہے - اسواسطے اگر تمہارے آنکھون مین جلن ہو تو تمکو چاہیئے کہ اپنی انگلی تھوک سے تر کرکے آہستہ آہستہ آنکھون پر پہیرو - لیکن آنکھون کو ہرگز ملنا یا دبانا نہین چاہیئے ورنہ ضرور آنکھون کو نقصان پہونچے گا - (۵) بال یا تنکے کو آنکھ مین ہرگز نہین رہنے دینا چاہیئے اگر آنکھ مین بال یا تنکا چلا جاوے تو چاہیئے کہ تازہ پانی کا آنکھ مین اسطح سے پہیرین کہ وہ بال یا تنکا تیرنے لگے اور پہر آہستہ آہستہ

اپنے انگلی کو آنکھہ کے آر پار ناک کی طرف پہیرین تاکہ بال
(۶) آنکھون کی بیماری وغیرہ مین آنکھون پر پلٹس ہرگز نہ
سیاہ اجلن وغیرہ دفعہ کرنے کی کوشش مین کہین خود آنکھہ
(۷) آنکھون کی تندرستی کے واسطے یہہ ضرور ہے کہ آ
تروتازہ ہوا اور جسمانی ریاضت اور اعتدال مزاج اور ح
استعمال کے ذریعون سے درست رکہے (۸) آنکھون کو
کے ساتہہ لگائے رکہے - لیکن کسی کام مین جس سے کہ آنکھ
اونکو لگای نہ رکہنا چاہیئے - (۹) کمزور آنکھون کو بہ نسبت
سبز کپڑا اون پر ڈالنے سے اور سبز یا نیلے رنگ کی عینک
زیادہ فائدہ ہوتا ہے (۱۰) بعد کہانا کہانے کے خصوصا
جب غذا خوب پیٹ بہر کے کہای ہو ہین یا باریک خط کی
کرنا چاہیئے - (۱۱) چراغ یا موم بتی وغیرہ کے سامنے
اور نہ کالے کپڑے کو زیادہ سینا چاہیئے چونکہ چراغ موم
کی شعاعین سیدہی آنکھون پر گرتی ہین اسواسطے چاہ
پر ایک شیڈ رکہلین یا نیل کے کاغذ کی لالٹین بناکر استع
دہنوئین وغیرہ سے بچائین اور تیز آگ کے سامنے زیا
کو نہ جلائین - اگر کسی کام مین روشنی کی شعاعین ایک آ
آنکہہ کے زیادہ پڑین تو چاہیئے کہ اوس آنکہہ کی حفا
شیشہ کے ذریعہ سے کرین - اور جب ضرورت ہو تو دو م
استعمال کرین لیکن شرط یہہ ہے کہ اون دونون کا فوک

(۱۳) ایسے کمرون یا مکانون مین بیٹہو جہان× بخوبی روشنی ہوا اور روشنی تمام کمرہ مین یکسان ہو۔ اپنے آنکھون کو طبعی روشنی اور ہوا کا عادی رکہو۔ جو لوگ تنگ اور تاریک کمرون اور کہوٹہریون مین رہا کرتے ہین وہ اپنے آنکھون کی رگون (آپٹک نروس) کو جنکے ذریعہ سے وہ دیکھتے ہین ایک بہت بڑا نقصان پہونچاتے ہین

(۱۴) بہت زوردار منعکس شعاعون سے پرہیز کرنا چاہئے خصوصًا اون شعاعون سے جو سپید اجسام مثل سفید دیوارون کہریا مٹی کے پہاڑیون وغیرہ سے منعکس ہون کیونکہ سپید رنگ شعاعون کو بالکل جذب نہین کرتا ہے حالانکہ دوسرے رنگ شعاعون کو بہت جذب کرتے ہین۔ (۱۵) اپنے آنکھون کو دور اور نزدیک کے مختلف چیزون کے دیکھنے کا عادی رکہو کیونکہ اس تدبیر سے تمہاری آنکھین دونون قسم کی چیزون کو دیکھنے کی عادی رہینگے اور اونکی حرکت آزادانہ ہوگی اور اگر تم نزدیک ہی کے چیزون کو دیکھا کروگے تو تم کوتہ نظر ہو جاوگے یعنی دور کی چیزین اچھی طرح نہین دیکھائی دینگے او رعلی ہذا القیاس اگر صرف دور ہی کی چیزون کو زیادہ دیکھوگے تو نزدیک کی چیزون کے دیکھنے مین دقت ہوگی۔ (۱۶) چاہیئے کہ کمرون کے کواڑون کے آیینے اور دیوارون کے کاغذ بہت تیز رنگ کے نہون اور مناسب یہہ ہے کہ مکانون مین جو آیینے لگاے جائین وہ سبز اور آسمانی رنگ کے ہون سرخ رنگ کے آیینے لگانے سے آنکھون کو نقصان* ہوتا ہے۔

(۱۷) چیزون کو ترچھی روشنی مین دیکھو تاکہ آنکھون پر روشنی کی سیدہی شعاعین نہ پڑین جن سے آنکھہ چوندہا جاتی ہین - (۱۸) عینکون کے شیشے زرد گون نیلے رنگ کے ہونا بہت مناسب ہین (۱۹) جب تم لکھو یا پڑہو تو کاغذ پر بہت تیز روشنی نہ پڑنے دو (۱۸) اعتدال مزاج سے آنکھون کو ٹھنڈا رکہو اور

× ایسے روشن اگر [illegible] ہمارے ملک [illegible] اسلامی نظر جب [illegible] آنکھون کی حفاظت [illegible] کرنے جب [illegible]

ریاضت سے پاؤون کو گرم رکہو۔ (۲۱) جب آنکہین صرف کمزور ہون تو ٹہنڈی کے پانی یا سبز چاے اور برانڈی کے پانی سے دہونا مفید ہوتا ہے۔ (۲۲) صبح کے وقت کہانے سے پہلے کسی خاص کام کے کرنے سے آنکہون پر زور نہ ڈالنا چاہیئے۔ (۲۳) جب پڑہو یا سیو پروؤ یا اور کوی باریک کام کرو تو چاہیئے کہ اوسکے درمیان کبہی کبہی آدہی منٹ کے لئے آنکہونکو آرام دیتے جاؤ یا دور کی چیزون پر نگاہ ڈالو یا آسمان کے طرف دیکہو کیونکہ اس طریقہ سے آنکہہ کی اصل قوت نئے سرسے آ سکتی ہے۔ (۲۴) کبہی کبہی آنکہون کو بند کر کے اونہین اونگلی کی گدی سے آہستہ آہستہ دباتے ہوے ناک کے طرف لیجانا چاہیئے تاکہ آنکہون مین جو کچہہ پانی آگیا ہو وہ ایک چہوٹی نالی کی راہ سے جو ہر آنکہہ کے کونے کی ناک سے ملی ہوی ہے نتہون کے اندر چلا جاوے۔ اس نالی کی خاصیت ہی کہ جب ذرا بہی جلن جسکی وجہ سے انکہون کی کمزوری ہوا کرتی ہے اونمین سے پیدا ہوتی ہے تو وہ فوراً بند ہو جاتی ہے۔ (۲۵) جو ہین آنکہین تہک جاوین اور یہہ معلوم ہو کہ اب زیادہ پڑہنے یا لکہنے یا سینے مین آنکہون پر زور کرنا پڑتا ہے تو فوراً کتاب یا سوی کو الگ رکہہ کر گہنٹہ دو گہنٹہ تک ٹہلے یا کوی ایسا کام کرے جسمین نگاہ جانے کی ضرورت نہو۔ فقط راقم

محب حسین

فلسفہ

فلسفۂ وحدت جلنیت وحقیقت اتحاد لغت

لا سعادةَ الّا بالجنسيّة ولا جنسيّة الّا باللغة ولا لغةَ ما لم تكن حاويةً لكلّ ما تحتاج اليه طبقات ارباب الصناعات والخطط في الافادة والاستفادة

انسان واحد را اگر کسے ملاحظه کند خواهد دید که آن انسان واحد عبارتست از عناصریکه
تاثیر هر یکے از آنها مضاد تاثیر دیگریست و مؤلف است از اعضا و جوارحیکه اشکال
و هیأت هر واحدے از آنها مباین و مخالف آخریست و روح حیات آن مختلفات را
بصورت وحدانیّه در آورده و تاثیرات گونه گونه آنها را از برائے استحصال مقصد
واحد که مقصد کل است بکار برده و هر یکے از آن متضادات را خادم هیئت مجموعه
قرار داده و حرکات مختلفهٔ آنها را بوحدت نتیجه متّحد و ملتئم گردانیده و هر عضوے را
بخدمتی مخصوص و هر جارحهٔ را بکارے جداگانه داشته و از برائے جلب مرغوباتیکه
باعث پایداریست و دفع منفوراتیکه موجب تفرق اتّصال است اعضا و جوارح ظاهره
و باطنه را بکار برده است تا آنکه این واحد بوحدت شخصیّه یعنے این مجموع مختلفاتیکه
اسم آن انسان واحد است بتواند زمانے در دائرهٔ هستی پایداری کند —
و هر قدر که آن روح الحیات در قوّت و برومندی خود بوده باشد التئام و ائتلاف آن
متباینات روی بازدیاد آورده اتّحاد آن حرکات مختلفه در استحصال نتیجهٔ واحده افزونی
خواهد پذیرفت بلکه اجزاء غیر حیّه خارجیّه نیز بسبب جذب روح حیات با اجزاء داخلیّه
متحد شده در ادای وظائف و اعمال آنها مشارکت و معاونت خواهد ورزید —
و چون روح حیات روی به نقصان آورد اندک اندک آن التئام و ائتلاف تناقص
پذیرفته آن اتّحاد باختلاف مبدّل خواهد شد تا آنکه بعد از مرور زمان قلیلی بالمرّه
آن اجزاء و عناصر متلاشی گردد و آن انسان واحدیکه عبارت از هیئت مجموعه است
نیست و نابود شود — اینست سبب وحدت شخصیه در عالم انسانی و اینست موجب
زوال آن و پس ازین واحد بوحدت شخصیّه واحد بوحدت بیتیّه است و روح حیات
این خویشی و قرابت قریبه است و بدین جهت جامعه اشخاص متعدده با اختلاف طبائع

وتباین اهوار اعمال وافعال خود ها را با یکدیگر موافق نموده در استحصال نتیجه واحدۂ که مستلزم بقاء کل است سعی مینمایند و هر یکے خدمت هیئت مجموعه را که فی الحقیقه خدمت خود او میباشد از جان و دل بجا میآورد ـ وچون قرابت وخویشی اندکے دور شود وحدت بیتیۂ از میانه برداشته شده وحدت عشیرۂ که عبارت از ارتباط بیوتات متعدده وجماعات متکثره است بمنصۂ شهود جلوه گر خواهد شد و واحد بوحدت عشیره صورت هستی خواهد نمود وروح حیات این هیئت اجتماعیه قرابت مطلقه است واین قرابت مطلقه آن عشیره را که عبارت از جماعات متعدده است برین میدارد که همه بدًا واحدۃً در استحصال منافع سعی خود ها را بکار برند ومضار عمومیه را باتفاق یکدیگر دفع سازند وبا سائر عشائر همسری کنند ودر اکتساب جاه وشوکت با آنها مجارات ومبارات نمایند وعلی الدوام جویای برتری وتفوق باشند ـ

وسپس این واحد بوحدت در عشیره واحد بوحدت جنسیت است واین وحدت را ماهیت وحقیقت ممتازه و روح حیاتے نیست مگر اتحاد در لغت والحق این وحدت لغت عجیبه رابطه ایست وغریبه خویشی وپیوندیست واوست آن یگانه وحدتیکه عشایر مختلفة الاغراض وقبائل متنوعة المقاصد را در تحت لوای وحدت جنسیت بسوے مقصد واحد سوق میکند وقوای متفرقه ایشان را جمع میسازد وهمه را در جلب منافع عامه ودفع مضار شامله متفق الکلمه مینماید وارکان تکاتف وتظاهر واساس تعاون وتوازر را استوار میگرداند واز براے استحصال سعادت عموم ونجات از شقاء وبدبختی جمع کثیر را یکدل ویک زبان میکند وخلق بسیاری را بحیات تازه که حیات جنسیت بوده باشد زنده کرده خلعت استقلال در وجود برآنها می پوشاند ـ ودر عالم انسانی رابطۂ که دائرۂ آن واسع بوده باشد

وجمع کثیر را بیکدیگر مربوط سازد از دو قسم خالی نخواهد بود یکی همین وحدت لغت است
که از آن بجنسیت و وحدت جنسیت نیز تعبیر می شود ودیگرے وحدت دین و هیچ شکی درین نیست
که وحدت لغت یعنی جنسیت در بقاء وثبات درین دارد تا از وحدت در دین
اَدْوَم است زیرا که در زمان قلیلی تغیّر وتبدّل نمی پذیرد بخلاف ثانی ازینست
که می بینیم جنس واحد که عبارت از اهل لغت واحده بوده باشد در ظرف هزار سال
دو سه بار دین خود را تغیر وتبدیل میکنند بے آنکه در جنسیت ایشان که عبارت
از وحدت لغت باشد خللی حاصل شود بلکه میتوان گفت ارتباط واتّحادیکه از وحدت
لغت حاصل می شود اثرش بیشتر است از ارتباط دینی در غالب امور دنیویه
از آنست که یونانی نصرانی را میزیبد که بسبب وحدت جنسیّت با فلاطون وارسطو
وبقراط بت پرست افتخار کند ولکن نصرانی هندی الاصل را هرگز شایان
نیست که بسبب وحدت دین به نیوتن وگلیلو نصرانی مباهات نماید — واین
وحدت جنسیّت که ماهیّت آن وحدت لغت است اجانب را اندک اندک دردائره
نمود داخل کرده تا آنکه عشایر مختلفه که بدان وحدت متصفند قوام پذیرند
ومنزلت وقدر ایشان در میانه سائر اجناس بنی نوع انسان معلوم ومعیّن گردد
وحقوق وواجبات عِظَم منزلت وعلوّ مرتبت ایشان را دیگر قبائل وشعوب
اذعان نمایند وچون عشایر متصفهٔ بدان وحدت بدین پایه برسند بواسطهٔ
قوای مجتمعه جمیع آن اموریکه در دار دنیا سعادات شمرده می شود لامحاله ایشان
را دست یاب خواهد گردید — واین همه مزایا بر وحدت جنس که عین وحدت
لغت است ودر آن وقتی مترتب خواهد شد که لغت آن جنس که نفس وحدت
افراد اوست کافی از براے حفظ وصیانت آن جنس بوده باشد — ولغت کافی

کہ درخت کی رگین اوسمین خوب گہسین اور جب یہ صورتین نہ ہون تو ریتی کی زمین خراب
اور بری ہے مگر جب اوسمین کالی مٹی یا تر مٹی مل جاوے اور ضرور ہی کہ ایسے مٹی مین
پانی بہت نہ دیا جاوے اسواسطے کہ وہ پانی کو ہضم نہین کرتی اور جس شخص کو علم فلاحت
نہین ہے وہ گمان کرتا ہے کہ اوسمین موافق اوسکے خواہش کے پانی نہین دیا گیا
اسوجہ سے وہ حرص کرتا ہی اوسمین اور پانی دینے پر اور یہ باعث ہوتا ہے تخم کے
برباد ہوجانے کا کیونکہ اس مٹی کے اجزا خشک ہین اور وہ درحقیقت چہوٹے چہوٹے
کنکریان ہین تو پانی اوسکے اجزا کے اندر نفوذ نہین کرتا بلکہ کہڑا رہتا ہے اور یہ
مضر ہے تخم کو ابن حجاج کے مقنع مین جو مضمون تہا وہ ختم ہوا۔

کتاب الفلاحۃ النبطیہ مین بہی ایسا ہی ہو صغریت نے کہا زمینین ہر ایک وصف مین
مختلف قسمون کی ہوتی ہین یہان تک کہ سردی اور خشکی اور تری کے قبول کرنے
مین بہی فرق رکہتے ہین اور فلاحت جاننے والون کو اسکا اچہا نناضرور ہے کیونکہ
زمین درخت کی تربیت اور پرورش مین اصل الاصول ہے جب کہیتی کرنیوالا
زمین کی طبیعت کو پہچانے گا اور ہر ایک زمین مین اوسکے مزاج کے موافق درخت
بوئے گا تو اوسکی کہیتی فائدہ دیگی ۔

کبہی زمین مین بُرے قسم کے مرض پیدا ہو جاتے ہین جو پیداوار کو تلف کر دیتے ہین
جیسے کہاراپن وغیرہ اسکی وجہ یہ ہے کہ آفتاب کی حرارت زیادہ ہونے سے وہ
جل جاتی ہے اور سوا اسکے اور اسباب بہی ہوتے ہین پس بہتر اور عمدہ زمین
وہی ہے کہ جو سب قسم کی چیزون کو بہتر اوگاوے ۔

حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا بہتر زمین وہ ہی جسکا رنگ سیاہی مائل ہو اور
پانی کو خوب چوس لے نہ پانی اوسمین سے بہہ جاوے اور نہ وہان اکٹہا رہے اور

خمیر اوسکا نہ ٹہوس ہوا ور نہ پہوکل ہو یہہ زمین سب زمینون سے عمدہ ہی ــ
ینبوشاد نے کہا عمدہ زمین وہ ہے جسکا رنگ بنفشہ کا سا ہو جسکو بنفسجی کہتے ہین
اور اکثر اس رنگ کی زمین وہان ہوتی ہے جہان پر ایک مدت تک پانی کہڑا رہے
اور پہر وہان سے سرک جاوے اوسوقت یہہ رنگ پیدا ہوتا ہی اس مٹی کا مزہ ہمیشہ
شیرین ہوتا ہے ــ
فلاحۃ النبطیہ مین ہے کہ جب کسی زمین مین بارش کا پانی ٹہیرتا ہے تو وہ اوپر کی
زمینون سے چکنائی بہاکر لاتا ہے اسوجہ سے وہ زمین کی رنگ کو سیاہ کر دیتا ہی
بنفشہ کی طرح جب ایسی سیاہی زمین پر ظاہر ہو تو سمجھنا چاہیئے کہ وہ زمین چکنی ہی
مگر بہت چکناہٹ بہتر نہین ہے اسیطرح پر بالکل کہرکہراپن اور بہتاپن بھی بہتر
نہین ہے اور یہہ دیکہنے سے معلوم ہوجاتا ہے ــ
ینبوشاد نے کہا بنفسجیہ زمین کے قریب وہ زمین ہے جس کا رنگ بہت تیرہ ہو
اور اوسمین غلغلاپن ہوا اور اوسکی مٹی کا مزہ شیرین ہو کوئی مزہ اور اوسمین نہ ہو
اور قریب ہی اس زمین کے وہ زمین جس کو حضرت آدم علیہ السلام نے گرم کہا ہی
ایک صفت اوسکی یہ ہی کہ وہ نرم اور ملایم ہوتی ہے اور جب سخت جاڑا اوس پر
پڑتا ہے مثلاً برف گرنے کے بعد تو اوسکا ظاہری سطح نہین بدلتا اور جب آدمی
اوسکے ڈہیلے کو توڑے تو جلدی ٹوٹ جاتا ہے اور قریب اس زمین کے
وہ زمین ہی جس کو شدیدہ کہتے ہین اور اوسکا رنگ ہلکا تیرہ مایل بہ سفیدی ہوتا ہی
نہ ایسی سفیدی جیسے کپڑے کی ہوتی ہے بلکہ سفیدی اور تیرگی کے بیچ مین اور یہہ
صلبہ سے کچہہ کم ہے اسمین کہیتی ہوتی ہے اور ہل آسانی سے چلتا ہی مگر ایسی زمین
درخت لگانے کے مناسب نہین ہی البتہ کہیتی اوسمین خوب ہوتی ہے اور صغریت نے

اسکے خلاف کہا ہے وہ کہتا ہے درخت ایسی زمین مین خوب بڑا اور عمدہ ہوتا ہے
لیکن وہ زمین جو سرخ اور چیچی ہو تو وہ عمدہ ہے ہر درخت اور کھیت کے لئے سوا
کھجور کے اور اوس درخت کے جسمین شیرین پھل لگتا ہے اوسکو موافق نہین ہے
باقی سب قسم کی عمدہ زمینین ہر ایک قسم کے درخت اور پیدا وار کو مناسب ہین۔
لیکن وہ زمین جسکو اطبا عمیقہ کہتے ہین وہ بھی عمدہ ہے اور ہر ایک قسم کی نبات
کو مناسب ہے سوا ترکاریون کے وہ زمین اچھی نہین ہوتین اور فلاحۃ النبطیہ
مین ہے کہ عمیقہ زمین وہ ہے جو چکنی اور کھری کے بیچ مین ہو جسکو سہلہ کہتے ہین
(اوسکا بیان اوپر گذرا) لیکن وہ زمین جسکے سطح پر جاڑون مین سفیدی نمود ہوتی ہے
اور یہ علامت ہے اوسکے شور ہونے کی تو وہ زمین خراب ہے کسی نبات کی لایق
نہین ہے مگر کھجور اور جوار اور باقلا اور چقندر کے لئے اور جو اون کے مشابہ ہین
اور جس زمین کا مزہ بدلا ہوا ہو مگر وہ اوسی قسم کی زمین ہو جسکو آدم علیہ السلام نے
حارہ کہا ہے تو وہ قابل ہے انگور اور کدو اور خربوزے کے اور تمام بیلون کے
جو زمین پر پھیلتے ہین اور جڑ پر کھڑے نہین ہوتین اور پھلدار درختون کے
اور نخلون کے بھی مناسب ہے لیکن پھولون کے مناسب نہین ہے تو ثانی نے کہا
یہ قسمین ہین عمدہ اور بہتر زمینون کی جو اوپر مذکور ہوئین اب جو ان اوصاف کے
خلاف ہو وہ بری ہے اوسکا علاج کرنا چاہیئے تا کہ زراعت کے لایق ہو۔
کتاب الفلاحۃ النبطیہ مین ہے کہ عمدہ اور بہتر زمین دیکھنے سے معلوم ہو جاتی ہے یعنے
جو زمین گرمی اور جاڑے مین اور خشکی کے وقت بہت نہ تڑخے وہ عمدہ ہے اور خشکی
کا وقت وہ ہے جب پانی بند ہو جاوے خریف مین یا جاڑون کے شروع مین اسطرح
جب بہت پانی پڑے تو اوسمین لیس دار کیچڑ نہ ہو جو پانون مین چمٹ جاوے اور

ہاتھون مین چپک رہے جب کوئی اوسکو چہوڑ دے بلکہ جتنا پانی پڑتا جاوے وہ اوسکو پیتی جاوے اور جب پانی تھم جاوے تو اوسکے سطح پر سفیدی نمود ہو یہ اسلئے لکھا کہ بعضی قسم کی زمینین جو عمدہ نہین ہوتین اون پر بارش کے دوسرے یا تیسرے روز ایک قسم کی سفیدی نمود ہو جاتی ہے جیسے کسی نے آٹا چہڑک دیا ہے یہ زمین عمدہ نہین ہوتی اور ایک علامت عمدہ زمین کی یہ بھی ہے کہ سخت جاڑون مین اوس پر ایک چیز مثل پھپھوندی ہوئی مٹی کے نمود نہین ہوتی۔ ایک امتحان عمدہ زمین کا غیر عمدہ سے یون کرسکتے ہین کہ اوسمین سے سیر یا ڈیڑھ سیر مٹی لین اور سفالی ہانڈی مین اوسکو رکھکر ہانڈی کا موہنہ خوب بند کرکے اوسی زمین مین ایک گڑہا تین یا چار ہاتھ کا کہود کر ہانڈی کو اوسمین گاڑ دین اور چودہ روز تک یون ہی رہنے دین بعد چودہ روز کے اوس گڈہے کو کہولین اور ہانڈی کو دیکہین اگر اوسکا اوپر کا سطح پسیج آیا ہو تو ہانڈی نکال لین اور جو نہ پسیجا ہو تو پہر گڑہا بند کردین اور سات روز تک رہنے دین اور خوب مٹی اوپر سے چہپا دین سات دن کے بعد اوسکو کہولین اور ہانڈی کو کہولکر دیکہین اگر اوسمین کوئی کیڑا پیدا ہو گیا ہو تو اوس کا رنگ دیکہین اگر سیاہ یا نیلا سبز ہے تو وہ زمین عمدہ نہین ہے اور اگر سرخ یا زرد یا تیرہ یا ہلکا سبز یا سفید ہو تو وہ زمین عمدہ ہے پہر اوس مٹی کو جو ہانڈی کے اندر تہی سونگہین اگر اوسکی بو ویسی ہی ہو جیسے گاڑنے سے پہلے تہی یا اوسکے قریب قریب باقی آیندہ۔

راقم وحید الزمان

نبات

سورج مکھی

اس پہول کو سورج مکھی اسوجہ سے نہین کہتے ہین کہ وہ سورج کی طرف

پہرتا ہے بلکہ یہہ اوسکا نام اس سبب سے ہوا کہ وہ بعینہ سورج کے مشابہ ہی جسکا رو صاف
کہتے ہین کہ مینے ایک ڈنڈی مین چار پہول سورج مکہی کے لگے ہوے دیکہے جنکا رخ
چارون طرف تہا —

وہ کہتے ہین کہ "لٹن زبان مین سورج مکہی کے پہول کو "فلاس
سولس" کہتے ہین اور یہہ نام اوسکا اون لوگون سے لیا گیا تہا جنہون نے
یہہ بات بیان کی تہی کہ وہ سورج کے طرف پہرتا ہے - یہہ بات کہ وہ سورج کے طرف
پہرتا ہے میرے مشاہدہ مین ہرگز نہین آئی اگرچہ مینے اس بات کی تصدیق مین
بار بار کوشش کی - لیکن مین خیال کرتا ہون کہ اس پہول کی وجہ تسمیہ یہہ ہے
کہ وہ سورج کے بہت مشابہہ ہے اور اوسمین سورج سے کیسے کرنے ہین اور
اسہی وجہ سے اوسکو "کارونا سولس" بہی کہتے ہین - اوسکا نام "سول اندیکس"
بہی ہے کیونکہ وہ ہند مین بہت ہوتا ہے اور اوسکو "کرسینتہمم پیرووینیم"
بہی کہتے ہین یعنی ملک پیرو کا سنہرا پہول - اور انگریزی زبان مین اسکا نام "سن فلاور"
ہے - فقط

راقم محب حسین

بانس صدہا کامونمین آتا ہی

کوئی درخت بنگال مین ایسا کارآمد نہین ہے اور اس سے
ایسے مختلف مفید کام نہین نکلتے ہین جیسے کہ بانس سے - بانس سے کپڑا بننے کے اوزار
بنائے جاتے ہین - جہونپڑون کی چہتین پاٹی جاتی ہین - اور مکانون کی چوکہٹین
تیار کیجاتی ہین ہین - برات اور جلوس کے واسطے بانس سے عمدہ عمدہ آرایش کی چیزین
تیار ہوتی ہین - محرم مین تعزیے اور دسہرہ مین راون اور لنکا بہی اسہی سے بنائے جاتے ہین
تماشہ دیکہنے کے لئے اونچی سیڑہی بہی اسہی سے تیار کیجاتی ہے دریا مین مچہلیان پکڑنے کو جال اونکا

ڈنڈیاں اس سے بنتے ہین بہت باسنے مین بجائے دہنیون کی کام مین آتا ہی - بانس سے
جہازونکی مستول اور ناپنے کے گز اور کشتیان کہینے کی پتواریں اور کشتیون کے اوپر بیٹہنے کی
جگہین تیار ہوتی ہین - چہوٹی ندیون اور دریا کی شاخون پر پل باندہنے کے کام مین آتا ہے -
بانس سے باڑی اور ماطی بنائے جاتے ہین - آب پاشی کے لیئے پانی دینے کے کام مین آتا ہے
اوس سے جہنڈے اور نشان بنائے جاتے ہین - بانس سے بہت زراعت کی آلات تیار ہوتے ہین اور
ڈولیان اور چہکڑے اور چہوٹی چہوٹی گاڑیان اور تابوت اوس سے تیار کئے جاتے ہین - بچونکے
کہیلونے صدہا طرح کے بانس سے بنائے جاتے ہین - اور بہالے اور برچہیان اور تیر اور کمان
اور لاٹہی اور سونٹے اور مچہلیان پکڑنے کے چہڑیان بانس سے تیار ہوتے ہین - بانس کے پتلے پتلے
پونگلیان انگریزی موٹی قلم کے لگانے کی کام مین آتے ہین - اور سونار اور بڑہئی کی آلات
کے دستے اوس سے تیار ہوتے ہین - بانس کی پونگلیون مین بطور صندوق کے چہوٹی چہوٹی
چیزین رکہکر دور دور جگہون کو روانہ کرتے ہین - جسٹنین کے زمانہ مین ریشم کی کیڑون
کے انڈے بانس کی پونگلیون مین رکہکر چین سے قسطنطنیہ کو آئے تہے - بانس کی پونگی ایک بوتل
کا کام دیتی ہے - اور بازارون مین ایک بانس کی پونگی کا ٹکڑا عرقیات یا رقیق چیزون کے
ناپنے کے کام مین آتا ہے اور بانس کی پونگیون سے پہکنیان اور عرق کہینچنے کے آلات مثل قرع انبیق
وغیرہ تیار ہوتے ہین - اور بانس کی ایک پونگی ایک طرف سے چیرنے سے چمٹے کا کام دیتی ہے اور اوس سے
سلگے ہوئے کوئلے اوٹہا سکتے ہین - اور بانس کی ایک پتلی کہپچ ایسی تیز ہوتی ہے کہ اوس سے پرندہ
یعنی بال [illegible] اوپر سے چہیل سکتے ہین - بانس کی بعض قسم ایسی سخت ہوتی ہے کہ وہ سلی یا چہریان
تیز کرنے کے پتہر کا کام دیتی ہے اور [illegible] سینے پہنسے اور [illegible] تیز کرتے ہین - بانس کا درخت
بہت جلد بڑہتا ہے [illegible] صاحب نے ایک بانس کے درخت کو چوبیس گہنٹے مین
چودہ انچہ بڑہتے ہوے دیکہا - فقط راقم [illegible]

[illegible]

علمی خبرین

عجائب خانہ برٹانیہ کے دارالکتب مین [illegible]

بارہ لاکھہ پچاس ہزار جلد کتابون کے اسوقت موجود ہین اور

خریداری مین ایک لاکھہ ساٹھہ ہزار روپیہ خرچ کئے جاتے

تین صدی پیشتر انگلستان مین کاغذ [illegible]

لیکن ملک جاپان مین ایک ہزار دوسو برس آگے لوگ [illegible]

شب ۲۳ فروری سنہ حال کو ایک چھوٹا [illegible]

رصدخانہ مین دریافت ہوا ہے اس سال مین یہ پہلے دریافت

نمبر عام فہرست مین ۲۲۰ ہوگا —

[illegible]ت کی کوشش ہو رہی ہے کہ آلہ [illegible]

مکانون [illegible] مجالس علمی اور لوگون کے گھر دن مین قایم کیا جاو

بیان کرتے ہین کہ سالانہ اخراجات فی نصف میل ایکسو پچاس

روپیہ اور ہر نصف میل زیادہ کے لئے حساب چار روپیہ [illegible]

مجلس جغرافیہ برلن سے جو جماعت جرمنی [illegible]

کی تھی اوسنے اپنا صدر مقام متصل جھیل تنگنیکا بطور مستقل قایم

امید ہی کہ یہہ مقام بہت جلد جرمنی کا لونیوں [illegible] جماعت جو دوسری

روانہ ہوتی ہے) ایک صدر مقام ہو جا [illegible]

ماہ ستمبر آیندہ [illegible] مشرقی کا نگریس [illegible]

جرمن مین منعقد ہوگی اوس مین مستر [illegible]

دسمبر اور جنوری آیندہ مین [illegible] اخبار [illegible]

ہندوستانی صنعتون کی نمایش شہر کلکتہ مین ہوگی مجلس نمایش کے میر مجلس انریبل مسٹر
پرنسیپ مقرر ہوئے ہین جملہ اشیاء مصنوعہ پہلے نومبر کے تا قبل کلکتہ مین پہونچ جاینگے
نمایش گاہ ایک ماہ تک کہلی رہیگی —

سنا جاتا ہی کہ جناب حضرت قیصر ہند نے ارل بیکنس فیلڈ کی سخت
علالت کی خبر سنکر مزاج پرسی کے واسطے اون کے مکان پر جانے کا اور اونکو دیکہنے کا
ارادہ کیا لیکن طبیبون کی راے نہونے سے اس ارادہ سے باز آئین کیونکہ طبیبون نے
اسباتکا خوف کیا کہ اونکو اس بیماری کی حالت مین اس بڑے عزت پانے سے ایک
جوش ہوگا وہ مسرور ہوگا جو کوی نقصان پیدا کریگا —

دو مہینے گذرے کہ جزیرہ "کیو مین" جو بحر الجزائر مین ہی ایک سخت
زلزلہ واقع ہوا تہا سنتے ہین کہ تقریباً تمام قصبہ کیو اور آس پاس کے دیہات اسکے
صدمہ سے غارت ہوگئے جو مراسلہ سرکار یونان سے آیا ہی اوس سے تعداد مردون
اور صدمہ رسیدہ ون کے تین ہزار معلوم ہوتے ہین اس زلزلہ کا اثر شام اور سمرنا
مین بہی معلوم ہوا ہے — قسطنطنیہ سے جو تار آیا ہے اوس سے معلوم ہوتا ہی
کہ دوسرے روز بہی جزیرہ کیو مین تازے زلزلے واقع ہوے اور وہان کے
باشندے جہاز پر سوار ہو رہے تہے —

سنا ہے کہ صوبہ جات سیویل - غرناطہ - قرطبا اور دیگر
صوبہ جات جنوبی ملک ہسپانیہ طوفان اور آندہی سے برباد ہوگئے ہین اور تیس لاکہ
روپیہ کے قریب وہان کے باشندون کا نقصان ہوا ہے —

۴۔ تریاق مایوسین یہہ دوائی جسکی نصف چانول خوراک بھی نامردی و سرعت انزال ونسیان وضیق النفس کہانسی تردمہ درد شقیقہ عرق النسا وجع مفاصل و جلدی کہنہ امراض اور برائے زخم خنازیر ناصور دور ہوتے ہین جنکو دودہ وروغن زرد نہ ہضم ہوتا ہے اس سے اچھی طور پر ہضم کر سکتے ہین فی خوراک ۰ ر ۳۰ خوراک ـ

۵ـ حب دافع ذیابیطس ان گولیون کے کہانے سے بار بار آنا پیشاب کا و تشنگی بند ہوجاتی ہے سلسل البول وضعف مثانہ و پیچش واسہال دیرینہ و پانی کے لاگ جو تاثیر آب وہوا یا کثرت کار سے نظام عصبی مین بگاڑ ہوا ہو دور ہوتے ہین ـ

۶ـ حب قایم مقام افیون اس سے بے ضرر وجرج نشہ افیون وچنڈو چہوٹ جاتے ہین بہوک کہلتی ہے نیند آتی ہے سستی بدن و نزلہ و زکام و ریزش جو گلے مین گرتی ہو و کہانسی و تپ ربعہ دور ہوتے ہین ـ ۵ر روپیہ

۷ـ ہلاس اسکے سونگنے سے پڑوال دور ہوتے ہین ـ

۸ـ حب دافع آتشک کیسی سخت آتشک ہو نر ہو یا مادین بلا تکلیف مونہہ وقے و دست جاتا رہتا ہے سعہ روپیہ ـ

۹ـ ماء اللحم یہہ پہول میوجات وطیور کے گوشت سے طیار کیا ہوا عرق نامردی و قرا قر شکم ولقوہ و استرخا و مالیخولیا مراقی وخفقان وکمی خون کو کہوتا ہی فی بوتل ـ

ایک عرق بطور علاج حفظ ما تقدم

مرض جانکاہ آتشک و سوزاک دیدہ سے بچنے کے لئے تجربہ کیا گیا فی بوتل ایک بوتل چھ مہینے کے واسطے کافی ہے مفصل حال آدہ آنہ کے ٹکٹ کے بہیجنے سے معلوم ہوسکتا ہی نمبر ۱۵۰ ـ

رسید زر از حضرات خریداران معلم

نواب رفیع الدولہ بہادر دام اقبالہم	سے/
مولوی سید علی صاحب جیالوجسٹ ایم - آئی - دوم تعلقدار	سے/
مولوی محمد زکریا صاحب مددگار ناظم مردم شماری سرکار عالی	سے/
مولوی حافظ محمد عبد اللہ صاحب رکن مجلس عالیہ عدالت	سے/
مولوی محمد عبد القادر صاحب	سے/
مسٹر ایدلجی صاحب تحصیلدار اندول ضلع شوراپور	۴/
میر کاظم علی صاحب مہتمم صفائی اندرون بلدہ	سے/
منشی گیا پرشاد صاحب ایم - اے - ایلچی سرکار عالی	سے/

فہرست مضامین

نام مضمون	نام مضمون نگار یا مؤلف	صفحہ
حفظ صحت		
پانی کا بیان	محب حسین	۲۳۷
معدن		
چاندی - روپا - نقرہ -	میرزا محمد مہدی خانصاحب کوکب ہند جیالوجسٹ - دوم تعلقدار ضلع کھم	۲۴۲
یاقوت کے کان کا بیان	حکیم فرخندہ علی صاحب صیغہ دار محکمہ معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ ناگر ار	۲۴۸
فلسفہ		
بقیہ مقالہ فلسفہ وحدت جنبیت وحقیقت اتحاد لغت - ازمولوی جمال الدین صاحب حسینی		۲۴۹
ادب		
حرص کا نتیجہ حریص کی بربادی -	محب حسین	۲۵۵
اخلاق		
دروغ گوئی	ایضاً	۲۶۲
تدبیر منزل		
مکان کے آراستہ کرنے کا بیان	ایضاً	۲۶۳
زراعت		
زمین کے اقسام -	حاجی حافظ مولوی وحید الزمانصاحب سررشتہ دار محکمہ معتمد مدار المہام مال	۲۶۵

علمی خبرین

رنگون[لہ] کے متمول اور ذی اقتدار باشندون نے باہم مجتمع ہو کر ایک مجلس قایم کی ہے جسکی غرض یہہ ہے کہ وہان ایک بہت بڑا کتب خانہ قایم کیا جاوے اور تمام کتابین جو برمی زبان مین ہون وہ طبع کیجائین - اس اعلی کام کے واسطے چھہ لاکھہ روپیہ درکار ہے جو بذریعہ شیئر یا حصہ جمع کیا جاویگا -

انگلستان[عہ] مین عورتین دفتر تلغراف مین نوکر رکھی جاتی ہین اور وہ مثل مردون کے تلغراف کا کام کرتے ہین - اب بہت قریب ہند مین یہی رسم بطور تجربہ کے جاری ہوگی اور دفتر تلغراف مین عورات کام کرینگے -

ایک[سہ] دیسی اخبار مین لکھتا ہے کہ ہند مین اسوقت چھہ لاکھہ بیوہ عورتین ایسی عمر کی موجود ہین جو شادی کے قابل ہین - لیکن وہ بیچاریان رسم ملک کی وجہہ سے شادی کرنے سے معذور ہین -

نیپال[کہ] مین بعد وفات مہاراجہ ادہیراج کے کوی عورت اونکے بی بیون مین سے ستی نہین ہوی اسکی وجہہ یہہ تھی کہ خود مہاراجہ ادہیراج نے اپنی وفات کے وقت فرمایا تہا کہ کوی عورت میرے بی بیون مین سے میرے بعد ستی نہو اور اس جرم کا ارتکاب نکرے -

مجلس[شہ] جماعت علماء فرانساوی جو تین روز تک منعقد رہی فی الحال برخاست ہوی ہے - مسٹر میلن ایڈورڈ جو اس مجلس کے مشہور رکن ہین شعبہ علوم و فنون کے میر مجلس تہے - اس مجلس مین بہت سے مفید اور گران بہا مضامین علمی پڑہے گئے - اور اوسمین سے ایک نہایت کارآمد مضمون وہ تہا جسکو

حفظ صحت
پانی کا بیان

۱ اگلے لوگ پانی کو چار عناصر مین سے ایک عنصر خیال کرتے تھے جن سے تمام چیزین مرکب ہین لیکن گذشتہ صدی کے آخر مین یہہ بات تحقیق ہوی کہ پانی ایسے دو چیزون سے مرکب ہی جو اوس سے ماہیت اور شکل مین بالکل برخلاف ہین - پانی ایک بھاری رقیق شے ہے - وہ دو چیزین جن سے مرکب ہی ہلکی گیسین ہین - ایک انہین سے ایسی ہلکی شے ہے جس سے زیادہ ہلکی کوی اور دوسری شے آج تک دریافت نہین ہوی ہے - پانی آگ کا مخالف ہی

۲ وہ دو گیسین جن سے پانی مرکب ہی ہادروجن اور آکسیجن ہین اور وزن نسبتی انکا یہہ ہے کہ پانی مین ہادروجن کے دو حصہ اور آکسیجن کے سولہ حصہ ہوتے ہین - ہادروجن اور گیسون کی طرح سے ایک ہوا ہے جسمین کوی رنگ نہین ہوتا ہی اور وہ دیکھلائی نہین دیتی ہے اور جب وہ خالص ہوتی ہے تو اوسمین کوی بو اور ذایقہ نہین ہوتا ہی - اور چونکہ یہہ گیس عموماً پیدا ہوتی ہے اسواسطے ذرا ذراسی چیزین خراب اسمین ملجاتی ہین اور اس وجہ سے اسمین ایک خاص قسم کی بدبو پیدا ہو جاتی ہے جسکو ہر شخص گیس نالیٹ کے نلون مین پانی ٹپکا کر معلوم کرسکتا ہی -

تمام مادی چیزون سے ہادروجن بہت زیادہ ہلکی ہے اور مثل عام ہوا کے اوسکا وزن جسم بجسم چودہ گونہ سے بہی زیادہ سبک ہی -

اوکسیجن جو دوسرا جز پانی کا ہے مثل ہادروجن کے ایک ہوا ہے جسمین کوی ذایقہ اور بو اور رنگ نہین ہے - یہہ گیس عام ہوا سی جسم بجسم

کسیقدر بہاری ہے اور ایک سو مکعب انچہ اس گیس کا ۲۴ ۳/۴ گرین پہر وزنی ہوتا ہے خواص اس گیس کے یہہ ہین کہ وہ شعلہ پذیر ہوتی ہے یعنی فورًا جلتی ہے اور حیوان اسکو دم کے وسیلہ سے کہا تا ہے ـ

۳ پانی تین حالتون مین پایا جاتا ہے یعنی با رقیق یا منجمد یا بشکل ہوا (بخار) ہوتا ہے ـ کرہ زمین کی سطح پر پانی بخاری یا ہوائی حالت مین بکثرت پہیلا ہوا ہے ـ لیکن چونکہ پانی بخاری یا ہوائی حالت مین ایسا اچہی طرح سے محسوس نہین ہوتا ہے جیساکہ وہ دو حالتون دوسری یعنے انجمادی اور رقّت کی حالت مین محسوس ہوتا ہی اسواسطے اوسکو سوای اون لوگون کے جو علوم و فنون سے واقف ہوتے ہین اور کوی شخص نہین معلوم کر سکتا ہے ـ

پانی کی تین قسمین ہین رقیق منجمد اور بخار

۴ جب پانی بالکل صاف ہوتا ہی اور کوی چیز ذرا بہی اسمین شامل نہین ہوتی ہے تو وہ بے ذایقہ ہوتا ہی ـ لیکن وہ اپنی طبعی حالت مین اسیطرح سے کہ وہ قدرتی طور پر کنوؤن اور چشمون اور دریاؤن مین بہرا ہوا ہی ہرگز صاف نہین ہوتا ہی ـ کنوؤن اور چشمون کے پانی مین جو زمین کے تہہ سے آتا ہی وہ نمکین اور خاکی اشیاء شامل ہوجاتی ہین جو قابل حل ہوتی ہین ـ کوی شک اسمین نہین ہے کہ زمین کے وہ اجزا جو پانی مین حل ہونے کی قابلیت رکہتی ہین تہوڑا بہت اوس پانی مین کم و بیش مل جاتے ہین جو اس زمین کے تہہ مین سے آتا ہی یا اوسمین ہوکر بہتا ہے ـ دریا کے پانی مین ضرور کم و زیادہ وہ اجزا قابل التحلیل شریک ہوجاتے ہین جو دریا کے سوتے یا کنارہ اور اوس زمین مین ہوتے ہین جسپر دریا بہتا ہی ـ علاوہ اسکے دریا کے پانی مین اون مختلف مرے ہوے جانورون اور سڑے ہوے نباتات کے اجزا بہی قابل التحلیل شریک ہوجاتے ہین جو اسمین بہتے ہین

پانی اپنی طبعی حالت مین ہرگز صاف نہین ہے

کل پانی میں کسی قدر خاص گیس ضرور ملی ہوتی ہے

۵ کل پانی اپنے حالت طبعی مین کم و بیش کسی خاص ہوا کو اپنے ساتھہ ضرور شامل رکھتا ہے - یہہ خاص ہوا اکثر کاربونک ایسڈ گیس ہوا کرتی ہے یہہ وہی گیس ہے جو سوڈا واٹر - لیمونیڈ - شاپین اور دیگر شرب مین ابال پیدا کرتی ہے اور پانی کے ذائقہ مین ایک ذرا عمدہ تیزی یا چرپراہٹ پیدا کرتی ہے -

آب معدنی

۶ آب معدنی وہ پانی ہے جسمین نمک کافی اس کثرت سے حل ہوتے ہین اور وہ نمک ایسے خاص قسم کے ہوتے ہین جس سے وہ پانی بالکل استعمال کے قابل نہین ہوتا ہے - اس پانی مین اس وجہ سے خاص دوای تاثیرین آجاتی ہین اور وہ بطور دوا کے استعمال ہوتا ہے -

بھاری پانی

۷ پانی مین بہت سے مختلف ذایقے اور اوصاف ہوتے ہین اور یہہ مختلف ذایقے اور اوصاف اون مختلف اشیاء کے موافق ہوتے ہین جو پانی مین حل ہوتے ہین - کنوؤن اور چشمون کے پانی مین عموماً بلکہ اسوقت بھی جبکہ وہ بہت صاف ہوتا ہے چونا اور ایک قسم کی مٹی جسمین چقماق پتھر شامل ہوتا ہے حل ہوتی ہے - ان چیزون یعنے چونا اور چقماق مٹی کے ملنے سے پانی مین گرانی پیدا ہوتی ہے اور اس قسم کے پانی کو جسمین یہہ چیزین شامل ہوتی ہین بھاری پانی کہتے ہین - بھاری پانی صابون کے ساتھہ بآسانی نہین ملتا ہے - اور یہہ پانی کھانا پکانے کے کام کا نہین ہے -

ہلکا پانی

۸ برخلاف اسکے جس پانی مین وصف مذکورہ بالا نہ پایا جاوے اور اوسمین اجزای ارضیہ بہت کم حل ہون اوسکو ہلکا پانی کہتے ہین عموماً بارش کا پانی اور دریا کا پانی ہلکا ہوتا ہے اگرچہ دریا کا پانی اجزای ارضیہ سے بالکل خالی نہین ہوتا ہے -

بے رنگ اور بے ذائقہ

۹ معمولی معتدل موسم اور ہوا مین صاف پانی ایک بیرنگ
اور بے ذائقہ رقیق شئے ہے جسمین بہت چمک ہوتی ہے

صفت پانی کا وزن

۱۰ پانی کا وزن اوسکے جسم کی نسبت سے بآسانی یاد رہسکتا ہی
کیونکہ تحقیقات سے یہہ دریافت ہوا ہے کہ ایک فٹ مکعب پانی کا وزن ایک ہزار
اونس یعنے ۳۱ ۱/۴ سیر ہوتا ہے اور تھرمامیٹر یعنے گرمی ۶۰ درجہ ہوتی ہے - اور
اسہی درجہ کے صاف پانی کا وزن بحساب پانچ سیر فی گیلن ہوتا ہے پس اس حساب
کے رو سے فی پینٹ (گیلن کا اٹھوان حصہ) صاف پانی کا وزن آدہ سیر دو چھٹانک
ہوتا ہے -

جاننا چاہیئے کہ پانی کے پہچاننے کے لئے اوسکا وزن کرنا
بہت ضرور ہے - پس سبک پانی اکثر اوصاف مین افضل ہوتا ہے - کبھی وزن
پیمانہ سے پہچانا جاتا ہے اور کبھی اسطرح سے کہ دو کپڑے خواہ دو ٹکڑے روئی کے
ہموزن مختلف پانی مین بھگوئے جائین اور بعد اسکے دونون خشک کرکے وزن کئے جائین
جسکا وزن زیادہ سبک ہو وہ پانی افضل ہے -

وزنی اور سبک ہونا پانی کا پیمانہ کے ذریعہ سے بدون
دریافت وزن صنفی کے ممکن نہین ہے - فن کیمیا مین تجربہ سے ثابت ہوا ہی کہ پانی
بہ نسبت سونے کے اونیس (۱۹) حصہ کم ہے یعنے جس ظرف مین اونیس (۱۹) تولہ سونا سماویگا
اوسمین ایک تولہ پانی آئے گا - پس اس وزن صنفی کو مقیاس مقرر کرکے
ہر پانی کا حال دریافت ہو سکتا ہی -

صفت پانی کی ضرورت

۱۱ ہر حیوان اور ہر نبات کے لئے پانی کی بہت ضرورت ہے
بغیر پانی کے ان دونون مین سے کسیکا وجود قایم نہین رہسکتا ہے -

ہمارے جسم مین پانی زیادہ ہے - اگر کسی آدمی کو تولین
اور اوسکے جسم کا وزن ۷۵ سیر ہو تو اوسمین سے پانی قریب ۵۶ سیر کے ہوگا -
اسکا سبب یہہ ہے کہ جب ہم غذا کھاتے ہین تو وہ معدہ مین مثل کانجی کے ہو جایا کرتی ہے
اور مفید حصہ اوس غذا کا جو کچھہ دودہ کی طرح پر ہوتا ہے خون ہو جاتا ہی - اور فضلا
علیحدہ ہو جاتا ہے اور خون جسم کے تمام اعضا کے رگ وریشہ مین دوڑتا ہی اور اونکو
پرورش کرتا ہے - پس اگر خون مین کافی پانی نہو تو وہ اسقدر جم جائیگا کہ وہ بہوتے
چہوٹے رگون مین جو بعض اونمین سے بال سے بہی زیادہ باریک ہین نہین دوڑسکیگا
اگر خراب پانی استعمال کیا جاویگا تو ضرور ہماری تندرستی کو کوئی نہ کوئی نقصان
پہونچیگا -

پانی ہر دم ہمارے جسم مین بہت طرح سے داخل ہوا کرتا ہے
پانی صرف رقیق چیزون ہی کے پینے سے ہماری پیٹ مین نہین جاتا ہے بلکہ خشک
چیزون کے ذریعہ سے بہی پانی ہمارے جسم مین داخل ہوتا ہی - اور اسیطرح بہت
راہون سے وہ ہماری جسم سے خارج ہوتا ہے یعنی گردون اور آنتون کی راہ سے
وہ بذریعہ بول وبراز کے رقیق شکل مین خارج ہوتا ہے اور حلق اور مسامات
بدن کی راہ سے بذریعہ سانس بشکل بخار خارج ہوا کرتا ہے - ایک تندرست
جوان آدمی دن بہر مین بطریق اوسط ۲ ½ سیر پانی پیتا ہے اور اسیقدر پانی
اوسکے جسم سے روزانہ خارج ہوتا ہے - جو پانی کہ جسم سے خارج ہوتا ہی وہ کسیقدر
دو مساوی حالتون مین منقسم ہے - یعنی ایک رقیق اور دوسرے بخار - لیکن پانی
بحالت بخار کسیقدر زیادہ ہمارے جسم سے خارج ہوتا ہی - پانی جو بحالت رقت بذریعہ
ہمارے گردون کے خارج ہوتا ہی اور جو بحالت بخار ہمارے جسم سے خارج ہوتا ہے

اسکا اندازہ نسبتی موسم کے تغیر اور ہوا کی حالت پر منحصر ہے۔

اچھے صاف پانی کی اکثر لوگ قدر کم جانتے ہین۔ جب کوئی شخص سفر کرتا ہے اور دوسری جگہہ کا پانی پینے سے بیمار ہوتا ہی تو وہ اکثر کہتا ہے کہ یہہ بیماری پانی کی وجہ سے عارض ہوی ہے۔ لیکن آدمی بغیر اپنا وطن چھوڑنے کے بھی خراب پانی کے اثر سے بیمار ہو جاتے ہین۔ پانی کی وجہ سے اکثر بیماریان لاحق ہوتے ہین اسواسطے صاف پانی کی بہی ویسی ضرورت ہے جیسے کہ صاف ہوا کی ضرورت ہے

صفائی اور پاکی رہنے کے لئے بھی پانی کی ازحد ضرورت ہے

ہم پانی سے اپنے بدن کو صاف کرتے ہین۔ بارش سے نباتات کو تراوٹ پہونچتی ہے اور وہ دہل بھی جاتے ہین۔ بارش سے زمین دُہل جاتی ہے اور تمام ناپاکی بہجاتی ہے۔ باقی آیندہ۔ راقم محب حسین

معدن

(بقیہ مضمون سابق)

چاندی۔ روپا۔ نقرہ۔ فضہ۔ سیم۔ قمر

ف ۲۵ چاندی چمک اور لطافت مین سونے سے برابری کرتی ہے اور قدامت کے رو سے بھی جو قدر و منزلت اسکی ہے سوائے سونے کے کسی اور فلز کی نہین۔

ف ۲۶ چاندی حالت فلزی مین کثرت سے پیدا ہوتی ہے اور بعض وقت حالت تبلر مین اور نہایت خوبصورت شاخون مین بھی نکلتی ہے۔ مگر اکثر فلزی چاندی چھوٹے چھوٹے ٹکڑون مین احجار مین پہیلے ہوے پیدا ہوتی ہے۔ بعض اوقات ایک آدہ بہت بڑا ڈلا نکل آتا ہے جیساکہ ناروے کے ملک کے معدن کانگز برگ مین ایک ڈلا نکلا تھا جو وزن مین (۲۸۰) سیر کا تہا اور ہوانتیا ملک پیرو مین جو وزن مین (۴۰۰) سیر کا تہا۔ اور ایک ڈلا مکزیکو مین جسکا وزن ایک ہزار تین سے پچاس سیر کا تہا۔

ہم نے آگے بیان کیا ہے کہ سونا چاندی کے ساتھہ شریک پیدا ہوتا ہے جسمین سونیکی مقدار چاندی سے زیادہ ہوتی ہے مگر اب بھی اکثر ہوتا ہے کہ ایک معدن مین چاندی سونیکے ساتھہ ممزوج پیدا ہوتی ہے جسمین چاندی بہت زیادہ ہوتی ہے ۔

ف ۲۷ معدنیات چاندیکے بہت سے ہین مگر اکثر اونمین سے ایسے ہین جنمین چاندی گندہک کے ساتھہ مرکب ہی اور دوسرے فلز بھی کبھی کبھی چاندی کے معدنی مین شریک پائے جاتے ہین ۔ چاندی کلورین اور برومین اور ایودین کے ساتھہ مرکب پیدا ہوتی ہے ۔ اور شیشے کے معدنی یعنی گلینا مین اکثر شریک رہتی ہے اور بہت کثرت سے سیسے کے ساتھہ استخراج کیجاتی ہے ۔

ف ۲۸ چاندیکے معدنی بہت سے ہین مگر جو معروف و مشہور ہین یہہ ہین سلورگلانس جسمین (۸۷) فیصدی چاندی نکلتی ہے اور استیفنیٹ جسمین (۷۰) فیصدی چاندی ہے (اور یہہ دونون گندہک اور چاندیسے مرکب ہین) ۔ اور پیرآرجیرئیت جسے نقرۂ یاقوتی بھی کہتے ہین (۶۰) فیصدی چاندی رہتی ہے ۔ اور کلورایڈ آف سلور جسمین (۷۵) فیصدی چاندی نکلتی ہے ۔ مخفی نرہے کہ یہہ مقدار چاندی کی جو ہم نے بیان کی عمدہ ترین اور پاک معدنی مین ہوتی ہے اور جو خراب اور کم مایہ معدنی ہوتے ہین اونمین اس سے بہت کمتر چاندی پیدا ہوتی ہے ۔

ف ۲۹ مملکت مکسیکو امریکا مین جہانکے چاندی کے معدن عیسوی سولہوین صدی مین پیدا ہوئی تھی ایک زمان دراز سے سیم خیز ملکون مین اول محسوب ہوتی تھی مگر ۱۸۵۹ع مین نیواڈا اور اوسکے گرد و نواح کے اضلاع مین جو معدن چاندیکے پیدا ہوئے ہین مکسیکو کے چاندی کے معادن کے برابری کرتے ہین ۔ ان دونون ملکتون مین جتنی چاندی نکلتی ہے تین چوتھائی (۳/۴) تمام عالم کے کل چاندیکے


پیدا وار کے ہے - بعد اسکے قدیم معادن پیرو اور بلیویہ کے ہین - پیرو مین دو بڑے سام ہین ایک کا طول تین ہزار دو سو گز ہے اور عرض ایک سو تینتیس گز اور دوسرے کا طول دو ہزار ایک سو تیس گز اور عرض ایک سو تیس گز ہے - یورپ مین اسپین یعنے اندلس چاندیکے معدن کے لئے نہایت مشہور ہے - بعد اسکے مملکت آسٹریا اور بعد سکسنی اور پروشیا اور انگلستان ہین - دوسرے ملکون مین بہی چاندی کسیقدر پیدا ہوتی ہے مگر اتنی چاندی کہین نہین نکلتی -

ف ۳۰ چاندیکے نکالنے اور استخراج کے طریقہ متعدد ہین - سب سے قدیم طریقہ وہ ہے جو مملکت مکزیکو مین سولہوین صدی عیسوی مین جاری کیا گیا تہا اور اب تک بہی وہی طریقہ مکزیکو اور جنوبی امریکہ مین مستعمل ہے - موافق اس طریقہ کے چاندیکے معدنی کو پیس کے نہایت مہین سفوف بنا لیتے ہین اور اسکو پانی کے ساتہ ممزوج کر کے مثل خمیر کے تیار کرنے کے بعد پتہر کے فرش پر اوسکی ڈہیر لگاتے ہین اور تہوڑا نمک اوسکے ساتہ شریک کر دیتے ہین - پہر ازآن ایک مقدار معین کاپر پائریٹیز (جو تانبے اور لوہے اور گندہک کا ایک معدنی مرکب ہی) اوسمین شریک کیا جاتا ہے جو عمل کیمیاوی سے ہیراکیس بنجاتا ہے - اس ڈہیر کو کئے گہنٹون تک خچر پہروانے سے گوندہ لیتے ہین - جب یہہ عمل کئی گہنٹون تک جاری رہا تب اوس ڈہیر پر تہوڑا پارہ چہڑک دیا جاتا ہے اور اسکے بعد خچرون سے ایکروز درمیان گوندہلا دیا جاتا ہے کہ وہ خوب سے ممزوج اور یک جسم ہوجاتا ہے -

ف ۳۱ اس عمل مین بعض عمل کیمیاوی اسطرح کے ہوتے ہین کہ چاندی الگ ہوجاتی ہے اور فورًا پارہ اوسکو جذب کر لیتا ہے - تب اس کل مادہ کو ڈہیر کے بہت سے پانی مین ملا دینے سے پارہ اور چاندیکا ممزوج تہ نشین ہوتا ہی (بسبب ثقل کے) اور جتنا تانبا اور لوہا

اور دوسرا ارضی مادہ ہے کل دہل جاتا ہے اور یہہ ممزوج نقرہ وسیم ہاتہہ آتا ہے تب اس ممزوج کو گاڑہے کپڑے کے کیسون مین یا تہیلون مین ڈالکے نچوڑ لیتے ہین تو جتنا زاید پارہ ہے چہن جاتا ہے اور کل چاندی اور کچہہ تہوڑا پارہ تہیلے مین رہتا ہے تب اسکو ایک لوہے کے انبیق مین ڈالکے اوس پارہ کو جسطرح سے کہ فقرہ ۱۸ مین بیان ہوا ہے آنچ دینے سے الگ کر لیتے ہین ایسے انبیق کی شکل ذیل مین دی گئی ہے جس سے کل حال ظاہر ہوگا —

شکل انبیق



آ انبیق ہے جسمین ممزوج پارہ اور چاندیکا دو تہائی تک بہر دیا جاتا ہے اور آنچ دینے سے پارہ بخار بنکے سس نالی سے حوض ب مین جاتا ہے جو کہ قریب دو تہائی (یے) کے پانیسے بہرا ہوا ہے - جتنا پارہ کہ حالت بخاری مین ہے اوس سرد پانین گذارنے سے اپنی اصلی حالت پر آجاتا ہے اور شاید کچہہ قلیل مقدار پارہ کی جو اسپر بہی حالت بخاری مین باقی رہجائے تو دوسرے نالے مین سے ہوکر حوض ثانی مین جاتا ہے اور وہان کا پانی اوسکو سرد کرکے اپنے حالت پر لے آتا ہے - جو چاندی ہے انبیق آ مین اسپنج یعنے ابر مردہ کے شکل مین رہجاتی ہے اور بعد نکال لیجاتی ہے اور بڑے ظرفون مین گلانیکے بعد اوسکے اقراص یا سلاخین بناتے ہین —

ف ۳۲ جو طریقہ کہ یورپ مین مستعمل ہے اس سے کچہہ زیادہ فرق نہین رکہتا ہے فقط

جو فرق ہے وہ یہہ ہے کہ یورپ مین چاندیکے معدنی اور کاپر پریٹیز اور نمک کو ممزوج کرکے جلا دیتے ہین یا جیسے کہ اصطلاح مین کہتے ہین بہون لیتے ہین اور بعد ازان اوسمین پارہ شریک کرلیتے ہین اور باقی عمل کے اصول مین کسی نوع کا فرق نہین ہے ۔

ف ۳۳ چاندیکے استخراج کے اور بھی طریقہ ہین ۔ مثلاً چاندیکے معدنیکو سیسے کے ساتھہ گلا لینے سے اور چاندیکا الوئی یعنے ممزوج بنجاتا ہے اور چاندی بوسیلہ کوپیلشین سے نکال لیجاتی ہے ۔ یعنی ہڈی کے راکھہ سے ایک بڑا ظرف بناتے ہین جسے کوپل کہتے ہین اور جب چاندی اور سیسے کو اس پر رکھہ کے گرم کرتے ہین یہہ ہڈی کی راکھہ آہستہ آہستہ کچھہ سیسے کو جذب کرلیتی اور کچھہ سب جل کے اوڑ جاتا ہے اور اسکے سطح پر چاندیکا ایک بڑا قرص رہجاتا ہے ۔ اس عمل مین گلا ہوا سیسا دوسرے فلزات کو مثل تانبے وغیرہ کے اپنے ساتھہ شریک کر لیتا ہے اور جذب ہونے مین یہہ فلزات بھی جو بمنزلہ کسافت کے ہین بالکل جذب ہو جاتے ہین اور خالص روپا کوپل پر رہجاتا ہے ۔

ف ۳۴ چاندی اکثر سیسے کے معدنی مین شریک رہتی ہے اور فی ٹن آٹھہ یا دس اونس یعنے فی کہنڈی ۱۴ تولہ یا ۱۸ تولہ چاندی تو اکثر پیدا ہوتی ہے ۔ بعض سیسے کے معدنی ایسے ہین کہ اونمین فی کہنڈی ۴ تولہ سے ۵ تولہ تک چاندی نکلتی ہے اور بعض معدنی ایسے بھی ہوتے ہین کہ جنمین فی کہنڈی پانچ سو چھتیس تولہ تک چاندی موجود ہوتی ہے ۔

ف ۳۵ پٹینسن صاحب نے ایک نہایت عمدہ طریقہ ایسے سیسے مین سے جسمین بہت ہی کم مقدار چاندی کی ہو نکالنے کا ایجاد کیا ہے ۔ اس طریقہ کا نام اونہین کے نام سے معروف ہو گیا ہے ۔ اس طریقہ کی بنیاد اسبات پر ہے کہ سیسا جسمین کچھہ چاندی شریک ہے

گ جب گلایا جاوے اور آہستہ آہستہ برد کیا جاسے تو ایک مقدار اوس سیسے کے مثل مصری کے ڈلون کے جمنے لگتی ہے اور انکے تجربہ کرنیسے یہہ ظاہر ہوا ہے کہ اونمین چاندی نہایت ہی کم مقدار مین باقی رہتی ہے اور گلے ہوے سیسے مین چاندی زیادہ رہتی ہے اسیطرح سے بار بار گلانیسے اور اوس سیسے کے منجمد اجزا کو لوہے کے دستہ دار چھلنی سے الگ کر لینے سے دو قسم کا سبب حاصل ہوتا ہے ایک تو وہ جسمین بالکل چاندی نہین ہے اور وہ منجمد ہے دوسرا وہ کہ بہت دیر تک گلا ہوا رہتا ہے اور اوسمین چاندی زیادہ رہتی ہے ۔ اب جسوقت کہ یہہ سیسا اتنی چاندی سے غنی ہوجاسے کہ فی من سیسے مین چونٗ لوسے چاندی جمع ہو تب اوس سیسے سے طریقۂ کیوپلیشن کے موافق جو فقرہٗ ۳۴ مین بیان ہوا ہے اوسکے چاندی نکالنے مین آتی ہے

ف ۳۶ فرض کرو کہ ایک کھنڈی یعنی بیس من سیسے مین بیٖس تولہ چاندی ہے اور ہم اسکو گلا لیتے ہین اور جب وہ آہستہ آہستہ سرد ہونے لگتا ہے اوسمین کرسٹل یعنی ٹکرے مثل مصری کے جمنے لگتے ہین اور ان منجمد ٹکرے یعنی کرسٹلونکو جب لوہے کے چھلنی سے بقدر دو تہائی کل مقدار کے نکال لین تو باقی سیسے مین یعنی ایک تہائی مین چاندی بحساب ساٹھہ تولہ فی کھنڈی کے جمع ہوجاتی ہے اور اس عمل کے بار بار کرنیسے جیسا کہ ہمنے فقرہٗ ۳۵ کے آخر مین بیان کیا چونٗ تولہ فی من یعنی قریب قریب ہزار تولے فی کھنڈی تک بھی اوسکو چاندی سے غنی کر سکتے ہین۔ جتنی چاندی کہ کہ انگلستان مین پیدا ہوتی ہے اکثر اسی طریقہ سے اوسکا استخراج ہوتا ہی اور انگلستان مین سالیانہ فقط اس طریقہ سے قریبًا آٹھہ لاکھہ اونس یعنی پچیٖس ہزار سیر چاندی نکالی جاتی ہے ۔ باقی آیندہ۔

راقم میرزا مہدیخان دوم تعلقدار ضلع کہمم

یاقوت کے کان کا بیان

یاقوت ایک پتھر ہے سنگہا سے معدنی سے اور الوان اور اصناف
اوسکے سرخ زرد و کبود و سبز و بسنتی و سفید ہین اور ہر ایک انہین سے اعلیٰ اور متوسط
اور کم رنگ ہوتا ہے اور بہترین اونکا سرخ رمانی آبدار صلب اور شفاف بیجرم اور
بیداغ ہے اور جسقدر اس قسم کا ٹکڑا بڑا اور رنگ ڈہنگ کا اچھا ہو معتبر ہوتا ہے
اور قیمت اوسکی اصناف سرخ خمری اور زردی اور نارنجی اور زعفرانی اور لیموئی
سے زیادہ تر ہے اور اصناف کبود اور اسمان گونی اور کحلی اور لاجوردی
اور بسنتی کمیاب ہین اور لعل اقسام سرخ یاقوت سے ہے اور بہترین ہر یک
اون اقسام مذکورہ کا وہ ہے کہ صلب و صاف و شفاف یکرنگ یعنے اجزا اوسکی
متساوی ہون اور وہ سوا سے الماس کے جمیع احجار سے سخت ہوتا ہے یاقوت
کبود یاقوت سرخ سے اور سرخ زرد سے سخت ہوتا ہی اور بسنتی قریب بسرخ
اور سفید سب سے زیادہ نرم ہوتا ہے کہ وہ خام ہے اور ہر ایک ہر ایک نام سے
مخصوص ہے سرخ کو ہندی مین مانک اور زرد کو عربی مین اسراق اور ہندی مین پکھراج
کہتے ہین چنانچہ مین اسکا معدن پیگو کی ایک قطعہ زمین مین ہے جہان یہہ کان ہوتی ہے
بسبب حرارت کبریتی کے وہان کوئی سکونت اختیار نہین کرسکتا ہی اور خاک اوسکی
سیاہ اور صلب ہوتی ہے اور بو کبریت کے اتی ہی اور جس مقام پر یہہ کان ہوتی ہی
وہان باد و بارش و طوفان و رعد و برق و صاعقہ سب ہوتا ہی اور اوسکی زمین شق
ہوتی ہے اور اوسکے شگافون سے گندک کی بو نہایت تیز اور تند آتی ہی یہان تک
کہ وہان کہڑے ہونیسے آدمی متاذی ہوتا ہے اور اوس موضع کی اطراف مین درختہای عظیم نشیب ہوتے ہین
اور یہہ کان برازیل اور جزیرہ سیلان مین بہی ہی فقط راقم فرخندہ علی

فلسفه

بقیّهٔ مقالهٔ فلسفهٔ وحدت جنسیّت و حقیقت اتّحاد لغت

وچون مطلب بدینجا رسید اکنون میتوانم که هندوستان را محطّ انظار خود نموده بگویم آنهائیکه
از اهل هند بر قلهٔ کوه نور بصیرت برآمده اند و معنی جنسیّت را فهمیده اند و مزایای آن را دانسته اند
و بدوربین تدبّر در ازمان گذشته و آینده نظر انداخته اند و بذرّه بین تعمّق دقائق حالات
امم و قبائل را ملاحظه کرده اند چرا درین امر سترگ غور نمی کنند و بچه سبب است که این کار
ضروری را مهمل گذاشته در آن اهتمام نمی نمایند آیا نمیدانند که بقاء جنسیّت و اعتبار
شمار آن موقوف بر آنست که تعلیم و تعلّم در مدارس بلغت وطنیه بوده باشد آیا تعجب نمی شود
ازین که علومهای جدیده عالم را فرا گرفته است و فنون بدیعه کرهٔ زمین را احاطه نموده است
و حال آنکه چیزی از آنها که قابل بوده باشد بزبان هندی ترجمه نشده است آیا ازین نکته
غفلت ورزیدند که اگر در لغت جنسی از اجناس بنی آدم علوم نافعه در مدنیّت نبوده باشد
آن جنس را پایداری نخواهد شد آیا ازین ذاهل شدند که اول فریضهٔ ذمّهٔ عقلا سعی
در توسیع لغت وطن است پس چرا کوشش نمیکنند در ترجمهٔ علوم جدیده بلغت وطنیه
خصوصاً بلغت اُردو که بمنزلهٔ لغت عموم است و چرا استمداد نمیجویند از برای توسعهٔ آن
لغت بسائر لغات متقاربهٔ بدان چون سنسکریت و مرهتی و بنگالی و چرا در وقت
ضرورت از برای استکمال آن بلغت انگلیزیه استعانت نمیکنند سالهای درازیست
که قوم انگلیز که استادهای علوم نافعه و فنون مفیده میباشند در ممالک هندوستان
حکمرانی مینمایند پس از چه جهت است که دانشمندان هند از ایشان فائدهٔ نگرفته اند
و از معارف ایشان از برای وطن خود ها ذخیرهٔ استحصال ننموده اند و چگونه میتوانند
که از برای وطن خود ها ذخیرهٔ از آن علوم جدیده بدست آورند مادامیکه آنها را بزبان

وطنی ترجمه نکنند وچگونه میشود که معارف در نزد قومی عمومی شود بے آنکه آن معارف بلسان
آن قوم بوده باشد ومعارفیکه بلسان بیگانه بوده باشد چگونه پایدار خواهد شد وچه فخر است
کسے را که هزارها کتب بلغت بیگانه در کتاب خانهٔ خود داشته باشد بے آنکه یک کتاب
نافع هم بلسان وطنی در آن بوده باشد آیا هیچ عاقل فخر دیگران را فخر خود میشمارد وآیا بغیر
جنس خود هیچ خردمندی فخر میکند و فخر بجنس خسیس جاهل را هیچ هوشمند برخود می پسندد
پس فخر بر جنس است بشرط شرافت و شرافتے نیست مگر بعلوم و معارف و علوم و معارف
در آنوقت موجب شرف جنس می شود که عمومی بوده باشد و ممکن نیست که علوم و معارف
عمومی شود مگر در آن هنگامیکه بلغت آن جنس بوده باشد و آیا دانایان هندوستان را
معلوم نیست که اگر علوم و معارف بلغت وطنیه بوده باشد غالب معارف بسبب اخبار نامها
و بجهت معاشرت با علماء در اندک زمانے عمومی شده بصیرت و بینائی همهٔ اهل وطن را
فرا خواهد گرفت ـ و از آنچه گفته شد بخوبی ظاهر و هویدا گردید که جمیع طبقات هندیان را
چه علماء بوده باشد وچه اُمراء وچه ارباب تجارت بوده باشد وچه اصحاب فلاحت واجب
چنانست که اتفاق نموده تعلیم و تعلّم مدارس کلیه وغیر کلیه خود ها را بلسان هندی قرار دهند
و همهٔ علوم و معارف را کوشش نموده بزبان خود ها ترجمه نمایند تا آنکه جنسیت هندیّت
استوار شده براحت و رفاهیّت مدنیت نائل گردند و از اکتساب فوائد جنسیّت و
استحصال مزایا آن محروم نمانند و نشاید عقلاء هند را که بواسطه بعضے از تخیلات بی اصل
خود ها را مانند طائفهٔ (مان بهاؤ) کرده هر خط موهومے را سدّ اسکندر خیال کنند و
بواسطهٔ آن از صراط مستقیم علوم نافعه و راه راست معارف مفیده رو گردان شوند
چونکه هر عالم پرهیزگاری اگر باصل شریعت رجوع کند خواهد دانست که علوم و معارف
معاشیه را هیچ وجه مضادّه و مغایرتے با دین نیست بلکه اگر خوب غور شود معلوم خواهد شد

که این علوم معاشیّه سبب قوّت دین است چونکه قوّت دین از قوّت متدیّنین است و قوّت متدیّنین نتیجهٔ غنا و ثروت و جاه و شوکت است و این امور بدون این علوم معاشیّه هرگز صورت وقوع نخواهد پذیرفت — و اگر یکے از (بیاچه ها) یعنی (پهلوان پنبه ها) بگوید که مقصود از علوم منافعهٔ آنست چه آن علوم بلسان وطنی بوده باشد و یا بلسان اجنبیّ و علوم نافعه همه بلغت انگلیزیّه موجود است و امّت انگلیزیّه از دیر زمانیست که حکمران جمیع هندوستان است و مماثلت و متابعت غالب در هر حال لازم است پس ما هندیان را چنان زیبنده است که بجهت استحصال منافع و اکتساب فوائد از امت غالبه لباس هستی خودها را خلع نموده و قید تعیّن جنسیّت را برداشته یکبارگی فنا فی الغالب شویم و علوم و معارف را بلسان قوم فاتح تعلّم نمائیم و لغت ایشان را در هر چیز ترجیح داده بجاے لغت وطنیّه استعمال کنیم بلکه سائر امور را هم یعنی ،، تیه پابید بدو گفت اوّلاً اگر این خواهش از غالب سرمیزد باید آن را بر تعالی و استکبار و خروج از حدّ اعتدال حمل نمود و اگر مغلوب چنین امری را بزبان آرد بلاشک منشاء آن جز تملّق چیز دیگرے نخواهد بود و البته این گونه تملّق ظاهر غالب را هم مقبول نخواهد افتاد و ثانیاً جنس هندی اگر قلیل العدد می شد و آحاد آن میخواستند که خود ها را مانند (ب‌ه‌و‌ب‌ه‌) هر زمانے بشکل غالبی ظاهر سازند و هر قرنے بهیئت فاتحی جلوه دهند البتّه این ممکن الوقوع بود اگرچه این روش برباد دهندهٔ غیرت و حمیت و موجب آن می شد همیشه بسفله گی و فرومایگی در میان امم و قبائل اسیر برند و از لذائذ ترقیات عظیمه و حظوظ مزایای جلیلهٔ عالم انسانی که نتائج جنسیّت است علی الدوام محروم مانند ولی عدد هندیان دوصد ملیون (بیست کرور) می شود و اگر کسے سیر طبیعی عالم وجود را که اثر سنّت الٰهیّه است ملاحظه کند خواهد دانست که این عدد کثیر را هرگز ممکن نخواهد شد که از خودها

منسلخ شده بلباس غالبین وفاتحین برآیند ولغت اجنبیهٔ را بجای لغت وطنیهٔ بکار برند بلکه
اگر کسی غور کند خواهد فهمید که این جمع کثیر صدها اقوام غالبین وفاتحین را فرو برده جزو
خود ها خواهند نمود وتغیر اسمی آنهم در تاریخ از آنها باقی نخواهند گذاشت چنانچه مغلها دیگران
را با وصف غالبیت مهندی کردند وبلباس خودها درآوردند — وچنان گمان نشود
که مقصود ما از آنچه ذکر کردیم تشویق بر ترک تعلم لغت انگلیزیه است بلکه چنین باید دانست
که تعلّم لغت انگلیزیه از چندین وجوه بر هندیان لازمست وجه نخستین آنست که حکومت
هندوستان حکومت انگلیزیّه است وارتباط درمیان رعیّت وحاکم واحقاق حقوق
طرفین ورفع تعدّیات واجحافات هرگز حاصل نخواهد شد مگر بدینکه رعایا لسان حکّام خود
ها را بدانند ووجه دوّمی آنست که اهل هندوستان باشدّ احتیاج محتاجند بجمیع فنون
ومعارف وصنایعیکه در زبان انگلیزیست پس واجب است برایشان که آن زبان را
بخوبی اتقان نموده علوم وفنون را از آن لغت بلسان وطنی ترجمه نمایند واساس مدنیّت
حقیقیّه را که معارف بوده باشد در وطن عزیز خودها استوار سازند وسیمی آنست که تسهیل
طرق معاملات وتمهید سبل تجارات واطلاع بر احوال وعادات امم وفهمیدن سجایا
واخلاق قبائل ودانستن تواریخ دول وممالک بی معرفت لغات آنها متعذر است
لهذا هندیان را باید که لغت انگلیزیّه را خصوصًا وسائر لغات را عمومًا تعلّم نمایند
تا آنکه بتوانند راههای تجارات ومعاملات را وسعت دهند وممکن شود ایشان را
که بر احوال جهانیان مطلع شده در اصلاح عقول ونفوس خودها بکوشند واز روش
دیگران عبرت گرفته خودها را محلّ عبرت عالمیان نگردانند (چنانچه گردانیدند) — آنچه
پیش ذکر کردم بالنسبه بسوی اهل هندوستان بود واما بالنسبه بسوی امّت انگلیزیّه
که امّت غالبه است پس باید دانست حرص وطمع دول غربیّه از حدّ تجاوز کرده است وتنافس

وتجاسر ایشان از اندازه درگذشته است ودراهها برّاً وبحراً مفتوح گردیده است ودولت
روسیه یک قدم پیشگاه (مرو) نهاده است ویکدست مقابل دروازهٔ (استانبول)
داشته است ودولت فرانسا بعد از هضم (تونس) چشم بر (طرابلس) و (مصر)
دوخته ودولت نمسه دل بر (سلانیک) و (قسطنطنیّه) بسته ودولت ایتالیا (مصر
و (طرابلس) را مطمع خود ساخته ودولت جرمن گاهی بجزیرهٔ (کریت) نظر انداخته
وگاهی بر سواحل شام بنا مستعمرات نهاده است وهریک از آن دُول عِظام دولت
عظیمهٔ بریطانیا را از روی حسد دیده آتش حقدش مشتعل می شود خصوصاً در وقتیکه
سُلطهٔ او را بر بهترین اراضی عالم ومهد اجناس بنی آدم وکرسی برهما ومؤسس مدنیت یعنی
هندوستان ملاحظه میکنند لهذا انگلیزان را از برای صیانت اقطار هندیه وحراست آن
اراضی مقدسه وسائلی باید بسیار قوی واسبابی باید بسیار محکم تا آنکه بتوانند بدانها قطع
آمال ارباب شرّه را نموده اطمینان قلب که حقیقت سعادت وغایت مطلوب انسانیت
ایشان را دست یاب شود واین حفاظت تامّه که موجب آرامی دل است هرگز ایشان را
حاصل نخواهد شد بسبب استحکامات جبل طارق وجزیرهٔ مالطه وقبرس وباب المندب
وعدن وجزیره سقوطره وکیپ ودرّه خیبر ومضیق کرم ودرّه بلان وشهر قندهار و
هر فردی از عقلای انگلیز اگر غور کنند بیقین خواهند دانست که استحکامات خارجه از برای
صیانت امّت عظیمهٔ اجنبیه موجب اطمینان خاطر وآرامی دل نخواهد شد. بلی حفاظت
کامله وحراست تامّه واطمینان خاطر کلّی وسکون قلب حقیقی در وقتی ایشان را دست یاب
خواهد شد که استحکامات پایداری مملکت خویشتن را در قلوب هندیان استوار نمایند
واین بدین گونه می شود که لغت هندیّه را نیز لغت رسمیّه دولت قرار داده در جمیع
جلسات متعلقه بامور هندوستان استعمال کنند تا آنکه هندیان را معلوم شود که علاقهٔ کلیّه

ورابطهٔ تامّه درمیان ایشان و امّت انگلیزیّه حاصل شده است و یک نوع جنسیّتی صورت
وقوع پذیرفته است و امتیازات غالبیّت را برداشته هندیان را درجمیع حقوق حتّی در مجلس
(پارلمان) با خود ها شریک سازند چونکه امتداد مدّت اجنبی بودن بقدر امتداد زمان
وصف غالبیّت است و البتّه انسان دل با جنبی نخواهد بست و دیگر آنکه اعانت نمایند
هندیان را در ترجمهٔ علوم و فنون از لغت انگلیزیّه بزبان هندی و از برای اجرای
این عمل جمعیّتی تشکیل نمایند و فنون جدیده را در مدارس و مکاتب بلسان وطنی هند تعلیم دهند
و از برای صناعت و زراعت در ممالک هندیّه مدارس کلیّه انشا نمایند و بالجمله بر هندیان
بدان نظر نگاه کنند که برخود ها نگاه میکنند و همه تفاوتها و امتیازات را از میانه بردارند
چنانچه حقّانیّت و عدالت و انسانیّت اقتضا میکند و چنانچه مدعیان عدالت از جنس انگلیز
همین امر را از دل ولیکه مساوات تامّه درمیانه رعایای آنها نیست خواهش مینمایند
و بلا ریب چون هندیان از ثمار این مساعی جمیله بهره ور شوند بقاء و سعادت و شقاء
و فنای خود ها را ببقاء و سعادت و شقاء و فنای جنس انگلیز مربوط دانسته چون شخصی انگلیزی الاصل
در صیانت منافع آن جنس خواهند کوشید و درین هنگام بیم و خوف بالمرّه زائل شده
اطمینان کلی چنانچه باید و شاید دست یاب خواهد شد - و اگر هندیان اجتنا این گونه
ثمرات را از امّت انگلیزیّه نکنند دل بستگی چگونه حاصل می شود و خیر خواهی بکدام نهج
صورت هستی قبول خواهد نمود زیراکه اگر انسان خیر خود را در خیر دیگرے نه بیند هرگز از
برای صیانت خیر آن جان فشانی نخواهد کرد و عقل این امر را هرگز باور نخواهد نمود -
و من بیقین میدانم که کوته بینان امّت غالبه و مغلوبه هر دو برین اقوال اخیره بنظر
تعجب خواهند نگریست و لکن چون زمانه شرح و تفسیر این اقوال را نماید البتّه اذکیا
اغبیا همگی بر صحت آنها اتّفاق خواهند نمود اینست مجمل آنچه میخواستم بیان کنم در رواج اتفاق برای اهالی آنها فقط

راقم جمال الدین حسینی

ادب

حرص کا نتیجہ حریص کی بربادی

وہ لوگ خود اندہے ہین جو دولت کو اندہا کہتے ہین - میرے نز
دیکی ایسا معشوق دوربین اور بلند نگاہ نہین جیسی کہ دولت ہی جو اپنے عاشق
ے زیادہ محبت سے دیکھتی ہے اور اوسپر دور سے نظر ڈالتی ہے - لیکن
اسکے ہاتہہ لگنے کی تمنا بالکل فضول ہے جو صرف اسکے تلاش مین ہر گز
ن اور کوی کام نہین کرتے ہین - دن بہر اسکے خیال مین دماغ کو بیکار
بہر اسکو خواب مین دیکہتے ہین مگر کوی تدبیر اسکے حصول کے لئے نہین کرتے
ت اور حرفت سے عار ہی - ایسے اپنے عاشقون سے یہہ معشوق حیلہ باز
اور عیار عورتون کی طرح بہاگتا ہی اور ان کے ہاتہہ ہرگز ہرگز نہین آتا ہی بلکہ
دا ان لوگون کے گہرون پر بن بلاے جاتا ہی جو اپنے پیشون مین دل
رہتے ہین اور اپنے کامونکو دہیان سے کرتے ہین -

مجہکو نہایت تعجب ہی کہ کیون لوگ دولت کو اندہا کہتے ہین کیونکہ
ان لوگون کو خیال کرتے ہین جنکی دولت رفاقت کرتی ہے تو وہ نہایت
لنے والی اور عمدہ رفیق نظر آتی ہے - جب کبہی تم کسی جگہہ عیش عشرت اور
وری کا چرچا دیکہو تو تم یقین کرو کہ دولت اس جگہہ نہین ہے اور جب کبہی تم
دیکہو جسکے دروازے ہر شخص کے لئے کشادہ ہین تم یقین کرو کہ دولت وہان
اور جب تم کسی شخص کے جیب مین گوٹا لگا ہوا دیکہو تو یقین کرو اور مطمئن ہو کہ
یہان نہین ہی اور جب تم کسی عورت کو بہت خوش اخلاق اور متواضع پاؤ
دولت یہان نہین ہے بلکہ دولت کا گہر وہ ہے جہان محنتی اور کفایت شعار لوگ ہون

پس اے میرے بھائیو اگر تم دولت کو اپنا دوست بنانا چاہتے ہو یا استعارہ کو چھوڑ کر یون کہا جاوے کہ اگر تم دولت مند اور صاحب مال ہونے کی خواہش کرتے ہو تو تمکو چاہیئے کہ روپیہ پیدا کرنے کی خواہش سے زیادہ اوسکے جمع کرنے اور بچانے کی خواہش کرو۔ اور جب لوگ تم سے یہہ کہین کہ روپیہ وہان ملتا ہی اور یہان ملتا ہے اور روپیہ فلان کام کرنے سے پیدا ہوتا ہے اور فلان پیشہ وحرفہ کے ذریعہ سے پیدا ہوتا ہے تو تمکو چاہیئے کہ ان فضول باتون کی کچھہ پروا نکرو بلکہ اپنے پیشے یا کام پر دہیان لگاؤ اور اوسکو دل سے کرو۔ رہو جہان تم ہو اور کرو جو کچھہ تم کرتے ہو۔ جب تم سنو کہ تمہارے کسی ملاقاتی یا دوست نے ایک روپیون کی تھیلی راہ باٹ مین پڑے پائی ہے تو تم لالچ مین آکر اوس جگہہ نہ دوڑ جاؤ اور روپیون کے تھیلیان پانے کے لئے ادہر اودہر متوحش نہ دیکھو۔ یا جب کبھی تمکو یہہ خبر ملے کہ کوئی شخص فلان پیشہ یا حرفہ کی وجہہ سے مالدار ہو گیا ہی اور بہت جلد اسکے ذریعہ سے اوسکو دولت ہاتہہ لگی ہی تو تم اپنا خاص پیشہ یا حرفہ چھوڑ کر اوس پیشہ کو اختیار نہ کرو اور اسکے رقابت مین مصروف نہو۔ الغرض ایک مرتبہ دولت کے ہاتہہ آنے اور ایک بارگی مالدار ہونیکی خواہش نہ کرو بلکہ ایک ایک پیسا صبر واستقلال کے ساتہہ اپنی آمدنی مین سے بچاتے جاؤ اور جمع کرتے جاؤ۔ مین خوف کہاتا ہون کہ شاید تم اس قلیل رقم کے جمع کرنے سے نفرت کروگے اور اسکو حقیر سمجہوگے۔ لیکن ساتہہ ہی اسکے مین یہہ بھی کہے دیتا ہون کہ جو لوگ کوڑی کوڑی کو محتاج ہین اور جنکا کوئی دوست اور آشنا نہین جو اونکو قرض دیوے اونکے لئے یہہ ایک پیسا اشرفی سے بڑہکر ہے۔ حریص خان بیوقوف کی والیکو احتیاج کے وقت معلوم ہوا ہیگا کہ اوسکو دو چار پیسون کی ضرورت تھی کہ کوئی دوست مصیبت کے وقت نہین کہڑا ہوتا ہی اور ضرورت کے وقت قرض وام نہین دیتا ہے۔

حریص خان چکّی والا وہ شخص تہا جو قلیل رقم کو جمع کرنے سے نفرت کیا کرتا تہا اور بڑے بڑے خزانے جمع کرنے کی خواہش مین رہتا تہا - مین چاہتا ہون کہ اس شخص کی سوانح عمری مختصر طور پر یہان اس مضمون کی تائید کے لئے بیان کرون جس سے ہمارے ناظرین ہمارے مطلب کو بخوبی سمجھ لین اور اس شخص کے واقع سے عبرت پکڑین -

حریص خان چکّی والا بالطبع ایک لالچی شخص تہا - اس سے بڑہکر کوی شخص روپیہ سے محبت نہین کرتا تہا اور نہ اس سے زیادہ کوی آدمی اون لوگون کی عزت اور خوشامد کرتا تہا جنکے پاس دولت ہوتی تہی - جب لوگ کسی صحبت یا جلسہ مین کسی امیر اور دولت مند آدمی کا ذکر کرتے ہے تو حریص خان صاحب خود بول اوٹہتے تہے کہ مین اونکو خوب جانتا ہون اور مجہہ سے اون سے بہت بڑی ملاقات ہی بلکہ وہ اور مین دوست ہون اور اون سے دانت کاٹی روٹی قلبی دوستی ایک جہتی اور ایک دلی ہے - جب وہ پیدا ہوے تہے تو اونکی والدین نے اونکو میرے گودہ مین ڈالا تہا اور وہ میرے بچہ کے طور پر ہین - اور جب کبہی کسی غریب اور مفلس آدمی کا ذکر ہوتا تو حریص خان صاحب خاموش رہجاتے اور اگر کوی پوچہتا تو کہتے کہ مین انکو مطلق نہین جانتا - کوی ہونگے مین ہر شخص سے ملاقات کرنا پسند نہین کرتا بلکہ اپنے جلسہ اور صحبت سے محبت رکہتا ہون -

حریص خان باوجود اسقدر روپیہ کی خواہش اور محبت کے غریب اور فاقہ مست تہا اور اوسکے کہانے پینے کی گذران صرف چکّی کی آمدنی سے چلتی تھی اور اسی کے نفع پر یہہ سب شیخیان تہین لیکن اگرچہ یہہ منفعت قلیل تہی مگر یقینی تہی اور جب کہین کسیکی شادی بیاہ ہوتا تو اوسکی چکّی خوب چلتی اور آمدنی ہی ہوتی - اور دو ٹہیان تمام سے کہانے کی امید ہوتی - اور اسوقت وہ کفایت شعاری کرکے ہر روز کسیقدر روپیہ

یہی جمع کر لیتا تہا جنکو وہ فرصت کے وقت بڑی خوشی کے ساتھہ گنتا تہا اور بڑا اطمینان قلب اوسکو حاصل ہوتا تہا۔ مگر باوجود اسکے اوسکے روپئیہ کا خواہش اس سے پوری نہین ہوتی تہی اور اپنے آپکو محتاج پاتا تہا اور بہت دولت جمع کرنا چاہتا تہا۔

ایک روز حسب اتفاق وہ اپنے خواہشون اور امیدون پہ خیال کے گہوڑے دوڑاتا تہا کہ اتنے مین کسینے اوسکو خبر دی کہ تمہارے پردسی کو ایک روپیون کی بہری ہوی کڑاہی زمین مین گڑی ہوی ملی ہے۔ اور اس روپیون کی کڑاہی کو اونہون نے تین روز متواتر آگے سے خواب مین دیکہا تہا۔ یہہ خبر اوسکے دل کو ایک خنجر خونخوار جیسے لگے سنتے ہی حریص خان بیتاب ہوکر بولا کہ " افسوس ہم صبح سے شام تک روز محنت کرتے ہاین اور ہاتہہ پیر ہلاکر چند پیسون کی مزدوری کرتے ہین اور اپنا پیٹ پالتے ہین اور ہمارا پروسی خوش نصیب نامی صرف دن بہر زمین اوڑاتا ہے اور رات کو آرام سے بستر پر سوتا ہے اور لاکہون روپیون کو صبح تک خواب مین دیکہتا ہے۔ افسوس صد افسوس کاش مین بہی اوسکے طرح روپیون کو خواب مین دیکہتا اور صبح کو کس خوشی سے اونکو زمین مین سے کہود کر نکالتا اور کس احتیاط سے اونکو چہپا کر گہر لیجاتا اور ایسی خبرداری کرتا کہ میری بی بی بہی اس راز سے واقف ہوتی اور تب افسوس کسیقدر خوشی روپیون مین کہونے تک ہاتہہ کو اونے سے ہوتی اور کیا نہ خوش نصیب مین اپنے آپکو خیال کرتا "

ان خیالات کا نتیجہ صرف یہہ پیدا ہوا کہ حریص خان اپنے آپکو بدنصیب اور کمبخت سمجہنے لگا اور اوسنے اپنے معمولی کام اور محنت کو ترک کردیا اور چہوٹے چہوٹے فائدون سے نفرت کرنے لگا اور اوسکے گاہکون نے اوسکو چہوڑنا شروع کیا ہر روز وہ اپنی خواہش کو خیال کرتا اور اوہی قسم کے خواب دیکہنے کی غرض سے وہ چارپائی پر جاکر لیٹا اور دولت کا تصور کرتا۔ دولت جو مدت سے اوسپر مہربان نہ تہی اب

اوسکی حماقت اور بے وقوفی پر مسکراتی ہوی معلوم ہوی اور آخر کار وہ اوسکو خواب مین مودار ہوے حریص خان نے خواب مین دیکہا کہ اوسکی چکی کی بنیاد مین ایک بہت بڑا کہڑا اشرفیون اور جواہر سے بر گڑا ہوا پوشیدہ ہی۔ اور یہہ کہڑا بہت گہرا گڑا ہوا ہے اور اسکی موہنہ پر ایک بہت بڑی بہاری پتہر کی سل رکہی ہوی ہے۔ جب وہ خواب سے بیدار ہوا تو اوسنے خدا کا شکر بہت بڑی گرم جوشی کے ساتہہ ادا کیا اور کہا کہ خدا نے آخر کار میرے تکالیف پر رحم کی اور غیب سے خزانہ مجہکو عنایت کیا۔ اوس نے اس خواب کو کسی سے نہین کہا جیسا کہ اکثر لوگون کا قاعدہ ہی کہ وہ خوشی کی خبر کو دوسرے لوگون سے پوشیدہ رکہتے ہین اور دلین خیال کیا کہ اسکی تصدیق اسوقت ہوگی جب مین متواتر دو یا تین راتین اسکو اسی طور سے خواب مین دیکہون۔ اوسکی یہہ خواہش پوری ہوی اور اوس نے برابر تین رات تک وہی خواب دیکہا

پس اب تمام شک وشبہ جو کچہہ اوسکو تہا دور ہو گیا اور وہ تیسرے دن

صبح کو خواب سے اوٹہکر ایک بیلچہ اپنے ہاتہہ مین لیکر چپ چاپ تنہا چکی کے پاس گیا اور اوسکے بنیاد کو کہودنے لگا۔ پہلا شگون خوش قسمتی کا یہہ تہا کہ اوسکو کہودنے مین ایک ٹوٹا ہوا مٹی کا آبخورہ ملا اور جب اوسنے اور زیادہ گہرا کہودا تو ایک نیا کہپرا سفال کا نکلا۔ اور آخر کار بہت کہودنے کے بعد اوسکو ایک چوڑی چٹان پتہر کی دکہائی دی جو ایسی بڑی تہی کہ ایک شخص سے اوٹہنا دشوار تہا۔ حریص خان اب خوشی مین آکر ناچنے لگا اور کود کود کر اپنے آپ سے کہتا تہا "کہ یہان ہے خزانہ یہان ہے خزانہ اور اس پتہر کی سل کی نیچے ضرور ایک کہڑا جواہرات کا پوشیدہ ہی مجہکو ضرور اب گہر کو جانا چاہیئے اور اپنے بی بی کو اس ماجرہ کی خبر کرنا چاہیئے اور اوسکو امداد کے لیئے لانا چاہیئے"

پس وہ دوڑتا ہوا اپنے بی بی کے پاس آیا اور اوسکو یہہ خوش خبری سنائی۔ یہہ خوش خبری سنکر اوسکی بی بی کا خوشی کے مارے جو کچہہ حال ہوا اوسکو ناظرین خود

خیال کر سکتے ہین۔ وہ فوراً اپنے پیارے خاوند حریص خان سے دوڑ کر چمٹ گئی اور اوسکے گلے مین ہاتھہ ڈالدی اور اسکو خوشی کے مارے سینے سے لگاکر زور سے دبایا۔ لیکن افسوس ان تمام خوشیون کا نتیجہ جلد ظہور مین آیا یعنی جب وہ دونون خوشی کے مارے بے تاب وہان پرپہنچے اور اونہون نے اوس سل کو ہٹایا تو بجای اوس خزانہ موہومہ کے دوپیسے اور ایک لوہے کی کیل اور دو کوئلہ ہاتھہ لگے اور تمام چکی ایک بارگی گر پڑی۔ اور خزانہ ملنے کی عوض مین جو کچہہ روزانہ آمدنی بہی تہی وہ بہی ہوا باشد ہوگئی۔ حرص کا نتیجہ حریص خان کو ملگیا۔

ہم دیکھتے ہین کہ یہی حال آجکل ہمارے بعض بعض ہم وطنون اور قومی بہائیون کا ہو رہا ہی کہ وہ بہی حرص مین مبتلا ہین اور دماغون کو فضول خیالات سے پکایا کرتے ہین اور ایک مرتبہ قوم کی درستی حالت اور دولت کے حصول مین مثل حریص خان مذکورہ بالا کے خیال کے گہوڑے دوڑاتے ہین اور کام کے باتین ایک نہین کرتے اور امیدون اور تمناؤن مین اپنی عمر عزیز کو صرف کرتے ہین۔

ہمارے اہل وطن اور اہل قوم اس خیال فاسد مین پڑے ہوئے معلوم ہوتے ہین کہ یورپ کیسی تہذیب اور دولت اور علم جو صدہا برسون کا نتیجہ ہے ہم بہت جلد حاصل کر لین اور مثل بازیچہ طفلان کے اسکو آن فانن مین جیت لین۔ ہم دیکھتے ہین کہ یہہ اونکا خیال دن بدن ترقی پر ہی اور روز بروز اسکے نتایج بہی خیالی ظہور مین آتے جاتے ہین۔ بلکہ اکثر اوقات اپنے ہم وطنون کی مجالس قومی مین جانیکا اتفاق ہوتا ہی اور وہان ہر طرف سے یہہ صدا ہمارے کان مین آتی ہی کہ مسلمانون کے تنزل کا یہہ باعث ہی اور مسلمانون کے زوال کا یہہ سبب ہی اور اونکے ترقی کے یہہ راستے ہین اور یہہ تدبیرین ہین اور کوئی کہتا ہی کہ مجلس کا فیصلہ یون قرار پایا ہی اور سب لوگ اسپر متفق ہین اور اونمین سے کوئی جہٹ پٹ اوٹہہ کر ایک کتاب چندہ کی پیش کرتا ہی اور لوگون سے دستخط کراتا ہی۔ پس جب ہم اپنے اہل وطن کی مستعدی

اور اونکے خیالات اور بلند پروازیون اور اونکے افکار کو اوسوقت غور کرتے ہین ہمکو نہایت تعجب ہوتا ہے اور یقین ہوتا ہے کہ شکر خدا اب بہت جلد یہہ قوم ترقی کرنے والی ہے اور اوسوقت ہمکو ایک اطمینان خاطر ہوتا ہے اور اون لوگون کے خیالات کو غلط سمجھنے لگتے ہین جو ہمارے ہم وطنون کو کاہل اور سست کہتے ہین - لیکن قضیہ اسکے برعکس ہوتا ہے یعنی جب چند ماہ گذرتے ہین اور ہم انتظار کرتے کرتے تہک جاتے ہین کہ وہ دیکہئے تجویز آج ظہور مین آتی ہے یا کل تو معلوم ہوتا ہے کہ اوسپر عمل آج ہے نہ کل وہ تو ایک خیالی پلاو تہا جسکے بڑے بڑے قابین حاضرین مجلس کے آگے بڑے تکلف سے چنے گئے تہین اور جسکو ہر شخص بڑے مزے سے لے کر سنتا تہا اور وہ تو حریص خان کا سا خواب تہا جسکی کچہہ حقیقت نہین تہی -

ہمارے شہر مین ہی بہت سے مجلسین علمی اور رسالے اور اخبارات بعض بعض ہمارے اہل وطن سے نے اپنے بلند خیالی اور عالی ہمتی کو کام لاکر جاری کئے اور انہین کوشش اور سعی حتی الامکان کی - مگر وہ چند روز بلکہ ایسے گم شد ہوے کہ جنکا پتا بھی نہ لگا کہ کہان ستہے اور کدہر گئے - میرے نزدیک انکی بربادی کا سبب وہی تخیلات فاسد ہوے جنہون نے اوس بیچارے حریص خان کو برباد کیا تہا یعنے اسکے بانیون کے دماغون مین ان کامون کے شروع کرتے ہی وہ وہ عالی خیالات اور بندوبست ہفت قلمی گذرنے لگے اور ان کے مجلسون مین وہ وہ بلند آرا کا ڈہیر لگ گیا جسکا پورا ہونا ممکن نہ تہا اور جسکا نتیجہ بقول شخصے طلب الکل فوت الکل یہہ ہوا کہ اور دوسرے کامون کی حرص مین وہ کام جو شروع ہو گئے تہے اور جنہین کچہہ کچہہ ترقی ہی ہو چلی تہی مثل حریص خان کے چاکے ارارادہون کرکے اپنے بنیاد سے گر پڑے اور پہر نہ یہہ ہوا اور نہ وہ -

اب ہم جب حال کے مجلسون کو دیکہتے ہین جو ہمارے شہر مین آجکل

بعض بعض عالی ہمت اشخاص کی کوششون سے چل رہے ہین اورجنمین فی الواقع قوم کا بہت بڑا فایدہ ہے بشرطیکہ وہ کام چلاجاوے توہم ہروقت خدا و اللہ تعالی شانہ کے درگاہ مین دست بدعا رہتے ہین اوراوس سے التجا کرتے ہین کہ اے ہادی گم گشتگان تو اسکے بانیون کو اس حرص کمبخت کے فساد سے بچا اوراونکے دماغون کو تخیلات فاسد سے پاک رکھہ اوراس لالچ کے دریا سے نکال جسمین وہ ڈوبتے ہوے نظر آتے ہین - ہمکو امید ہے کہ خداوند تعالی اس ہمارے دعا کو قبول فرمادیگا اوران مجالس کے بانی اورارکان اغراض موجودہ کے حصول مین کوشش کرینگے اورجن کامون کے واسطے یہہ انجمنین قایم ہوے ہین اونہین مین دل لگاکر کام کرینگے اورفضول حریص خان کیطرح بڑے بڑے کامون کی تمنا اورحرص مین اپنے دماغون کو نہ پکاوینگے ورنہ ہم صاف کہے دیتے ہین کہ اونکا بھی وہی نتیجہ ہوگا جو حریص خان جلی والیکا ہوا تہا کہ فنا فی الحرص ہوجاوینگے اوربعوض فلاح قوم اوررفاہ عام کے بربادی قوم اورتباہی عام ظہور مین آویگی

ماعلینا الا البلاغ - راقم محب قناعت

اخلاق
دروغ گوئی

جب کسی کو نقصان پہونچانے کی غرض سے جہوٹ بولا جاتا ہی تو اس حرکت سے نہایت درجہ کی بدنفسی اورشرارت ظاہر ہوتی ہے اورجب اپنے بچاؤ کے لئے جہوٹ بولا جاتا ہے تو اس سے بڑی تقصیر اوربزدلی معلوم ہوتی ہے دونون طرح سے جہوٹ بولنے والیکا یہہ ارادہ ہوتا ہے کہ جہوٹے باتین بناکر دہوکہ دیوے اورفریب سے فائدہ اوٹھاوے - یقین جانئے کہ چاہین جسقدر کیون نہ ہم حکمت عملی اوراحتیاط سے کچہہ عرصہ تک جہوٹ بولکر اپنا مطلب نکالین اوراس بُری عادت کا

برتاو رکھین لیکن اخیر مین کبھی نہ کبھی ہمیشہ جھوٹ کھلجاتا ہے اور جو کچھہ از حد نفرت اور گلی درگلی کی پھٹکار اس جھوٹ کا نتیجہ ہوتی ہے اوسکا بیان کرنا نہایت مشکل ہے۔ نہین نہین اس سے بھی بڑھکر یہہ ہوتا ہے کہ جسقدر ہم نے جھوٹ بولکر بیشتر اپنے مطلبون کو نکالا تھا اور جھوٹے باتین بناکر لوگون کی تعریفین سنی تھین اب اوسیقدر زیادہ سخت اور شدید ہم پر ملامت اور ندامت کی بوچھار پڑتی ہے۔ جب سے ہمارا جھوٹ کھلجاتا ہے اوسوقت سے کوئی ہمارا اعتبار نہین کرتا ہے اور کوئی ہمارے ساتھہ معاملہ لین دین کا نہین برتتا ہے اور کوئی ہمکو پاس بٹھانے کا روادار نہین ہوتا ہے کیونکہ ہر شخص جھوٹے آدمی سے مثل دشمن کے اجتناب کرتا ہے۔ یہان تک اوسکی بے اعتباری ہوتی ہے کہ خود سچی بات اوسکے موہنہ مین کچھہ وقعت نہین رکھتی ہے کیونکہ ہمیشہ لوگ اوسپر شبہ کرتے ہین اور اوسکی بات کا یقین نہین کرتے ہین۔

اسواسطے اگر تم اتفاقاً دھوکے سے کسی قصور کے مرتکب ہو اور کوئی خطا تم سے ظہور مین آوے تو تمکو چاہئے کہ تم اوس خطا اور قصور کو جھوٹ بولکر ہرگز نہ چھپاؤ۔ کیونکہ جھوٹ بولنا اوس قصور کو اور دوبالا کردیتا ہے اور جھوٹ بولنے سے وہ قصور اور خطا معافی کے قابل نہین رہتی ہے۔ برخلاف اسکے جن خطا اور قصور کا اقرار عاجزی سے کیا جاتا ہے وہ آسانی سے معاف ہوجاتا ہے اور ایک چھوٹے سے قصور کے اقرار سے یہہ ثابت ہوتا ہے کہ ہم بڑے قصور سے مبرا ہین۔ فقط

راقم محب حسین

تدبیر منزل
مکان کے آراستہ کرنیکا بیان

اگر تم مکان آراستہ کرنا چاہو تو تمکو لازم ہے کہ تم کل اپنے پردہ

آراستگی مین صرف نکرو خواہ تمہارے پاس کم روپیہ ہو یا زیادہ ۔ یہہ خیال کرکے کہ فلا
خوبصورت ہی اور فلان چیز بہت ارزان ہی بے ضرورت چیزون کو نہ خرید کرو ۔ اس بار
فرنیکلن صاحب کا اصول بہت خوب تہا ۔ اور وہ یہہ ہے کہ "کوئی شے سستی نہا
احتیاج نہین" صرف بالفعل کی ضروری چیزون کو خرید کرو ۔ یہہ بات صرف تجربہ
کہہ سکتے ہو کہ تمہارے گہر مین کس چیز کی ضرورت اور احتیاج ہوگی ۔ اگر تم اپنا
صرف کروگے تو تمکو معلوم ہوگا کہ تمنے اون چیزون کو خرید لیا ہے جنکی تمکو ا
تہی اور اب تمہارے پاس اون چیزون کے خریدنے کے لئے روپیہ باقی نہین ر
فی الحقیقت احتیاج ہے ۔ اگر تمہارے پاس اسقدر کافی روپیہ ہو جس سے تم ا
کے موافق ہر ضروری چیز خرید کرسکتے ہو تو اوس روپیہ کو تم بالکل صرف نہ کرو
یہہ خیال کرکے کہ اتفاقاً وہ تمہارے ہاتہہ آگیا ہے ۔ شروع مین غریبی سے ز
اور جون جون دولت بڑہتی جاتی ہے تون تون آرام کے سامان مین بہی ترقی
ہوتا جاتا ہی اور اوسکے جمع کرنے مین خوشی معلوم ہوتی ہے ۔ لیکن روپیہ ک
تکلیف اور رنج کی بات ہے ۔ آخرکار جو لوگ سچے عادل اور معزز ہین وہ ا
اعتدال کی نظر سے دیکہتے ہین ۔ چہوٹے سے گہر کے بندوبست اور انتظام فرش فروش
قسم کا تکلف اور خوبصورتی اور نزاکت ہونا چاہئے جیسے کہ بڑی بڑی گہرون کے بڑی بڑ
ہوتی ہی یہہ چہوٹے چہوٹے صفتین ہمیشہ تعریف اور عزت کے قابل ہین اور سا بر ہمیشہ تو
جو لوگ اپنی آمدنی سے زیادہ اس غرض سے خرچ رکہتے ہین کہ اونکی عزت ہو یا دوسر
صرف کرکے اپنا فخر جتاتے ہین وہ بے فائدہ رنج اور دکہہ بڑہاتے ہین ۔ یہہ ظاہر
بناوٹ ایک دہوکا ہی اور اس بناوٹ سے نہ اوسکے بہت سے دوست ہوتے
نہ اوسکی قوت بڑہتی ہی ۔ فقط

راقم محب حسین

زراعت

بقیہ مضمون زراعت

تو وہ زمین نہایت عمدہ ہی اور اگر اوسکی بو بدل گئی ہو تو اوس بو کو دیکھنا چاہئے اگر اوس مین ترشی یا کڑواہٹ یا کھٹا پن ہی تو اوسی کے موافق حکم کرین اور اگر اس قسم کی بوؤن سے پاک ہو تو وہ زمین بہتر ہے لیکن اس مٹی کو نکالنے کے بعد آدہے گھنٹے چکھنا چاہئے اگر اوس کا مزہ مثل اوس مٹی کے ہو جو گرم اور سرخ ہوتی ہے اور کنوؤن سے نکلتی ہے جب وہ خشک ہو جاتی ہے تو وہ مٹی عمدہ ہے اور جو اوسکا مزہ کہارا یا کڑوا یا کہٹا ہو تو اوسکے موافق حکم کرنا چاہئے ۔

ایک اور طریقہ امتحان کا یہہ ہے کہ اوس مٹی مین سے ایک مٹھی بھر لیکر میٹھے پانی مین ملا دین اور ایک گھنٹہ رہنے دین پھر کئی بار اوسکو گھولین پھر چھوڑ دین پھر ہلا دین پھر چھوڑ دین اسیطرح کئی بار کرین پھر اوس پانیکو چکھین اگر اوس پانی کا مزا اپنے حال پر باقی ہو تو وہ مٹی نہایت عمدہ ہے اور اگر اوسکا مزا بگڑ جاوے تو وہ مٹی بری ہی اور اس سے بہتر طریقہ یہہ ہی کہ خوب گرم پانی مین جو شیرین ہو اوس مٹی کو گھولین اور کئی دفعہ اوسکو ہلا دین اور چھوڑ دین جب پانی ٹھنڈا ہو جاوے تو اوسکو چکھین جیسا مزا ہو اوسکے موافق حکم لگا دین ایک اور طریقہ امتحان کا یہہ ہے کہ اوس گڑھے مین سے اچھی بہت سی مٹی نکالین اور اوسکو سونگھین اگر بو اوسکی اوس مٹی کی سی ہو جسکا مزا بدلا ہوا ہو اور پاک صاف ہو تو وہ مٹی عمدہ ہے پھر جب سونگھہ چکین تو اوسکا مزا دیکھین اسطرح پر کہ ایک برتن مین اوسکو رکھین اور اوسپر میٹھا پانی بارش کا ڈالین اور خوب مٹی کو اوس مین گھولین پھر جب مٹی تہ نشین ہو جاوے اور صاف نتھرا ہوا پانی اوپر رہ جاوے تو اوسکو چکھین بعد اوسکے جیسا مزا معلوم ہو اوسکے موافق حکم کرین

اس لئے کہ مٹی کا مزہ اچھی طور سے معلوم ہے نہین ہو سکتا جبتک پانی مین ملاکر اوسکو نہ دیکھین اور یہہ بھی ضرور ہے کہ پانی صاف اور شیرین ہو اسلئے کہ اگر پانی مین کھارا پن یا اور کوئی صفت موجود ہو گی تو معلوم نہوگا کہ یہہ مزا مٹی کا ہے یا اوس صفت کی وجہ سے ہے جو پانی مین موجود تھی —

ایک اور طرح کا امتحان اوس زمین کا جسمین زراعت نہو یون کرنا چاہئے کہ اوسمین کانٹے اور گھانس وغیرہ اوگتے ہین جو روئیدگی اوسکی قوت دار اور بہت اور گنجان بلند ہو وہ زمین بہت اچھی ہی اور جو روئیدگی اوسکی ایسی نہو وہ زمین اچھی نہین ہے —

قوثانی نے کہا ہے کہ بعضے آدمی زمین کا امتحان دیکھنے سے کرلیتے ہین اوس زمین کی روئیدگی سے اگرچہ ایک گھانس ہو مانند سوسن اور عوسج اور شوک اور علیق وغیرہ کے پس اوسکی ایک شاخ یا ایک بیج کے بتی کو لیکر کوٹین اور چکھین اور اوسکے مزہ کو اوسکے ہمجنس کے مزے سے قیاس کرین جو اچھی زمین مین اوگی ہے اگر اوس کا مزہ اسکے موافق ہے تو وہ زمین اچھی ہے اور اگر اسکے خلاف ہی تو وہ زمین اچھی نہین ہے

فلاحۃ النبطیہ مین لکھا ہے کہ امتحان اچھی اور بری زمین کا اوس گھانس سے کرنا چاہئے جو خودرو ہو —

قوثانی نے کہا کبھی اوس زمین مین جو کھاری یا تر یا پانی مین ڈوبی ہوئی یا نرم یا چکنی بہت چکنی ہوتی ہے یا قابض اور ترش اور گرم اور بہت غلیظ اور بہت سخت اور بہت ترش مین جو عمدہ نہین ہوتی مین ایسی خودرو گھانسین اوگتی ہین جنکو لوگ درست نہین کہتے ہین مثل جعدہ اور افسنتین اور زرد فا اور قیصوم اور رہند یا بربری اور خربق اسود زہر دار مین سے ایک زہر ہے اور عوسج احمر وغیرہ پس یہہ گھانسین بری زمین مین اوگ آتی ہین لیکن جو زمین گرم اور بدبو دار ہو اوسمین کچھہ نہین اوگتا اور کھاری

بشور زمین مین عکرش پیدا ہوتا ہے جسکو شیل کہتے ہین اور جو زمین ملایم کم سختی والی ہو اوسمین شیح اور قیصوم پیدا ہوتے ہین۔

ینبوشاد نے کہا کہ چکنی اور سخت ہوس زمین مین کبھی سوسن سفید اور نرگس اور ایک قسم کی پیاز اوگتی ہے یعنے وہ گھانسین جو پہلے زمین مین رگین پھیلا لیتی ہین پھر پتی نکالتے ہین تو جب یہ گھانسین نرم اور تر زمین مین اوگین تو معلوم ہوتا ہی کہ وہ زمین اچھی ہے اور پیداوار اوسکی بہتری کے قریب ہی اور جو زمین نہایت سخت ہو اوس زمین ایک قسم کا کبر پیدا ہوتا ہے چھوٹے پتون کا اور کبھی بڑی قسم کی پیاز پیدا ہوتی ہی جسکو رومی مین اشکلہ کہتے ہین اور وہ چوہے کی قاتل ہوتی ہے فی الفور اور کبھی یہ پیاز اوس زمین پیدا ہوتی ہے جو بہت چیک دار ہو اور اوسکی طبیعت گرمی کے طرف مایل ہوتی ہے اور اوسکا مزاج مٹی کے نسبت کنکر سے زیادہ قریب ہوتا ہے اور ایسے زمین اکثر خشک پہاڑون مین اور بڑے بڑے ٹیلون مین ہوتی ہے اور کانٹون دار درخت اوگاتی ہی اور سخت ہوتی ہے ہموار اور پہاڑون اور پتھرون اور کانٹون مین اور اکثر اس قسم کے درخت اون مقامون مین اوگتے ہین جو سوکھی اور خشک ہون اور دور ہون تری سے حاصل کلام یہ ہے کہ اکثر گھانسین تر جگہہ مین خوب پیدا ہوتی ہین اور اچھی طرح پھیلتی ہین اور تھوڑی گھانسین خشک مقامون مین پیدا ہوتی ہین جیسے بقل الفار جسکا بیان اوپر گذرا اسیطرح جنگلی گھانسین عمدہ زمین مین پیدا ہوتی ہین جو سالم ہو برے اسباب سے مگر شوریت سے سالم ہونا ضرور نہین کیونکہ شوریت اکثر جنگلون مین ہوتی ہے اور بہت سے گھانسین ایسی ہین جنکو شوریت موافق ہے اور وہ شور زمین مین اوگ آتی ہین مگر کبھی ناتوان اور کم رد ہوتی ہین اور کبھی زمین کے حال پر اوسکی پیداوار سے استدلال کیا جاتا ہی اسیطرح

مولوی سید محمد ابراہیم صاحب واعظ مدرس مدرسہ اعزہ
مسٹر کاوس جی دادابھائی صاحب مترجم دفتر نظم ونسق سرکار عالی
منشی محمد قادر حسن خان صاحب سررشتہ دار دفتر ناظم تعمیرات و
معتمد صدر المہام متفرقات علاقہ تعمیرات وصناعے
سید غلام امر اللہ شاہ صاحب اول تعلقدار ضلع ناگر کرنول
محمد حسین خان صاحب نیازی مہتمم کوتوالی ضلع شوراپور
حافظ عبد الرحمن صاحب وکیل
مولوی غلام علی صاحب قریشی مددگار تعلقدار اطراف بلدہ
خواجہ غلام علی صاحب تاجر دوشالہ

فہرست مضامین

مضمون	نام مضمون نگار یا مولف	صفحہ
طب ـ		
طب والدین کی عمر مین فرق اولاد پر کیا اثر رکہتا ہی	حافظ فخرالدین صاحب	۲۶۹
حفظ صحت ـ		
بقیہ مضمون پانی ـ	محب حسین	۲۷۳
اخلاق ـ		
قانون سخن ـ	ایضاً	۲۸۰
فلسفہ ـ		
فوائد فلسفہ ـ	مولوی جمال الدین صاحب حسینی	۲۸۵
ریویو ـ		
ریویو	مولوی وحیدالزمان صاحب	

ہیضہ یا وبا سے محفوظ رہنے کے خاص خاص قاعدے

ف ۱ سب سے زیادہ ضروری یہہ بات ہی کہ جب ہیضہ ہو تو فوراً ڈاکٹر یا حکیم سے رجوع کرنا چاہیئے اور علی ہذا تمام بیماریون مین یہی بات لازم ہے ـ کیونکہ ذرا ذرا سے بیماریان اور علالتین بے پرواہی سے بہت بڑے بڑے سخت اور مہلک مرض ہو جاتے ہین

ف ۲ اگر ذرا بہی پیٹ مین کسیطرحکا خلش معلوم ہو تو فوراً اوسکا علاج کرنا چاہیئے ـ اس تدبیر سے مرض وبا یا ہیضہ کا اثر بہت جلد رُک جاتا ہی ـ

ف ۳ ہر طرح کی غلاظت کو خواہ وہ حیوانی ہو یا نباتی بہت جلد آبادی سے دور پہنکوانا چاہیئے ـ مثلاً مذبح ـ جانورون کی سکونت اور تمام غلاظتون کو مکانون سے دور ڈلوانا چاہیئے ـ

ف۴ کہولی ہوئین موریون اور بدرؤن کو ہوشیاری تمام اور اکثر صاف کرانا اور دہلوانا چاہیئے -

ف۵ مکانون کے اندر اور باہر کی زمین کو ایسا ڈہالو کرنا چاہیئے کہ تمام رطوبت اور میلا پانی بہہ جاوے -

ف۶ مکان کے اندر اور باہر سے اون پردون کو دور کرنا چاہیئے جو ہوا کو روکتے ہون

ف۷ ہر روز تمام کمرون یا دالانون اور کوٹہریون کے دروازون اور کہڑکیون کو کہولدینا چاہیئے تاکہ تر و تازہ ہوا اونمین داخل ہوجاوے - اور یہہ عمل دوپہر کے وقت کرنا چاہیئے جسوقت اکثر کرہ ہوا مین خشکی ہوتی ہے -

ف۸ بعوض پانی کے خشک کپڑے سے روزمرہ مکان کی چیزونکو صاف کرنا چاہیئے -

ف۹ زیادہ تہکاوٹ اور سردی اور تری سے خصوصاً رات کے وقت بچنا چاہیئے -

ف۱۰ جب جسم گرم ہوا ور پسینا آرہا ہو خصوصاً جب محنت سے تہک گئے ہو تو دفعتاً شربت یمبو یا ٹہنڈا پانی وغیرہ پینا چاہیئے - ف۱۱ پہل پہلاری اور ترکاریون وغیرہ خصوصاً ایسے پہلون کو استعمال نکرو جو سرد ہون اور جنمین ایسڈ زیادہ ہو - ف۱۲ تیز شرابون اور تماکو کو بکثرت استعمال نکرو - ف۱۳ غریبی کہانون اور ثقیل چیزون کے استعمال سے پرہیز کیجیو اور میلے پانی کو کہانے اور پینے کے کام مین نہ لاؤ - ف۱۴ تر کپڑون کو نہ پہنا چاہیئے اور ٹہوڑے کپڑے یعنی اسقدر کم جن سے جسم کی حرارت قوی نرہے پہنا چاہیئے - ف۱۵ فلالین یا اونی کپڑے کی پٹی پیٹ پر باندہے رہنا چاہیئے - ف۱۶ جسمانی صفائی اچہی طرح سے رکہنا چاہیئے - ف۱۷ جس امر سے قوی بدنی یا روحانی مین اضمحلال پیدا ہوا دس سے پرہیز کرنا چاہیئے اور سخت گرمی اور سردی سے بچنا چاہیئے - ف۱۸ مکانون اور کمرون کے اندر لوگون کا مجمعہ نہونا چاہیئے - ف۱۹ پست اور مرطوب جگہون پر سونا نہین چاہیئے

ف۱۹ سونے کے کمرون مین یا اون کے قریب رات بہر آگ رکہنا چاہیئے - کیونکہ ہیضہ اکثر رات کے وقت خاصکر تری یا سردی جب ہو تو خوفناک ہوتا ہے -

ف۲۱ جاڑے اور برسات مین تمام بچہانے اور پہننے کے کپڑون کو آگ سے سیکنا چاہیئے اور گرمیون مین دہوپ دکہانا چاہیئے - ف۲۲ مردون کو آبادی سے بہت دور پر دفن کرنا یا جلانا چاہیئے - محمد حسین

طب

والدین کی عمر مین فرق اولاد پر کیا اثر رکھتا ہے

قدرتی قاعدہ ہے کہ ہم عمر ہمعمر کے طرف بالطبع میل کرتا ہی دونو باہمی صحبت سے نہایت خوش ہوتے ہین دُکھہ سکھہ کی باتین دل کھولکر کرلیتے ہین اور پوشیدہ راز بھی ایکدوسرے سے بیان کرتے ہین تامل نہین کرتے۔ نوجوانون کی مجلس مین اگر دو کم سن لڑکے بیٹھے ہوے ہون تو انکی افسردہ دلی اور سراسیمہ حالت سے ہمین یقین ہوتا ہی کہ بچون کو جوانون کی صحبت سے دلی مسرت نصیب نہین ہوتی بلکہ بمنزلہ قیدیون کے انکی دلی آرزو یہی ہوتی ہے کہ جسطرح ہو رہائی پائین اور ہمجنسون مین جاکر کھیلین اور کودین علے ہذا القیاس ہمنے کئی بار تجربہ کیا ہے (کسی صاحب کو اس سے انکار نہو گا) کہ اگر کسی مسن آدمی کو ایسے محفل مین بلایا جاے جسکے کل ممبر نوجوان ہون تو غالباً شیخ صاحب عذر معذرت کرکے پیچھا چھڑا لینگے اور جو کسی لحاظ سے آپ شامل ہوگئے تو ایکدو گھنٹہ سے زیادہ نہ بیٹھینگے وجہ اسکی یہی ہے کہ مناسبت اور موافقت نہونے کے سبب باہمی میل جول سے فریقین کو فرحت اور خوشی حاصل نہین ہوتی اور یہہ قدرتی قاعدہ ہے کیسکا بنایا ہوا نہین کیونکہ ہم دیکھتے ہین کہ شیرخوار بچہ جو اپنے والدہ کے آغوش سے باہر نہین نکلتا جب اپنے ہم جنس کو دیکھہ لیتا ہے تو بلاتحریک اسکے پاس جانیکی کوشش کرتا ہی یا یہہ چاہتا ہی کہ دوسرا بچہ اسکے ساتھہ آنکر کھیلے اور یہہ ایسی کافی نظیر ہے کہ منطقی دلائل سے اسکے ثابت کرنیکی حاجت نہین —

خصوصاً اہل ہنود مین جب لڑکی یا لڑکے کی شادی کیجاتی ہے تو ماں باپ عمر کا چندان لحاظ نہین کرتے اور اس بے احتیاطی سے نہ صرف گناہون کی ترقی ہوتی ہے بلکہ

ایسے میان بی بی کی اولاد مین جنکی عمر مین بہت فرق ہو کئی نقص رہ جاتے ہین اور کئی بیماریون کی استعداد انمین موجود رہتی ہے ہم روزمرہ دیکھتے ہین کہ چالیس پچاس سال کے عمر کے آدمی بارہ چودہ برس کے لڑکیون سے شادی کر لیتے ہین نہ لڑکی کی والدین کو اپنے عزت وحرمت کا خیال ہوتا ہے نہ دولھا کو اپنے عمر و قوت کا لحاظ غرض جانبین آنکھین بند کرکے شادیکی رسم و رسوم بخوشی پورے کر لیتے ہین اور دولھا دولھن کی خوشنودی کا خیال کسیکو نہین ہوتا لڑکی کے والدین تو ایسے آنکھین بند کر لیتی ہین کہ الامان انکے دلمین تو ذرا خوف خدا اور رحم نہین اتنا بھی نہین سوچتے کہ اس معصوم کو اس پیر کہن سے کیا نسبت ہی اور یہہ کیونکر اپنی زندگی بخوشی ابسر کریگی اور معصوم کو کیونکر گرگ کہن کی صحبت پسند آئیگی کیا ماں باپ کا یہی فرض ہے کہ اپنے صغیر سن لڑکی کو ایک عمر رسیدہ آدمی کے گلے منڈہ دین۔ کیا انہون نے اپنے زعم مین فرائض مادری و پدری سے فراغت حاصل کی۔ کیا انہون نے آج خالق کا منشا پورا کیا اور اپنے حقوق سے سبکدوش ہوے۔ نہین ہرگز نہین۔ یہہ شادی نہین بلکہ والدین نے اپنی ہاتون عزیز بیٹی کو ایسی سزا دی جو سزا دائم الحبس سے کئی درجہ بڑہ کر ہے۔ اس شادی کا پہلا پھل یہہ ہوگا کہ میان بی بی مین نا اتفاقی ہوگی بی بی میان کی صورت دیکھ میکہ مین ہوگا رہنا پسند کریگی لیکن سسرال کی ماں کی بہنی جو بڑی منظور نکریگی میان گھر ویران دیکھکر سر پیٹین گے اور قسمت کو روئینگے اور والدین کی آنکھین کہلینگے (جو صاحب شرم و حیا ہوے تو) اور اپنی نادانی پر افسوس کہا ئینگے غرض دونو گہرون مین ساری عمر یہی رونا پٹنا رہیگا۔ اگر لڑکی ذرا عقلمند ہوئی تو اسنے یہہ سمجھ لیا کہ قسمت کا لکہا تو ملگیا اب بجز صبر چارہ نہین یہہ زنجیر ایسا نہین کہ قبل از موت ٹوٹے جسطرح ہو اب سسرال ہی مین گذارا کرنا میرے حق مین بہتر ہے تو تو میان کی خوش نصیبی سمجھنی چاہئیے (ایسے خوش نصیب بہت کم ہوتے ہین)

گو بی بی کو میان سے دلی محبت نہوگی اور نہ میان کو حقیقی خوشی نصیب ہوگی تو بھی اُس شخص کی چندروزہ زندگی پہلے کے نسبت چین سے گذریگی اب اگر میان صاحب کے قوے درست ہوے تو جیون تیون کئے دن کٹ جاوینگے نہ ایسی قیامت برپا ہوگی کہ میان اپنے پسینہ مین آپ ہی ڈوب مرینگے گھر گھر انکی جوانمردی کا چرچا ہوگا نفرت سے میان بی بی مین جنگ وجدل شروع ہوگا سسرال تک خبر پہونچے گی رفیق و آشنا ملامت کرینگے اور علاج و معالجہ کی صلاح دینگے اگر باوصف عقلمندی کے بی بی پاکدامن ہوئی تو جنگ وجدل پر ہی خیر گذریگی ورنہ ماں باپ اور خاوند سب کی عزت خاک مین ملجائیگی - اگر خوبی قسمت سے بی بی مین عقل اور پاکدامنی دونو جوہر ہوے (کلجگ مین یہہ خوبیان کہان لیکن فرض کیجیے) تو محلہ کی عورتین اولاد کیواسطے اس نیک بخت کو کچھہ کچھہ تجویزین بتلائینگے آخر کو صحبت کا اثر بہت بڑا ہوتا ہے امید نہین کہ وہ ناتجربہ کار عورت پہلے سیرت اور چلنے پر قائم رہے اور جب وہ دو جوہر اوسمین نہ رہے تو جو جو خرابیان اس عورت سے ظاہر ہونگی انکی تشریح کی ضرورت نہین (کیونکہ ہمارے مضمون سے انہین تعلق نہین) قطع نظر ان سب عیوب کے اگر ہم عورت کو بے عیب فرض کرین اور اسیا تھا ہی تصور کرین کہ خدا کی عنایت سے شیخ صاحب کے گھر مین بال بچہ پیدا ہوے تو اسحالت مین اولاد کی صحت مین جو جو نقص ظاہر ہونگے انکی تفصیل ہم ذیل مین نذر ناظرین کرتے ہین -

واضح رہے کہ کبرسنی کے باعث حسب قاعدہ جیسے ہر قوت مین ضعف واقع ہوتا ہے ویسے ہی مرد کی تخم کی عمدگی (یعنی منی کی) اور قوت گھٹ جاتی ہے اور اس گھٹیل تخم سے جو کچھہ پیدا ہوتا ہے (خواہ لڑکی ہو یا لڑکا) وہ بھی ناقص - چاہیئے ایسے بچون کی پرورش اور حفاظت مین زیادہ سے زیادہ کوشش کیون نہ کی جاے

مگر انکے جسم کی بالیدگی اور قوتون کی ترقی ایسی دہیمی اور سست ہوتی ہے جیسے خشک اور ویران زمین کے پودہ کی ہوا کرتی ہی جو ادنے گرمی وسردی سے مرجہا جاتا اور زرد ہوجاتا ہے اور ایکدن پانی نہ ملنے کی باعث اسکے پتے جہڑ جاتے ہین اور سوکہے لکڑیون کے سوا کچہہ نظر نہین آتا - یہی حالت بوڑہون کے اولاد کی ہوتی ہے اول تو مشائخ کی اولاد نرینہ کم ہوتی ہے اور جو ہوی بھی (خواہ نر ہو یا مادہ) وہ جنم روگی اور بالکل نقیہ دوم ایسے والدین کے بچّہ جنکے عمر مین فرق ہو اکثر مرض خنازیر مین جلد تر مبتلا ہوجاتے ہین اور یہہ نقص عمر مین زیادہ فرق ہونیکے سبب سے پیدا ہوتی ہین خدا ہمارے ہموطنون کو دور اندیشی اور سوجھ عطا کرے اور ہدایت کرے کہ وہ ایسے ایسے رسم ورواج کی ترک کرنیکی بدل کوشش کرین جسمین انکا اور انکی اولاد کا صریح نقصان ہے اسموقعہ پر ہم مرد وعورت کی عمر مین تناسب بھی بیان کرنا مناسب سمجہتے ہین تاکہ عوام کو پورا پورا فائدہ حاصل ہو - اگرچہ تعین عمر کی بارہ مین حکیمون نے زیادہ سعی نہین کی مگر تجربہ اور دیگر امور کے لحاظ سے معلوم ہوتا ہی کہ مرد وعورت کی عمر مین قرب بہتر ہی لیکن ایسا قرب جو مساوات کا حکم رکہتا ہو مناسب نہین بہر حال عورت کی عمر مرد سے ۵ - ۶ سال کم اور مرد کی عمر عورت سی ہمیشہ کسیقدر زیادہ ہونی چاہئے مثلاً مرد کی عمر اگر بیس سال کی ہو تو عورت کی عمر ۱۵ سال کی ہونی چاہئے اور جو اس اندازہ سے ایک آدہ سال کی کمی بیشی ہو جاوی تو بھی مضایقہ نہین لیکن دوگنا فرق یا اس سے کسیقدر کم کسی صورت مین جائز نہین - اخیر مین ہم مسلمان بہائیون سے بھی درخواست کرتے ہین کہ وہ اس مفید قاعدہ کے پابندی لازمی سمجہین اور اپنے ہمسایون کی پیروی چہوڑ دین (مثمول مسلمانون مین خصوصاً دولہا دلہن کی عمر کا لحاظ نہین کیا جاتا) ہان اگر کسی مفید کام مین انکی تقلید کرین تو مضائقہ نہین فقط

راقم حافظ فخر الدین ایڈیٹنگ پروپرائٹر حافظ صحت لاہور

حفظ صحت

بقیۂ مضمون پانی

اب ہم پانی کو اون جگہون کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ بیان کرتے ہین جہان سے وہ لائے جاتے ہین اور ہر ایک مقام کے پانی کے خوبیان اور مضرتین ترتیب وار مندرج ذیل کرتے ہین –

بارش پانی مہیا کرنے کے لئے ایک بہت بڑا وسیلہ ہی – جتنے دریا ہین وہ سمندر مین گرتے ہین اور اسپر بھی سمندر خوب پر نہین ہوجاتا ہے – اسکا سبب یہہ ہے کہ جہان سے دریا جاری ہوتے ہین پہر وہین واپس جاتے ہین –

جب آفتاب کی شعاعین پانی پر پڑتی ہین تو اونکی گرمی سے پانی بصورت بخار اوپر چڑہتا ہی اور ہوا اوپر جاکر بارش اور برف اور اوس کی شکل مین متبدل ہوجاتا ہے اور زمین پر گرتا ہے – جب پانی برستا ہی تو بہت سا دریاؤن اور نالابون اور ندی نالون مین چلا جاتا ہے اور بہت سا زمین مین جذب ہوجاتا ہی اور زمین کو تر کرتا ہے اور کنوؤن اور چشمون کو ترقی دیتا ہے – جہان بہت سردی ہوتی ہے جیسے کہ کوہ ہمالہ کی چوٹی ہے وہان پانی برف کی شکل مین آسمان سے آتا ہی اور گرمیون کے موسم مین پگل جاتا ہے برسات کے دنون مین ندی نالے چڑہجاتے ہین دریا طغیانی پر ہوتی ہے اور کنوے اور چشمے پر ہوجاتے ہین اور گرمیون کے موسم مین دریا اور تالاب اوتر جاتے ہین بلکہ سخت گرمیون مین بالکل خشک ہوجاتے ہین –

پس اسطرح سے پانی چکر کہایا کرتا ہے اور بار بار گھوما کرتا ہی یعنی جب پانی برستا ہی تو وہ بذریعۂ دریاؤن کے سمندر مین جاتا ہی اور پہر وہان سے بخار ہوکر اوپر چڑہتا ہے اور اوپر سے زمین پر گرتا ہے اور وہان سے پہر دریا

نالے اور ندی کے وسیلہ سے سمندر مین جاتا ہی

تمام قسم کے پانیون سے جو اپنی طبعی حالت مین پائی جاتے ہین آب بادان نہایت صاف اور پاکیزہ ہوتا ہے - لیکن جب وہ پہلے آسمان سے آتا ہی و مکانون کی چھتون اور زمین پہ گرتا ہی اور وہان سے براہ پرنالون اور موریون اور نلون کے تالابون اور دریاؤن مین بہہ جاتا ہے اور وہان جمع ہوتا ہے - اس صورت مین اسمین طرح کی غلاظت اور کسافت پانی مین مل جاتی ہین جو اوسکے راہ مین واقع ہوتی ہین - اسواسطے بارش کا صاف پانی لینے کے لیے صاف اور پاکیزہ برتن رکھدین اور پانی سیدھا انمین آسمان سے گرے - اسپر بھی اس پانی مین جو آسمان سے سیدھا صاف برتنون مین آتا ہی اور اوسمین کوئی غلاظت نہین ہوتی ہے کاربونک ایسڈ شریک ہوتا ہے اور جب پانی برستا ہی تو وہ کرہ ہوا مین سے کاربونک ایسڈ کو جذب کر لیتا ہے - برسات کے پانی مین چھوٹے چھوٹے ذرے نمک کے بھی پائی جاتے ہین جسمین نوسادر شریک ہوتا ہی اور جو پانی سمندر کے قریب برستا ہی اوسمین عام نمک بھی محلول ہوتا ہے جو پانی بادلون کے بہت گرج اور کڑک کے ساتھہ برستا ہی اوسمین شورہ کا تیزاب بہت قلیل مقدار مین پایا جاتا ہی اور غالبًا یہہ شورہ کا تیزاب کرہ ہوا کے قوت برقی کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے -

شیخ بو علی سینا بھی اپنے کتاب قانون مین بارش کے پانی کو تمام دوسرے قسم کے پانیون پر ترجیح دیتا ہے اور کہتا ہی کہ عمدہ پانی کے قسم سے آب باران ہے خصوصًا جو گرمیون مین برسے گرجتے ہوے بادل سے اور جو پانی ایسی بدلی سے برسے جسکے ساتھہ سخت ہوائین چلتی ہین اوسکے بخار مین کدورت ہوتی ہے اور جو پانی ایسے ابر سے ٹپکتا ہے اوسمین بھی کدورت ہوتی ہے پس جو ضرر اس پانی

خالص نہین ہوتا بلکہ مغشوش ہوتا ہے - عفونت آب باران مین بہت جلد آجاتی ہے اگرچہ یہہ پانی جمیع اقسام آب سے بہتر ہے اسکی وجہہ یہہ ہے چونکہ رقت اسمین زیادہ ہوتی ہے مفسد ہوا اور ارضی اسمین جلد اثر کرتا ہے اور اسکی عفونت سے اگر استعمال کیا جاوے بعض اخلاط پیدا ہوتے ہین اور آواز اور سینہ کو بہت ضرر کرتا ہے - ایک قوم نے جلد متعفن ہونا اسوجہ سے تجویز کیا ہے کہ اسکی پیدائش ایسے بخارات سے ہوتی ہے جو مختلف رطوبات سے اوٹھتے ہین اور اگر یہی بات صحیح ہو تو آب باران لایق مذمت کے ہوا اور عمدہ اقسام مین شمار نکیا جاوے بلکہ سبب یہی ہے کہ اوسکے جوہر مین لطافت زیادہ ہوتی ہے اور جوہر لطیف کا قوام قابلیت انفعال کی زیادہ رکھتا ہے - اگر آب باران کو آگ پر چڑھا کر جوش دین پھر عفونت کو کم قبول کرتا ہے اگر ترش چیزین کھائی جائین اور آب باران کے پینے کی ضرورت ہو جو قابل عفونت ہے تو اسوقت اسکے ضرر سے امان ہوتی ہے "

بارش کے پانی کے بعد دریا کا پانی صاف ہوتا ہے - اکثر بڑے بڑے دریاؤن مین اچھا پانی ہوتا ہے - برسات کے دنون مین انکا پانی بباعث اسکے کہ بذریعہ آب باران اسمین مٹی بہکر جاتی ہے گندلا ہو جایا کرتا ہے - یہہ گندلا پانی کچھہ دیر برتن مین رکھنے سے صاف ہو جاتا ہے اور اسکا میل تہہ نشین ہو جاتا ہے یا ذرا سی پھٹکری ڈالنے سے ایسا پانی جلد صاف ہو جاتا ہے - جو پانی جنگلون اور دلدلون مین سے بہکر آتا ہے اسمین اکثر سڑے ہوے نباتات اور دیگر مردہ چیزین شامل ہو جاتی ہین اگرچہ وہ بظاہر صاف اور پاکیزہ دکھائی دیتا ہے اور ایسے پانی پینے سے بخار اکثر پیدا ہوتا ہے - اگر کسی کو ایسا پانی پینے کا اتفاق ہو اور اسکو کوئی دوسرا پانی میسر نہ آوے تو چاہیے کہ اس قسم کے پانی کو جوش دیوے تاکہ اسکا زہر

سب دفع ہوجاوے۔

دریا کا پانی کپڑے دہونے اور جانوروں کو نہلانے سے خراب ہوجاتا ہے جس جگہہ سے پینے کے واسطے پانی لیاجاوے اوس جگہہ پر کپڑے دہونے اور جانوروں کو نہلانے کی سخت ممانعت کرنا چاہیئے۔ بلکہ کپڑے دہونے وغیرہ کے لئے ایسی جگہہ مقرر کرنا چاہئیے جو بہت دور پر اوسطرف کو ہو جدہر دریا بہتا ہی اسواسطے کہ اونکی غلاظت اودہر بہکر چلے جاوگی اور سطرف نہین آئیگی

اکثر لوگ دریا کے کنارون اور اوسکے متصل پایخانہ پہرتے ہین اور بارش کا پانی اس غلاظت کو بہاکر دریامین لیجاتا ہی۔ مردون کو دریامین ڈالتے ہین اور اکثر اون لوگون کی لاشین بہی دریامین ڈالی جاتی ہین جو بعارضہ متعدی یعنی ہیضہ اور چیچک مرتے ہین اور بہت لوگ اپنے مردون کو جلاکر اونکی راکہہ کو دریامین بہاتے ہین۔ اور اکثر دریاؤن کو لوگ تمام غلاظت اور کثافت ڈالنے کی جگہہ خیال کرتے ہین۔ اور علاوہ ازین شہر کی موریان اور قصاب خانون اور چہوٹے کارخانون کی کثافتین سب دریامین بہکر جاتی ہین۔

اسطرح سے بڑے بڑے دریا خراب ہوجاتے ہین اور بہت بڑا نقصان جب ہوتا ہی کہ ایک بہت چہوٹا چشمہ ہو جسکا پانی بہتا نہ ہو اور وہان اس قسم کی غلاظت اور کثافت پائی جائین۔ بہتا پانی ہوا کے وسیلہ سے آہستہ آہستہ خودبخود صاف ہوتا رہتا ہی۔ اسواسطے لازم ہے کہ دریا کے پانی کو صاف رکہنے کے لئے تدبیرین کیجاوین ورنہ صدہا امراض پیدا ہوکر اوس مقام کے باشندون کو ہلاک کرینگے

اس شہر حیدرآباد دکن مین بہی جو ایک خشک ملک ہے ایک چہوٹی خشک سی ندی جسکو موسی ندی بولتے ہین بیچ آبادی مین ہوکر ادہر وادہر واقع ہے۔ یہہ ندی ہمیشہ

رہتی ہے اور کہین کہین ذرا ذرا سا پانی نظر آتا ہے لیکن جب بارش ہوتی ہے تو
ایکبارگی یہہ پانی سے پر ہوجاتی ہے اور وہ ایک دن خوب جوش مارتی ہے بلکہ کبھی کبھی
ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ بعد ہی چند ساعت کے وہ اتر جاتی ہے ۔ اس ندی کا پانی پینے
اور پکانے کے کام کا ہرگز نہین اور نہ لوگ اوسکو اس مصرف مین لاتے ہین ۔ یہہ
ندی معادن غلاظت اور کسافت ہے ۔ لوگ بیچ آبادی مین اسکے کنارون پر پیخانے
پھرتے ہین اور دہیڑ اور چمار اپنے مردون کو اسکے کنارون پر کچھہ زمین کھودکر
گاڑتے ہین ۔ اور دوسری قومین اپنے مردون کو یہان جلاتے ہین اور مسلمانون
کے چند قبرستان بہی اسکے قریب ہین ۔ اور اکثر شہر کی غلاظت اور کسافت بہی
یہان ڈالی جاتی ہے اور شہر کے بڑے بڑے بدررو ئین بہی یہان اکر اسمین شامل
ہوتی ہین ۔ غرضیکہ اسکے کنارون پر جو بیچ آبادی مین واقع ہین تمام کثافتین
اور سڑی ہوی چیزین جمع رہتی ہین اسواسطے کہ یہہ ندی مثل جمنا اور گنگا کے
عمیق اور پر از آب نہین جو تمام میلی چیزون کو بہاکر لیجا دے ۔
پس جب یہہ معلوم ہوا کہ یہہ تمام غلاظتین اوسکے کنارونکی
آبادی کے بیچ مین پستہ پڑے رہتے ہین اور بہت کم بہکر جاتے ہین تو صاف
ظاہر ہے کہ وہ تری کے ذریعہ سے بہت جلد سڑینگے اور ادنین سے طرح طرح کی
خراب گیسین یا ہوائین مثل کاربونک ایسڈ ۔ سلفیٹ ۔ ہاذروجن ۔ فاسفرس
اور دیگر چیزین مضر صحت انسان پیدا ہونگے اور وہ کرہ ہوا کو بہت متعفن اور خراب
کردینگے جسکا نتیجہ امراض وبای اور دیگر امراض متعدی کا پیدا ہونا نکلیگا اور
صد ہا آدمیون کی جانون اور صحت مین خلل آویگا ۔ اسواسطے مناسب ہوکہ جہانتک
ممکن ہو اسکے کنارون پر شہر کے اس پاس کسی قسم کا کوڑا کرکٹ وغیرہ ۔ مردے یا و

بلکہ آبادی سے دور بغیر نذا لیقہ ہیں۔

پانی تالاب و چشمہ کا

تالاب اور چشمہ کے پانی کی بہت بڑی خبرداری کرنا چاہیئے اور ہمیشہ انکو صاف رکہنا چاہیئے کیونکہ ان مین پانی مثل دریا کے بہتا ہوا نہین ہوتا ہے اسواسطے انکا پانی بہت جلد خراب ہوجاتا ہے۔ لوگ انمین نہاتے ہین اور منہ دہوتے ہین اور نجاست ہوسکتے ہین اور اپنے کپڑون اور کہانا پکانے کے برتنون کو اسمین دہوتے ہین اور انکے کنارون پر پاخانہ پہر کر انمین آبدست لیتے ہین اور اکثر انہین مویشی بہینس سور وغیرہ جاکر پڑے رہتے ہین۔ بعض وقت گانون اور دیہات وغیرہ مین لوگ انہین درختون کو ہنگو سے رسکہتے ہین باوجود ان سب باتون کے لوگ انکا پانی پینے اور کہانا پکانے کے کام مین لاتے ہین۔

جو چشمہ اور تالاب گرمی کے موسم مین خشک ہو جاوے یا بہت کم رہجاوے اسکا پانی خراب ہوتا ہے۔ چہوٹے چہوٹے تالاب جو گہرون کے پاس ہوتے ہین انکو بہروا دینا چاہیئے اور گانون کے آدمیون کو چاہیئے کہ وہ سب ملکر ذرا آبادی سے دور ایک بہت گہرا تالاب کہودین اور اسکا پانی پیا کرین۔ تالابون اور چشمون مین مچہلیان رکہنا اور درخت آبی لگانا بہت مفید ہے لیکن گرے ہوے پتے اور مرجہاے ہوے اور سڑے ہوے درخت بہت مضر ہین کسی قسم کی غلاظت تالابون اور چشمون کے آس پاس نہونا چاہیئے تاکہ بارش کے پانی سے وہ بہکر انمین نہ چلے جاوے اور زمین مین ہوکر اونمین جذب ہوجاوے۔

اگر ممکن ہو تو ایک بڑا دوسرا تالاب جانورون کے نہلانے دہلانے کے لیئے علحدہ کہدوا دیا جاوے اور اسمین بہی اچہے پانی کی رعایت

ہونا چاہیئے - جو کپڑے غلیظ اور میلے پانی مین دہوئے جاتے ہین وہ انسان کی صحت کو مضر ہوسکتے ہین - جیسا کہ صاف پانی انسان کے لئے ضروری ہی اسیطرح وہ جانورون کے لئے بھی مفید ہے - جانور اکثر برے پانی کی وجہہ سے امراض مختلف مثل کرم وغیرہ مین مبتلا ہوجاتے ہین -

دریاؤن اور تالابون کے کنارے چہوٹے چہوٹے کنوے کہودنے سے اکثر اچھا پانی دستیاب ہوتا ہے اور پانی زمین مین چہن کر انمین آجاتا ہے

شیخ بوعلی سینا اپنی کتاب قانون مین کہتا ہے کہ بہتر قسم پانی کی چشمہ کا پانی ہے - مگر سب طرح کے چشمہ کا پانی افضل نہین ہے بلکہ اوس زمین کا چشمہ جو زمین سنگلاخ ہو جسکی مٹی پر کوئی حالت اور کیفیت غریب ایسی غالب نہو جو پانی مین اثر کرے یا زمین پتھرکی ہو کہ اوسمین قابلیت عفونت ارضی کی نہو مگر زمین سنگلاخ کا چشمہ سنگی زمین سے بہتر ہے پھر ہر ایک زمین سنگلاخ کا چشمہ بھی بہتر نہین ہے بلکہ وہ چشمہ جسکا پانی جاری ہو - پھر ہر ایک چشمہ جاری بھی زمین سنگلاخ کا اچھا نہین ہے بلکہ اوس زمین سنگلاخ کا جاری چشمہ جسپر دہوپ پڑتی ہو اور ہوا کے سامنے کہلا ہو اسصورت مین چشمہ جاری ایک فضیلت حاصل کرتا ہے اور جو چشمہ جاری ہو بلکہ راکد ہو دسکو موا جہت آفتاب اور ہوا سے ایسی حرارت حاصل ہوتی ہے کہ اگر اوسپر دہوپ نہ پڑے اور ہوا اوس تک نہ پہونچے اتنی حرارت نہین ہوتی ہے -

یہہ بھی جاننا ضرور ہے کہ جو چشمے مٹی پر جاری ہون اونکا پانی اون چشمون سے بہتر ہوتا ہے جو پتھرون پر جاری ہین اسلئے کہ مٹی پانیکو صاف کردیتی ہے - باقی آئیندہ - محبوب حسین

اخلاق

قانون سخن

جب ہم تنہائی مین بیٹھکر کبھی اپنے قوم کے اخلاق اور عادات پر ذرا غور کرتے ہین اور اوسکے اخلاق اور برتاؤ کو دوسرے قومون کے عادات اور اطوار سے مقابلہ کرکے دیکھتے ہین تو ہمکو زمین اور آسمان کا فرق معلوم ہوتا ہے اور ایک آہ سرد دل پردرد سے بے ساختہ اوٹھتی ہے اور زبان پہ بجز ہا افسوس کا لفظ آتا ہے اور دل مین خیال آتا ہے کہ یا تو کسی زمانہ مین ہم تہذیب اخلاق نیک عادات ۔ شایستگی مین ضرب المثل تھے یا اب ایک یہہ زمانہ ہے کہ اخلاق درست ہونا تو کجا اخلاق کے معنی تک نہین سمجھتے اور اچھی عادتین تو کہان روزمرہ کے برتاؤ مین ہی قصور ہے اور شایستگی تو کیسی سب کی آنکھون مین حقیر اور وحشی اطوار مشہور رہین —

سچ تو یہہ ہے کہ ہمنے اخلاق کو درست کرنا اور اچھی عادتون کو سیکھنا بالکل ترک کردیا اور ہمکو اچھے برے مین مطلق تمیز نہین ہی نہ ہمکو بات کرنے کا سلیقہ رہا اور نہ لوگون سے ملاقات کا ڈھنگ معلوم رہا ۔ نہ غمی و شادی کے آداب سے آگاہ ہین اور نہ یار و آشنا کے ساتھہ برتاؤ رکھنا جانتے ہین ۔ بات چیت کی تمیز جلسون اور مجلسون مین موقعہ کی گفتگو کرنا بالکل چھوڑ دیا ہے —

چونکہ اخلاق انسان کے لئے ایک زیور ہے جسکے بغیر اور حیوانون سے بھی بدتر ہے اور کج اخلاقی اور بدتمیزی کے مضرتین کثیر ہین اسواسطے لازم ہی ہر محب قوم اور خیر خواہ ملک پہ فرض ہے کہ وہ عمدہ اخلاق اور اچھی عادتونکو

غلطی کی ہین اوسوقت چار مینار کے پاس تہا لیکن عمرو بھی وہان تہا وہ اسبات کو
کہہ سکتا ہے - تاہم مجھکو یقین ہے کہ یہہ بات اوسہی وقت ہوی کیونکہ مین چار مینار کے
پاس ایک دوکان پر شام کو چاے پیتا ہون - خیر کچھ مضایقہ نہین یون ہی ہوگا - "
اس قسم کی باتین محض بے فائدہ اور فضول ہین اور اس سے سننے والیکو ایک بار معلوم
ہوتا ہی اور اگر متکلم کسی وجہہ سے گفتگو بند کردے تو کچھ مطلب نہ معلوم ہوگا - اسی طرح
وہ لوگ بھی لغو اور فضول گو ہین جو دوسرون کی بات کاٹتے ہین اور ایک شخص کو بیچ
مین بات کہنے سے باز رکہتے ہین اور فضول اپنے دلائل بے فائدہ اوسکی کسی بات کے
رد کرنے مین لاتے ہین مثلاً اگر کوئی شخص کہتا ہے کہ " مین نے آج صبحکو زید سے نزدیک
ملاقات کی تہی اور وہ مجھکو بازار مین چار مینار کے پاس ملے تہے " تو ایسا شخص
جو بات کو بیچ مین سے کاٹتا ہے کہنے لگتا ہے کہ " قصور معاف ہو جناب مین آپکی
مخالفت نہین کرنا چاہتا ہون - تو آج تو سنیچر کے بعد مجھکو افضل گنج مین ملے تہے -
ف ۵ بعضے لوگون مین یہہ بات عادتی ہے کہ جسنے وہ باتین کرتے ہین اونکا ہاتہ
پکڑ لیتے ہین یا اون کے کندھے پر ہاتہ رکہتے ہین یا اون کے شیروانی کا بوتام
چہوتے ہین تاکہ مخاطب اون کی بات کو خوب سنے - اور غالبًا ایسا متکلم خوب
جانتا ہے کہ اوسکی باتین لوگون پر بار ہوتی ہین - اسواسطے آدمی کو چاہیے کہ
ایسا کبھی نہ کرے - اگر وہ شخص جس سے تم باتین کرتے ہو تمہاری باتین اس خوشی سے
نہ سنے جس خوشی سے تم اوس سے کہتے ہو تو بہتر ہے کہ تم باتین کرنے سے اوسوقت
باز آو کیونکہ اگر تم اوسکو ایک مرتبہ اپنے باتون سے پریشان کروگے تو بار ثانی
وہ تمہاری باتین سننے سے اجتناب کریگا -
ف ۶ : بعضے لوگون مین یہہ عادت ہوتی ہے کہ جب وہ باتین کرتے ہین تو

مخاطب کو ڈہکیلتے ہین یا ایکطرف کو دہکا دیتے ہین اور ہر فقرہ کے اخیر مین اوس سے یہہ پوچہتے جاتے ہین کہ "کیا یہہ سچ نہین ہے" "تم جانتے ہو کہ مینے تم سے ایسا کہا تہا" "تمہاری کیا راے ہے" اور اسیطرحکے سوال کرتے جاتے ہین - یا کبہی اپنے مخاطب کو جس سے وہ باتین کرتے ہین کہونی سے دکہاتے جاتے ہین - خدا کے واسطے ایسی حرکت سے پرہیز کرو اس عادت سے لوگ تمہاری صحبت کو ترک کرینگے ۔

ف بہت باتین کرنے والے لوگ جنکو بکی کہتے ہین اکثر کسی بیچارے آدمی کو جلسہ مین بنانے لگتے ہین یا اوس سے تمسخر شروع کرتے ہین اور یہہ لوگ اکثر اوسی غریب بیچارے کو زیادہ بناتے اور چہیڑتے ہین جو اوس جلسہ مین زیادہ خاموش یا چپ ہوتا ہے - یا اونکے قریب بیٹہا ہوا ہوتا ہی - لگا تار ایک گہنٹہ تک یہہ بکی لوگ اوس غریب کو بناتے ہین اور آپسمین اوسکا ذکر کہس پس کرتے ہین اس حرکت سی زیادہ کوی بات خلاف تہذیب نہین ہے - اگر کوی ان بے رحم فضول گو لوگون مین سے تمکو بناے اور تمسخر کرے اور تم اوسکو شرمندہ کرنا چاہو تو مین تمکو نصیحت کرتا ہون کہ تم اوسکی باتون کو جو وہ تمہارے بنانے اور چہیڑنے کے لئے کہے چپ چاپ بیٹہے ہوے سنو - اور ایسا ہی کرنا چاہئے کیونکہ اگر یہہ نکروگے تو اس سے زیادہ اور کیا کرسکتے ہو کہ وہان سے اوٹہکر چلے آو یا کسیطرحکا طیش مین تکلم مین ظاہر کرو ۔

ف دوسرون کی باتون مین دخل دینا ایک بہت بڑی ناپسندیدہ حرکت ہے اور ایسے لوگ صحبت کے قابل نہین ہین - اس سے بڑہکر کوی بات خلاف تہذیب اور بیہودہ نہین ہے کہ دوسرے کے موہنہ سے بات لیلین اور خود گفتگو کرنے لگین

مشتہر کرے - یہہ خیال کرکے اس خادم قوم نے بھی چند قاعدے بات چیت کرنے کے جو اچھے معلوم ہوے کتابون سے انتخاب کرکے درج ذیل کئے ہین - وہو ہذا -

بات چیت کرنے کے عمدہ قاعدے

ف ۱ اکثر بات چیت کرو مگر لگا تار باتون کی جھڑ نہ باندھو - شاید جن لوگون سے تم باتین کرتے ہو وہ سنتے سنتے تھک جائین - کیونکہ بہت کم ایسے لوگ ہوتے ہین جو کسی چیز کو ایسی خوبی سے بیان کرسکتے ہین جس سے سننے والے ایک عرصہ تک مخاطب رہین اور اونپر بار نہ گذرے عموماً بات چیت عجز و انکسار کے ساتھہ کرنا چاہئے جہان تک ممکن ہو باتین بامعنی اور پرمطلب ہون اور جلسہ اور صحبت کے خلاف اور تضحیک آمیز نہ ہون -

ف ۲ جلسے اور مجلس مین کہانی یا حکایت بیان کرنے سے اجتناب کرو مگر بشرطیکہ وہ بہت مختصر ہو اور ہمارے مطلب کے مناسب اور برمحل ہو - اور اگرچہ وہ حکایت مختصر ہو لیکن اسبات کا خیال رکھنا چاہئے کہ جہان تک ہوسکے اوسکو چند لفظون مین بیان کرو اور اوس حکایت مین دوسری حکایت شروع نکرو اور بات چیت مین پیشتر حکایت شروع کرنے کے مخاطبون سے معافی مانگو تاکہ معلوم ہو کہ تم خود کہانی اور حکایت بیان کرنے سے نفرت کرتے ہو لیکن اوسکی اختصار کی وجہ سے ترغیب ہوتی ہے اور اگر تمہاری حکایت مین کوئی بات ہنسی کی ہو تو خود اپنے آپ پہلے نہ قہقہہ مارو اس سے اوسکا مزہ جاتا رہتا ہے - طول وطویل حکایت سے زیادہ کوئی شئے ناقابل پسند اور لغو نہین ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حکایت کہنے والا غبی اور لغو مزاج کا آدمی ہے اور غور و فکر کا عادی نہین ہے اور اس حرکت سے بڑھکر کوئی بات لغو اور قابل تبسم نہین کہ حکایت بیان کرنا اور خود ہنسنا تاکہ اوسکی

تعریف معلوم ہو۔

ن۳ گفتگو مین ایک بات کو بار بار نہ کہو اور کسی الفاظ کو مثلاً "وہ کہتا ہے" اور "وہ کہتی ہے" دہورا دہورا کر نہ کہو۔ بعض لوگ ان الفاظ کو ایسا زیادہ دہوراتے ہین کہ مخاطب کا دہیان اوس بات سے باطل ہوجاتا ہے اور اسکی مثال ایسی ہے جیسے کہ ارگن باجی مین کوی سور برابر بجتا ہوا ور وہ اوس گیت یا راگ کو خراب کردے جو اوسمین گایا جاتا ہو۔

ن۴ جملہ معترضون سے یعنی ایک بات کہتے کہتے دوسری باتین شروع کرنے سے بہی اجتناب کرنا چاہیئے جو بات یا حکایت مسلسل بیان کی جاتی ہے وہ بہ نسبت اسکے ہمیشہ اچہی معلوم ہوتی ہو کہ بیچ بیچ مین سے اصل مقصد کو چہوڑ کر دوسرے قصے بیان کئی جاتی ہین مثلاً کتنا برا معلوم ہوتا ہے جب کوی شخص ایک بات بیان کرے اور اوسمین کسی دوسرے شخص کا ذکر آجاوے تو وہ یہہ کہئے "کہ جس شخص کا ذکر مین آپ سے کرتا ہون وہ زید کے لڑکے ہین جو محلہ افضل گنج مین رہتے ہین۔ آپ ضرور اونکو جانتے ہونگے اون کے بہای کے پاس ایک گہوڑا تہا جسکو اونہون نے پارسال کی گہوڑدوڑ مین جیتا تہا۔ اگر آپ اونکو نہین جانتے تو آپ کچہہ بہی نہین جانتے ہین" یا وہ یہہ کہئے کہ وہ صاحب طویل قد راست قامت اور بوڑہے ہین۔ اونکے سر پر لنبے لنبے بال ہین۔ کیا آپکو یاد نہین ہین" یہہ کلمے کسقدر بے فائدہ اور بے محل اور خلاف مطلب ہین اسیطرح اور بہی بے موقع گفتگو کے ڈہنگ ہین جو آجکل بکثرت استعمال کئے جاتے ہین جہوٹ نہ بولنے مین اسقدر احتیاط کرتے ہین کہ وہ حد اعتدال سے گذر جاتے ہین اور بے فائدہ باتین کرتے ہین مثلاً یہہ کہنا کتنا فضول ہے کہ "مجہکو یاد ہے کہ یہہ بات اوس وقت ہوی جبکہ مین اور میرا بہتیجا زید نامی چوک مین تہے۔ نہین نہین مین نے

فواید فلسفه

الحکمة تنادی العلماء باعلی صوتها وتخاطبهم بحقها فی محکمة العقل

فلسفه یعنی حکمت چه — وغایت وفایدهٔ آن چیست وسبب حقیقی حصول آن در عالم انسانی کدام چیز تواند بود وموجب اصلی انتشار آن در مسلمانان چه بوده باشد ونسخهٔ جامعه وگرامی نامه اش کدام است وپایان ونهایت اش کجاست آیا بتالیفات فارابی وابن سینا وتصنیفات ابن باجه وابن رشد وکتب شهاب الدین مقتول ومیر باقر داماد وصدرا وسایر رسائل وتعلیقاتیکه متعلق است بفلسفه کفایت حاصل می شود یا نه — اگرچه پیشینیان فلسفه را بعبارات شیرین وچست وچسپان تعریفها وتحدیدها نموده اند ولکن آن تعریفات بسبب اصطلاحات عجیبه وصعوبت ترکیب وغرایب وضع وبجهت تزئیل نفوس بامور بدیعهٔ الفاظ آنها مقصود بالاصالهٔ معلمین ومطلوب بالذات متعلمین ومحط انظار متفلسفین ومجال افکار متمنطقین گردیده است ومعانی ومفاهیم شان چنان متروک ومهجور شده که گویا معرفین را هرگز مقصد ومرادی از تعریفات خود بجز بحث جامعیت ومانعیت وذکر جنسی شامل وفصلی مانع نبوده است لهذا چشم از آنها پوشیده وقید عادت را اگرچه بر نفوس دشوار باشد برداشته میگوییم فلسفه خروج از مضیق مدارک حیوانیت است بسوی فضای واسع مشاعر انسانیت وازالهٔ ظلمات اوهام بهیمیه است بانوار خرد عزیزی وتبدیل عمی وعمش است به بصیرت وبینائی ونجات است از توحش وتبربر جهل ونادانی بدخول در مدینهٔ فاضلهٔ دانش وکاردانی وبالجمله صیرورت انسان است انسان وحیات اوست بحیات مقدسهٔ عقلیه — وغایت آن کمال انسانی است در عقل ونفس ومعیشت وکمال در معیشت ورفاهیت در زیست شرط اعظم است کمال عقلی ونفسی را وهمچنین سبب است از برای حرکات عقلیهٔ انسان وخروج آن از دایرهٔ حیوانیت وبهیمیت

موجبیت بجهت انتقال قبائل وامم از حالت بداوت و توحش بعالم حضارت و مدنیت
داوست علت اولای انتشار معارف وایجاد علوم واختراع صنایع وابداع حرف
زیرا انکه انسان در کمال معیشت خویش محتاج است بزراعت وغرس اشجار و حراست
اثمار و اقتنای حیوانات وصیانت آنها و انباط میاه وحفر انهار و انشار جسور وقناطر
وغزل و نسج بطوریکه شایان و دلپذیر بوده باشد و بنار عمارات برنهجیکه زیست
انسانی را شاید وحفظ صحت خویشتن ومعالجه امراض طاریه بر بدن خود ومجموع اینها
حاصل نمی شود مگر بقلع و قطع و کسر ونحت وتثقیب و رفع وحمل ونقل و تسویه وتعدیل
وموازنه ومعرفت فصول و ازمنه وحوادث جویه وشناختن طبایع اراضی وخواص
اقالیم وتاثیرات اهویه و دانستن امزجه مرکبات وفعل و انفعال بسایط وکیفیت تحلیل
وترکیب وادوات آن وچون قیام شخص واحد بدین امور متکثره متعسر ویا متعذر است
البته تعاون وتبادل در عمل که آنرا معامله می گویند ناگزیر خواهد بود پس کمال انسانی
در معیشت محتاج شد بجزئیات متکثره که حد و پایان ندارد لهذا واجب شد بر انسان
که جمع نماید آن جزئیات را در تحت قواعد کلیه و قوانین عامه وچون قواعد کلیه
در نزد او بسیار شد آنها را بر حسب تناسب وتلائم افراز نموده بتاسیس علوم وتبویب
فنون اشتغال ورزید چون فن فلاحت ونباتات وعلم حیوانات و بیطره وعلم هندسه
ومثلثات ومساحت وعلم حساب وجبر ومقابله وعلم طب وجراحت وتشریح وفیسیولوجیا
وخواص ادویه وکیفیت ترکیب آنها وعلم فلک وجغرافیه و اسطرلاب وقطع بحار وعلم معادن
وطبقات الارض وعلم طبیعت وجر اثقال واحوال میاه وحوادث جویه وعلم کیمیا که
عبارتست ازعلم تحلیل مرکبات وترکیب بسائط وخواص آنها وعلم تدبیر منزل وفن قوانین
تنظیمات بلدیه وسیاست دولیه وچون مقصود اصلی ازین فنون اعمال و

اشتغال بود سعی بلیغ نمود در تطبیق و توفیق میانه علم و عمل، بهر قدر که افراد انسان تزاید پذیرفت و حاجات در معیشت افزونی یافت این فنون را ترقی حاصل شده مسائل اش را روی بازده یاد و کثرت نها و آین بود که گفتیم علت اولای جل علوم و معارف و صنایع کمال در معیشت است و انسان را پس از آسایش اندکے در معیشت نظر توجه بجانب نفس خویش افتاده دانست که کمال معیشت با فساد اخلاق و تمامی اسباب راحت بدنیه با سوء ملکات باطنیه عین نقصان است چونکه جبون مضطرب از حوادث و کوارث متوهمه و شره مستسقی مبتلای بجوع البقر و حسود محزون از نعم غیر و غضوب ملتهب از زلات حقیره و بخیل محروم از لذائذ را اگر همه اسباب معیشت حاضر بوده باشد چه راحت در رفاهیت دست خواهد داد و لهذا بقوه فلسفه اخلاق فاضله را از ملکات رذیله تمیز داده تا آنکه بتجلیه و تخلیه اورا کمال نفسانی حاصل گردد و از برای مراقبه نفس خویش و محافظت ملکات مقدسه آن فن تهذیب الاخلاق اختراع نمود و چون عقل از اصلاح بدن و معیشت آن و تعدیل و تقویم اخلاق نفس پرداخت عطف عنان فکر را بجانب خویش نمود جویاے کمال منتظر و حیات حقیقیه و سعادت ابدیه و لذائذ معنویه خود گردید و بهدایت حکمت بحث از پیدایش و حقیقت خویش نموده و اسباب مشاعر و علل مدارک وارتباط آنها را بحساسات بدنیه طلب و نتائج و معلولات هر یکے را جویا و دواعی صلاح و فساد هر واحدے را خواهان و در فهمیدن علاقه عقول با بدان وارواح با جساد سعیهاے بلیغ بجا آورده در باعث اختلاف اخلاق امم و علت حصول هر خلقی را جداگانه دریافت نمود و مقتضی عروج و هبوط ملل را در مدنیت و علوم و معارف و صنایع موضوع بحث قرار داده و علل شرایع و بواعث تشریع را جویا گردید و عالم را محط فکر و نظر خود ساخته و در مبدأ و منشاء واصل و ماده و عوارض و حوادث و علل و معلولات او

بهیج عموم وخصوص تدبرها وتعمقها نموده واسباب تجاذب وتدافع وتقارب وتباعد وفعل وانفعال اجزاء عالم را تحقیق کرده وحرکات وبواعث آنها را استکشاف وموجب تکوین جراثیم نباتات وحیوانات ومقتضی تبدل آنها بهیأت منتظمه واشکال متقنه محکمه وغایت وجود آنها را آنقدر که حکمت مساعده نموده است فهمیده ودر بقا وسعادت خویشتن افکار دقیقه بکار برده پس از آن از برای جمع قوانین کلیه وضبط جزئیات متکثره ایکه متعلق بدین امور است فنونی چند وضع نموده است چون فن فلسفه عقلیه وفن فلسفه اخلاق وفن فلسفه تاریخ وفن فلسفه شرایع وقوانین وفن فلسفه اولی وحکمت علیا۔

وچون غایت حکمت معلوم گردید ظاهر وهویدا شد که سبب اولی وباعث حقیقی پیدایش آن در عالم انسانی اولاً حاجت ودشواری راههای معیشت انسان است وصعوبت زیست اوست چون سایر حیوانات وثانیاً عقل فطری وخرد غریزی است زیرا انکه قوام وحیات او بادراک اسباب وعلل ولذت ومسرت آن درکشف مجهولات ودانستن خبایای عالم هستی میباشد — واما موجب انتشار آن در مسلمانان پس باید دانست که افکار عالیه هر قومی بلکه هر شخصی برحسب ادراکات کلیه ابتدائیه آن قوم و آن شخص میباشد وادراکات کلیه ابتدائیه بمقدار معلومات جزئیه ومعلومات جزئیه باندازه ضروریات معیشت ووضع زندگانی ایشان خواهد بود واین مطلب از مقایسه طفل دهقانی بیچه شهری بوضوح خواهد پیوست بنابراین قومی که مشغول در بداوت وعریق در توحش بوده بصلابت [illegible] وخشونت معیشت در ملبس ومأکل ومسکن وطبیعت خود کرده باشد لامحاله لوازم معیشت وضروریات حیات وسامان زندگانی آن در نهایت قلت ودر زیست ومعیشت آن قوم قریب بعیش وزندگانی حیوانات خواهد بود وچون بدین رتبه خسیسه بوده باشد ودرین دائره

ضیقه حرکت وجولان نماید البته ادراکات جزئیه اش بدان نسبت اندک خواهد بود
و در وقتیکه ادراکات جزئیه که منشأ انتزاع است در نهایت کمی بوده باشد هرگز ادراکات
کلیه ابتدائیه منتزعه او بدرجه کثرت نخواهد رسید و هیچ وقت آن قوم صاحب افکار عالیه
نخواهد گردید بلکه در ادراکات نیز نزدیک بدرجه حیوانات خواهد بود و هر کسی را که
اندک المامی بفن تاریخ بوده باشد خواهد دانست که در قرون ماضیه و ازمان سالفه
هیچ امتی یافت نمی شد که ابعد از مدنیت و اعرق در بداوت و امکن در توحش
بوده باشد از امت عربیه و لهذا این امت را در ازمان غابره بغیر اشعار چندی
که بنای آنها بر تخیلات است معارف دیگری نبود و از حرکات فکریه عالیه
و ادراکات کلیه عقلیه و فنون حکمیه جلیله بالمره محروم بود تا آن زمانیکه مبدأ اول
و حق مطلق بواسطه برگزیده پیغمبر خود گرامی نامه فرستاد و در آن گرامی نامه
بعد از دعوت بوحدانیت و سپس طلب اعتراف بانبیا که مهابط حکمند
جهل و غباوت و عمی و عمش و اتباع ظنون و اوهام و پیروی تقالید را در مواضع
چند بذمائم مذموم و علم و حکمت و معرفت و تدبر و تفکر و بصیرت را بمدایح بلیغه
در مواقع بسیاری مدح نمود و مفاسد اخلاق رذیله را بآیات شافیه بیان و
منافع ملکات فاضله را بعبارات محکمه اشکارا ساخت و شرح احوال امم سابقه
را داده و در تلو آن جزای دنیوی استقامت و اعتدال و سزای عاجل
اعوجاج و انحراف هر یکی را از برای عبرت گرفتن ذکر فرمود و اساس
قوانین کلیه معاملات منزلیه و مدنیه را چنانچه موجب سعادت مطابقه کرد و تبیین
مضرات ظلم و تعدی که نتیجه توحش و تهور است توضیح کرد و گفت انسان که
انچه در زمین است از برای تو خلق شد پس ترهب مکن و از لذائذ آن متنعم

عدل بهرهٔ خویشتن بگیر و خود را از زینتی که بقا می آلی است محروم مساز و کملین در عقل
و نفس را که عبارت از صالحین بوده باشد ببلاغت همهٔ روے زمین نوید داد
و بالجمله در آن گرامی نامه بآیات محکمه جراثیم فنون حکمیه را در نفوس مطهره نهاد و راه
انسان شدن را بانسان وانمود و چون آن امت عربیه بران گرامی نامه ایمان آوردند
از عالم جهل بعلم و از عمی به بصیرت و از توحش بمدنیت و از بداوت بحضارت منتقل گردیده
احتیاجات خود را در کمال عقلی و نفسی و در معیشت فهمید و آن جراثیم واز و نهما اندک
اندک بالیدن گرفت و افکار ها در تزاید شد و عقلها در دوائر وسیعه عالم از برای
اکتساب کمالات در جولان آمد تا آنکه جماعتی در زمان منصور دوانقی ملاحظه نمودند
که قطع این مراحل و طی این منازل بے پایان بدون استعانت بافکار عقلای
مشارکین در نوع خالی از صعوبت و دشواری نخواهد بود و دانستند که تکبر نمودن در
تعلم بجهل راضی شدن است لهذا در عین شوکت و سطوت و عزت اسلام و مسلمین
بجهت شرف و رفعت علم و علو مقام آن به پیش اذل رعایای خود که نصاری و یهود
و مجوس بوده باشد سر فرود آورده اظهار فروتنی نمودند تا آنکه بواسطه آنها فنون
حکمیه را از فارسی و سریانی و یونانی بعربی ترجمه کردند و ازین معلوم شد که آن
گرامی نامه نخستین معلم حکمت بود مسلمانان را — و نسخه جامعه فلسفه این عالم کبیر است
که هر شخصے در وے حرفے و هر نوعے کلمهٔ و هر جنسی سطرے و هر عالم صغیرے صفحهٔ
و هر حرکتے و تغیرے و نثرے و حاشیهٔ از برای او میباشد و آین کتاب کبیر را
پایانی پیدا نیست و حروف و کلمات و سطور و صفحات آن بشمار بشر در نیاید و در هر
کلمهٔ بلکه در هر حرفے از آن آنقدر رموز و اسرار مضمر است که اگر جمیع حکماے
گذشته و موجوده را عمر نوح بودے و هر یکی در هر روز هزار رمز را حل و هزار سر را

کشف نموده باوجود این اکتناه آن عاجز و بر قصور خویش اعتراف کردند پس اگر
کسی دعوی آن کند که بدستش ورق پارینه که در دست دارد احاطه تامه بعالم نموده وهمگی
اسرار آن را فهمیده است البته آن مبتلا بجهل مرکب و یا مالیخولیا خواهد بود و این اخیر اقربست
بلی هر کس هر چه نوشته است بر حسب قوت و ضعف ادراک و حدت و انفلال بصیرت
خویش از روی کتاب عالم نوشته است و چون کمال انسان در عقل و در معیشت باندازه
علم اوست بکتاب عالم و حال او ظاهر شد پس کمال انسانی را حدی و نهایتی نخواهد بود
و لهذا واجب است بر هر شخصی بانفراده و بر هر امتی بهیئت مجموعه که آن نسخه جامعه را
از برای عروج بمدارج کمال عقلی و کمال در معیشت پیش نهاد خود کرده و در و بنظر بصیرت
غور نموده هر روز بهره تازه و حظی جدید استحصال نماید - و چون این مطلب آشکار شد
پس هر کس را ظاهر و هویدا گردید که فلسفه را حدی و پایانی نیست و اندازه ندارد و هر درجه
از درجات آن اگر فی حد ذاتها ملاحظه شود کمال است و چون بدرجه عالیتر نظر افتد نقص
شمرده می شود و توقف در درجه از درجات آن یا ناشی است از غفلت و ذهول
و یا از کوری جهل مرکب و یا از دون همتی و خست فطرت - و تالیفات حکمای اسلامیه
بقطع نظر از عدم کفایت اوصاف انصاف آنها از برای حصول کمال انسانی از چندین وجه
نقص و ناتمامی پیدا شده وجه اول آنست که مطالب مندرجه در ان کتب چنانچه فی نفس الامر
و الواقع در نزد حکمای یونان بود بر ما آشکار نگردید بلکه حکمای مسلمین آنها را
بزیور کمال و حلیه عصمت از خطا جلوه دادند و ابواب چون چرا را بر روی اذهان
صافیه بستند و سببش این بود که آنها اعتقاد نمودند براینکه فلاسفه اغریقیین یونانیین
همگی صاحب عقل مطلق و ارباب ملکات مقدسه و خداوندان قوای قدسیه و مکاشفات
حقه میباشند و افق مشاعر و مدارک آنها فوق افق مشاعر سایر انسانهاست و لهذا

اقوال آنها را مانند وحی آسمانی قبول نموده تقلید نمودند ایشان را در جمیع وادلہ چنانچه عوام تقلید میکنند پیشوایان خود را در مطالب و مقاصد حتی ابن سینا با جلالت قدرش در وقتیکه خواست مخالفت نماید مرشد خود ارسطوے اغریقی را در مسئلہ نفوس فلکیه این امر را بسیار بزرگ شمرده وحشت ودهشت بر و غلبه کرد و خوف و خشیت او را فرا گرفت و بجهت این اولاً با کل انفعال وتأثر اشارۂ خفیفۂ برأے جدید خود کرده پس از آن در جاے دیگر با غایت عجز و اضطراب آن را بیان نمود وملا صدرا را قوت اعتقاد بدان قوم بران داشت که کفر و زندقه والحاد را در حق آنها کمال شمرده در صدد محامات از ذیمقراطیس و تالیس و انباذقلس و ابیقور وغیره برآمد و هریک از اقوال ایشان را که صریح در انکار صانع بود تاویل نموده عذر هاے سست از طرف آنها آوردن گرفت و شهاب الدین مقتول دائره تقلید را وسعت داده اقوال زردشت را نیز با عتقاد تام بلا بینهٔ حقه وحجج صادقه پذیرائی نمود و قول بنور وظلمت را رونقے تازه داد و این حسن اعتقاد حکماے مسلمانان را از آن دست داد که گمان کردند آن فلاسفه اقدمین هر یکے در فلسفه فنون چندے را با غایت اتقان ونهایت استحکام بدون مساعدۂ افکار دیگران اختراع نموده باغموضت مسائل وصعوبت مطالب آنها و از این غافل شدند که علوم فلسفیه چون بهار فنون وصنایع بتلاحق افکار وتتابع آراء بدان پایه رسیده است داول پیدایش اساس جمیع آن فنون هندوستان بوده و از آنجا ببابل رحلت و از بابل بمصر انتقال و از مصر ببلاد اغریق در رومارفت و در هر انتقالے هیئت جدیدۂ اکتساب و در هر رحلتے پیرایه نوے استحصال نموده ز حالتے بحالت دیگر منتقل گردید چنانچه جبابره نباتات ... ز حالت نقص بکمال تحول می نمود وحکماے اغریق در روما را در آن فنون بغیر از چیزے ... را نه ... واقوال

معدوده چیز دیگرے نبود ولکن چون آنها اسامی اساتذه خود را معدوداً ذکر نکردند حکماے
اسلام را چنان گمان شد که این فنون را از کتم عدم بلا سابقه بعالم وجود آورده اند
و بمنصۀ شهود جلوه داده اند و بعضے از حکماے اسلام در میدان دائره تقلید [illegible]
[illegible] اشکالے چند از [illegible] تشات مموه و مباحثات مزوقه بر صفحات نقش نموده
بجهت تمامیه حکمت یونانیه آنها را حکمت یونانیه نام نهاد و وجه ثانی مخلوط بودن مسائل
فلسفیه آن کتب است غالباً بمطالب کلامیه صابئین و سبب آن این است که
اغریقین و رومانیین صابی المذهب بودند و با فلاک و کواکب ایمان و با لهٔ
متعدده اعتقاد داشتند لهذا معتقدات خویش را با دلهٔ مموه و بکلمات مزوقه و
باقوال مزینه و به بیانات محسنه و بخطابیات شیرین و اقناعیات دلپذیر درج
الواح فلسفه نمودن و آنها را مسائل حقه حکمت انگاشتند چون قول مُثُل افلاطونیه
و ارباب انواع که عبارت از آله ایشان بوده باشد و چون حکم بعدم جواز خرق و
التیام براے افلاک و بودن آنها از عنصر خامس و اثبات عقول و نفوس بلکه الهیه از براے
آنها و جل مسائل ایکه متعلق با فلاک است و حکماے مسلمانان برین نکته ملتفت
نشده جمیع آن مسائل را ثقةً بقائلها قبول نموده در مؤلفات خود ثبت کردند و اگر
منصفی اندک غورے بنور بصیرت در آن مطالب نماید برو ظاهر خواهد شد که یک برهان
هم از براے اثبات آنها ذکر نکرده اند بلکه عقائد خود را چنانچه عادت متکلمین است [illegible]
به بعضے از خطابیات از براے سامعین جلوه داده اند و وجه ثالث آنست که مسائل
که در آن کتب مندرج است فی حد ذاتها ابتداً قطعی میباشد اما مسائل جبر و مقابله و مسائل
هیئت بجهت آنکه خود مؤلفین در کتابهاے خود بنا تمامی آنها حکم کرده اند اینک [illegible]
[illegible] کره طلوسی حتی طلوسی [illegible] از آنکه بقوه فکر خود مساعدهٔ سابقین را نموده از براے

اتمام مسائل هیئت چندین افلاک نو از نهانخانهٔ خیال خود بعالم شهادات عطا فرموده است
با زدر بعضی ازجاها اعتراف بعجز خود میکنند واما مسائل طبیعیات پس باید دانست که
تمامی مسئله ترکیب جسم از هیولی وصورت ومتعلقات آن موقوف است بر اینکه لازم
جسم برفرض بساطت اتصال ذراعی ولازم مقدار ذراعیت بوده باشد مثلاً تا آنکه لازم آید
از وقوع انفصال انعدام آن بالمرّه ووجود وچیز از عدم بحت واجتماع اتصال وانفصال
در شیٔ واحد ودرینجا مؤلفین بسرعت درگذشته اند بلکه درجائی که بعضد مبنای این مسئله
تصریح نموده گفتند که قابل انفصال بالذات مقدار است فقط پس از آن آگاه شده تحکماً
حکم نمودند بفرق میانهٔ انفصال تقدیری وانفصال انفکاکی درحال آنکه ثانی فرع اول است
وبیان کردند که واسطهٔ درمیان قوه وفعل نیست وحرکت بمعنی القطع وجود ندارد بلکه
موجود حرکت بمعنی التوسط است وآن دفعیة میباشد پس از آن حکم کردند که حرکت
خروج شیٔ است از قوه بعالم فعل تدریجاً واین عین ناتمامی کلام است وتصریح نمودند که
زمان موجود است وآن مقدار حرکت است سپس آن تقریر کردند که بغیر از آن سیال
چیز دیگری موجود نیست وآن غیر زمان است ومیگویند طبیعت مقدار یه جوهر یست
ممتد ومقدار بعد نیست عرضی متصف بامتداد واستنکاف مینمایند از بعد مجرد حال آنکه
محذور متوهم در وجود بعد مجرد با دنی تغیری در هر یک از صورت جسمیه ومقدار جاری
میگردد واعجب ازین آنست که انکار وجود بعد مجرد را مینمایند پس از آن کیفیت وقوع
حرکت اینیه را بیان نمیکنند وآب وباد وخاک وآتش را بسیط میشمارند وعجز خود را
بر تحلیل آنها دلیل قرار میدهند وانحصار عناصر را بتردید ناقصی ذکر میکنند گویا ممکن نبوده
که تردید دیگری بر آن تردید افزوده گفته شود هر یک از آنها یا قابل اشتعال است
یا نه وهر یک از آنها یا قابل طرق است یا نه وهکذا وهیچ شکی نیست که اگر بین نکته ملاحظه

می شد عدد عناصر از زمان ارسطو تاکنون بچهار منحصر می شد و در استحاله عناصر بمجرد
ظنون اکتفا کرده اند و در بعضی مسائل کائنات جو چون قوس قزح مصنفین آنها
اقرار بعجز کرده و غیر مصنفین اقوال مضطربه بیان نموده اند و در بعضی دیگر چون رعد
و برق و شهب و ریاح غالباً اتباع اوهام خود کرده هیچ دلیلی درست ندارند و بعضی
آن را چون اعصار و زوابع بالمره ترک کرده اند و در معادن و زلازل بتخیلات
خورسند گشته اند و در نباتات و حیوانات سخنان ناتمام گفته بر اسباب نمو و حیات
و علل اختلاف اشکال و هیأت واقف نگشته اند و سخنان شافی که مبنی بر برهان
یا بر تجربهٔ صادقه بوده باشد در حواس باطنه نرانده اند و در ابصار توهم خود را
بلا دلیل ذکر کرده اند و در الوان و طعوم و روائح متحیر مانده اند و در مجره و عظم و صغر
ثوابت سکوت ورزیده اند و در حرارت آفتاب و سوادیکه در ماهست و الوان مختلفه
ایکه در سیارات است سرگشتگی اظهار نموده اند و حکم نمودند باینکه قوای حاله در
معانی جزئیه ادراکه جزئیت اش عبارت از مجرد اضافه است و خطوط شخصیه ایکه
بنقاط منتهی می شود و ملتقای خطوط را ادراک میکند پس از آن بسبب ادراک
معقولات بسیطه ایکه در اذهان جز از معانی حاکیه و صور کاشفه چیز دیگر می نیست
بر تجرد نفس ذاهب شدند و این جای عجب است و ارتباط نفس را ببدن و
کیفیت تأثیرش را بکلام مبهمی بیان کردند و تجویز نمودند بودن ماده را محل زیرا
امکان نفس ناطقه در ازل الآزال و پس از ارتباط نفس ببدن و حصول
علاقهٔ تامه استنکاف نمودند که قابل فساد نفس بوده باشد بر فرض آنکه فساد جون
چون عوارض خوابان محلی بوده باشد و حال آنکه فساد بمعنی انعدام و نابود شدن است
اما مسائل الهیات دانسته باد که آنها حکم کردند اولاً بوجوب سنخیت و مناسبت تامه

در میانه علت و معلول (بمحاکمات رجوع شود) پس ازان گفتند که خدای تعالی علت است از برای جمیع ممکنات بعضی را بلا واسطه و بعضی را بالواسطه واز بیان سنخیت ومناسبت میانه واجب تعالی و ممکنات سکوت ورزیدند ودر سعادت وشقای نفس باقوال شعریّه قناعت کردند وبالجمله غالب مسائل آن کتب ناتمام است واما کتب متاخرین همه آنها مشحون است از ابحاث بسمله وحمدله وصلعمه ومنازعات لفظیه ومناقشات در عبارات وخلط مباحث علوم بیکدیگر وهیچ شبهه درین نیست که کتب متقدمین حکمای مسلمین باهمه نقل جمیع وجوه بهتر است از تالیفات متاخرین چنانچه مسلمانان پیش در هر چیز بهتر بودند از مسلمانان این زمان — وچون فلسفه وغایت وکتابهای آن وحال کتب فلاسفه مسلمانان معلوم گردید اکنون علما وفضلای هندوستان را مخاطب ساخته میگویم ای اصحاب قرائح زکیه وای ارباب غرائز طیبه طاهره وای خداوندان اذهان ثاقبه وای دارایان ا... ر واسعه چرا انظار خود را یکبار ازان کتب ناقصه برنمیدارید وبدین عالم وسیع نظر نمی افکنید ودر حوادث وعلل آنهایی حجاب آن مؤلفات تدبر وتفکر بکار نمیبرید وچرا آن عقول عالیه را همیشه درین مسائل جزئیه استعمال میکنید (که آیا علم از جمله بدیهیات مستغنی از تعریف ویا نظری محتاج بتعریف است وآیا علم از مقوله فعل است ویا از مقوله انفعال است ویا از مقوله اضافه است ویا از مقوله کیف وموضوع منطق معقولات ثانویه است ویا تصورات وتصدیقات بدیهیه واللاممکن فی الذهن والخارج کلیت او بچگونه تصور می شود وکلی اعم از جنس است وجنس اعم از کلی پس چه چاره باید گزید وچه فرق است میان جنس وماده وتصدیق بسیط است یا مرکب ومتعلق تصدیق چیست وجعل مرکب است یا بسیط) وهیچ صرف فکر نمیکنید درین امر کلی مهم لازم بر هر عاقلی که آیا سبب فقر وفاقه وبیچارگی وپریشان حالی مسلمانان چیست واین حادثه عظمی وبلیه کبری را

علامتی هست یا نه و آیا مبدأ اول و حق مطلق از برای اصلاح آنان سببی و مقتضی و
موجبی قرار داده است یا نه و آیا نفس اصلاح این امت ممکن است یا محال و اگر ممکن است
آیا وقوع میتواند پذیرفت و یا ممتنع بالغیر است و اگر ممکن الوقوع است آیا اسباب و شرایط
و معدات آن چه باشد و علت مادیه و صوریه آن کدام است و موجد آن چه و جزء اخیر
علت تامه آن را چه نام است و هیچ شکی و ریبی نیست که اگر کسی صرف عمر خود را درین مسئله
جلیله نکند و این حادثه محزنه را محط فکر خود قرار ندهد عمر خویش را ضایع و تباه ساخته است
و نه شاید آن را حکیم یعنی عارف باحوال اعیان موجودات نامید (و لو کان فی هذا العین
تبکی صبابة سعی غیر لیلی فهو دمع مضیع) دوباره ندا در داده میگویم ای علمای هندوستان
ای ینابیع انظار دقیقه و ای معادن آرای سدیده و ای منابع افکار عمیقه و ای اصحاب
تألیف و تصانیف کثیره و ای ارباب رسائل و تعلیقات انیقه آیا طینت طاهره و فطرت
مقدسه الهیه شما واقعا برین راضی و خوشنود می شود که اذهان وقاده خود را درین مباحث
صرف نمائید که آیا در وقت تصور تصدیق اتحاد مختلفین لازم میآید یا نه و اگر زید بگوید
آنچه فردا بگویم کذب خواهد بود و چون فردا شود بگوید آنچه دیروز گفتم کذب است آیا کذب آن
مستلزم صدق و صدقش مستلزم کذب خواهد بود یا نه و چون ممتنع در خارج ممتنع است
در ذهن پس حکم بامتناع ممتنعات چگونه خواهد بود) و هرگز یک بار هم بر اسلاک تلغرافیه
ایکه ممتد است بجمیع ارجاء هندوستان نظر نکنید و از اسباب آن سوال ننمائید و کهربا را
که منشاء اعمال عجیبه و افعال غریبه است جولان گاه فکر خود نسازید و هر روزه تقریر کنید
که رؤیت بخروج شعاع است و این فتکرافیکه اکنون منتشر است در همگی بلاد اذهان شما را
تحریک ندهد و بهیچ وجه عطف عنان فکر را بطرف او نکنید و از قوت بخاریکه احمال و اثقال را
بسرعت تمام بر روی قضبان آهن حرکت داده از ملکی بملکی نقل میکند پرسش ننمائید و آلات عظیمه

و نقالۃ المصور و نظارۂ رصدیہ و نظارۂ معظمہ و امثال آنہا را محل موضوع بحث قرار ندہید و آیا جایز است کہ سلسلۂ بحث درین امور جدیدہ را ترک نمائید بجہت آنکہ در شفای ابن سینا و حکمت اشراق شہاب الدین مذکور نیست و آیا نہ واجب بر شما کہ خدمت کنید آیندہ گان را بافکار عالیہ خود چنانچہ سابقین کرام از برای شما خدمت کردند آیا نہ لازم است بر حکیم بلکہ بر ہمہ کہ بجہل راضی نشود و بغفلت خورسند نگردد و آیا نقص نیست انسان را کہ فکرش از برای طلب اسباب حرکت نکند آیا عیب نمی باشد از برای عالم دانا و حکیم بینا کہ جمیع عالم را فنون جدیدہ و اختراعات نو و انتشارات تازہ فرا گرفتہ باشد با وجود این او را از علل و بواعث آنہا ہیچ گونہ خبرے نباشد و عالم از حالی بحالی دیگر متحول شدہ باشد و او سر از خواب غفلت بر ندارد آیا لایق است محقق را کہ سخنہا در مجہول مطلق براند و معلوم مطلق را نداند و در ماہیات موہومہ موشکافیہا کند و از معرفت امور ظاہرہ باز ماند این است مجمل آنچہ میخواستم درین معنی بیان کنم و انشاء اللہ باز بدین موضوع رجوع کردہ مفصلاً سخن خواہم راند و امید دارم از علمای اعلام ہندوستان کہ برین مقالہ نظر دقت فرمایند و البتہ بعد از نظر صحیح خلوص نیتم بر آنہا ظاہر خواہد گردید والسلام

راقم مولوی جمال الدین حسینی

ریویو
مولوی وحید الزمان صاحب

ہمارے چاروں طرف جو چیزیں موجود ہیں اونمیں قدرت خدا کے اسرار پوشیدہ ہیں اور ہر ہر ذرہ میں وہ صنعتیں اور وہ باریکیاں اُس وحدہ لا شریک کی پائی جاتی ہیں جنکے دیکھنے سے انسان کو حیرت ہوتی ہے۔ وہ سبزہ جو فرش زمردگوں سا ہے اور جسکو ہم روندتے ہوے جاتے ہیں اور وہ باریک باریک چہوٹے چہوٹے گہانس جنکو بے تکلف ہم کچلتے ہوئے چلے جاتے ہیں اور وہ ذرے کنکر پتہر کے جنپر ہماری نظر ہی نہین پڑتی ہے اور وہ انقلاب آب و ہوا کے جو دن رات



مولوی وحید الزمان صاحب

ہوا کرتے ہین سب کے سب ایک طلسم انگیز اور حیرت خیز صنعتون اور باریک حکمتون کو ظاہر کرتے ہین
جو عام لوگون کے نظر مین ہرگز نہین آتے ہین لیکن اس قدرت کے تماشے کو وہی لوگ دیکھتے ہین
جو صاحب بصیرت ہوتے ہین اور ان حکمتون کو وہی اشخاص سمجھتے ہین جنکے فکر اور خیالات علم کی
روشنی سے منور ہوتے ہین اور جنکے دلونکے آئینون کو علوم اور سائنس کی صیقل نے جلا دیا ہے
کیا ہر شخص یہ معلوم کر سکتا ہی کہ یہ گھاس درخت و بوٹی مثل انسان کے ہر دم سانس لیتے اور چھوڑتے ہین
کھاتے اور پیتے ہین۔ بیمار و تندرست ہوتے ہین۔ اور کیا عوام الناس اوس تحلیل و ترکیب سے
آگاہ ہوتے ہین جو انکے جڑون اور پتون پھول اور پھلون مین ہوا کرتے ہین نہین نہین ہرگز
نہین ان باتون کو وہی لوگ دیکھتے ہین جنکو خدا نے علم کی آنکھ دی ہی اور علم نباتات اور حیوانات
سے واقف ہین صدہا درخت ہمارے گھرون کے ٹوٹے ہوئے دیوارون پر ایسے پیدا ہوتے ہین
جنکے ڈال اور پتے مین بڑے بڑے بیماریون کے دور کرنے کی تاثیر پوشیدہ ہوتی ہی اور اوسکے
پھلون مین وہ خوبصورتی اور دلفریبی پائی جاتی ہی جنکے دیکھنے سے مبصران قدرت کو بھی حیرت
ہوتی ہی مگر اسکے پھولون کی خوبصورتی اور نزاکت کو کون دیکھتا ہی اور اونکے برگ و شاخ سے
کون فائدہ اوٹھاتا ہی۔ کیا وہ گھر والا جسکو جہالت کی تاریکی نے گھیر لیا ہی اور جسکے آنکھ مین
علم کی روشنی نہین انکے خوبیون کو دیکھ سکتا ہی اور کیا وہ صاحب خانہ جسکے گھر مین قدرت
کا خزانہ بھرا ہوا ہی بے علمی چراغ کے اس دفینہ غیبی کو پا سکتا ہی۔ نہین کبھی نہین۔
بلکہ بعوض اسکے کہ صاحب خانہ اوسکو دیکھے اور اوسکے پھولون اور پتون سے
فائدہ اوٹھائے یہ خود رو درخت جو اسباب اتفاقیہ سے اوسکے گھر کے دیوار پر
اوگ آئے تھے وہین مرجھا کر رہجاتے ہین اور اون کے خوبیان اور اونکے فائدے
اون کے ساتھ چلے جاتے ہین۔

اگر ہمارے ناظرین ذرا بھی اوپر کی بات پر غور فرماوین اور اپنے

خیالات عالی کا ایک دم بھی قدرت خدا کے ملاحظہ مین مصروف کرین تو اونکو صاف معلوم
ہو جاینگا کہ یہی ٹھیک مثال ہند کی ہی اور یہی حالت آجکل ہمارے ملک کی ہو رہی ہی ۔
سب کچھ ہمارے ملک مین موجود ہی لیکن ہم آنکھین کھولکر نہین دیکھتے ۔ اعلی درجہ کی لیاقت
کے لوگ ہمارے ہی ملک مین پیدا ہوا کرتے ہین مگر ہم اونکی لیاقت پر ذرا توجہ نہین
کرتے ہین بڑے بڑے کام اون سے ظہور مین آیا کرتے ہین مگر ہم ذرا اوسطرف التفات
نہین کرتے ۔ صدہا طرح کی کتابین اور رسالے علمی ہمارے اہل وطن جاری کرتے ہین
مگر ہم کبھی اونکو کھولکر بھی نہین دیکھتے کہ انہین کیا لکھا ہوا ہی ۔ ہزارون مجلسین منعقد ہوا کرتی ہین
اور اونمین کیسے کیسے نوجوان کس کسطرح اپنے جوش طبیعت کو ایک زوردار تقریر مین
بیان کرتے ہین مگر ہمارے اہل وطن کبھی نہین آتے ۔ افسوس صد افسوس کیون
ہم اپنے آنکھین نہین کھولتے اور ان اوگتے ہوئے پودہون کی خوبصورتی کو
نہین دیکھتے اور یہہ نہین خیال کرتے کہ اگر انہین نوجوانون کی کتابون اور رسالون کی
قدر کی جاوے تو ممکن ہی کہ یہی لوگ ہند کے نیوٹن اور گلیلیو اور ملٹن اور شیکسپیر
بن جائین اور کیون وہ ان ہونہار نوجوانون کی تقریرین نہین سنتے اور تعریفین
نہین کرتے کیونکہ امید ہے کہ یہی لوگ ہند کے گلیڈاسٹون اور بیکنس فیلڈ ہوجائین
بس ہر معبر اور صاحب عقل کا کام ہے کہ وہ پہلے اپنے ملک
اور گھر کے صنعتون اور وہان کے قدرتی چیزون کو دیکھے اور اونکی قدر و منزلت کرے
اسواسطے معلم کو بھی ضرور ہے کہ وہ اپنے ہم وطنون مین سے جنکو لایق اور فایق
دیکھے اور جنمین آثار بزرگی پائے اونپر نظر ڈالے اور اونکی تعریف اور ثنا مین بخل
نکرے اور جہان تک ہوسکے اون کے دلون کو بڑہائے اور بڑے بڑے کامون کے
کرنے کی ترغیب دیوے ۔

ہمارے ملک کے ان اوٹھتے ہوئے پودہون اور ہونہار نوجوانون

مین سے ایک مولوی حاجی حافظ محمد وحید الزمان صاحب بھی ہین جنکی تصویر ہم نے
دی ہی اور جنکے نیک افعال وعلمی لیاقت اور قومی ہمدردی اور حکیمانہ خیالات کے ریویو
کرنے کا موقع ہمکو اسوقت ملا ہی اور جہان تک ہمکو علم ہی وہان تک ہم انکے باب مین راے دیتے ہین

مولوی وحید الزمان صاحب بالطبع ایک تیز فہم اور ذہین آدمی ہین —
انکی لیاقت علمی ایک اچھی مشرقی مولوی کی طرح پر ہی خصوصًا علم فقہ اور حدیث مین انکو بہت بڑا ملکہ
حاصل ہی اور انہون نے بہت سی کتابین فقہ اور حدیث کی زبان عربی سے ترجمہ کی ہین —
فلسفہ قدیم سے بھی خوب واقف ہین اور قوت لسان کو بھی تھوڑے دن ہوئے جب سے
انہون نے خوب بڑہایا ہی — مالی اور عدالتی دفتری کامون مین بھی انکو ایک عمدہ
لیاقت حاصل ہی —

ان سب باتون پر فوقیت رکھنے والی بات انمین یہہ ہی کہ وہ مسلمانون کے
خیرخواہ اور ہمدرد ہین اور جو کام مفید قوم ہوتا ہے اوسمین اول بسر وچشم شریک ہونے مین
مستعد ہوتے ہین - چنانچہ جب ہم نے پہلے تجویز جلسہ خیرخواہ ہند کے قیام کی ظاہر کی تو سب سے
پہلے انہین صاحب نے اوسکو پسند فرمایا اور تقویت دی اور جب ہم نے رسالہ معلم کے جاری ہونے کا
ارادہ ظاہر کیا تو اول انہین نے ہمارے اس ارادہ کی تائید فرمائی اور مضامین اور عمدہ
صلاح اور محنت اور کوشش سے امداد فرمائی - ہم اسباب مین انکے بدل مشکور اور ممنون ہین

مولوی صاحب موصوف علاوہ اور علمی لیاقتون کے مضمون نگاری مین بھی لیاقت
رکھتے ہین اور اردو کی ایسی میٹھی سلیس عام فہم عبارت لکھتے ہین جس سے دلپر اثر ہوتا ہی
اگر ہم اونکو اردو زبان کا اسٹیل کہین تو درست اور زیبا ہی —

ہمارے حضرات ناظرین معلم کو مولوی صاحب کی لیاقت کا حال اون کے
مضامین سے جو وقتًا فوقتًا رسالہ معلم مین مندرج ہوئے ہین بخوبی معلوم ہوا ہوگا اور یقینًا
وہ ایسے لایق شخص کے وجود کو مغتنمات سے سمجھتے ہون گے —

اطلاع

ہم اہل ہند خصوصاً اہل دکن کو مژدہ دیتے ہین کہ ہمارے مطبع مین سوانح عمری جناب نواب حافظ صدر الاسلام خان بہادر معتمد صدر المہام متفرقات سرکار عالی و میر مجلس خیرخواہ ہند طبع ہونا شروع ہوی ہے یہہ سوانح عمری اون صاحب کی ہے جو تمام ہند کے قومی کامون مین بدل امداد کرتے ہین اور اکثر مجالس اور [illegible] کے کامون مین محنت اور زر سے شریک ہوتے ہین۔

علاوہ نیک نیت اور بلند ہمت اور عالی خیالات کے جو اونکی ذات مین موجود ہین اور جنکی وجہ سے یہہ مستحق اسبات کے ہین کہ انکی سوانح عمری لکھی جاوے انکا نو برس کا تجربہ جو انکو ولایت کے سفر اور وہان رہنے سے حاصل ہوا قابل بیان اور مفید اہل ہند ہے۔ ایسے صاحب کی سوانح عمری کو جنکی پچاس برس نیک کامون اور قومی ہمدردی کے باتون اور یورپ کے سفر مین گذری ہے ہم امید کرتے ہین کہ ہمارے اہل وطن نظر غور سے ملاحظہ فرماوینگے اور اوس سے فائدہ اوٹھاوینگے۔

رسید زر از حضرات خریداران معلم

محمد عنایت حسین خان بہادر کوتوال بلدہ	ے/ر
مسٹر فرام جی جمشید جی صاحب مددگار مہتمم بندوبست سمت غربی	ے/ر
مولوی محمد فخر الدین صاحب مددگار مہتمم دریافت انعامات	سے/ر
مولوی غلام دستگیر صاحب تحصیلدار نلگنڈہ	۳ے/ر
منشی سید احمد صاحب عرف احمد بادشاہ ایلچی	سے/ر
مولوی غلام دستگیر صاحب مہتمم دفتر معتمد صدر المہام متفرقات سرکار عالی	سے/ر
مولوی احمد سعید صاحب واعظ	سے/ر

تمت

فہرست مضامین

نام مضمون	نام مضمون نگار یا مؤلف	صفحہ
حفظ صحت	بقیہ مضمون پانی ... محب حسین	٣٠١
طبعیات	خون کا مینہ ... ایضاً	٣٠٤
	ہیضہ اور امساک باران ... مولوی [illegible]	٣٠٥
اخلاق	لوگوں کو خوش اور راضی رکھنے کی ترکیب ... محب حسین	٣٠٧
تاریخ	سوانح عمری ارل بیکنسفیلڈ سابق وزیر اعظم سلطنت برطانیہ — محب حسین	٣٠٨
	سوانح عمری لارڈ ہیسٹنگز سابق گورنر جنرل ہند — [illegible]	[illegible]
	کتابوں کی غارت گری ... محب [illegible]	٣٣٣
ادب	شرح حال گھوڑیان [illegible]	٣٢٧
جغرافیہ	اگلے لوگوں کے خیالات ہمارے کرہ زمین کی نسبت — [illegible]	[illegible]

علمی خبرین

جو تخمینہ آمد و خرچ ہند کا آنریبل میجر بارنگ صاحب نے بابت سال ۸۲-۱۸۸۱ع کے بنایا ہی اوسکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ اس سال مین جملہ آمدنی ہند کی (۷۰,۰۹,۸۱,۰۰۰) [illegible] کی ہی اور اسمین سے مالگزاری زمین کی رقم ۲۲,۴۹,۵۰,۰۰۰ ([illegible] کروڑ) کی ہی۔

اس سال ۸۲-۱۸۸۱ع کے گذشتہ تین ماہ یعنی اپریل اور مئی اور جون مین درآمد سوداگری کے چیزون کی ہند مین ہوئی اوسکی جملہ قیمت ۱۲,۱۹,۷۷,۶۰۴ ([illegible]) ہے اور جو سال گذشتہ ۱۸۸۰ع مین ہوئی تھی اوسکی جملہ قیمت ۱۱,۵۱,۳۲,۲۷۲ ([illegible] کروڑ) تھی اور جو ۱۸۷۹ع مین ہوئی تھی اوسکی جملہ تعداد رقم ۴۳۰ [illegible] ۴۲۹ ([illegible] کروڑ) تھی۔

انھین تین گذشتہ مہینون مذکورہ بالا کی برآمد یعنی اسباب تجارتی جو ہند سے دوسرے ملکون کو روانہ ہوا حسب مندرجہ ذیل ہوئی۔

۱۸۸۱ عیسوی۔ قیمت مال ۱۹,۵۸,۹۳,۳۳۱ ([illegible] کروڑ)

۱۸۸۰ عیسوی۔ " ۲۰,۴۷,۲۹,۱۹۶ ([illegible] کروڑ)

۱۸۷۹ عیسوی۔ ۱۷,۱۳,۴۹,۰۴۲ ([illegible] کروڑ)

۔ اس حساب سہ ماہی درآمد و برآمد کے ملاحظہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہند سے سامان تجارت دوسرے ملکون کو بہت روانہ ہوتا ہے اور باوجود اسکے کہ برآمد بہ نسبت درآمد کے زیادہ ہے ہندوستان کی حالت افلاس روز بروز زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ اس مسئلہ پر ایک مرتبہ نظر ڈالنے سے ایک طرح کا تعجب معلوم ہوتا ہے مگر جب اسپر ذرا غور کیا جاتا ہے تو

حفظ صحت

بقیہ مضمون پانی

مگر ضرور ہے کہ جس مٹی پر پانی جاری ہو وہ مٹی سنگ لاخ ہونی چاہیے اور جس مقام ہو یعنی جسکے نیچے کبریت وغیرہ نکلتی ہے اور نہ شورہ زار ہو اور نہ اور کسی قسم کی مٹی ہو پھر اگر باتفاق یہہ پانی بہت گہرا ہو اور روانی مین تیزی ہو بوجہ اپنے کثرت کے جو چیز اوسمین ملتی ہو اوسکو اپنے طرف مستحیل کرلے اور دہوپ کے طرف جاری ہو یعنی پچہم کیطرف سے پورب کے طرف جاری ہو یہہ پانی سب سے بہتر ہے علی الخصوص جبکہ مبدر یا سرچشمہ دور ہو - جو پانی اوتر یا دکن یا پچہم کے طرف بہتا ہے وہ نہایت ردی ہے خصوصًا اوسوقت ہوای جنوبی چلے اور جو پانی اونچے مقام سے گرتا ہو اور تمام صفات مذکورہ بالا بہی اسمین موجود ہون وہ سب سے بہتر ہے اور اوسکا ایسا حال ہے کہ پینے والے کو شیرین معلوم ہوتا ہے - شراب کو اوسکی مقدار زائد کا تحمل نہین ہے وزن مین سبک ہوتا ہی - ٹھنڈا اور گرم بہت جلد ہوجاتا ہی اسلیئے کہ اوسمین تخلخل حالت برودت کا جاڑون مین زیادہ ہوتا ہے اور گرمیون مین حالت سخونت کا نہ کوی مزہ اوسپر غالب ہوتا ہی اور نہ کوی بو غالب ہوتی ہے اور جو چیز اوسمین پکای جاتی ہے بہت جلد گلجاتی ہی اور بہت جلد پک جاتی ہی -

کنوئین اور باولی کا پانی مختلف صورتون مین صاف اور غلیظ دونون ہوسکتا ہی یہہ خیال کرنا کہ کنوؤن اور باولیون کا پانی ہمیشہ اچھا ہوتا ہی محض غلط ہی - اوتہلے یا کم گہرے کنوؤن کے پانی مین ہمیشہ شک کرنا چاہئے کیونکہ اسقدر گہری زمین کے طرف بالطبع آس پاس کے موریون اور بدررون کے پانی کا میلان ہوتا ہی اور وہ کنوون مین آکر ملجاتا ہے -

کنوؤن کے پانی کی صفای اور آمیزش تین امور پر منحصر ہے

اوّل اوس زمین پر جسپر کنوا کھودا جاوے - دوسرے کنوے کے آس پاس کی سطح زمین پر - تیسرے اون بندوبستون پر جو کنوے کے پانی کو خراب ہونے سے محفوظ رکھنے کے لئے کیے جائین - جو بارش کا پانی زمین مین جذب ہوتاہی وہ کنوؤن مین جاکر جھرتا ہے اور اوس پانی مین وہ غلاظتین اور کثافتین حل ہوجاتے ہین جو اوسکو اثناے راہ مین ملتے ہین - اگر کنوؤن کے گرد و نواح مین موریان .. بدر روین ہونگے اور اوسکے نزدیک غلاظتون اور نجاستون کے ... اور پایخانے ہونگے تو اوسکے پانی سڑی ہوی نباتی اور حیوانی اشیار سے خراب ہوجاونگے - اور اگر کنوؤن کے آس پاس کوڑا کچرا ڈالا جاویگا تو وہ زمین جہان کنوئین واقع ہین غلاظت اور کثافت اشیاء نباتی اور حیوانی سے خراب ہوجاینگے اور اوس زمین مین یہہ سب چیزین جذب ہوجاینگے اور پھر وہی کثافتین بذریعہ بارش کے پانی کے اوس زمین مین جھرکر کنوؤن کے پانی مین ملجاوینگے -

علاوہ اون غلاظتون کے جو کنوے کے پانی مین بذریعہ زمین کے جھرکر آتی ہین اور بہت سے چیزین اوپر سے بھی گرتے ہین اور پانی کو خراب کرتے ہین - جب پانی برستاہی تو زمین کے سطح کا پانی بہکر کنوؤن مین جاکر گرتا ہے اور بہت سے سڑی ہوی حیوانی اور نباتی چیزین بہاکر اون کنوؤن مین لیجاتا ہی - کنوؤن مین جانورون کے گرنے سے بھی پانی خراب ہوجاتا ہے - اکثر آدمی جو امراض شدیدہ اور تکلیف دہ مین مبتلا ہوتی ہین اس تکلیف سے نجات پانے کے لئے کنوؤن مین گرکر مرجاتے ہین اور بہت سے لوگ

غصہ اور رنج اور حسد کے مارے کنوون مین گر کر اپنی جان دیتے ہین - اور ہوا اسکے
جھوکے ہی درخت اور دیگر نبات کے پتے اور شاخین اوڑا کر کنوون مین لاتے ہین
اور لوگ کنوون مین پانی بہرنے کے واسطے میلے اور غلیظ ظروف پہانستے ہین
اور اونکے ذریعہ سے پانی بہرتے ہین - ان سب باتون سے کوئین کا پانی خراب
ہوتا ہے

اسواسطے کنوئین کے پانی کی صفائی اور عمدگی اسبات پر
منحصر ہے کہ وہ ایک عمدہ جگہہ مین واقع ہو جہان کوی غلاظت اور کسافت آس پاس
نہو اور اوسکی حفاظت امور مندرجۂ بالا سے کیجاوے - جہان تک ممکن ہو کوئین کو
تمام غلاظتون اور کسافتون سے محفوظ رکہین اور خصوصًا جن کنوون کا پانی پینے
اور کہانے مین استعمال کرین اونکی حفاظت اوپری اور بہتیرے غلاظتون سے
اچھی طرح کرنی چاہیئے ان مقامات کے قریب جہان قبرستان ہو یا غلیظ کہتی ہوتی ہو
یا بڑے بڑے موریان غلاظت کی بہتے ہون یا نالے ہون (جہان آدمی پاخانہ
پہرتے ہین) یا چرم خانے ہون یا مذبحہ ہون یا غلیظ اور کسیف چہوٹے چہوٹے مکان
ہون یا تال تالیان ہون جہان لوگ نہاتے دہوتے ہین یا کہیت ہون جہان
کہاد ڈالی جاتی ہو کنوئین ہرگز نہین کہودانا چاہیئے اور اگر ہون تو ایسے
کنوون کا پانی ہرگز ہرگز کہانے پینے کے کام مین نہین لانا چاہیئے

کنوئین کے آس پاس کی زمین پر کسی قسم کی غلاظت حیوانی
اور نباتی نہین رہنے دینا چاہیئے اور اوسکے نزدیک کسی جگہہ پانی بہی نہ آکر جمع
ہونے پاوے - کنوئین کے سونہہ پر ایک چہوٹی دیوار ڈہالو پختہ اینٹ اور چونے سے
تیار کرنا چاہیئے تاکہ کوی چیز مثل خراب پانی وغیرہ کے اوسمین نہ جانے پاوے

اور جو کنوا مدت سے بے استعمال پڑا ہوا ہو یعنے اوسکا پانی صرف مین نہ آتا ہو اور پہر اوسکا پانی استعمال مین لانا چاہین تو مناسب ہی کہ اوس کنوئین کو پانی سے خالی کرا کر صاف کرائین اور پہر اوس مین پانی اوسکے سوتون سے آنے دین اور کچہہ روز تک اوسمین سے پانی نہ بہرین تاکہ جو کچہہ چیزین پانی مین ملگئین ہون وہ تہ نشین ہوجائین ۔ باقی آیندہ ۔ راقم محب حسین

طبعیات

خون کا مینہہ

چونکہ اکثر لوگون کے زبانی ہم سنتے ہین کہ جب کوئی بڑا حادثہ دنیا مین واقع ہوتا ہی تو آسمان سے خون کا مینہہ برستا ہی اور چونکہ ان واہی تباہی خیالات اور بے حقیقت باتون سے عوام الناس مین ایک تہلکہ پڑجاتا ہے اور جاہل آدمی خصوصاً ہمارے ملک کی عورتین جو حد درجہ کے جاہل ہین خوف کے مارے نیم جان ہوجاتے ہین اسواسطے مین اس مسئلہ کو اچہی طرح کتابون سے تحقیق کرکے نذر ناظرین کرتا ہون وہو ہذا ۔

ڈاکٹر ڈابنی ایف ۔ ار ۔ ایس لکھتے ہین کہ جب بادشاہ رامیوس کے عہد سلطنت مین اول وباے عظیم جو مشہور او معروف ہے ملک روم مین پہیلی تو اوسوقت خون کا مینہہ لوگ کہتے ہین کہ برسا تہا ۔ جہالت کے زمانہ مین اکثر لوگون کی توجہہ ایسے واقعات کے طرف ہوتی ہے اور وہ اوسکے سبب کو اچہی طرح نہین جان سکتے ہین ۔ خون کے مینہہ کا سبب اب یہہ معلوم ہوا ہے کہ سرخ دہبے دار کہمبہ پہوڑے یعنی شحمت (فنگس) کے درخت اکثر وبا کے دنون مین بکثرت پیدا ہوتے ہین ۔ اور چونکہ اونپر سرخ سرخ داغ ہوتے ہین اسواسطے اونکے

دیکہنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان پرخون کی بوندین سے بڑی ہوئین معلوم ہوتی ہین یہہ بات جیسا کہ سنہ ۱۵۲۹ عیسوی مین بمقام "کری مونا" جبکہ وہان ایک عام وبا پہیلی ہوئی تہی مشاہدہ ہوی تہی ویسہی آجکل بہی مشاہدہ ہوتی ہے۔ "ہوکر صاحب" اپنی تاریخ امراض وبای مین کہتے ہین کہ اسیطرح کی اور بہی بہت سے باتین وبا کے دنون مین پای جاتے ہین اور سولوین صدی کے وبای عظیم مین اور اون وباؤن کے وقت جو سنہ ۱۵۸۹ع اور سنہ ۱۵۹۵ع مین واقع ہوئین تہین اسیطرح خون کے دہبے دیکہائی دیتے تہے اور اونکو اوس زمانون مین "لیپر اوسٹیم" کہتے تہے۔ جب سنہ ۱۵۰۰ع مین اور سنہ ۱۵۰۳ع مین وبا پہیلی اور یہہ خون کے داغ لوگون نے دیکہے تو ایک عام تہلکہ عوام الناس مین پڑگیا تہا اور لوگ خوف کے مارے مرے جاتے تہے جس شخص نے اول اسبابات کی حقیقت پر از روی تحقیقات علمی غور کیا ہے وہ "جارج ایگری کولہ" ہے۔ یہہ شخص اپنی کتاب تاریخ وبا مین جو اوسکے زمانہ یعنی سولوین صدی مین واقع ہوی لکہتا ہے کہ یہہ خون کیسے دہبے یا داغ ایک درخت کی وجہ سے پتہرون کی چٹانون وغیرہ پر پڑجاتے ہین جسکو لیچن کہتے ہین اور جب یہہ داغ دیکہائی دیتے تہے تب فصل خراب ہوئی تہی یعنے اناج بہت کم پیدا ہوا تہا۔ اور اکثر تجربہ مین آیا ہی کہ جب "فنگس" یعنے شہمت کے درخت زیادہ پیدا ہوتے ہین تو فصل خراب ہوتی ہی۔

راقم محب حسین

ہیضہ اور امساک باران

یہ دونو آفتین اکثر ایک دوسرے کے نزدیک دنیا مین آتی ہین

چنانچہ ان دنون ہمارے شہر مین یہ دونون آفتین نازل ہین اور تمام لوگ پریشان ہین ہیضے اور امساک باران دونون کے اسباب شرعی بہی ہین اور عقلی بہی شرعی اسباب یہ ہین ایک زنا کا کثرت سے ہونا دوسرے نیات کا بگڑ جانا تیسرے زکوۃ نہ دینا۔ چوتہے خدا سے دعا اور استغفار چہوڑ دینا اور عقلی اسباب بہت ہین اور چونکہ ہمارے زمانے مین لوگون کی توجہ عقلی اسباب کیطرف زیادہ ہی اس لئے جو اسباب مجہکو حکمت جدیدہ اور قدیمہ کے کتابون سے معلوم ہوئے ہین مین اونکو باختصار لکہتا ہون ۔

ہیضے کے عقلی اسباب

گرمی کی شدت دہوپ مین جلنا یا ریاضت کرنا بے بہوک کہانا بہوک سے زیادہ کہا لینا سردی سے گرمی کیطرف یا گرمی سے سردی کے طرف جلدی انتقال کرنا کوئلون کا دہوان کہانا آگ کے پاس بہت بیٹہنا بدبو سونگہنا ترکاریون کے چہلکون کا اور پتون کا کوڑے مین ڈالنا اور اون سے متعفن بخارات اوٹہنا بدن کو یا کپڑون کو میلا کچیلا رکہنا بدرون اور موریون کو صاف نہ کرنا پلنگ کے بچہونون اور تکیون کو جلدی نہ دہلانا اور اون کو دہوپ نہ دینا اکثر ساگ پات اور مختلف مزاج کے ترکاریون کو ملا کر کہانا باسی روٹی یا باسی سالن کہانا باسی گوشت کہانا بند مکان مین رہنا جہان آفتاب کی شعاعین اور تازی ہوا نہ آوی ایک تنگ مکان مین بہت سے آدمیون کا جمع ہونا مکان مین کوڑا کچرا اور جالا رہنا مکان مین جو نا مدت تک نہ پہروانا بے قلعی برتنون مین کہانا پکا کر کہانا پانی پینے کے برتنون کو رات بہر کہلا رہنے دینا بعد کہانے کے سریع الفساد میوون کا کہانا تیار شدہ سریع الاستحالہ چیزون کا کہانا جیسے دودہ جو جانور لید یا نجاست

کھاتے مین اونکا دودھ پینا پیشاب یا پاخانے کو روکنا قبض کا تدارک نہ کرنا دن اور رات مکان کے دروازے بند رکھنا مرطوب اور سیلے گھر مین رہنا مرگھٹ یا مقبرہ یا کھیلے کا آبادی مین ہونا قبرون کو گہرا نہ کرنا یعنے دو گز سے کم کھودنا مرے جانورون کو زمین کے اوپر ڈالدینا اور گہرا گڈھا کھودکر نہ گاڑنا ہیضے سے جو شخص مرا ہو اوسکے پہنے ہوے کپڑے اور نجاست کو گھر سے دور نہ کرنا ہیضے کے فصل مین گندھک یا عود کی دھونی مکان مین نہ کرنا اور کافور نہ سونگھنا ہیضے کے فصل مین باریک کپڑے پہننا۔

اسباب عقلی امساک باران

جنگل کے درختون کو کٹوانا بارش کے شروع مین تیز ہوا اور آندھیان چلنا بارش کے شروع ہوتے ہی گرمی موقوف ہوجانا حد سے زیادہ گرمی پڑنا راتون کو شبنم زیادہ گرنا آسمان کا رنگ نیلا رہنا قوس قزح کا ظاہر ہونا ٹڈیان بکثرت نکلنا۔

راقم وحید الزمان

اخلاق

لوگون کو خوش اور راضی رکھنے کی ترکیب

سچا طریقہ لوگون کو خوش رکھنے کا یہ ہے کہ جس صحبت اور جلسہ مین تم ہو اوس سے اپنی خوشی ظاہر کرو۔ اور اہل جلسہ کے باتون چیتون کو زیادہ دل سے سنو اور لوگون کو معلوم ہو کہ تم اونکی باتین سننے سے بہت خوش ہو۔ اور اپنے لسانی قوت سے دوسرے لوگون کو خوش کرنے کی زیادہ خواہش کرو۔ جو شخص ایسا مزاج رکھتا ہے اگر وہ بہت تھوڑی علم اور ذکی نہو تو کچھ مضایقہ نہین۔ لیکن اگر وہ عام فہم بھی ہے اور اوسکا برتاو مروت کے ساتھ اور دوستانہ ہے

تو وہ لوگون کے قلوب کو زیادہ تر تسخیر کر لیگا بہ نسبت اوس شخص کے جو بہت ذی علم
اور صاحب لیاقت ہو مگر اوسکا مزاج ایسا نہو - اور جب ایسا شخص جسکا اس قسم کا
مزاج ہوتا ہی یعنے وہ لوگون کو خوش اور راضی رکھتا ہے جب بوڑہا ہوتا ہے تو اوس وقت
اوسکی لوگ زیادہ عزت اور ادب کرتے ہین - اسمین کچہہ شک نہین کہ جلسہ یا صحبت مین
کسی کی خوشامد کرنا یا مکاری اور فریب سے کام لینا ایک معیوب بات ہی مگر جو شخص
بہت بڑا صادق اور راست گو ہو وہ بہی اس تدبیر سے کہ جو بات اوسکے خلاف
ہو اوسمین خاموش رہی اور جہنین اتفاق ہو اوسکا بخوشی اقرار کری لوگونکو
خوش اور راضی رکہہ سکتا ہے - تمکو کبھی کبھی ایسا شخص بھی ملتا ہی جسمین لوگون کو
خوش کرنے کی ایسی عمدہ عادت ہوتی ہے کہ جو شخص اوسکی باتین سنتا ہے یا
اوسکی صحبت مین ایک دفعہ بھی بیٹہہ جاتا ہی وہ اوسکا دم بھرتا ہے اور اوسکی
اس پرتاثیر عادت کا مسخر ہو جاتا ہے - یہہ عادت یا مزاج صرف خداداد ہی
نہین ہوتا ہے بلکہ دنیا کے چال وچلن اور اوسکے نشیب و فراز کو غور کرنے سی
بھی حاصل ہوتا ہی - فقط راقم محب حسین

تاریخ سوانح عمری
ارل بیکنس فیلڈ متوفی سابق وزیر اعظم سلطنت برطانیہ

سلطنت برطانیہ مین سب سے اعلیٰ مرتبہ جسکو کہ رعایا
برطانیہ حاصل کرسکتی ہے عہدہ وزارت ہی - یہہ وہ عزت ہی جو بہت کم اشخاص کی
قسمت مین روز ازل سے تحریر ہوتی ہے اور کمتر کسیکو اپنے ذاتی لیاقتون
کی وجہ سے دست یاب ہوتی ہے - لیکن لارڈ بیکنس فیلڈ متوفی نے بغیر دولت
اور بغیر کسی رشتہ داری اور بغیر امداد کسی دوست و آشنا اور بغیر زیادہ مشہور ہونے کے

ان خدمات سرکاری کو رفتہ رفتہ حاصل کیا۔ صرف اپنی ذہانت اور جودت طبیعت اور صبر و استقلال کے ذریعہ سے بعد جد و جہد دراز اور سعی و کوشش بسیار کے وہ ایک کنزرویٹو جماعت برطانیہ کے رہبر اور ہادی ہوے اور دو مرتبہ عہدہ وزارت پر مامور ہوے۔ ایسے شخص کی سوانح عمری قابل پڑہنے کے ہی اور امید ہے کہ ہمارے ناظرین اس سے فائدہ اوٹہاوینگے۔

لارڈ بیکنس فیلڈ یہودی تہے۔ انکے بزرگ پندرہوین صدی مین ملک اسپین یعنی اندولس سے نکالے گئے تہے اور اونہون نے شہر وینس مین جو سلطنت روما مین واقع ہے پناہ لئے تہے اور وہان سوداگری کا پیشہ کرتے تہے۔ انکے دادا "بنجمن ڈزرالی" جنکے نام پر لارڈ بیکنس فیلڈ کا نام رکہا گیا تہا گذشتہ صدی کے درمیان مین انگلستان کو آئے اور انہون نے لندن مین "بل بروکر" کا کام اختیار کیا۔ ایزک ڈزرالی ولد لارڈ بیکنس فیلڈ کی توجہ تجارت کے طرف نہ تہے اور اونکو دلی شوق کتابون کا تہا اور ذاتی میلان علم کے جانب تہا۔ بعد ایک زمانہ کے اونکو اپنے دلی رغبت اور خواہش کے پورا کرنے کا موقع ہاتہہ آیا۔ اور انہون نے چند کتابین مثلاً کیوریاسٹی آف "لٹریچر" کیلیمی ٹی آف آتہرس وغیرہ لکھین۔ یہہ کتابین اپنے زمانہ مین بہت مشہور و معروف ہوئین۔ بتاریخ ۲۱ دسمبر سنہ ۱۸۰۴ عیسوی کو "بنجمن" لارڈ بیکنس فیلڈ مقام لندن مین پیدا ہوے۔ اور یہہ اونکے لڑکون مین سب سے بڑے تہے۔ ابتدا مین ان کے باپ نے انکو ایک مدرسہ مین داخل کرایا جہان عورتین درس دیتی تہین۔ لارڈ بیکنس فیلڈ مین ابہی وقت سے آثار

فصاحت پیدا ہے - اور ایک صاحب نے اون کے مان کو یہہ کہتے ہوے سنا تہا کہ "یہہ ایک روز وزیراعظم ہوگا" لارڈ بیکنس فیلڈ کسی مدرسہ عالیہ مین تحصیل علم کے واسطے نہین گئے - اور انہونے بطور خانگی ایک فارغ التحصیل طالب علم ڈاکٹر لوگون سے درسی کتابین پڑہین - بعد معمولی تربیت وتعلیم سے فراغت پانے کے اس نوجوان جمن نے سفر کیا اور جرمنی کے مشہور شہرون کو دیکہا - اور جب وہ سفر سے سرہوئے تو وہ اپنے ملکی معاملات اور حالات کے دریافت کرنے کی غرض سے کچہہ وقت کے لئے ایک مقنن کے دفتر مین داخل ہوئے - مسٹر آسٹن کے مکان پر جو لارڈ بیکنس فیلڈ کے باپ کے دوست تہے اونہون نے اوس زمانہ کے چند مشہور اور معروف علما اور فضلا سے ملاقات کی - اور اس سے اونکا حوصلہ بڑہا - اور اونہون نے اوسہی اپنے زمانہ نابالغی مین ایک قصہ یا ناویل لکہا جسکا نام "ویوین گری" تہا جسکی عبارت اور مضمون سے کچہہ کم شہرت نہین ہوی -

۱۸۲۷ء مین مسٹر مروٹ نے جو اونکی اکلوتی بہن سے منسوب تہے اونکو بجانب شرق سفر کرنے پر آمادہ کیا اور اہونے اثنای سفر مین اٹالیہ (روم اعظم) اور یونان کو دیکہا اور پہر وہان سے قسطنطنیہ پہونچے اور قسطنطنیہ سے شام اور بیت المقدس اور مصر کو سفر کیا اور وہان سے دریای نیل کے سرچشمہ کے طرف سفر کرکے ملک نوبیا کو دیکہا - سفر مین بہی یہہ نوجوان مسافر اپنے کتابین لکہنے سے غافل نہ تہا - اور اسہی وقت مین اونہونے ایک کتاب "ینگ ڈیوک" لکہی اور اوسکو چہپوایا - جب وہ "ٹرائے" کے میدانون مین

بہے ہتے تو اوسوقت اونکو خیال آیا کہ فرینچ ریوولیوشن یعنی انقلابات
ما کے اوپر ایک نظم کتاب لکھنا چاہیے اس کتاب کی اونہوں نے تین جلدین
ن اور اونکے پچاس نسخے طبع ہوئے



جب وہ انگلستان کو واپس آئے تو اونہون نے
ما بین لکہین - اونمین سے ایک کا نام "کینٹریے فلیے منگ" اور دوسری کا
ی ولڈرس ٹیل آف الاوری" تہا -
بڑے ڈزرالی - تو اپنی زندگی تنہائی اور کتابون کے
میں بسر کرتے ہتے اور چہوٹے ڈزرالی پارلیامین شریک ہونے کی خواہش
ہتے - اور اہنون نے اس معاملات ملکی اور بحث و مباحثہ کے اکہاڑے مین
ہونے کی ازحد کوشش کی -
جو نہین مسٹر ڈزرالی اپنے مشرقی سفر سے پلٹے اونہون نے
ی وای کوم" کے ایکٹر ہونے کی امیدواری کی - لیکن وہ کامیاب نہ ہوئے
ر اونہون نے دوسرے سال "ماریلبن" کے ایکٹر ہونے مین کوشش کی

اور اوس سے بھی محروم رہے - جب اس جگہ سے بھی ناکامیابی ہوئی تو اونھون نے
پھر "ہای وای کوم" کے لوگون سے جو اون کے پروسی تھے ایک مرتبہ اور ایلکٹر
ہونے کی درخواست کی اور اوسمین بھی بطور سابق ناکامیاب ہوے اونھون نے
پھر "ٹانٹن" کے ایلکٹر ہونے کی کوشش وسعی مین ناکامیابی اوٹھائی لیکن انکا حوصلہ
۱۸۳۷ع مین نکلا اور وہ "میڈسٹون" کے ایلکٹر ہوکر پارلیامین بھیجے گئے -

جب مسٹر ڈزرالی نے اول مرتبہ "ہاوس آف کامنز"
مین کھڑے ہوکر گفتگو کی تو وہ اسمین ناکامیاب ہوے - مسٹر اسمیلس کہتے ہین
کہ جب اون کی گفتگو اوربنائی ہوئی فصاحت پر لوگون نے قہقہے اوڑاے تو
اوسوقت اونھون نے پیچ وتاب کھا کر کہا کہ مینے بہت سے کامون مین چندبار
شکست پائی ہے اور پھر آخرکار اونمین کامیاب ہوا ہون اور اب تو مین
بیٹھتا ہون لیکن وہ وقت بہت جلد آویگا جب تم مجھکو عمدہ تقریر کرتے ہوے سنوگے
آخرالامر وہی وقت آیا اور پھر کسطرح سے مسٹر ڈزرالی نے اون مہذب لوگون کے
درمیان جو دنیا مین اول درجہ کے تھے گفتگو کی اور اونکے قلوب کو اپنے طرف
مایل کیا - یہہ امر اثبات ارادہ اور صبر واستقلال کے نتیجہ پر دلالت کرتا ہے
اور ہمارے ناظرین اس فقرہ سے دریافت کرسکتے ہین کہ صبر واستقلال کا
پھل کیا ہوتا ہے - کیونکہ مسٹر ڈزرالی کو یہہ مرتبہ صرف صبر واستقلال کی وجہ سے
میسر آئے اونھون نے ایسا نہین کیا جیسا نوجوان آدمی اکثر کرتے ہین یعنی
جب وہ کسی کام مین ناکامیاب ہوتے ہین تو کونے مین جاکر آہ وزاری
کرتے ہین اور اداس ومایوس ہوکر بیٹھہ رہتے ہین - بلکہ اونھون نے

جب ناکامیابی کا صدمہ کسی کام مین اوٹھایا تو اوسکو چھوڑ نہین دیا اور برخلاف اسکے اونھون نے پھر اوسی کام کو محنت اور مشقت سے شروع کیا - اونھون نے اپنے غلطیون کو بہوشیاری دریافت کیا - اپنے سامعین کی طبیعتون کو ملاحظہ کیا - محنت اور کوشش سے قواعد تقریر کو استعمال مین لاے - اور ابتدای علم پارلیما سے واقفیت پیدا کی - اونھون نے صبر و استقلال کے ساتھہ اپنے کامیابی مین کوشش کی اور وہ کامیابی رفتہ رفتہ حاصل ہوی - پہلے " ہاوس اف کامن " کے لوگ اونپر ہنستے تھے اور پہر وہی اونکے ساتھہ ہنستے تھے - یعنے لارڈ بیکنس فیلڈ مین وہ قوت تقریر باہم پہونچے کہ لوگون کا ہنسانا اور رولانا اسکے اختیار مین تھا اخرکار لوگون کے دلون سے وہ پہلے ناکامیابیون کی یاد جو مسٹر ڈزرالی کو ہوی تھی مٹ گئی اور سب نے باتفاق یہی قبول کیا کہ وہ زمانہ حال کے تمام مقررون مین سے جو پارلیمنٹ مین تھے اعلی درجہ کے مقرر اور گفتگو کرنے والے ہین -

سنہ ۱۸۳۹ء مین مسٹر ڈزرالی نے مسٹر لیوس متوفی کے بیوہ سے نکاح کیا - یہہ صاحب اونکے ساتھی ایلکٹر " میڈل اسٹون " کے تھے اس لیڈی یا بی بی کے نامزد اونھون نے ایک اپنے لکھے ہوے قصہ کی کتاب کی اور اوسمین مندرجہ ذیل کے لفظون مین لکھتے ہین کہ مین اس کتاب کو اوس عورت کے نامزد کرتا ہون جسکی پاک طبیعت اور نیک نیت اوسکو دوسرون کے غم والم مین شریک ہونے کی خواہش دلاتی ہے - اور جسکی پیاری میٹھی اواز سننے والی کو ہمت بندھاتی ہے اور جسکی قوت فیصلہ اور قوت تمیز اس کتاب کے لکھنے مین رہبر ہوی ہے وہ ایک سخت جانچنے والی اور عیب چین ہے لیکن ان سب باتون پر

فوقیت یہہ ہے کہ وہ ایک عمدہ لایق بی بی ہے"

ایک انگریز مسٹر ڈزرائلی کے لڑکپن کی کیفیت خانگی حسب مندرجہ ذیل تحریر کرتا ہے ۔

اگرچہ عام جلسون اور صحبتون مین مسٹر ڈزرائلی عادتاً خاموش اور کم سخن رہتے تہے لیکن وہ لوگون کی چال وچلن اور باتون کو بڑے دہیان سے مشاہدہ کرتے رہتے تہے اون کے دلیری جوش پیدا کرنے کے لئے اور اونکو اپنی فصیح تقریر اور دلچسپ بیان پر امادہ کرنے کے لئے یہہ ضرور ہوتا تہا کہ کوئی بات خلاف عام کی پیش لیجاوے اور جب اونکو خوب جوش ہوتا تہا تب اونکی تقریر اور قوت بیان قابل تعجب تہی اور انمین وہ قوت بیانیہ تہی کہ جب چاہین اہل جلسہ کو رولادین اور جب چاہین ہنسادین ۔ جب چاہین اون کے دلون مین جوش پیدا کردین اور جب چاہین اونکو برانگیختہ کردین ۔

ابتداً مسٹر ڈزرائلی معاملات سیاسی مین بطور ایک سخت ریفارمر یا مصلح کے داخل ہوئے ۔ لیکن بعد اسکے وہ فرقہ کنسرویٹیو مین شریک ہوئے جسکے رہنما اوسوقت سر رابرٹ پیل تہے ۔ جب سر رابرٹ نے اصول فری ٹریڈ یا آزادانہ تجارت کو اختیار کیا تو مسٹر ڈزرائلی نے اونکو چھوڑدیا اور اونکے سخت مخالف ہوئے ۔ لارڈ جارج بینٹنک کے مرنے پر وہ ہاوس آف کامن مین اس مخالفت کے لیڈر یا رہنما ہوئے ۔ ۱۸۵۲ع مین اوہنون نے اپنی عمدہ صفت استقلال کی وجہ سے اس بات کا قابو پایا کہ اوہنون نے ایک کانسرویٹیو کیبینیٹ" بسرداری لارڈ ڈربی منعقد کیا ۔ اور خود چینسولر آف

ایکسچیکر کا کام دیا - دو سال تک اونہون نے اس عہدہ کا کام کیا اور ۱۸۶۸ع مین وہ وزیر اعظم یا پرایم منسٹر مقرر ہوے اور اسہی سال کے آخر مین وہ اس عہدہ سے استعفا دینے پر مجبور کئے گئے - انکے اثر سے اہل کنزرویٹیو کے خیالات بہی آزادانہ ہو گئے ہاتہے - اونہون نے کہا تہا کہ مین اپنے ملک کے لوگون کے دلون کو مہذب بنانا چاہتا ہون اور اگر یہہ کلمہ گستاخی پر محمول نہ کیا جاوے تو مین یہہ کہہ سکتا ہون کہ مین اپنے جماعت والون کو اعلی درجہ کی تربیت کرنا چاہتا ہون - ۱۸۶۹ع سے لیکر ۱۸۷۴ع تک مسٹر ڈزرائلی مخالفت مذکور کے ہادی اور رہنما رہے - ۱۸۷۴ع مین پہر فرقہ کنزرویٹو کو غلبہ ہوا اور وہ وزیر اعظم ۱۸۸۰ع تک رہے -

لارڈ بیکنس فیلڈ کی سیاسی کارروائیون پر لوگون کے مختلف رائین ہین - اور اس [illegible] مین رائے دینے اوسوقت تک دشوار ہے جب تک آدمی امور سیاسی [illegible] اوسوقت ہون پورے طور سے واقف نہوا ور اوس زمانہ کے [illegible] لوگون کے مزاج سے کماحقہ مطلع نہو اپنے نسبت وہ خود ہی کہتے ہین کہ [illegible] شخص [illegible] اعمال نہین جانتا ہے اور مین جانتا ہون کہ مینے اس اپنے دراز سیاسی زمانہ مین بہت ایسے کام کئے ہین جنپر مین اب افسوس کرتا ہون اور بہت سے ایسے باتین زبان سے نکالی ہین جنپر مین تاسف کرتا ہون لیکن آدمی کے چال ڈہلن کے نسبت رائے دینے کے لئے یہہ ضرور ہے کہ اوسکے تمام باتون کو ملاحظہ کیا جاوے - لارڈ ہارٹنگٹن نے جو فرقہ مخالف کے ایک معزز شخص تہے اونکی نسبت

سال گذشتہ مین حسب ذیل رائے دے تھے۔

" لوگ کہتے ہین کہ لارڈ بیکنس فیلڈ ایک ذی حوصلہ شخص تھے۔ مین چاہتا ہون کہ کوئی مجھکو ایسے شخص کو بتلاوے کہ جسنے امور سیاسی مین ایسا بڑا درجہ پایا ہوا اور اس رتبہ تک پہونچا ہو اور اوسمین حوصلہ اور خواہش نہو۔ کوئی شخص لارڈ بیکنس فیلڈ کو کسی نا قابل اور بیہودہ خیال کا الزام نہین لگا سکتا ہے ہم اون کے معاملات سیاسی کے رائون سے اتفاق نہین کرتے ہین لیکن ہم ضرور اونکے ذہانت اور لیاقت کی تعریف وثنا کرتے ہین جو کہ اونہون نے اپنے مشکل و دشوار کاروبار مین ظاہر کی۔ مین اس بات کا کامل یقین کہتا ہون کہ لارڈ بیکنس فیلڈ تمام اون باتون کو پیش نظر رکہتے تھے جنکو وہ اپنے وطن کے حق مین اچھا سمجھتے تھے اور جنکو وہ اپنے بادشاہ کے قوت کے واسطے مفید خیال کرتے تھے۔ "

تہوڑا عرصہ گذرا کہ مسٹر گلیڈ اسٹون وزیر اعظم نے لارڈ بیکنس فیلڈ کے لئے ایک یادگار تیار ہونے کی تجویز کی اور کہا کہ اس شخص کی بزرگی اور لیاقت ایسی تہی جسکے صلہ مین قوم کو اونکے یادگار ضرور بنوانا چاہیے۔ مسٹر گلیڈ اسٹون نے خود اپنے زبان سے حسب ذیل کلمات لارڈ بیکنس فیلڈ کے نسبت فرمائے۔ وہو ہذا ــ

" اگر مین لارڈ بیکنس فیلڈ کے اوصاف اور اونکی بزرگیان خوب صاف اور واضح بیان نکرون اور اونکی ثنا وصفت مین زبان نکہولون تو یہہ بات انصاف سے بعید اور تہذیب سے دور ہو گی۔ اگرچہ اونمین اور مجھہ مین

بڑا بہاری اختلاف تہا اور ایک دوسرے کی رائین آپس مین سخت مخالف تہین تاہم مجہکو اون کے اون خوبیون کے بیان کرنے سے اطمینان قلب اور تسکین خاطر معلوم ہوتا ہی جو مجہکو اور میرے سامعین دونون کو مفید ہونگے - وزیر اعظم متوفی مین بعض ایسے عمدہ اوصاف تہے جنکے بیان کرنے مین میری زبان عاجز ہی اونکے قوامی عقلیہ ایسے تعجب انگیز تہے جنکو مین اور دوسرے صاحب یکسان جانتے ہین - لیکن علاوہ ان قوامی عقلیہ کے اور سوامی اون خوبیون کے جو کاروبار ملک سے علاقہ رکہتے ہین اونمین بہت سے ایسے عمدہ باتین تہین جنکو مین اگر کم سن ہوتا تو اپنے دل پر نقش کالحجر کرتا اور اون سے آیندہ فائدہ اوٹہاتا اور جنکو مین اب اون صاحبون کے لئے بیان کرتا ہون جو ابہی کم سن ہین تاکہ وہ اونپر غور کرین اور اونکی تقلید کرین - یہی نہین تہا کہ وہ اوصاف اونمین صرف موجود ہی تہے بلکہ وہ اونمین ایک بہت بڑے تعجب انگیز درجہ تک بلاشک پاے جاتے تہے -

مثلاً مین اونکے مستقیم ارادہ اور دوراندیشی کی نسبت بیان کرتا ہون جو اونمین ایسے زیادہ تہے کہ ابتداے سن شعور سے آخری زمانہ تک چلے گئے - اور اونکو اپنے نفس پر اس درجہ قوت حاصل تہی جسکا کچہہ بیان نہین ہوسکتا ہے اور اونمین بہت بارلیمان تقلال بڑہی ہوئی تہی کہ مینے اپنی عمر بہر مین بہت سے وزیر اعظمون کو دیکہا مگر کسی مین بہی اس زور و شور کی نہ پائی - علاوہ اسکے اور بہت سے خوبیان اونکے چال وچلن مین ایسے تہین جنکا تہوڑا بہت ذکر کرنے سے مین باز نہین رہسکتا ہون -

مین اون کے اوس انسانی ہمدردی کی صفت پر بہت تعجب کرتا ہون جو اون مین اسقدر زور و شور سے تہے کہ جس پر سے وہ اپنی شہرت اور ناموری اور دولت اوس

اقتدار کو نثار کرنے مین کچھہ دریغ نہین رکہتے تہے - اور اسیطرح سے اونکے اوس
ہمدردی پر تعجب کرتا ہون جو اونکو اپنے بہائیون ہم پیشہ اور صاحب علم اور فن کی ساتہہ تہی
تہوڑے روز ہوے کہ مینے ایک کتاب یعنی "تذکرہ ٹامس کوپر" مین جو ایک عمدہ مفید
کتاب ہی پڑہا ہے کہ کسطرح سے مسٹر ٹامس جو اپنی جماعت پر مسلط نہین رہتے تہے اور جنکی
جماعت اوسوقت قایم نہین تہی اون کے پاس آے اور کسطرح اونکی خاطرداری
اور تعظیم اور تکریم مسٹر ڈزرالی نے کی اور کس مہربانی سے اون کے ساتہہ پیش آے
یہہ حال انکے ہمدردی کا اون لوگون کے ساتہہ تہا جو اہل علم ہوتے تہے اور ایک
صفت اونمین اعلی درجہ کی تہی جسکا بیان کرنا خلاف تہذیب ہوگا یعنے اپنے بی بی کے
ساتہہ محبت جسکو اونہون نے باوجود کاروبار ملکی اور اشغال مختلف کے ترقی دی اور
اپنے ہم وطنون کے لئے مثال پیدا کردی تہی

سنہ ۱۸۶۸ع مین اونکو "پیرج" کی عزت یا مرتبہ دینے کی تجویز
ہوی جس سے اونہون نے اپنے لئے انکار کیا کیونکہ اس کے ملنے سے وہ ہاوس
آف کامن مین سے علیحدہ کردیے جاتے اور اقتدار ملکی جو اونکو یہان تہی وہ نرہتی
لیکن اونہون نے اوس عزت کو اپنے بی بی کے واسطے قبول کیا اور اوسکے بی بی
"کاونٹس آف بیکنس فیلڈ" ہوئین - جب وہ ضعیف ہوے اور اون کے
اعضا مین ضعف اور اضمحلال لاحق ہوا تب اونہون نے سنہ ۱۸۷۶ع مین اس عزت
"پیرج" کو قبول کیا اور اونکا خطاب ارل آف بیکنس فیلڈ ہوا -
جب اونہون نے ۱۹ اپریل گذشتہ کو انتقال کیا تو اونکی تجہیز و تکفین بڑے دہوم دہام
سے ہوی اور اونکو "ویسٹ منسٹر ایبی" [illegible] دینے کی تجویز ہوی - لیکن

اونہون نے آگے سے وصیت کی تہی کہ مجھکو میرے بی بی کے نزدیک ہوگنیڈن کے
گرجا مین مدفون کرنا۔ حضرت قیصر ہند نے خدا اونکی سلطنت مین برکت دے اور
اونکی شان و شوکت مین روز افزون ترقی دے لارڈ بیکنس فیلڈ کے مرنے پر
بہت افسوس ظاہر کیا اور اوسکے میت کے لئے ایک پہولون کا ہار بطور تعظیم کے
بہیجا۔ اس ہار مین ایک رقعہ بندہا ہوا تہا جسپر خود قیصر ہند ادام اللہ حشمتہا نے
اپنے دست مبارک سے فقرۂ مندرجۂ ذیل لکہا تہا۔

"کوین وکٹوریا کے طرف سے یہہ پہول محبت اور افسوس
کے ساتہہ بہیجا ہین"۔

اس پہولون کے ہار کو جسکو قیصر ہند وسع اللہ سلطنتہا نے
بہیجا تہا شہزادہ لیوپولڈ نے حضرت ممدوح کے طرف سے جنازہ پر ڈالا۔

بعد وفات ارل بیکنس فیلڈ جو باتین اونکی نسبت اسمعیلس نے
لکہین وہ بہی حسب ذیل مندرج ہین۔

"انکی زندگی کا زمانہ ایک مسلسل جد وجہد کا زمانہ تہا اور اون
مشکلات اور دقتون کو دور کرنے کا تہا جنکا عوام الناس کے نزدیک دور ہونا اور
اونپر کامیابی حاصل کرنا محالات سے تہے اونکے تذکرات مین جو اب جمع ہوتے
جاتے ہین جابجا ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کیسے مستقیم ارادہ اور کیسے مضبوط صبر و استقلال
کے آدمی تہے۔ اور اون کے اوصاف عمدہ کیسے قابل تعریف تہے اور اون کے
زبان کا اثر لوگون کے دلون پر ہوتا تہا۔ اگرچہ اول سے غلطیاں بہی ہوئین مگر وہ سب
کامیابی کے سیڑہیان تہین جنکے وسیلے سے وہ اس ذریعہ کو پہونچے فقط راقم محب حسین

ارل امہرسٹ

ارل ولیم پٹ امہرسٹ سنہ ۱۷۷۳ع مین پیدا ہوسے اور سنہ ۱۸۱۶ع مین سفارت چین پر مامور ہوسے چونکہ اونہون سنے دربار چین سکے قواعد کی پابندی مین اپنی ذلت خیال کی اور اوسکے قبول کرسنے سے انکار کیا اسواسطے سفارت وہان سے برخاست کر لی گئی لارڈ امہرسٹ سنہ ۱۸۲۳ع مین عہدہ گورنر جنرل ہند پر مقرر ہوسے اور اسی سال سکے اگسٹ مہینہ مین اونہون سنے گورنری کا کام لیا برہما کی لڑائی بارکپور کا غدر بہرتپور کی فتح انہین سکے عہد مین واقع ہوی جسکا ذکر ذیل مین مختصر طور پر کیا جاتا ہے —

برہما کی پہلی لڑائی سکے چند سال پیشتر برہما والون سنے انگریزی سرحد پر فساد اور پیش قدمی شروع کی اور شاہپور پر (جو ایک کم آباد جزیرہ ضلع چٹاگنج سکے سرحد پر واقع ہے اور ایسٹ انڈیا کمپنی کی عملداری مین تہا —) قبضہ کر لیا اس جزیرہ مین تہوڑی کمزور فوج تہانہ سکے محافظت سکے لئے رہ گئی تہی جنکو برہما والون سنے قتل کر ڈالا اور بہگا دیا لارڈ امہرسٹ سنے اس جزیرہ کو پہر فتح کیا اور برہما کی فوج کو وہان سے نکال دیا اور بعد اسکے سرکار برہما کو فہمایش کی کہ اس فتنہ و فساد سے باز رہین مگر اوس سنے اس تاکید کو سرکار انگریزی کی بزدلی اور خوف پر محمول کیا انگریزی فوج کو بنگالہ سے نکال دینے سکے لئے ایک لشکر اراکان کو بہیجا جب لارڈ امہرسٹ سنے دیکہا کہ امن قایم رسکہنے کی کوشش مین کامیابی نہین ہوتی ناچار ۲۴ فبروری سنہ ۱۸۲۴ع کو اشتہار جنگ دیدیا —

اس لڑائی کا تفصیلی حال جو ابتدا مین نہایت بگڑگئی تھی تاریخون مین مل سکتا ہی فی نفسہ احتیاج جنگ پر کوئی حرف نہین ہی مگر خاص لڑائی کی کارروائی البتہ الزام کے لایق ہے ہندوستان مین کبھی اس بے انتظامی اور بے احتیاطی سے کوئی لڑائی نہین ہوئی اور اس بات کا الزام اوسوقت کے جنگی محکمہ پر ۔۔۔ غذا کی خرابی اور قلت کیوجہ سے ہزارون آدمی انگریزی فوج کے ہلاک ہوگئے دو برس تک لڑائی رہی اور آخرکار برہما والون کو کامل طور پر شکست و ناکامی ہوئی اور لڑائی کے خرچ مین (جسکی تعداد تیرہ کرور تہی) ملک آسام اور اراکان اور تناسریم اور ایک کرور روپیہ نقد ادا کرنا پڑا انگلستان والون نے لارڈ امہرسٹ کے خلاف مین ناحق کا غل و شور برپا کیا اور لارڈ موصوف نے اوس الزام کے جواب لکھنے مین نہایت زحمت اوٹھائی بیشتر ہندوستان کے اصحاب الراے کے نزدیک یہہ معرکہ حق بجانب اور ضروری ہی نہ تہا بلکہ بالبداہت ایک ناگزیر امر تہا سرچارلس مٹکاف کی راے ہی کہ یہہ لڑائی نہایت صاف طور پر ذاتی حفاظت اور دفع فتنہ و فساد ملک کے واسطے کرنی پڑی۔

برہما کی لڑائی برپا ہوتی سنہ ۱۸۲۴ع مین بارکپور مین غدر ہوگیا جس مین محکمہ جنگی نے باغیون کے نسبت نہایت سخت اور نامنصفانہ برتاو کیا۔

راج بہرتپور کی مسند نشینی کے جہگڑے نے اسقدر سر اوٹھایا کہ قلعہ بہرتپور محصور اور تسخیر کرنا پڑا۔

اگرچہ جنگ برہما کی سخت بدانتظامی سے عام ناراضمندی انگلستان مین پھیل رہی تہی مگر چونکہ انجام اس لڑائی کا کامیابی کے ساتھہ ہوا اس واسطے ایک درجہ گورنرجنرلی کے خطاب مین بڑہایا گیا اور اونکو ارل امہرسٹ آف اراکان کا خطاب ملا

کورٹ آف ڈایرکٹرز نے ان مس لڑائیون میں جو شاہ آوا کے ساتھ واقع ہوئی لارڈ ڈاہرسٹ کی جانثاری اور ہمت اور فتح تک مستقل مزاجی کا شکریہ ادا کیا ہے فقط باقی آیندہ

راقم اکرام الدینخان سوم تعلقدار ضلع شورا پور

کتابون کی غارت گری

آج کل بعض بعض حضرات نو مہذب جو تھوڑی سی انگریزی زبان سیکھکر طرح طرح کے وسوسون اور خیالات باطل مین مبتلا ہو گئے ہین اور علوم و فنون کی تحصیل میں کوشش نہین کرتے ہین اور اپنے خیالات کو اصل فطرت اور الہام سمجھتے ہین کبھی کبھی ایسی ناواقفیت کی باتین بھی زبان پر لاتے ہین جن سے عوام الناس کے دلون مین طرح طرح کے وسوسے اور اوہام پیدا ہو جاتے ہین - چنانچہ اسکندریہ کے کتاب خانہ عظیم کی غارت گری کا ذکر بھی وہ براہ طنز کبھی کبھی کرتے ہین جو حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ خلیفہ دوم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک مین ہوئی تھی اور انہون نے حکم دیا تھا کہ اس کتاب خانہ کی کتابین حمام والون کو تقسیم کر دیں جاوین اور وہ اون سے حمام گرم کرین اور انہون نے فرمایا تھا کہ کافی ہے ہمکو کتاب اللہ - چنانچہ ۰۰۰ ہم ہزار جلد کتابین جلا دی گئین اور اون سے چھ مہینے تک حمام گرم رہے

ہم ان صاحبون کے خدمت مین یہ عرض کرتے ہین کہ اگر یہ فعل حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کا تھا تو کچھ عجبی اور نرالا نہین تھا جیسا کہ وہ خیال کرتے ہین بلکہ ایسے ہی فعل کو اکثر سلاطین ماسبق اور مابعد نے بھی کیا ہے اور اکثر سلاطین مذہب نصاریٰ نے کتاب خانہ غارت کئے ہین اور مذہب شایع ہونے کے لئے ہمیشہ ایک قوم ملت

نے دوسری قوم اور ملت کے کتابون کو غارت کیا ہی ـ چنانچہ اسبات کا ثبوت ہم مندرجۂ
ذیل کے تاریخی بیانات سے کرتے ہین جنکو ہمارے ناظرین امید ہے کہ بہت پسند فرماوینگے
"فی الواقع علم کے خزانون کو جیسا کہ وقت نے برباد کیا ہے
اوسیطرح انسان نے بھی اوسکو غارت کیا ہی ـ یہہ بات سب جانتے ہین کہ جب بادشاہون
کو فتح ہوئی ہے تو اوسوقت اونہون نے بڑے بڑے شہرون اور قریون کو ویران کیا
اور اونکے غضب کی آگ انسان ہی کے خون بہنے سے نہین بجھی بلکہ اوسکے شعلہ نے
تمام مغلوب کے مشہور چیزون کو گھیر لیا اور اونہون نے حالت طیش و غضب مین
تمام مشہور عمارات عظیمہ کو کہدوا ڈالا ہے اور بڑے بڑے کتاب خانون اور کارخانون کو
غارت کیا ہی چنانچہ پارسیون یا ایرانیون نے جب فنیقیون اور مصریون پر غلبہ کیا تھا
تو اوسوقت مذہبی تعصب سے اونہون نے ان قومون کی کتابون کو غارت کیا تھا
جنکی تعداد "یوسی بیس" بہت زیادہ بتلاتا ہے ـ فرقہ "ڈیوکری شن" نے ایک
بہت بڑے کتاب خانہ کو جو یونان مین مقام "نامیدس" تھا جلا کر خاک کردیا تھا
کیونکہ "نامیدس" کے باشندے اس فرقہ کے اصول مذہب کو نہین مانتے تھے
اگلے رومیون نے یہود اور نصارا اور حکیمون کے کتابون کو جلا دیا تھا ـ اور یہودیون نے
نصرانیون اور مشرکون کے کتابون کو غارت کیا تھا اور پھر نصرانیون نے یہودیون
اور مشرکون کے کتابون کو برباد کیا تھا مذہبی فرقے ہمیشہ [illegible] اور دوسرے
مذہبیون کے کتابون کو متواتر جلاتے رہتے ہین ـ اسکندریہ کے کتب خانۂ عظیم کو
جسمین بڑی بڑی بیش قیمتی اور نایاب کتابین تھین پہلے قیصر [illegible] نے غارت کیا تھا
[illegible] برسون تک اس کتاب خانہ کی خالی الماریون کو دیکھکر جو لوگ وہان جاتے تھے

اونکو رنج اور افسوس ہوتا تھا۔

تیرہوین صدی عیسوی مین جو غارت گریان عیسائیون نے

بمقام قسطنطنیہ مین کی تھین اونکو لوگون نے پوشیدہ کیا ہی اور کتابون مین کچھہ کا کچھہ لکھکر چھپوایا ہے لیکن صحیح صحیح کیفیت ان غارت گریون کی ڈاکٹر کلارک صاحب کے پاس محفوظ رہی ہی اور وہ بیان کرتے ہین کہ کسی قوم نے علوم و فنون کی چیزون کو ایسا غارت نہین کیا جیسا کہ اوس زمانہ کے عیسائیون نے کیا تہا اور ترکیون نے بھی ایسا کتابون کو برباد نہین کیا ہے جیسا کہ تیرہوین صدی کے انصار نے کیا ہے - شہنشاہ جسٹنین اور بہت سے سلاطین فرانس اور اسپین یعنے اندلس اور اکثر پاپاؤن اور پادری کلان) نے جو عیسائی مذہب کے بہت بڑے مقلد تہے یہودیون کی کتاب تلمود کے پڑہنے کی ممانعت بذریعہ احکام کے کی تہی - اور اس کتاب کے تمام نسخون کے جلادینے کا حکم صادر کیا تہا۔ چنانچہ ۱۵۶۹ء مین ۱۲۰۰۰ نسخے بمقام کریمونیا غارت کیے گئے

تاریخون کے دیکہنے سے معلوم ہوتا ہی کہ "کارڈنیل زیمنی" نے جب غرناطہ کو جو اندلس مین واقع ہے اہل اسلام سے لیا تہا تو قرآن شریف کے ۵۰۰۰ نسخون کو جلا دیا تہا۔

پہلے صدیون عیسوی مین جو غارت گریان کتاب خانون کی

ہنری ہشتم کے عہد حکومت مین ہوئین وہ بہی قابل افسوس ہین - جن لوگون نے مذہبی مکانون کو خرید کیا تہا اونکے قبضہ مین کتاب خانے مفت آسے تہے اور انہون نے یا تو ان کتابون کے کاغذون کو اپنے سامان خانگی کے صاف کرنے مین صرف کیا تہا یا بطور ردی کے فروخت کر ڈالا تہا اور بعضون نے ان کتابون کو جہازون پر بار کرکے

دوسرے ملکون کو فروخت کے واسطے روانہ کیا تہا - اسوقت جو ذی علم لوگ اپنے کتابون کو عزیز رکھتے تھے اونہون نے اونکی بربادی کے خوف سے اونکو زمین مین یا گاڑ دیا تہا یا اونکو دیوارون مین چنوا دیا تہا اور وہ کتابین وہان خاک مین مل گیئن اور نیست اور نابود ہو گیئن -

اب ہمارے ناظرین اوس زمانہ کو خیال فرماوین جبکو چندہی صدیان گذری ہین اور جسکو لوگ شروع تہذیب کا زمانہ خیال کرتے ہین یعنے اصلاح عظیمہ یا گریٹ ریفارمیشن کا زمانہ - اس زمانہ مین عیسائی مذہب والون کا غصہ کتابون اور قلمی رسالون کی غارت گری پر خوب نکلا اور اونہون نے کتابون کو خصوصًا اون کتابون کو جنکا نام سرخ روشنائی سے لکہا ہوا تہا اور جنپر خوب طلا کاری کا کام تہا جلا کر خاکستر کر دیا -

جس کتاب کے نام کو وہ سرخ روشنائی سے لکہا ہوا پاتے تہے اور اوسکی جدول مطلا دیکہتے تہے اوسکو یہہ خیال کرکے کہ وہ فرقہ پاپا کی کتاب ہی فورًا تعصب مذہبی سے جلا ڈالتے تہے - سنہ ۱۵۹۹ع مین کتاب خانون اور کتاب فروشون کی دوکانون کی وہ غارت گری ہوئی جیسے کہ "ڈن لوکنرٹ" کے کتاب خانہ کی ہوئی ہی "ورٹن" نامی ایک شخص اون عمدہ کتابون کی ایک فہرست لکہتا ہی جو بموجب احکام پادریان "وایٹ گفٹ" اور "بین کرافٹ" اور بہ تعصب فرقہ کالونیٹک اور پیورٹین جلادی گئے تہین - اس زمانہ مین جہان کہین کتابین فرقہ مخالف کی ملتی تہین اونکو پادری فورًا جلا دینے کا حکم دیتے تہے اور جیسے چورون اور ٹہگون کے وجود کو ملک سے دور کرنے کی کوشش کیجاتی ہے اسطرح سے اس زمانہ مین کتابون [illegible]

وجود سے نفرت تہی"

مسلمانون کو تو شروع اسلام سے ان فرقون کیطرح علمی کتابون اور کتب خانے سے تعصب نہ تہا بلکہ حدیث کی صحیح صحیح کتابون مین ثابت ہی کہ حضرت عمر توراۃ پڑہا کرتے تہے اور اورون کو بھی سنایا کرتے تہے حالانکہ توراۃ ایک مخالف لوگونکی کتاب تہی جو مسلمانون کے نہایت سخت دشمن تہے یعنے یہودیون کے اور ایک بار [illegible] رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس [illegible] توریت شریف لائی گئی تو آپ نے کمال ادب سے اوسکو تکیہ پر رکہا اور فرمایا آمنت بک وعن انزلک یعنی ایمان لایا مین تجہپر اور اوسپر جس نے تجہکو اوتارا۔ اسیطرح منصور بادشاہ اور مامون رشید اور دیگر خلفای عباسیہ کے وقت مین مسلمانون نے جو عظمت اور توقیر علمی کتابون اور علوم کی کی ہے وہ اب تک یادگار ہے پس اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اہل اسلام ہمیشہ سے علم دوست اور علوم و فنون کی کتابون اور کتب خانون کے سرپرست اور قدردان ہین اور ہمارے نئی فیشن کے بعض حضرات کا یہ خیال کہ اہل اسلام نے علمی کتابون کی غارتگری کی محض غلط ہے۔ جو واقعہ اسکندریہ مین ہوا اوسکی صحت اچہی طرح سے نہین ہوئی اور نہ یہ بات ثابت ہوئی کہ یہ حکم خلیفہ کا تہا بلکہ اوس زمانہ کی حالت اسباب کو مقتضی ہے کہ حضرت عمر کو اس واقعہ کی خبر بعد وقوع کے ہوئی ہوگی اسلئے کہ اسکندریہ مدینے سے مہینون کی راہ پر واقع ہے اور مدینے تک جلدی خبر پہونچنے کا اوسوقت کوئی ذریعہ ایسا نہ تہا یعنے تار برقی یا ریل وغیرہ جس سے یہ بات ممکن ہوتی کہ یہ واقعہ حضرت عمر کی اطلاع اور ایما سے ہوا ہوگا فقط

راقم محب حسین

ادب

شرح حال اگهوریان باشوکت و شان

الحماقةُ اَعیَت الأُساة　　　الوقاحةُ لا تقبلُ المداواة

اللئامةُ لن تزولَ الی الممات　　　فدع الاوغاد ولا ترجو لهم النجاة

عجیب ترین همه امور و غریب ترینِ چیزها اینست که بسے خود را دانا شمارد و کورے خود را بینا انگارد و خبیث النّفس خویش را مطهّر و مقدس پندارد۔ این اگهیان را اگر گوش شنوا بودے میشد که بقوّت بیان و بفصاحت لسان و بعبارات واضحه و بتقریرات صریحه و بضروب امثال و بحکایات گذشته و حال و بانواع کنایات و باصناف اشارات حقیقت روش و ماهیّت کنش ایشان را برایشان فهمانید۔ و از فساد طویّت و تباهی نیّت آنان را خبردار کرد۔ بلکه میشد ایشان را برین داشت که اقرار کنند که جمیع حرکات و سکنات و همهٔ افکار و نیّات ایشان ناستوده است و همهٔ افعال و اعمال آنان موجب خرابی و تباهیست۔ و این کرانِ مادرزاد را اگر چشم بودے ممکن بود که نقاشانِ بینا و رسّامانِ دانا و پیکرتراشانِ توانا بدستِ یاری صناعت و بنیروی فطانت قبح سیرت و شناعت سریرت و زشتیِ خصال و نارستی خیال و جهالت و ضلالت و حماقت و دنائت ایشان را بصورتے مصوّر نموده و بهیکلے مجسّم گردانیده بر ایشان نشان بدهند تا آنکه بر حال و مآل خود ها واقف گردند۔ ولی بسیار افسوس که نه این کورانِ مادرزاد را گوش است و نه این کرانِ مادرزاد را چشم۔ اگر این کوران و این کران را حاسّهٔ لمس می شد

البتّه حوادث و آفات دهر و مصائب و بلیّات روزگار و دشواریها و شکنجه هاے
زمانه ایشان را بر غباوت و سفاهت عقلی و خباثت و سفاهت ادراکی و شرارت و کج اندیشی
خود ها آگاه میگردانید — لکن صد اسف که این کوران و این کران چون عضو مشلول
قوّهٔ لامسه هم ندارند — جای عجب اینجاست که با وجود آنکه ایشان بدین حالتند
هر یکی خود را (سُقراطِ) یونانی و (کُنفیسیُوس) چینی و (شامپلیوُن) امریکانی
و (مرابوی) فرنساوی و (گاری بالدی) ایطالیانی میشمارد — بلکه ایشان را
ناقص و خیالات ایشان را پست و کار ها شان را حقیر خُرد دانسته خویش را تفضیل میدهد
— بهار تأسّف مینماید که قوم او حقیقت و کُنه ماهیّت او را نفهمیده تعظیم و توقیر
لائق بجا نمیاورد — اینست بیماری حماقتیکه جمیع اطبّا از مداوات آن عاجز شده اند
— یا رب چه شده است که این اَفیالتسها خود ها را (تمستوکلیس) و (ارستید)
میدانند — و این روباه خصلتان خود ها را از انیبالِ افریقی شجاع تر گمان میکنند
— چه روی داده است که این هَبَنقه ها دعوی اَیاسی مینمایند — و این گنگها خود ها را
(تیموس تنیس) و (سیسِرُن) میانگارند — و این مادِر ها با معن سر همسری
دارند — و این خیانت کاران طعنه بر سموئل میزنند — و این ابوجهلها خود ها را
از محمّد اعقل میدانند — و این چنگیز ها نوشیروان را ظالم مینامند — و این
شکم پرستان خسیس النفس ابویزید را شَرِه میگویند — و این بوزینه ها دعوی
انسانیّت میکنند — اینک کورانِ دوربین و کرانِ تیزگوش و کودنانِ هوشیار
و بلیدانِ خردمند و ضعیف الرّایانِ عاقبت اندیش و جاهلانِ علامه و قسی القلبانِ
شفقت و خائنانِ با امانت و گمراهانِ راه بین و وحشی خصلتان مدنیّت گستر و مفسدان

مصلحت اندیش و بدکرداران باعصمت و تباه کاران رنجور از کج روشی دیگران و دوستان
بنیادکن و خیرخواهان بدتر از صد دشمن و ناصحان بدسیرت — اینست اجتماع ضدین
اینست تلاقی نقیضین — برین حال باید گریست ولی خنده مجال نمیدهد — وقاحت
تا چه حد بے شرمی تا کجا اگهوریها هم بدین سخت روئی نیستند ایکلوریها هم بدین درجه
بیحیائی نرسیده بودند — این چه عجیبه ایست که بدکرداری رسوا و زیان کاری بی
وخیانت شعاری برملا در مقام ستایش خود را چنان ستایش کند که گویا سقراطیست
از ناهنجاری جهانیان سیر و یا ابویزیدیست از بدکرداری اهل زمانه دلگیر
پاپای رومانی هم بدین درجه دعوی عصمت ننمود — سبحان الله تأثر و انفعال
نفس بالمرة مفقود گردیده است — ای شعور و ای ادراک شما کجا رفتید که نفس
ملامت موده اورا از حال خود آگاه کنید — ضرر برادران را از برای نفع
بیگانگان خواستن پس [illegible] ازان از طرف ایشان بجهت مکافات آب و اعتبار یافتن
را کدام شریف النفسے شرف شمرده است و کدام عاقل این کار را خردمندی انگاشته
آفیا لیتس را کدام هوشمندی یگانه زمان دانسته استکه روح الحیات قومی
زائل کند چرا باید آن را خیرخواه نامید [illegible] بنابر محض از برای سیاست دروغ
آئین خود [illegible] پس چرا شخصیکه [illegible] خویش سعی میکند از دانشمندان
شمرده شود — [illegible] این چه ضلالتست — اگر این [illegible]
را بلا دلیل دانسته و چشم [illegible] است که غور کن اگر منفعت شخصی
در جهالت و نادانی و فساد اخلاق من بوده [illegible] آیا [illegible] و تربیت من خورسند شده
آیا استادی [illegible] از طرف خود برای من میفرستد و اگر مرتی [illegible] یا استادی [illegible]

بفرستد آیا ازبرای تعدیل افکار و تقویم اخلاق من خواهد بود و یا ازبرای فساد و تباهی آنها و اگر مرا معلمی بوده باشد آیا تعظیم و تکریم آن خواهد نمود و اگر معلم مرا از روی صدق و راستی تبجیل و توقیر نماید همین برین دلالت نمیکند که باید معلم من در تعلیم و تربیت طریق خیانت را پیش گرفته باشد — ندانستن این امر واضح آیا از غباوت نیست — سبحان الله آیا دزد نگهبانی خواهد کرد — عجب این چه بلاهت است آیا شیطان رهبری میکند — این چه غفلت است کسیکه کوری من سبب بهبودی اوست آیا سعی خواهد کرد که ازبرای معالجهٔ چشم من طبیب حاذقی بدست آرد — اینست طمع بیجا اینست خیال محال — چون درینجا باطل چنان لباس حق را پوشیده است که شناختن آن برای اذکیا هم دشوار افتاده است تا کجا برای ابلهان لهذا امیدانم که این دلیل را کافی نخواهی شمرد و ازین جهت طرز دیگرے را پیش گرفته میگویم تربیت و تعلیم شخص واحد بسه گونه متصور می شود نخستین آنکه آن شخص را جزو قومی انگاشته شود و مبنای تربیت و تعلیم آن را اولاً و بالذات بر منفعت آنقوم که بمنزلهٔ کلست گذاشته شود و منفعت ذات آنشخص در درجهٔ ثانیه و بالتبع ملاحظه گردد — و منفعت قوم درین هنگام چون منفعتیست که منافع افراد مانند جداول ازآن متفرع می شود — و افراد برین تقدیر بدامان آنند که هیئت مجموعه باشد و هیئت مجموعه که ازآن بقوم تعبیر می شود صائن و حافظ افراد و قوم آنکه مبنای تربیت و تعلیم آنشخص بر منفعت ذات او باشد منفعت و ملاحظهٔ قوم آن سیم آنکه در تربیت و تعلیم آن اولاً و بالذات منفعت دیگران و فائدهٔ بینندگان ملحوظ شود و منفعت خود آن شخص بالتبع باشد — اکنون میتوان گفت که این تربیت ثالثه قوم آن را نفع خواهد بخشید آیا میتوان گمان کرد که آنشخص

درین هنگام خادم ملت خویش است آیا قوم آن درین صورت از ضرر و گزند آن
محفوظ خواهد ماند آیا جایز است که در حق مربی آنشخص گفته شود که او محب و جان
فشان و فدوی قوم و ملت آنشخص میباشد - کور باد دیدهٔ آن عقلی که چنین اندیشد
وای بر ادراک آنشخصی که امتیاز ندهد درمیانهٔ منفعت و مضرت - خاک بر دهن آن
ذی شعوری که چنین سخن را بزبان آرد - اگر یک بچهٔ از فرنسا گرفته ببلاد جرمن
فرستاده شود و در آن بلاد آن بچه بحسب تربیت استادهای خود عادت جرمنها
را فراگیرد و محبت ایشان در دل او متمکن شود و قوم و ملت او در نظرش منفور
و حقیر گردد آیا میتوان چنان گمان کرد که آن بچه خادم و جان فشان ملت فرنسا
است و آیا آنشخصیکه آن بچه را بدین نوع تربیت کرد میتوان آن را محب فرنسا
نامید - عجب حماقت دست داده است که فرق میانهٔ منفعت و مضرت هم نمی شود
شگفت ما لقیت چگونه فهمیده نمی شود که مضرت این گونه تربیت از منفعت آن
بیشتر است - بلکه چگونه دانسته نمی شود که چنین تربیتی هزار مرتبه بدتر است ازآنکه
شخصی بنوعی تربیت یابد که بجای منفعت موجب مضرت اهل و وطن خود بشود -
سر خود را بدست خود بریدن لاحول ولا - تربیت دومی نه رشتهٔ التیام قوم
را بریدن است و اتحاد و برادری را زائل کردن است - اگر در تربیت افراد منافع
کل اولاً و بالذات ملحوظ نشود التیام و اتحاد چگونه متحقق میگردد و چون اتحاد و التیام
نباشد قومیت از کجا خواهد آمد - اگر کسی اتحاد قوم [illegible] بدین گونه تربیت نماید دشمن
آنقوم خواهد بود یا دوست - اسم آن شخص را [illegible] باید نهاد یا [illegible] - و آن تربیت
نخستین را چگونه اگر فرض کنیم که [illegible] شود آیا [illegible] تمام نخواهد کرد - انشاالله

کدام عقل این چنین امر را تصور میکند که بیگانهٔ آمده جنسیت و قومیت دیگران را قوت دهد یا پایداری بدهد - که می پندارد که شخص خانهٔ خود را خراب کرده با انقاض آن خانهٔ دیگر را تعمیر کند - اگر بیگانگان چیره دست آگاه شوند که خانهٔ از برای تأسیس جنسیت و تقویت قومیت دیگرے برپا شده است آیا آن خانه را از بیخ و بن کنده بباد فنا خواهند داد و یا آنکه آن بنا را محکم و مشید خواهند نمود و معمار آنرا خلعت فاخره داده بر تبهٔ عالیه اش سرفراز خواهند کرد - چه بزرگ جهالت و نادانیست آن شخص را که چنین گمان کند - عجب بلادت و حماقت است آن کسے را که این امر را بخاطر گذراند - اگر بیگانهٔ قوی بازو شخص ضعیفے را که در جنس با او مغایر است بکار بدارد آیا منفعت خود را ملاحظه میکند یا منفعت آن ضعیف را خصوصًا در امور که اگر منفعت ضعیف ملحوظ افتد ضعف بر قوی مستدل گردد - بغیر ازین مجمع اضداد و ملتقای نقائض کسے این کار را نخواهد کرد که قوی بدست خود و بسعی و کوشش خود شخص ضعیف را بر خود چیره گرداند - بلکه این مجمع اضداد هم چنین گمان میکنند ... در نفاق چنین اظهار مینمایند - البته معلوم شد که خیرخواه خیرخواه کیست ... منفعت را ... که مینهند - و مدح ... را میکنند و صله از که میگیرد - باور نمیکنم که این عقلای عقول جامده را معلوم شده باشد - اگر این عقلها جامد میشد خیانت صریح را دلیل طهارت ... قرار میداد و در مقام مفاخرت نمیگفت که گوشت برادران آغشته بخون را نخوردن طهارت نفس است چونکه مستحقان این گونه ... از طرف قائل و مورد الطاف آن گردیدن خود دلیل بر خیانت و خباثت است اگر به برادران خیانت نمیکرد استحقاق این عطیهٔ عظمی او را از کجا حاصل میشد

امّا ابا کردن از خوردن با وصف خیانت بغیر چه بابت چیزی دیگر برای اثبات نمی نهد — تعجب نیست حال این مداحان که ذمائم شنیعه را باسم مدائح ذکر میکنند — اگر کسی بخواهد که شخصی را به بدترین نهجی ذم نماید از این بیش چه خواهد گفت که کشنده کان برادر را و در عین اشتغال بعمل شنیع قتل در هر ساعتی آن شخص را مینواختند — چرا مینواختند اگر با کشنده گان پر غضب در کار قتل شریک بوده و ایشان را بهمرتبه نیکو در اعانت می نمود —

اینست جان فشانی خانمان از برای قوم — اینست خیر خواهی خویشان از برای یاران — اینست مدائح بلغاء آخر الزمان — این فصحا و این بلغا را نظر کن اگر خواهند کسی را بکمال دانش بستایند باهم اتفاق نموده و یکدیگر اعانت کرده بعد از فکر طویل و عریض میگویند که آن هیچ علم نخوانده است و از هیچ چیز خبر ندارد و هیچیک از فنون را نمیداند اینک علّامهٔ زمان است و اگر خواهند شخصی را بجهل نسبت دهند بیان میکنند که آن جمیع علوم اولین و آخرین را خوانده است و هیچ چیز برو پوشیده نیست — این عجیبه مدحیست — این غریبه ذمّیست واد واد سبحان الله حقیقةً جای خنده است ولی گریه نمیگذارد — بلی آن گونه ممدوحین راست با زبرا این گونه مادحین درست گفتار باید — راست بازی از این بهتر زیاده خواهد بود که از فرط عشق محمد و محمّدیان تورات و انجیل را بجهت تقویت نصرانیّت بهزار کوشش اثبات میکنند — و از غایت سعی در صیانت دیانت اسلامیّه قرآن را انکار مینمایند — و از خوف آنکه مبادا سیل آمده خانه را خراب کند خود ها از بیخ و بنش کنده خاکش را بباد میدهند — از غایت خیر خواهی قوم و از نهایت دین پروری ارادهٔ آن دارند که دیانت و قومیّت را شهید نمایند و آن برای مدفن بارگاه رفیعی سازند و هر یک از

براے یادگار اسم خود را و رآن ثبت نماید تا آنکه آینده گان را حال ساعیان درین کار خیر
موسوم گردد۔ بشارت باد آنان را که از قوم این خیرخواهان در اندیشه بودند۔ مژده باد
آن اقوامی را که از دین این دین پروران خوف و هراس داشتند۔ قومیّت کیفیت
ایست نفسانیّه که در حال صغر بواسطۂ تعلیم و تربیت در نفوس حاصل می شود۔ چون در تعلیم
کودکان این امر ملاحظه نشود و یا آنکه ضد آن مرعی گردد قومیّت از کجا وجود خواهد پذیرفت
و همچنین است حالت دیانت بلکه سائر کیفیّات نفسانیّه۔ و احداث کیفیّت نفسانیّۂ قومیّت
در نفسے از نفوس معنی اش اینست که معلّم بحسن تربیت و تعلیم خود آن نفس را بعد از فهمانیدن
موارد شرف قوم بدین وا دارد که بذل روح را از برای شرف قوم سهل انگارد و شرف
خویش را فقط در شرف قوم و ملّت خود پندارد۔ شرف قوم عبودیّت نیست۔ عبد مؤدب
و دانا سعادت مولا است۔ بنده را با وصف بنده گی هیچکس نیک بخت نشمرده است
اگرچه عالم و عارف باشد۔ این خانه زادها معنی این کلمات را نمی فهمند۔ در بنده گی
پرورده شده لذّتِ آزادی را چگونه خواهد دریافت۔ اگر بعبودیّت خو کرده معلّم شود
بغیر از سبیل عبودیّت چه تعلیم خواهد نمود۔ خسیس النفس را با شرف چه کار۔ اگریست
(خودغرض) عالم را فدای اغراض دنیّۂ خود میکند۔ لاحول و لا قوة اِلّا بالله این ذیو
مردمانِ ستی السریره چگونه موجب تنفر قلوب شدند از علوم معارف و آئین خوبان کریه الصور
چسان مانع از ترقی قوم خود ها گردیدند و زشتی سیرت این رکسان عجیبه سد محکمی شده
پاک منشان را از استحصال اسباب سعادت باز داشت۔ نیک ها طلاب را چنان
گمان شده که طرز جدید و تربیت نو باعث بیخ کنی قوم و ملّت است۔ لهذا از وضع حاضر گوشه
گرفتند۔ و لیکن سبب انحطاط و تأخر قوم گردید۔ نه نه گمراهے و ضلالت و عداوت

ملت را سبب بحر بد فطرتی و سنی تربیتی و جهل وخست نیست ـ علوم و معارف هرگز سبب
بدبختی و شقا نخواهد شد اگر معلم و مربّی بدفطرت و شقی نبوده باشد ـ بلی اگر اگهوری مربّی
گردد بسر از شقاوت و بیخ کنی قوم چیز دیگرے را امید نباید داشت ـ فساد کار
این اگهوریان هنوز بخوبی ظاهر نشده است چون ظاهرش مزوّق است اندکے
صبر باید ـ شراب زهرآلود او لاّمستی میبخشد پس از آن جگر درنده را پاره پاره میکند
اگهوریان را یار و صدیقی نیست و طریقت و مذہبے هم ندارند و در میانهٔ ایشان
تعاون و تواثر نمیباشد و بغیر از شکم پر کردن آرزوی دیگرے در دل ندارند مپس
گمان مکن که ایشان با علی راحق انگاشته جان فشانیها میکنند و جوانمردیها مینمایند ـ این همه
خودنمائیها و این همه دست افشانیها و این همهٔ بناح و صیاح یه توهّم باطل نهاده شده است
نه برطلب فضیلت یعنی چنان گمان میکنند که این قوت حیف و میل و نیروی اختلاس که
ایشان را دست داده از جای دیگر است لهذا گاهگاہے جان را بدندان گرفته
بسط یدی مینمایند و ترلیشی حرکت میدهند ـ این امر بر کسے پوشیده نیست ـ اگر مقصود
اکتساب فضیلت بود از آن اموریکه ذکرش شرمندگی میآورد اجتناب میکردند ـ اگهوری
و طلب فضیلت هرگز شنیده نشده است ـ اگرچه ریش را بریش پیوند کرده یکدیگر را
ستایش میکنند و لی هیچیک از دل سخن نمیگوید بلکه هر یکے بجهت مقاصد دنیهٔ خود که
شکم پرستی باشد با دیگرے نفاق میورزد ـ اگهوری هیدو صاحب نمی شناسد ـ
اگهوری بغیر شکم خود معبود دیگرے ندارد ـ قاعدهٔ کلیهٔ از من یادداشته باش
اِسهاب و اِطناب بے منافقی نمی شود و مناسفتی . به اِغراق و مبالغه صورت نمی بندد ـ
چون شخصے منافق نباشد و غرض او استحصال مقصد خود نبوده باشد هرگز در ستایش

از عدتی و زشتی کند۔ آن ہستا یشے را کہ در یک ساعت انگوری با انگوری دیگر میکند۔ (بشمار کہ) در (غرچیف) را در تمام عمر حاصل نشدہ است۔ اگر این نفاق نیست پس چیست۔ عجب از این سخت رو ئی عجب از این سفاہت ہائی۔ گمان مکن کہ باید انگوری عریان و فقیر بودہ در کوچہ ہا و بازار ہا بگردد آینک انگوریان صاحب خدم و حشم انگوری بودن بدل است نہ بلباس۔ انگوری بودن کار ہر کس نیست کہ می تواند حیا را از خود سلب کند۔ مگر آنکہ درین طریقہ زائیدہ شدہ باشد و یا آنکہ از سرچشمہ سیراب گردیدہ باشد۔ نہایت تکبر را ہر گز دیدہ ئی کہ با نہایت ذل در شخص واحدے جمع شود اینک۔ باقی آیندہ۔ راقم جمال الدین حسینی

کرۂ زمین کے نسبت اگلے لوگون کے خیالات

مرداران صاحب لکھتے ہین کہ علم نجوم اور علم کیمیا کے زمانہ کے بہت پیچھے تک لوگون کا یہہ خیال تہا کہ کرہ زمین ایک بہت بڑا وسیع میدان ہے اور ساکن ہے اور جملہ کائنات کا مرکز ہے اور اجسام فلکی جو نکتے سے چمکتے ہوسے نظر آتے ہین اوسکے گرد گھومتے ہین۔ ارسطو جو اوس زمانہ مین بہت بڑا حکیم تہا اپنے شاگردون کو سکہاتا تہا کہ " اجسام فلکی کرون مین جڑے ہوسے ہین اور وہ زمین کے اطراف اون کرون کے ساتہہ دور کرتے ہین۔ اجسام فلکی بالذات ساکن ہین — پہلا کرہ وہ ہے جسمین ساکن ستارے قایم ہین اور پہر پانچ سیارے ہین اور آفتاب ہے اور زمین ہے اور زمین کے بعد مہتاب ہے۔ زمین بالذات ساکن ہے اور تمام کائنات کا مرکز ہے "۔

راقم محب حسین

یہ تعجب نفع ہوجاتا ہے۔ کیونکہ اگرچہ ہندسے سامان تجارتی بہت جاتا ہے مگر اکثر وہ سامان خام ہوتا ہے اور یہان سے ارزان قیمت پر دوسرے ملکون کو جاتا ہے اور پھر وہان جاکر یہی سامان خام عمدہ عمدہ کلون اور صنعتون کے ذریعہ سے نہایت بیش قیمت اشیار تجارتی مین تبدیل ہوجاتا ہے اور یہان آکر وہی سامان پھر دوگنے اور چوگنے پر فروخت ہوتا ہے۔ مثلاً روئے چمڑا وغیرہ چیزین یہان سے ارزان قیمت پر خرید ہوکر دوسری ولایتون کو روانہ ہوتی ہین اور پھر وہان جاکر ان سے عمدہ عمدہ نفیس کپڑے چار روپیہ گز اور ۱۰ روپیہ گز کی تیار ہوکر یہان آتی ہین اور اونکو پھر ہمین لوگ خرید کرتے ہین۔

اگر ہمارے ہی ملک مین کارخانے ہون اور ہمارے ہی ملک مین طرح طرح کی صنعتین پھیلین تو پھر اسقدر روپیہ کا نقصان ہمارا کیون ہو اور ہم کیون دن بدن مفلس ہوتے جاوین۔

[1] مس الیسیکس لوگسن نامی ایک انگریزی عورت جو مدراس کے ایک ہیکیت دان کی لڑکی ہین ب جھتم دفتر پلیٹیرالوجی صوبہ مدراس مقرر ہوئی ہین اس لیئق اور تجربہ کار عورت نے چھ سال تک مددگار مہتمم دفتر مذکور کے عہدہ کا کام بخوبی انجام دیا ہے۔

[2] سرکار ہند نے ایک ہزار روپیہ انعام مسٹر ای او برام صاحب مددگار کمشنر منٹگمری کو ایک کتاب کے صلہ مین دیا ہے جسکا نام لغت زبان ملتانی ہے۔

حاشیہ [1]۔ عورتین علم و ہنر کو بخوبی سیکھ سکتی ہین اگر ہم اونکو تعلیم و ترتیب نہ دین تو یہ قصور ہمارا ہے اور خدا کے یہان اس بے انصافی کی پرسش ہوگی کیونکہ خداوند تعالیٰ نے اون کو قوی دماغی اور قوی عقلی مثل آدمی کے سب دی ہے۔

حاشیہ [2]۔ انگریزی سرکار کی قدردانی علوم و فنون کے باب مین قابل غور اور سب باتون سے پہلے لائق تقلید ہے۔

اشتہار

اس ماہ سے بجائے خیرخواہ ہند واقع حیدرآباد دکن کی کارروائی وغیرہ طبع ہونے کے لیے ایک مطبع اندر حدود چھاؤنی رزیڈنسی متصل ناکہ انگریزی ترپ بازار مین قائم ہوا ہے ۔ اور اس مطبع مین عمدہ خوش خط کتابین اور رسالے ارزان قیمت پر بھی اُجرت سے چھپتے ہین ۔ اسواسطے حضرات خریداران معلم اور دیگر معززین اور شایقین بلدہ کی خدمت مین التماس ہے کہ براہ عنایت جو کچھ کام طبع فرمانا چاہین اوس سے اس مطبع کو سرفراز فرمادین ۔ اہتمام اوسکا عمدہ اور درست ہوگا ۔ المشتہر تجمل حسین مالک و مہتمم مطبع اسلامیہ واقع چادرگھاٹ

اشتہار

ہمارے مطبع مین چند نسخے مولوی وحیدالزمان صاحب کے لائف کے فروخت کے واسطے موجود ہین ۔ جن صاحبون کو خریداری منظور ہو وہ فی نسخہ ایک روپیہ پیشگی روانہ فرماکر خرید فرمادین یہ نسخے بہت کم ہین ۔ اور پھر ملنا اُنکا دشوار ہوگا المشتہر تجمل حسین مقام مذکور

رسید زر از حضرات خریداران معلم

میر اشفاق حسین صاحب وکیل درجہ اول ۔	[illegible]
چوبے پرشوتم داس صاحب مترجم اول دفتر معتمد مالگذاری سرکار عالی ۔	[illegible]
راجہ گردہاری پرشاد صاحب صدر سررشتہ دار جمعیت باقاعدہ سرکار عالی	[illegible]
میر عبدالجواد صاحب مدرس مدرسہ اعزہ	[illegible]

فہرست مضامین

نام مضمون	نام مضمون نگار یا مولف	صفحہ
ہئیت —		
دمدار ستارہ —	محب حسین	۳۳۷
ادب —		
زبان سنسکرت —	ایضاً	۳۴۵
بقیہ مقالہ شرح حال عالم بے نظیر فاضل بے مثل فیلسوف زماں اگھوریان باشوکت و شان	جناب مولانا مولوی جمال الدین صاحب حسینی ...	۲۵۳
اخلاق —		
بقیہ قانون سخن —	محب حسین	۳۴۷
کیمیا —		
چیزوں کے جوڑنیکے مختلف ترکیبیں	ایضاً	۳۷۰
تصاویر —		
مدارات ذوات الاذنات		
ہیلی صاحب کا دمدار ستارہ		
عام دمدار ستارہ		

علمی خبرین


سنتے ہین کہ اس آنے والے بڑے دن کو اخبار "گرافک" کے پانچ لاکھہ پچاس ہزار (۵۵۰۰۰۰) نسخے طبع ہوکر خریدارون کو تقسیم ہونگے

حاشیہ اڈیٹر معلم - افسوس صد افسوس ہمارے اہل وطن عیدین کے مہینون کے رسالون اور اخبارون کو پڑھتے تک بہی نہین خریدارون کے تعداد کی ترقی تو کجا -

ہندوستان کی صنعت اور کاریگری کی جو نمائش گاہ مقام شملہ پر ہوی تھی اوسمین اس سال تصویرون اور دیگر اشیا کے فروخت کرنے سے بارہ ہزار روپیہ کی آمدنی ہوئی اس آمدنی مین بہ نسبت سال گذشتہ کے آمدنی کے جو پانچ ہزار روپیہ کی تھی ترقی ہوئی - سب سے زیادہ چیزین لارڈ ریپن نے اس نمائش گاہ مین خرید کین -

مغربی شمالی کے ایک اخبار سے معلوم ہوا کہ امرتسر مین اس مرتبہ دبائی بخار سے اب تک نو ہزار آدمی مرے ہین - یہہ تعداد مردون کی جو اس بیماری سے مرے ہین چند سال گذشتہ کی تعداد سے زیادہ ہی ڈاکٹر بنیٹ صاحب مددگار صدر مہتمم صفائی (ڈپٹی سنیٹری کمشنر) نے اس بیماری سے مرے ہوی آدمیون کی بہت سے لاشون کو چیر کر امتحان کیا اور انکو کوی علامت ٹائیفائڈ فیور یعنے بخار کی نہ ملین وہ کہتے ہین کہ یہہ بخا

تختہ مدارات ذوات الاذناب





[illegible]سلی صاحب کا دمدار ستارہ

ہیئت

دمدار ستارہ

(جسکو عربی مین ذو الذنب اور انگریزی مین کامٹ کہتے ہین)

دمدار ستارے ایک خاص قسم کے اجسام فلکی ہین جنکا علاقہ نظام شمسی سے ہے۔ انگریزی مین دمدار ستارہ کو کامٹ کہتے ہین۔ کامٹ "کوما" سے مشتق ہے جو لاٹنی زبان کا ایک لفظ ہے اور جسکے معنی بال کے ہین چونکہ دمدار ستارے مین بالون کی پونچھ سے ہوتی ہے۔ لہذا اسکا نام اونہون نے کامٹ رکہا۔ جسقدر اوہام اور خیالات فاسد اس ستارہ کے دکہائی دینے سے لوگون مین پیدا ہوتے ہین وہ اور کسی ستارہ کی دور اور رویت سے نہین ہوتے جب دمدار ستارہ نکلتا ہے تو عوام الناس مین ایک تہلکہ پڑ جاتا ہے اور وہ خیال کرتے ہین کہ یہہ علامت اسبات کی ہے کہ قہر اور غضب خداوند تعالے جل شانہ کا نازل ہونے والا ہے اور یہہ پیشین گوئی کرتا ہے اس امر کی کہ کوئی عظیم سیاسی انقلاب واقع ہوگا یا کوئی بڑا بھاری تغیر آب و ہوا مین پڑے گا یعنی کوئی وبا یا طوفان عظیم آویگا۔


تمام ہیئت دان اسبات پر متفق ہین کہ دمدار ستارے بے نور اجسام ہین اور ان مین جو روشنی ہے وہ آفتاب سے آتی ہے اور جن قواعد کے ذریعہ سے اور سیارے انتظام پاتے ہین۔ وہی قواعد ان مین بھی جاری ہین دمدار ستارون مین خصوصیت یہہ ہے کہ اونکا دورہ بے ترتیب ہوتا ہے۔

یعنی مدور نہین ہوتا اور وہ ہر طرف سے طریق شمسی مین داخل ہوتے ہین۔

مثل دوسرے سیارون کے دم دار ستارہ کا قرص دکھائی نہین دیتا ہے۔ اسکی روشنی زردی سپیدی مائل ہوتی ہے اور اسکی ایک دم اکثر ہوتی ہے یا یون کہو کہ ایک روشنی کا سلسلہ ہوتا ہی اور یہہ دم اوس طرف سے دم دار ستارہ کی پیدا ہوتی ہی جو آفتاب کے روبرو نہین ہوتی ہی اور اس دم کی جڑ ہمیشہ آفتاب کے مقابل رہتی ہی۔

دم دار ستارون کی تعداد بہت کثیر ہی انمین سے بہت سے ایسے ہین جو طریق شمسی کے برابر دورہ کرتے ہین۔ اور بہت سے ایسی ہین جو آفتاب سے نیچے کی طرف چلے جاتے ہین۔ اکثر بڑے بڑے دم دار ستارے دیکھائی دیتے ہین۔

جو دم دار ستارہ ۱۸۸۲ء عیسوی مین نکلا تہا وہ تمام یوروپ مین دکھائی دیا تہا۔ ۱۲ دسمبر سنہ مذکور کی شام کو یہہ ستارہ حضیض (یعنی وہ نکتہ اوسکے دور کا جو آفتاب سے نہایت قریب ہی) سے گذرا اور اوسوقت اوسکا فاصلہ آفتاب سے ۱۴۶۰۰۰ میل کا تہا اور آفتاب کے مرکز سے ۵۸۴۰۰۰ میل کا تہا یہہ ستارہ بحساب ۱۲۵۰۰۰ میل فی گھنٹہ راہ طے کرتا تہا۔ اسکے دم کا طول ۱۲۷۵۰۰۰ میل کا تہا۔ اگر ایک ریل گاڑی بحساب ۴۰ میل فی گھنٹہ جاوے تو وہ اسقدر فاصلہ کو ۵۰۷۰ سال مین طے کریگی اوسکا نکتہ اوج جو آفتاب سی نہایت بعید ہی ۱۳۵۰۰۰۰۰ میل کے فاصلہ پر ہے یہہ دم دار ستارہ اپنی گردش کو ۵۷۵ برس کے عرصہ مین پورا کرتا ہے اور وہ سنہ ۱۹۶۲ عیسوی نیز



دمدار ستاره

مین نکتہ اوج پر پہونچیگا اور ۲۲۵۵ عیسوی مین پہر نمودار ہوگا۔

ایک مشہور دم دار ستارہ جسکو ہیلی صاحب کا دمدار ستارہ کہتے ہین بعد ہر ۷۶ سال کے عرصہ کے یعنی ۱۴۵۶ء ۱۵۳۱ء ۱۶۰۷ء ۱۶۸۲ء ۱۷۵۹ء اور اخیر ۱۸۳۵ء مین متواتر نکلا ہے۔ اس ستارہ کو ہیلی صاحب کا دم دار ستارہ اسوجہ سے کہتے ہین کہ اونہون نے پیشین گوئی کی تہی کہ یہہ ستارہ ۱۷۵۹ء مین نکلیگا سیارہ جارجم سیڈس کا مدار اس دم دار ستارہ کے مدار کو برابر دو حصون مین تقسیم کرتا ہے اور اس دم ستارہ کا اوج یعنی نہایت بعد آفتاب سے ۳۴۲۵۰۰۰۰۰۰ میل کا ہے۔ ۱۶ نومبر ۱۸۳۵ء کو یہہ ستارہ اپنی مقام حضیض (نکتہ نہایت قریب آفتاب) سے گذرا تہا اور امید ہی کہ یہی ستارہ پہر اخیر فروری کو ۱۹۱۱ء مین نکلیگا۔

جو دم دار ستارہ ۱۸۶۳ء مین نکلا تہا اوسکا مدار بہت لمبا تہا اور ہیئت دانون نے قیاس کیا تہا کہ اوسکے نکتہ حضیض کو نکتہ اوج سے درمیان مین ۱۴۵۰۰۰۰۰۰۰ کا فاصلہ ہے۔

ایک دم دار ستارہ ۱۷۷۰ء مین نمودار ہوا تہا جسکو ہیئت دانون نے شمار کیا تہا کہ وہ ۵½ سال مین ایک بار اپنا دورا گرد آفتاب کے پورا کریگا اور دکہائی دیگا لیکن ۱۷۷۰ء سے اب تک کہ ایک سو گیارہ سال کا عرصہ ہونے کو آیا ایک بار بہی وہ دکہائی نہین دیا۔ اون ہیئت دانون کے حساب کے رو سے اور رفا ۵½ سال مین ایک بار نمودار

ہونے کے حساب سے اوسکو اب تک ۴۰ مرتبہ نکلنا چاہیئے تھا۔ اس ستارہ کے غائب ہونے کے اسباب بڑی ذہانت اور ذکاوت سے لوگون نے بیان کئے ہین۔ لیکن ان مین سے کوئی قابل یقین نہین ہے

جو دمدار ستارہ ۱۸۱۱ء کو نکلا تہا وہ نہایت خوبصورت تہا۔ اوسکے نیوکلیز (بیچ کا نکتہ) کا قطر ۴۲۸ میل کا تہا اور اوسکے کوما (بیچ کے نکتہ پر جو جسم گہرا ہوا ہوتا ہے) کا قطر ۱۲۰۰۰۰ میل کا تہا اوسط رفتار اسکی نے یوم اسپنے مدار پر ۱۴۳۵۰۰۰ میل کی ہے۔

۱۸۴۳ء کا دمدار ستارہ ایسا چمکدار اور ایسا بڑا تہا کہ اوسوقت تک جو دمدار ستارے دکہائی دیتے ہین وہ سب اوسکے سامنے گرد تہے۔ اسکے نیوکلیز کا قطر ۵۰۰۰ میل کا شمار ہوا ہے اور نیوکلیز کے چارون طرف جو حلقہ سا تہا اوسکا قطر ۹۴۶۰۰۰ میل کا تہا اوسکی دم کی لنبائی جو ۱۵ اکٹوبر کو پوری پوری دکہائی دی تہی ۱۰۰۰۰۰۰۰ میل کی اندازہ ہوئی تہی اوسکی دم طول مین اوس فاصلے سے بہت زیادہ بڑہگئی تہی کہ جو درمیان زمین اور سورج کے ہے جب یہ ستارہ اپنے نکتہ خصیف پر پہونچا تہا تو اوسکا فاصلہ آفتاب سے ۱۱۳۲۰۵۰۰۰ میل کا تہا۔ ڈاکٹر ہسبل کا قول ہے کہ یہ ستارہ اپنی گردش کو آفتاب کے گرد ۳۸۳۳ سال مین ایک بار پورا کریگا۔ اور بقول بعض ہیئت دانون کے وہ اپنا دورہ ۳۰۰۰ مین اور بقول دیگر ۴۵۰۰ مین اور بقول بعض ۱۲۰۰۰ مین

ایک مرتبہ آفتاب کے گرد پورا کریگا اس ستارہ کا نکتہ اوج یعنے انتہا بعدِ آفتاب سے ۰۰۰،۰۰۰،۰۰۰،۲۰،۴ میل کا ہے۔

ایک چھوٹا دمدار ستارہ جسکو اینک صاحب کا دمدار ستارہ کہتے ہین تمام اور دمدار ستارون سے اسبات مین ممتاز ہے کہ اوسکے دور کا زمانہ بہت قلیل ہے اور وہ آفتاب کے گرد اپنے گردش کو ۱۲۰۰ یوم مین پورا کرتا ہے۔

بیلاؔ صاحب کا دمدار ستارہ بھی بہت ہی قلیل عرصہ مین اپنے گردش کو پورا کرتا ہے اور وہ ۶،۱۵۰۲۴۲ یوم سے یعنے ۶¾ سال مین ایک مرتبہ آفتاب کے گرد اپنا دورہ پورا کرتا ہے۔

۱۸۲۵ء مین چار چھوٹے چھوٹے دمدار ستارے نکلے تھے اور ایسے کوئی سال نہین گذرتی ہے جسمین یہ ستارے نہ نکلین اگرچہ وہ زمین سے دکھلائی ندین۔ بہت سے دمدار ستارے دن کے وقت بغیر ہمکو دکھلائی دینے کے گذر جاتے ہین اور بہت سے ایسی چھوٹے ہوتے ہین جنکا دکھائی دینا مشکل ہے۔

دمدار ستارہ مین ایک روشن نکتہ قریب مرکز سر کے ہوتا ہے جہان سے دم نکلی ہوی معلوم ہوتی ہے۔ یہہ نکتہ اوسکے تمام جسم سے کثیف ہوتا ہے اور اسکو اصطلاح مین نیوکلیز کہتے ہین۔

جب پہلے پہل دمدار ستارہ آسمان پر نمودار ہوتا ہے تو اوسکی دم

بہت چھوٹی دکھائی دیتی ہے۔ اور جون جون وہ آفتاب سے قریب ہوتا جاتا ہے۔ تون تون اوسکی دم بڑہتی جاتی ہی۔ اور جسوقت وہ نکتہ حضیض جو آفتاب سے نہایت قریب ہی گذرتا ہے اوسوقت اسکی دم بہت روشن اور بہت بڑی معلوم ہوتی ہے بہ نسبت کہ کسی اور وقت جب وہ اس نکتہ کے قریب سے دور ہوتا ہی نہین معلوم ہوتی ہے اور جسوقت وہ نکتہ حضیض سے گذرتا ہی تو اسیوقت اوسکی دم اوس راہ کی طرف کسیقدر خمیدہ معلوم ہوتی ہی جسپر ہوکر وہ گذریگا۔ اسوقت اسکی خمیدہ دم محدب طرف بہ نسبت مجوف طرف کے زیادہ روشن ہوتی ہی۔ جب دمدار ستارہ کی دم اپنی انتہا سے ترقی پر پہونچ جاتی ہے تب اوسمین زوال شروع ہوتا ہے اور وہ بہت جلد گھٹنے لگتی ہی یہانتک کہ دمدار ستارہ اور اسکی دم ایک ہی وقت مین آنکہون سے غائب ہو جاتے ہے۔

اب تک معلوم نہین ہوا ہی کہ اوسکی دم کس مادہ سے بنی ہوی ہی۔ اور جو مختلف رائین اسباب مین بیان کی جاتی ہین وہ محض خیالی ہین اور کوی اونمین سے پایہ ثبوت کو نہین پہونچی ہی۔ اوسکی دم خواہ کسی مادہ سے کیون نہ بنی ہو لیکن یہہ بات ظاہر ہے کہ وہ نہایت باریک اور نہایت شفاف ہوتی ہے یہانتک کہ چہوٹے چہوٹے ستارے جو اوسکے نیچے آجاتے ہین اور جنکو وہ ڈہانک لیتی ہے صاف نظر آتے ہین اور اوسکے نیچے سے اونکی روشنی مین کسی قسم کی کمی واقع نہین ہوتی ہی مسٹر جی ہرشل صاحب سکہتے ہین کہ مین نے چہوٹے چہوٹے ستارون کو

دیکھا جبکہ اون پر ہو کر ایک دمدار ستارہ کی دم گذری تھی اور ۲
ستارون کو اپنے مادہ سے جسکی دبازت ۰۰۰۰ر۵ میل کی تھی

—

اب ہم مختصر طور پر مشہور حکیمون کے رایون کو جو دمدار ستارہ
منسبت ہین بیان کرتے ہین —
ٹیکو براہی کی راے یہہ ہی کہ دم مذکور آفتاب کی روشنی ہے جو
ہ کے نیکولیز مین ہو کر منعکس ہوتی ہے اور اوسکا اعتقاد
ہو لیز مثل آئینہ کے شفاف ہی —
کپلر کا خیال ہی کہ آفتاب کی شعاعین دمدار ستارہ کے کرہ ہوا
و زور دیکر ڈھکیلتی ہین اور اس سے یہہ دم پیدا ہوتی ہی —
سر ائزک نیوٹن کا قول ہی کہ یہہ دم اون رقیق بخارات سے
ہے جو آفتاب کی گرمی سے دمدار ستارہ کے کرہ ہین سے
ب —
یولر صاحب کا قائل ہی کہ آفتاب کی شعاعین دمدار ستارہ
اکو زور دیکر ڈھکیلتی ہین اور اس سے یہہ دم پیدا ہوتی
اس دم مین ہوتا ہی اوسکی وجہ یہہ ہی کہ اودہر سے آفتاب
دمدار ستارہ کے کرہ ہوا کو زور دیتے ہین اور ادہر سے
ے ذرّے اپنی کشش ثقل یا کشش کروی کے وجہ سے

اپنے مرکز ثقل یا نیکولز کی طرف مائل ہوتے ہین اور دونون مخالف کششون سے یہہ خم پیدا ہوتا ہے۔

میران کا خیال ہی کہ ومدارستارہ کی دم آفتاب سے کرہ ہوا کا ایک جزہی۔

ایک فرانسیسی حکیم بابٹ نامی سے راے ہی کہ دُم مذکورہ بخارات ہین جو طمازت آفتاب کی وجہ سے پیدا ہوتے ہین اور یہہ کہ ومدارستارے نکتہ حضیض پر پہونچنے سے قبل اجسام محکم ہوتے ہین اور جب وہ اس نکتہ سے گذرتے ہین تب جزاً یا کلاً آفتاب کی سخت حرارت کے سبب سے بخارات مین مبتدل ہوجاتے ہین۔

اگرچہ یہہ رائین بڑے بڑے حکیمون کی ومدارستارے کی نسبت ہین لیکن ہم انمین سے کسی کے ساتہہ اتفاق نہین کرتے ہین اور ہم اسبات کو تسلیم کرتے ہین کہ اب تک ومدارستارہ کی دم سے اسباب صحیح اور اوسکی پوری حقیقت معلوم نہین ہوی ہی۔ کیونکہ جب ہم ومدارستارون کی دم کی لنبائی پر غور کرتے ہین جو کبھی کبھی دس کرور میل تک بہی شمار ہوی ہے تو ہمکو معلوم ہوتا ہی کہ جو مختلف رائین حکماء مذکورہ بالا نے ظاہر کی ہین اونمین سے ایک بھی قابل اطمینان نہین ہے اگر ہم سر آئزک نیوٹن کے قول کو مانلین تو تعجب ہوتا ہی کہ وہ بخارات جو ومدارستارہ مین سے بسبب حرارت آفتاب کے پیدا ہوجاتے ہین۔

اسقدر طول و طویل کیون ہوستے ہین اور اسقدر دور تک کیون برابر روشن رہتے ہین کیونکہ اگر وہ بخارات روشن ہوستے تو دیکھا ئی ندیتی۔

اسگلے زمانہ کے حکماء دمدار ستارونکو شہاب ثاقب خیال کرستے تھے اور سمجھتے تھے کہ دمدار ستارے کرہ زمین مین فاسفرسی بخارات سے جو قابل اشتعال ہوتی ہین پیدا ہوستے ہین۔ لیکن اب ثابت ہو چکا ہی اور ہمین کسی طرحکا شک نہین ہے کہ دمدار ستارہ کرہ زمین سے بہت دور لاکھون اور کرورون میل کے فاصلہ تک چلے جاتے ہین اور مثل اور سیارون کے اپنا دورہ ایک مدت کم و بیش مین کرتے رہتی ہین اور وہ نظام شمسی مین داخل ہین لیکن وہ دوسری سیارون سے بہت باتون مین مختلف ہین۔ اول تو عام سیارون کا مدار قریب قریب کروی شکل کا ہوتا ہی اور وہ آسمان مین ایک مقام محدود کے اندر گردش کرتے ہین اونکا مدار طریقۃ الشمس کے اوپر اور ہر آٹھہ درجہ کے فاصلہ پر ہوتا ہی۔ لیکن دمدار ستارون کی مدار طریقۃ الشمس کو ہر طرف سے قطع کرتے ہین اور بعض صورتون مین اوپر خط مستقیم کے طور پر ہوتی ہین فقط

راقم محب حسین

ادب

زبان سنسکرت

لفظ سنسکرت کے لغوی معنی ملایم گفتگو کے ہین۔ اور اس لفظ کو شنسکرت اور سنسکرت دونون طرح پر کہتے ہین۔ سنسکرت زبان اب متروک الاستعمال

ہی یعنی ہند کے لوگ اوسکو تحریر اور تقریر مین بہت ہی کم استعمال مین لاتی ہین ۔ لیکن سر ولیم جونس صاحب نے اس زبان کی بنسبت کہا ہی کہ یہہ زبان یونانی زبان سے زیادہ تر ملائم ہی یعنی بہ نسبت یونانی زبان کے اسمین الفاظ ثقیل بہت ہی کم ہین اور لاٹنی زبان سے زیادہ تر الفاظ مین مالامال ہے یعنی بہ نسبت زبان لاٹنی کے اس زبان مین الفاظ ہر شئے کے واسطے کثرت سی ملتے ہین ۔ اور علاوہ ازین سنسکرت ان دونون زبانون یعنے لاٹنی اور یونانی کے بہت زیادہ شیرین اور فصیح ہی ۔ ہند کے تمام مروج زبانین جو فی الحال بولی جاتی ہین سب کی سب تہوڑی اور بہت زبان سنسکرت سے ماخوذ ہین ۔ اور اگرچہ زبان سنسکرت کی تحصیل بہ نسبت زبان یونانی کے زیادہ مشکل ہی لیکن بوجہ اسکے کہ اسکی طرز اور اوسکے اصول اس ہی طرح پر ہین جیسے کہ ایک درسی زبان کے ہوتے ہین اسواسطے جو لوگ زبان یونانی یا لاٹنی جانتے ہین ۔ اونکو سنسکرت آسانی سے آتی ہی ۔ افسوس ہی کہ آجکل اکثر یوروپ کے لوگ اور خصوصًا انگلستان کے طالب علم جو غیر ملک اور اجنبی قوم کے آدمی ہین اس زبان کی فصاحت اور بلاغت دیکھکر اوسکو دل و جان سے حاصل کرین اور اسکی تحصیل سی طرح طرح کے علمی فایدے اوٹھاتین ۔ اور ہم لوگ جو یہان ملک کے قدیم باشندے ہین اور جنکے بزرگون کی زبان اصلی یہہ تھی وہ اپنی جہالت سے اوسکو ترک کردین ۔ اور اپنی گہر کی دولت سے کوئی فایدہ نہ اوٹھاتین

ہمارے نزدیک زبان سنسکرت کا ہندیون کو تحصیل کرنا بھی ضرور ہوت کیونکہ اول تو اونکی زبان اوس سے نکلی ہی ۔ اور دوسرے تمام زبانون

کا تحصیل کرنا اونکو آسان ہو جائیگا۔ علاوہ برین اب یہہ زبان اردو جو تقریبًا تمام ہند
مین مروج ہے اپنی تکمیل پر نہین پہونچی ہے۔ اور اسمین الفاظ علمی اور صنعتی بہت
کم ہین۔ اس دشواری کو وہی لوگ اچھی طرح سے جانتے ہین۔ جنکو اردو زبان
مین ترجمہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ پس زبان سنسکرت کو تحصیل کرنا۔ اور اس
سے علمی الفاظ زبان اردو مین لانا ایک مقدم کام ہے۔ جسکا کرنا ہر ایک خیرخواہ
ملک پر لازمات سے ہے۔

راقم محب حسین۔

اخلاق

بقیہ قانون سخن

(یعنے بات چیت کرنے کے قاعدے)

۹ جلسہ اور مجلس مین جتنے حاضرین ہوتے ہین اون سب کو بات
وچیت کرنے اور اپنی راے ظاہر کرنے کا برابر حق ہوتا ہے پس اونکو
اس حق سے محروم رکہنا اور خود لگاتار باتون کی جہڑی باندہنا ایک نہایت
بیجا بات ہے۔ اس سے صرف اونکی حق تلفی ہی نہین ہے بلکہ اس سے
ظاہر ہوتا ہے کہ حاضرین جلسہ مین کسیکو گفتگو کرنے کی لیاقت نہین اور اسوجہ
سے تمنے اپنے آپ کو لایق اور مقرر خیال کرکے باتین کرنا شروع کی ہین
پس اس سے زیادہ اور کیا بدتمیزی ہے ایک شخص کا مونہہ جماہی لینے
مین بند کر دینا قابل معافی کی ہے مگر کسیکی بات کو کاٹنا اور اوسکے زبان
کو بات کہنے سے روکنا ہرگز قابل معافی نہین ہے۔ یہہ بدتہذیبی تمام

سے بے تہذیبیوں پر فایق ہی

۱۰ جو شخص تم سے ٹھیر ٹھیر کے بات چیت کری یعنے کلام مین جلدی نکرے اوسکو مدد دینا یا الفاظ مین پیش دستی کرنا نہین چاہیئے۔ اور ادہر وہ ایک لفظ یا بات کو زبان سے نکالا چاہتا ہی کہ اودہر فوراً تم بول نہ اوٹھو بلکہ صبر کرو۔ اور اوسکو بات کہنے دو۔ یہہ حرکت بدتمیزی کی ہی اور اس سے معلوم ہوتا ہی کہ تم بہت بڑی زبان دان اپنے آپ کو سمجھتے ہو۔ اور متکلم کو حقیر جانتے ہو یہہ مسلم ہی کہ ہر شخص اپنے آپ کو مقرر اور عمدہ گفتگو کرنے والا آدمی جانتا ہے گو وہ کیساہی اپنے آپ کو از روے عجز وانکسار ہیچمدان ظاہر کرے۔ پس جب تم بات وچیت مین اوسکو الفاظ بتا دوگے اور کلام مین سبقت کروگے تو ظاہر ہوگا کہ وہ کم استعداد آدمی ہی اور تم اوسکی اصلاح کرتے ہو۔ اسواسطے یہہ عادت نہایت بدنما اور لغو ہی اور اس سے سامع کی شوخی اور بدتہذیبی ظاہر ہوتی ہے۔

۱۱ جو لوگ دوسرونکی باتون کو خواہ مخواہ بے موقع اور بے محل جہٹلاتے ہین اور ہر ایک بات مین مخالفت اور حجت کرنے لگتے ہین وہ فی الحقیقت بڑے بدتہذیب ہوتی ہین۔ اور اونکی اس حرکت سے معلوم ہوتا ہی کہ اونہون نے عمدہ تربیت اور تعلیم نہین پائی۔ اور عمدہ لوگون کی صحبت مین نہین رہے ہین۔ جن لوگون کو منظور ہو کہ ہر جلسہ اور ہر صحبت مین تمام لوگ اون سے خوش اور راضی رہین تو اونکو چاہیئے کہ

وہ ایسے کلمات سے پرہیز کریں جیسے کہ یہہ ہیں "صاحب یہہ بات درست نہین ہے" "یہہ بات سچ نہین ہوسکتی ہے" "بات یون ہے جیسی کہ مین کہتا ہون یہہ ضرور جہوٹ ہے" اسہی طرح سے اور بہی بہت سے کلمات بد تہذیبی مین جو آجکل ہماری قوم مین بہت رایج ہورہے ہین اور خصوصاً بعض بعض نوجوان ہمارے ملک کے ان بدتمیزیون کے زیادہ ملزم ہین - ان کلمات کو زبان پر لانے سے بہتر یہہ ہے کہ تم ایک مرتبہ صاف صاف اونکو جہوٹا اور لغو کہدو - کنایتاً اور اشارۃً کسیکو جہوٹا اور کاذب اوسکے منہ پر کہنا صاف کہنے سے برا ہی - اسیطرح ہر ایک چہوٹی چہوٹی بات کی تکذیب کرنا آدمیت سے خارج ہی - بس تمکو چاہیے کہ تم اسبات کو بطور قاعدہ کے خیال رکہو کہ چہوٹی چہوٹی بے فایدہ باتون مین بغیر کسی زیادہ ضرورت اور خوف نقصان کے لوگون کی مخالفت اور تکذیب نہین کرنا چاہیے کیونکہ اس بیجا مخالفت اور تکذیب سے تمارے دوست ہاتہہ سے جاتے رہینگے اور کبہی رنجش اور دشمنی بہی اسکا نتیجہ ہوگا -

۱۳ خود بخود بغیر پوچہے کسیکو نصیحت کرنا بہی خلاف تہذیب ہی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نصیحت کرنے والا شخص اپنے آپکو بہ نسبت دوسرے لوگون کے زیادہ عقلمند اور ذی شعور خیال کرتا ہے - اور لوگون کو اپنا علم اور واقفیت جتاتا ہے اور انکے ناتجربہ کاری اور جہالت کو بتلاتا ہے اس قسم کی بے تکلفی کسی عام دوست اور ملاقاتی اور جان پہچان والے سے ہرگز نہین کرنا چاہیے بعض وقت ایسے بیوقوفون سے بہی پالا پڑتا ہی کہ وہ خود بلا پوچہے بتلانے نصیحت کرنے لگتے ہین اور اگر اونکی نصیحت کو

نہ مانو تو خفا ہو جاتے ہین اور کہنے لگتے ہین کہ یہہ شخص تابڑا مغرور ہی کسکی نصیحت نہین مانتا ہی اور میری نصیحت کو دل سے سننے اور اُس پر عمل کرنے کو حقیر جانتا ہی اب کوئی ایسے احمقون سے یہہ پوچھی کہ اول تو آپ خود بخود بلا استفسار نصیحت کرتی ہین پہر اُسپر طرہ یہہ ہی کہ اپنی رای کو اسقدر عمدہ اور درست سمجھتے ہین کہ جسکا قبول کرنا ہر شخص کو ضرور ہے۔

۱۴ کوی بات اس سے بڑھکر بدتمیزی کی نہین ہے کہ ایک شخص تم سے باتین کرے اور تم انکو دہان سے نہ سنو اور اچہی طرح سے اوسکی طرف مخاطب نہ ہو۔ اگرچہ یہہ بات تم لوگون مین اکثر پاوگے مگر تمکو اس خلاف تہذیب حرکت سے اجتناب کرنا چاہیئے۔ بعض ناتربیت یافتہ لوگون مین یہہ عادت ہوتی ہی کہ جب کوئی اُن سے باتین کرتا ہی تو اوسکے طرف مخاطب ہونی کی اور اوسکے باتین دہان سے سننے کی بعوض مین وہ کبھی مکان کی چہت کو دیکھنے لگتے ہین اور کبھی کمرے مین جو تصویرین لگی ہوتی ہین اونپر نظر ڈالتی ہین اور کبھی کہڑکیون سے جہانکتے ہین اور کبھی اپنی کتے اور بلی سے کہیلنے لگتے ہین اور یا اپنی کہڑی کی زنجیر سے شغل کرتی ہین اور اپنی بید یا چہڑی کو حرکت دینی لگتے ہین اور یا ناخنون کو تراشنے لگتے ہین اس حرکت سے زیادہ اور کسی بات سی چھچہورہ پن اور تلون طبعہ ظاہر نہین ہوتا ہی اور اس سے معلوم ہوتا ہی کہ متکلم کی باتون کو تم سنا نہین چاہتی اور اس حرکت سی بخوبی ظاہر ہوتا ہی کہ تم متکلم کے کلام کو اس لایق نہین سمجھتی ہو کہ اسکے سننے مین دہان لگاو۔ اب ذرا اپنی دلمین تم غور کرو اور انصاف سی کہو کہ اگر کوئی شخص تمہارے ساتھہ یہی برتاؤ کرے تو تم کو ناگوار ہوگا یا نہین۔

اسواسطے تمکو چاہیئے کہ تم اس خراب عادت سی پرہیز کرو اگرچہ یہہ بات آجکل کے بعض مہذبون مین سنہیے دیکھو اور اپنے متکلم کے کلام کو دہان لگاکر سنو۔

(۱۴) اس سے بڑہکر کوی بات نادانی کی نہین ہے کہ لوگون سے بی فایدہ اپنا حال بیان کرنے لگنا اس قسم کا آدمی صرف ایک ذرا دیر کی خوشی کے خاطر جو اوسکو ایسے فضول گفتگو سے حاصل ہوتی ہے بہت بے موقع باتین کہہ گذرتا ہے اور ان باتون سے اپنی دوستون کی دوستی سے ہاتہہ دہوتا ہے اور ایک قسم کا نقصان اوٹہاتا ہے چونکہ ایسی فضول گفتگو سے ضرور کسیکو رنج پہونچتا ہے اسواسطے یہہ حرکت ہرگز نہین کرنا چاہیئے —

(۱۵) ترش روی اور سخت گوی ایک بہت بڑی بات خلاف اخلاق ہے مثلاً اگر کوی شخص تم سے کہے کہ "فلان صاحب نے آپکو بہت بہت سلام کہا ہے" تو اوسکی جواب مین کہنا کہ ہم اونکو نہین جانتے ہم سے سلام علیک سے کیا غرض" ایک بڑی کج خلقی کی بات ہے یا یہہ اگر کوی تم سے کہے کہ "فلان صاحب نے آپکو پوچھا ہے" تو اوسکے جواب مین یہہ کہدینا کہ اگر ایسی ہی اونکو مزاج پرسی مطلوب تہے تو خود آنکر نبض دیکہہ جاتے " کتنے بدتمیزی کی بات ہے اس قسم کے کلام فی الواقع دل کو رنج پہونچاتے ہین۔ ایسے شخص پر لوگ ہنستے ہین اور اوسکو عجب مزاج کا آدمی بتلاتے ہین لیکن آخرالامر اس قسم کے

آدمی سے سب نفرت کرنے لگتے ہین -

(۱۶) جس صحبت اور جلسہ مین تم ہو اوسکے موافق اور حسب موقع بات چیت کرنا چاہیئے بزرگ اور خورد اور حکیم و مولوی اور حاکم و محکوم کے ساتہہ ایک ہی طرز سے گفتگو نکرنا چاہیئے تمکو تجربہ اور تمیز کی قوت سے خود معلوم ہو جائیگا کہ کس طرح بڑون کے ساتہہ ادب سے اور چہوٹون کے ساتہہ خوش مزاجی سے باتین کرتے ہین -

(۱۷) عورتون کے ساتہہ باتین کرنے مین اسبات کا لحاظ ضرور ہے کہ جہان تک ممکن ہے باتین نرم اور پسندیدہ ہون - اصطلاحات منطقی کے نام سے عورتین گہبراتی ہین ایسے الفاظ مثل دلائل اور برہان اور ہیولا اور صورت کے سننے سے ڈرتی ہین عورتون کو بخوبی صاف اور سیدہی تقریر مین ایک بات سمجہا سکتے ہین اور اسکا ثبوت اونکے دل پر ایک عام اور سلیس کلمہ سے زیادہ تر ہوتا ہے بہ نسبت اسکے کہ قواعد منطق کا استعمال کیا جائے -

(۱۸) گفتگو مین اسبات کا زیادہ خیال رہے کہ کوئی ایسی بات ذکر نہ کیجائے یا ایسا کلمہ زبان پر نہ لایا جائے جس سے کسی صاحب کو جو اسوقت موجود ہون کسیطرح کا رنج پہونچے یا اونکو کسی واقع اور حادثہ کی یاد آئے جو اونپر گذرا ہو - باقی آئندہ

راقم محب حسین

بقیۂ مقالہ

شرح حال الگھوریان باشوکت وشان

غایت تکبّر را ہرگز دیدہ ئے کہ با نہایت ذُل در شخص واحدے جمع شود اینک نظر کُن در سُفلہ گان متعالم ودنی النفسان مُتفَلسِف والگھوریان مُتصَلّف تا آنکہ بر تو منکشف گردد کہ این ہم ممکن بودہ است ومی شود کہ اخلاق متضادہ واوصاف متباینہ در الواح نفوس مجتمع شود۔ یعنی در نفوس ادنیا واخسّا۔ اگر درین امر غور کنی خواہی دانست کہ فطرت پست وطینت دنیّہ نادرست را ہرگز ممکن نیست کہ تربیت وتادیب باصلاح آورد۔ سبحان اللہ آیا اخلاق طبیعیّہ تغیر میآبد۔ چگونہ می شود کہ سجایای متوارثہ ومنش وخو ہائیکہ بنہج (ترنسیون) حاصل شدہ باشد بسعی وکوشش معلّم ومُربّی زائل گردد۔ مدارس ومکاتب عقول سلیمۂ زکیّہ را دانش وبینش میآموزد ونفوس شریفۂ ذکیّہ را باداب حسنہ واخلاق فاضلہ مزیّن می سازد آثار کاکت را از عقول سخیفہ ودنائت را از نفوس خسیسہ ستُردن نتواند۔ بوزینہ از تربیت انسان می شود۔ محال است۔ اگر تغییر صورت بتدبیر میشدے البتّہ تبدیل سیرت اَنذال ولئیمہا جایز بودے۔ علم وتربیت عقول ونفوس را مانند غذا است۔ غذا ئیکہ صحیح المزاج را باعث توانائی وقوّت است ہمان غذا موجب ازدیاد مرض بیماران است۔ دنّی النفس سخیف العقل چون بمدرسہ ئے درآید ویا در دائرۂ تعلیم وتعلّم نہد فکر آن ہمہ اینست کہ مندرجات علوم را بر وفق مقاصد دنیئہ خود نماید وخیالات معوّجۂ خویش را در لباس مطالب علمیّہ بعالم جلوہ دہد وشب وروز

درین اندیشه خواهد بود که فنون مکتسبه راچسان آلت استحصال شهوات خسیسه و وسیلهٔ
اکتساب اغراض دنیّه سازد۔ اسباب و آلات و وسائل چه علم بوده باشد وچه غیر آن
همه از برای استحصال خواهشها است وچون طبیعت شر باشد بغیر از شر چه خواهش
خواهد نمود۔ ضدّ علت ضدّ دیگر چگونه خواهد شد۔ فاقد شے چسان معطی آن می شود
۔ پس اگر طبیعت شرّ باشد وخواهش شرّ و اسباب مساعد خیر از چه جهت از صاحب
آن طبیعت سر زند۔ وشرّیکه ازین گونه شخصے سر زند چرا باید که مثل شرّ شریر النفس
نادانی باشد که هیچگونه وسیلهٔ از برای اجرای مقاصد خسیسه خود ندارد۔ البتّه البتّه
اثر علّت قویّه چسان مساوی اثر علّت ضعیفه می شود۔ تنگی دائرهٔ خباثت عوام بدطینت
کج اندیش وضیق مجال ضلالت آن خبیث مگر از عدم وسائل و فقدان آلات۔
خائنیکه قوانین وقواعد اُمم ومِلَل را نداند وسُبُل اختلاسها وتزویرها را نشناسد و
بطرق جَعل واختراع وتبدیل وتحریف وحذف واضافه وجمع وخرج پی نبرده باشد خیانت
آن چه خواهد بود۔ گمراهیکه اگر در طریقهٔ آن قدحی وجرحے شود خود عاجز ماند تبدیل
افکار دیگران را چسان خواهد نمود۔ وبالجمله اگهوری بدطینت است وسخیف العقل
وسخیف العقل بدطینت را تعلیم وتربیت سود ندهد بلکه باعث ازدیاد شرارت وفساد آن خواهد شد
۔ میدانم که هم در ثبوت مقدمهٔ اولی شک داری وهم در تحقیق مقدمهٔ ثانیه
لهذا هردو را بعبارات واضحه بیان میکنم وبراهین عقلیّه وطبعیّه اقامه مینمایم
گوش داشته باش وبخوبی تأمل نما که مطلب بسیار دقیق است۔ اگر قومے
ویا امتی دیده شود که در تحت ادارهٔ واحدهٔ میباشد وجمیع طبقات آن چون

اعضاء مختلفۂ شخص واحد در معاونت و معاضدت یکدیگر است در روح حیات و قوۀ محرکۂ مجموع اصناف آن یکیست د آمر و مأمور و آخذ و معطی و واضع و رافع از خود او میباشد و مسالک حرکات افراد آن مانند انصاف اقطار دائرۂ واحده بیک نقطه که سعادت کلّ باشد منتهی می شود و از محیط قومیّت خارج نمیگردد و چون آن دو شخصیکه هر یکے سمتے از محیط دائرہ حرکت کند آحاد او در خواهشهای خود با در عین مخالفت جریانے مؤالف‌اند و در عین تباعد خواهان تقارب‌اند و اصناف او در عین تدافع آرار در تجاذب‌اند چنانچه دو متساوی القوه یکه در حالت مجاذبه هر یکے طرفے از رسن را گرفته در عین تدافع جذب به دیگرے در تجاذب است البته از طرف هر عاقلی بر توافق افکار و نیات طبقات آن قوم و یا آن امّت و تناسب حاسات معنویّه و انفعالات نفسانیّه اصناف آن حکم خواهد شد و بحکس در تلائم رغبتها و رهبتها و نفرتهاے افراد آنقوم شک نخواهد کرد چونکه افعال و اعمال افراد آن و کیفیت معاشرات و طرز اجتماعات و وضع زیست و نوع معیشت و نهج ادارۂ ایشان همگی معلولهای افکار عقلیّه و حاسات معنویّه و صفات نفسانیّۀ ایشان می باشد و اگر تلائم و تناسب در علل نبوده باشد هرگز توافق در میان معلولات آنها واقع نمی شود و تناسب در افکار و صفات آنوقت حاصل می شود که مقوّم و معدّل بوده باشد زیرا آنکه صفات رذیله و اخلاق فاسده و افکار سخیفه را اگرچه با یکدیگر توافق اسمی هم بوده باشد و لکن فی الواقع در میانۂ آنها تضادّ تام و تباین کامل است چونکه ماهیّت هر فردے از افراد آنها مقتضی عدم توالف است با فرد دیگر چه هر دو

از یک صنف بوده باشد ویا از دو صنف وجهت توجه هر یکی مخالف جهت دیگریست مثل مبتدا برین
ایکه بر روی خط مستقیمی یکی مشرقاً و دیگرے مغرباً حرکت کند از نیست که هرگز توافق و مرافقت
درمیانهٔ احمقها وحسودها وبخیلها وطماعها ومتکبرها وخائنها واقع نمی شود — پس افکار معتدله
وصفات مقومه همان افکار وهمان صفاتیست که باعث توافق وتلائم باشد وجهت
توجه آنها نقطهٔ سعادت همه بوده باشد — واین گونه صفات را انسانها اخلاق فاضله
نامیده اند واین چنین افکار را افکار عالیه — بنا برین هر وقتیکه در تلائم افکار وتوافق
صفات آن قوم وهنی حاصل شود البته در وحدت اداره وتعاضد طبقات و روح الحیات
ایشان خلل بظهور خواهد رسید وجهات حرکات افراد مختلف خواهد شد و درمیانهٔ آمر
ومامور وآخذ ومعطی و واضع ورافع تنافر روی خواهد داد — وچون تدریجاً رفته رفته
تلائم افکار به تباین مبدل شود وتوافق صفات بتضاد متحول گردد یعنی صفات ذمیمه واخلاق
رذیله وافکار دنیه وخیالات باطله غلبه نماید واخلاق فاضله وافکار مستقیمه زائل شود
وکج اندیشی وخیالات معوجه وحسد وبخل وبغض وضغینه ومنافقی وریا ودروغ گوئی
وشهوت پرستی وخودستائی وتکبر بیجا وعجب بے معنی وکاهلی ورشوت خواری وخیانت
شعاری وتدلیس وتزویر وحماقت وبلادت وبلاهت وحرص وطمع وشره
وسفلگی ونذالت ولؤم وبے غیرتی وقلت ناموس وخودغرضی ونمامی و
غمازی وبهتان زنی وافترا وغیبت وذمامی وتعدی وظلم وجور وحق ناشناسی
واهانت وقسوت وغفلت وجبانت وذلت نفس وطیش و وقاحت وغباوت

و سستی تدبیری و سستی وفائی و مماطله و خُلف وعده و کسالت و گران جانی و دون همتی و تملق
و تجسس کلبی و اغواء و اضلال و اغراء فاش گردد بلاشک تعاضد مفقود و روح الحیات و قوّهٔ
محرکهٔ وحدانیه معدوم و جهت حرکت هر فردے از افراد آن قوم مخالف جهت حرکت دیگری
خواهد شد چونکه زوال علت لامحاله مستلزم زوال معلول است ــ و بسبب تنافی ارادهٔ
و تخالف سجایا و تغایر اهویهٔ نفوس و تباعد طبایع و تضارب آراء و تدافع افکار
و تضاد صفات و تباغض قلوب و تباین اغراض که طبقات و آحاد آن مردم را در آن
هنگام حاصل میشود اجتماع را ائتلافی که قوام نوع بشر و مایهٔ زیست و موجب بقا است
از برای ایشان ممتنع خواهد بود مگر بسبب قاهر خارجی و قاهر اجنبی و حیات و بود آن
کم خردان فاسد الاخلاق و تباه کاران دشمن جان خودها ممکن نباشد مگر در تحت ارادهٔ
دیگرے ــ اینست حکمت تبدل ارادات در عالم وجود ــ این چنین اشخاصیکه اینگونه
بوده باشند حال آنها با نفوس و عقول دیگران چون حال وبا و طاعون و جذام و دیگر
امراض ساریه است با ابدان پس اگر بمملکتی روند که مزاج نفوس و عقول آن
مستعد بوده باشد جزاء اخیر علت تامهٔ فساد عمومی شده در زمان قلیلی بدان مملکت
آن کنند که با خودها کرده بودند خصوصاً اگر در مرکز که محل اجتماع خلق است جاگیر شدند چنانچه
شأن امراض ساریه است و اگر نفوس و عقول را استعدادی نباشد لامحاله تخم
فساد را کاشته موجب سوء اداره و وهن در اعمال خواهند شد و آن سموم قتّاله
بالمرّه بے اثر نخواهد بود پس هر کسے را واجب است که با این گونه مردم آن معامله کنند

که با مجذومین میکند۔ خطاب بعقل است اشتباه مکن۔ این مقدمۂ فلسفیۂ فراموش نشود
تا آنکه مقدمۂ دیگری را بیان کنم پس ازآن استنتاج نتیجه نمایم۔ استقامت افکار ائمہ
واعتدال اخلاق ایشان نه ازجملۂ اموریست که درماهها وسالها حاصل شود بلکه اگرچند این
قرن تعلیم و تربیت در اُمتے مستمر باند و بطناً بعد بطنٍ در تقویم افکار و تعدیل اخلاق
سعی و کوشش شود البته ممکن است که در آن هنگام اشخاصے در آن امت یافت شوند
که باستقامت و اعتدال موصوف گردند۔ افکار مستقیمه وخیالات عالیۂ دیگران را
یاد گرفتن شخصے موجب آن نمی شود که خود او صاحب افکار عالیه شود بلکه اگر کسے خود
صاحب افکار عالیه نبوده باشد کُنۂ افکار دیگران را نخواهد فهمید و بموارد و متعلقات
آنها پے نخواهد برد و روابط و مناسبات آن افکار بروپوشیده خواهد ماند و بر استنباط
لوازم آنها از ملزومات و ملزومات آنها از لوازم قادر نخواهد شد۔ کور مادر زاد
از شنیدن کیفیات الوان نه ماهیات آنها را خواهد فهمید و نه بر لوازم و خواص آنها
حکم تواند کرد و بدانستن اخلاق فاضله و آثار حسنه آنها و اخلاق رذیله و مضار آنها کسے طاهر النفس
و مهذب الاخلاق نمی شود۔ محض شناختن مرض و دانستن دوا رآن موجب رفع مرض و
حصول صحت نخواهد شد۔ دانستن مضار حوامض و منافع حلویات باعث نفرت صفراوی مزاج
ازآن و رغبت بدین نمیتواند شد۔ اگر علم سبب تغییر میول و حالات نفسانیه می شد و یا آنکه آثار
خارجیه و نتایج ظاهرهٔ آنها را منع میکرد میبایدکسی بر فوت عزیزان محزون نشود و اگر محزون شود
آه و زاری ننماید چونکه هر کسی معلوم است که فوت شده برنمیگردد و حزن و آه و زاری و گریه کردن لغو و بیفائده است

معده چون طعامی را قبول نکند علم منفعت مانع از ترقی نمی شود - اگر اخلاق بعلم نیکو می شد
میبایست که یک اگهوری هم در عالم انسان بشود - و بالجمله هر کسی از خواندن کتب
سیاست و معاشرت سیاسیین و عقلاء (بسمارک) نمی شود - چرا نمی شود بجهت آنکه
وضع دماغ بنوعی دیگر است - تغییر وضع دماغها قرون متعدده میخواهد با تعلیم
و تربیت مستمره - شجاع از شنیدن قصص جبنا جبون نمیگردد بلکه ثبات و اقدامش
افزون می شود - خائن از استماع فضائل امانت امین نخواهد شد - دزدها
شناعت سرقت را میدانند و خیانت کاران ذمائم اختلاس و تزویر و رشوت خواری
را نشنیده اند - میدانند و شنیده اند و لکن آن انفعال نفسیه از ملاحظهٔ این امور
ارباب نفوس مطهره را حاصل می شود ایشان را حاصل نمی شود چونکه بودن نفس
بدین کیفیت که از ملاحظهٔ امثال این امور منفعل شود بجز از توارث بنهج دیگر صورت پذیر نیست
- و قبیح را هرگز انفعال نفسیه عبارت از حیا است در ارتکاب امور شنیعه و شنیده هر
اگرچه کتابها در فضائل خصلت حیا خوانده باشد - این مطلب بسیار دقیق است
و تو بسیار غبی لهذا ثانیاً بیان میکنم شاید بفهمی - افکار مستقیمه و اخلاق معتدله آثار قوای
جسمانیه که مانند قوای بذرها و تخمها در مکمون محال معینه و مواضع مخصوصهٔ کالبد انسانها
نهاده شده است و آن قوای جسمانیه و محال آنها اندک اندک بسبب تعلیم و تربیت از روی
ازدیاد و افزونی مینهند و نمو مینماید چنانچه بذرها و قوای آنها بسبب زراعت و رعایت قانون
فلاحت با موافقت هوا و زمین کم کم افزونی می پذیرد - و ممکن نیست که آن قوی و محال آنها

ور اولاد وحشیین و احفاد آنهائیکه پس از مدنیّت بنهایت فساد رسیده باشند در یک طبقه
بسبب حسن تعلیم و تربیت بکمال نموّ رسیده مصدر افکار عالیه مستقیمه و منشاء اخلاق حسنه
فاضله گردد — زیرا آنکه نموّ قوای جسمانیّه مطلقاً تدریجیست خصوصاً این گونه قوی را
طفره در هر جا محال و ممتنع است — تخمیکه از اقلیمی باقلیم دیگر نقل می شود از برای حرکت
قوّهٔ آن بسوی کمال و یا بسوی نقص مدّتها باید اگر چندین بار تبدیل صورت نکند
و از اجمال بتفصیل و از کمون ببروز منتقل نگردد هرگز به نهایت کمال و یا بغایت نقص
نخواهد رسید با وجود آنکه هوا و زمین را تأثیریست بسیار قویّ و حرکت نموّ نباتات
سریعست و حرکت قوّه در [illegible] تا این محل [illegible] — و در این شکّی نیست که حرکت
نموّ انسان بطیءاست و تأثیر تعلیم و تربیت تأثیریست روحانی و تأثیر روحانی ضعیف است
از تأثیر جسمانی پس معلوم شد که استمرار تعلیم و تربیت در دو سه بطن متسلسلاً کافی
از برای کمال نموّ قوای انسانیّه نخواهد بود اگر متعلّم از نسل وحشیان و یا از اولاد
مفقودان مدنیّت و انسانیّت بوده باشد — بلی اگر تعلیم و تربیت چندین قرن در یک
سلسله مستمرّ بماند البتّه بسبب توارد تأثیرات بر آن قوای کامنه و تأثّر متتالیه
آنها در حلقات آن سلسله اشخاصی خواهند یافت شد که قوای ایشان بتربیت و تأدیب
بکمال نموّ رسیده منشاء همه کمالات و فضائل [illegible] — و با جمله تغییر و تفتیح دماغ
و تحوّل صور مواضع قوای فعّاله و منفعله و تبدیل [illegible] در قرنها و دوام علّت
مؤثّره صورت نه بندد — اگر یک ملیون از اولاد زنگیها و احفاد مفقودان انسانیّت
و مدنیّت در پاریس بتعلّم علوم و آداب مشغول شوند هرگز قبول مکن که از کیاء و اخیار آن

جماعت بدرجهٔ اغبیا و اشرار جنس فرانس توانند رسید چگونه میرسند بالنقص در اصل سرشت - کور را دوربین چه فائده میدهد - حیوان گوشت خوار از گوشت چگونه صبر کند - بلکه باید دانست که احفاد مقذوفان انسانیت و اولاد وحشیان چون تعلم یابند صورت شر و فساد خود ها را تغییر داده دائرهٔ آن را وسیع خواهند نمود و آثرکی که بواسطهٔ تعلیم و تربیت در اصل قوای ایشان حاصل می شود در کمون مانده در نسل آنها بطناً بعد بطن اگر سلسلهٔ تربیت و تعلیم منقطع نگردد ظاهر خواهد گردید مثل آنکه بعضی از هیأت و اخلاق و شأمات و امراض اجداد در احفاد ظهور و بروز نموده در اولاد که آلة الیصال و معبر است در کمون میماند - شر و فسادیکه بر تربیت و تعلیم آنها مترتب می شود با آن اثر خیر آنچنانست که زرعی آتش گرفته بسوزد و زمین را بجهت زراعت آینده قوتے حاصل شود - چون کیفیت تو قرار دادستے باید بدانی که انحطاط آنها نیز بر سبیل تدریج است - دلیل همان دلیل است و مثال همان مثال - این مقدمه را هم چون مقدمهٔ اولی در خاطر داشته باش و در هر دو تأمل نما و غور کن تا آنکه قادر گردی بر تطبیق کلیات بر جزئیات و توانا شوی بر استنتاج نتائج - البته بعد ازین براهین فلسفیه و ادلهٔ طبیعیه بخوبی فهمیدی که در روی زمین قومی یافت نمی شود که در کفر و فساد اخلاق بپایهٔ اگهوریان رسیده باشد چونکه این گروه بسبب تباهی سجایا و سخاوت عقل و قلت دانش آنچنان سلسلهٔ انتظام و رشتهٔ هیئت اجتماعیه را گسیختند که خود ها بقا سر پناه بردند و در پیش قاهر سر نیاز بر زمین نهاده است [illegible] که از شر یکدیگر محفوظ مانده جانے بسلامت برند و توانند خود ها را بلا منازعه و بلا جبر [illegible]

بدیگرے واگذاشتہ بہتری و سائسی وکناسی راضی شدند۔ وایشان را اینقدر ہم عقل نشد کہ از برائے استعمال این رتب شریفہ معاہدہ نامۂ بگیرند لہذا پس از تسلیم وقبول وداد وگرفت ازین مراتب سنیۂ ہم محروم شدند وحق این بود کہ محروم شوند چونکہ ایشان را این قدر ہم قابلیت نیست۔ اکنون تو خود اندازہ کن کہ از چند قرن جراثیم قوای عقلیہ ونفسیہ ایشان بغایت سرعت روی بانحطاط نہادہ است۔

دمیزان حرکت بسوی اسفل را فراموش مکن۔ قاعدۂ کلیہ عطالت (ساکن متحرک نمی شود ومتحرک ساکن نمی شود مگر بسببی) را از دست مدہ۔ گمان مکن کہ نہایت حرکت اگھوریان نقطۂ توحش وتبرر خواہد بود وپس از رسیدن بدان نقطہ چون سائر جنگلیان خواہند شد۔ آب را کہ ہر قدر متعفن وگندہ شود بپایۂ آب جاریٔ کہ برقا ذورات وجیفہ ہا وذباب ہا میگنند نخواہد رسید۔ آیا مبتلی بجذام وآتشک اولادش چون اولاد سالم المزاج است۔ آیا زمینہائیکہ بسبب سور نقرف شورہ زار شدہ است در صلاحیت زراعت مانند اراضی صالحہ حرہ است۔ سعۂ دائرۂ فساد وشرارت وخباثت جنگلیان چہ قدر خواہد بود۔ جنگلی مکر وجعل وتزویر وتدلیس وریاکاری ومنافقی از کجا میداند۔ عقل وحشی اگرچہ پست است ولکن از مرتبۂ جہل بسیط بیرون نرفتہ است۔ جہل مرکب را کہ با جہل بسیط برابر داشتہ۔ پس اگر اگھوریان بدرسہ روند با این طینت وجبلت وبا این عقل وادراک بغیر از طرق جمع رذائل وطرح فضائل وتفریق کلمۂ امت وکسر ناموس انسانیت چہ خواہند آموخت وفطرت لئیمہ خسیسہ ایشان را بجز از سبل برانداختن وپامال نمودن خویشان بجہت

جبر خاطر بیگانگان بچه دعوت خواهد کرد - نظر کن بر افعال و اعمال و حرکات و سکنات ایشان
تا آنکه همه این امور را بچشم مشاهده کنی - لیٔمان را شنیده بودی ولکن ندیده بودی - چشم را
باز کن و باگهوریان بنگر تا آنکه لئیمان خالص غیر مشوب را به بینی - اگهوریان بعد از تعلیم
و تعلم اگر یکے از اهل ملت خود ها را به بینند فی الحال باد قولنج کبریائے ایشان را چنان میگیرد
که جمیع اعضا و جوارح حتی جفون هم از حرکت باز میایستد بلی گاه گاہے بسبب تشنج که لازم
قولنج است وسته ها را حرکت داده بهره تماشا میرسانند - گویا که هند را فتح کرده اند -
و اگر یکے از بیگانگان را بنگرند فوراً ایشان را بیماری رعشهٔ ذل حاصل می شود و هر یک
از اعضاء و جوارح آنها در لباس عبودیت بجنبش آمده عجیبه حرکات مختلفه و غریبه
اختلاجات متنوعه از آنها بظهور میرسد - اگر این لوم نیست پس چیست - تو اسمش را بگو
لوم اگهوریان را بجائے رسانیده است که با غایت تکبر ارادهٔ ایشان بسبب نهایت
ذل در پیش ارادهٔ بیگانگان لباس هستی پوشیدن نتواند - با وجود این اخلاق
رذیله و این اوصاف ذمیمه جای شگفت اینست که گاه گاہے مقالهٔ در بیان فضائل
سجایای پسندیده و مساوی صفات ناستوده و ذمائم کبر و عجب و ریاکاری تکلفات
ظاهریه از دیگران دزدیده مشهور می سازند - از ین غافل که قبیح الوجه کریه الصورة
را بهتر آنست که آئینهٔ در خانه نباشد - مشورهٔ انحالهٔ زشت روی را نمیزیبد که فتگراف
خود را بگیرد - شخص بدسیرت اگر سخنے از اخلاق فاضله بگوید گویا مردم را بر قبح سیرت
خود آگاه میگرداند و زبانها بذم خویش گویا میکند - اینجا جای خنده است هر چه میخواهی
بخند - سبحان الله سبحان الله عاقل اگهوری باید همین طور باشد - اخلاق رذیله

این اگهوریان را چون کسی نظر کند ابتدائً چنان گمان میکند که اینها مانند اخلاق رذیله دیگران ملکاتیست بسیط ولی چون بتحلیل کیمیاوی اخلاقی مینگرد می بیند که هریک از خلق ذمیم ایشان را که بسیط خیال میکرد مرکب است از اخلاق ذمیمهٔ چند مثلاً خلق تکبر ایشان که بحسب ظاهر بسیط بنظر میآید چون تحلیل شود ظاهر می شود که مؤلف میباشد از اصل خلق تکبر و خودپسندی و خودنمائی و تقلید بیگانگان و سد ابواب مساعی جمیله و کتمان جهالت و واظهار خلاف واقع (یعنی افکار بسیار عالیه در پیش دارند) و آرهاب مساکین و لوم چونکه بدین پیرایه جلوه نمیکنند مگر با ضعفا و مسخرهگی بجهت آنکه طبیعت سفله را با این وصف ملائمت نیست و تکلف بسیار زیرا آنکه او باشان را چنانچه باید از لوازم تکبر اطلاعی نیست و حرکات بشعهٔ مستهجنهٔ غیر منتظمه چونکه نو متکبران بخوبی ارکان این صفت را نمیدانند و آواز غلیظ منکر و سخن گفتن بیجا و جواب ندادن در محل و کلمات مهملهٔ با آه و تأسف و روی گردانیدن از آشنا در وقت مقابله و مواجهه و پشت کردن در هنگام مکالمه با هزراس و نصیحت با تعبس و شتم و تبسم مستهزءانه – حقیقةً نو متکبر باید بهمین گونه باشد انصاف باید داد – و همچنین است حال سائر اخلاق اگهوریان اگر تحلیل کرده شود –

بسیار تعجب است از تو که باز میگوئی اگهوری اگهوری – هنوز اگهوری را نفهمیدی – ترا عادت چنیست که چشم خود را تکذیب میکنی و عقل و هوش خویش را یک طرف نهاده بگوش خود ایمان میآوری – افعال و حرکات این گروه را ملاحظه نمیکنی و میگوئی که ایشان میگویند که ما روح در کالبد ها میدمیم و مردهها را زنده میکنیم – بسیار خوب گیرم که شما بغیر از گوش بچیز دیگر ایمان نیاورید آیا آن آوازیکه از (لئامت کده) برخاست بگوش تو نرسید –

عجیب آن آواز بهمه گوش‌ها رسید تو چگونه نشنیدی ـ بشرف نفس و علو همت مسلمانان سابق سوگندست که اگر درین آواز غور نکنی و در مقصد صاحب آواز تأمل ننمائی اسم ترا هم مانند ساده‌ومی بچه در دفتر اگهوریان خواهم نوشت ـ جهت حرکت اگهوریان و مقصد ایشان از اول معلوم بود ولی بزبان نمیآوردند بلکه بجهت اغرار ساده لوحان و اغوای احمقان عکس مقصود را همیشه ذکر میکردند و از برای اشتباه کارسے و پرده پوشی در مجمعها و محفلها مقاله‌ها القا میکردند تا آنکه درین روزها (ناستوده مرك خان) صبر نموده خیرخواهی را تفسیر کرد و بمقصد حقیقی هم قطاران خود تصریح نمود و پرده از روی کار برداشت و حل معمی نمود ـ حقیقةً حقیقةً همان یادگارسے که یونانیان از برای (دیوجانس) ساخته بودند باید از برای همین خیرخواه نیز ساخته شود ـ چه معنی دارد سگ از برای استحصال استخوانے تملق میکند و دم حرکت میدهد و سر برپای معطی نهاده چه خودی باشد چه بیگانه بجهت اظهار خلوص نیت آوازها در میدهد ـ انسان از سگ هم کمتر است لاحول ولا ـ انسان را چنان میزیبد که در تملق و خضوع هزار مرحله بر سگها پیشی گیرد و اگر دم ندارد ریشش هم کم از آن نیست (ناستوده مرك خان) همین نکته را فهمیده از آن بود که آواز برآورد و ریشے حرکت داد و نانهای خورده را حلال کرد ـ خدا کند که این شکر سبب مزید نعمت گردد ـ چه تعجب کنم چه تعجب کنم ـ تعجب عبارتست از کیفیتے که در حالت ادراک امور غریبه انسان را حاصل میشود ـ و چون اگهوریان از برای شکم پرستی بدین راه قدم زده اند و میزنند و خواهند زد دیگر چه غرابت و چه تعجب ـ بلی آنچه جای تعجب است اینست که دیگران افعال اگهوریان را

تفهیده توجیه و تأویل مینمایند با وجود آنکه مقاصد دنیهٔ ایشان از سخافت و رکاکت آرا
شان آشکارتر است — جمیع مرده‌ها هزار ساله و دو هزار ساله و همهٔ استخوانهای
پوسیدهٔ قرون خالیه درین روزها سر از قبرها و دخمها برآورده با آوازهای بسیار بلند
ندای الحیات الحیات البعث البعث النشور النشور میزنند اما اگهوریان خیرخواه
بقوّت تمام الموت الموت الهلاک الهلاک الفنی الفنی آواز مینمایند — بر حال قومی
که خیرخواه آن اگهوریست باید گریست — بیچاره مرده‌هائیکه در ظلمتکدهٔ قبور و تنگنای
گورها برهنه و عریان و گرسنه و عطشان انزوا گزیده اند و هر ساعتی از دیدن
صور هائلهٔ نکیرها و منکرها لرزان و ترسانند و آرزوی ساز و سامانی نالان و گریانند
و تذکار لذائذ زندگانی ایشان را بر آتش حسرت نشانده است و زندها حقوق
آنها را بتمامها غصب نموده ایشان را ببدترین صورتی و قبیح‌ترین وجهی از بساط
زندگانی رانده است و بغیر از خاکیکه آنهم با اشک شورمزه آمیخته شده چیز دیگری
ازبرای خوردن آنها نمانده است گاه گاهی باُمید رجعت و برجاء بعث دلهای
خود ها را تسلّی میدهند و شعلهای این عذابهای الیم را بتذکار حشر و نشر فرو می نشانند
— و ممکن است که این آمال اجساد ایشان را حفظ و از تلاشی و تفرق باز دارد
و می شود که این آرزوها این بیچاره مرده‌گان را برین دارد که خیالات خود ها را
حرکت داده در صدد استعمال اسباب نجات برآیند و جائز است چون این
خواهشها در ایشان قوت بگیرد با یکدیگر مخابرت نموده و مشورت کرده بهیئت مجموعی
اگرچه در نهایت ضعف و ناتوانی بوده باشند بعضی از همقومی خود ها را از زندها

طلب نمایند و البته اگر زنده ها هیئت مجموعهٔ ایشان را به بینند ایشان را بالمرة محروم نمود خواهند
— اگهوریان نه تنها قطع رجاء بعث و نشور مردمها را نموده اقامهٔ برهان بر استحاله و امتناع
آن مینمایند بلکه جمیع بیماران و ضعیف الجثه ها و ناتوانان را دعوت بمرگ میکنند و بر استحسان
موت دلیلهای قطعی میآورند و چنان بیان میکنند که راه نجات این گونه مردم بغیر از مرگ
نیست و مداوات کردن را بی فائده میشمارند — با وجود این خیرخواهند خیرخواهند —
راست باید گفت این یکی را خوب فهمیده اند زنده گی بسیار درد سر دارد — زنده گی
را همتی باید بس عالی و عقلی باید بسیار بزرگ و تجلدی فوق الغایه و دلی چون سنگ خارا
و قوت اتلی بسیار محکم و عزمی در نهایت ثبات — مخنث سخیف العقل را این گونه صفات
چگونه حاصل می شود — اصل طبیعت آن متضاد این صفات است — ای ضعیف جسمان و
نحیفان وای بیماران همگی بمرگ تن در دهید — برهان (ناستوده مرگ خان)
بسیار قویست من هم قبول نمودم — اگر برهان ایشان باطل هم باشد باز همگی لباس
حیات را از خود ها دور کنید — محض از برای خاطر (ناستوده مرگ خان) و یاران
ایشان ازین زنده گی درگذرید — چون اگر شما این کار را نکنید ایشان را ضرر و زیان
بسیار خواهد شد و از مزد و اجر این جان فشانیها محروم میمانند — اگر شما را تنگی قبر
و وضع بود و باش آنجا از مرگ منع میکند (ناستوده مرگ خان) از برای شما
راه بسیار خوبی نشان میدهد و نهج روش و کنش اموات سابقین چون اهل قدیم
فلسطین و باشنده گان پارینه اسطخر را بطریق اوضح بیان میکنند تا آنکه دستور العمل

بوده باشد از براے شما در مقابر۔ دیگر سبب تأخیر چیست۔ اینک (بوم شوم)
بر دیوار (لئامت کدہ) نشسته هر وقت هر وقت بخرابی و تباهی و ویرانی و هلاک
و اضمحلال و فنی و موت ندا در میدهد۔ نه بیحیائی این گروه را حد است و نه بیعقلی و
نے ادراکی این جماعت را اندازه است۔ این روش اهل فلسطین و این کنش
اسطخریان که می بینی بقایای حیات قدیم و آثار زندگانی دیرینه است نه آنکه سپس
مردن این مسلک را اتخاذ نمودند۔ (دهیڑ) و (مانگ) چرا مانند ایشان نمی شوند۔
البته نمیشوند چون هیچ وقت زنده نه بوده اند۔ زنده کیست که همهٔ اقوام را بسوی کمالات
بر میانگیزاند۔ زنده کیست که مردم را بر تعلم علوم و صنایع و تجارت دعوت میکند۔
اگر قومی مرده را روشی و کنشے و دانشی و بینشی از پیش نه بوده باشد ممکن نیست که بغیر نفخ
روح الحیات او را رستگاری در امور حاصل شود۔ چونکه دشواری استحصال اسباب رستگاری
چون دشواری استحصال اسباب حیات است اگر آنچنان همتے داشته باشد چرا زنده نشود
(ترجیح بلا مرجح در هر جا محال است) بلی اگر پیش از مردن اسباب رستگاری او را
بوده باشد می شود که زمانهای دراز پس از موت باقی بماند۔ باصل کلام برگردیم این
وقیح اگهوری بجهت اکتساب غایات خود که شکم پر کردن باشد عجیبه مغالطه ها میکند و غریبه
مثالها میآورد۔ اگر کسے ملاحظه کند که اهل اسطخر و فلسطین در زمان حیات خود هاچه
بودند آیا می تواند که اکنون اسم آنها را در میان اُمم ذکر کند و بگوید که الآن اسطخریان
چنینند و اهل فلسطین چنانند۔ بنابر رای این وقیح البته اکنون دارای بزرگ
بجمشیدی جی باتلی والا و اولاد آن مینازد۔ و سلیمان بروشلم و سلالهٔ او فخر میکند

خاک بر چشم هر کسے شرمت — اهل اسطخر و فلسطین نیستند درین زمان مگر عبارت از مشتی استخوان پوسیده که هر روز اجزا آن متلاشی و متناثر میگردد — زمانے نخواهد گذشت که هم آنها هم محو خواهد شد — عجیبه ترغیبی و غریبه تشویقی — حقیقةً راست گفته بودند که کار دیو ها همیشه برعکس و دو اثر گونه است — آیا راست نگفتم که نشاید اگهوریرا در مجامع و محافل راه داد — ایشان با این فساد اخلاق و تباهی افکار در هر امر که در آیند و در هر جمعیت و اداره که شریک شوند لامحاله موجب فساد و زیان و بربادی خواهند شد — اگر براهین عقلیه و ادلۂ طبیعیۂ گذشته را ادراک نمیکنی اندکے صبر کن تا آنکه بچشم خویش مشاهده نمائی — و علی کل حال ازین اگهوری ممنون شدم که پایان کار را نشان داد — بعد از قول این اگهوری دیگر هیچکس را عذری نماند که بگوید مقصد را نمیدانستم و غایت را نفهمیدم — چه قدر اصرار میکنی و چه قدر درازی سخن را دوست میداری — این تتبع را حمل بر تعزز مکن — بر نادان تعزز نمودن از نادانیست — جمیل الوجه را چه حق است که بر کور ناز کند — ناز خوب صورت بر بینا است چونکه حُسن را میداند و تماشای آن را ادراک میکند — ولی کلام را سودے نیست چرا بگویم و برائے که بگویم چه فائده دارد و ثمرهٔ آن چه خواهد بود — کسیکه فرق در میانه آسیا و افریقا نکند و سبطی را از قبطی نشناسد و تاتار را از فارس نداند و کیخسرو خردمند را با افراسیاب نادان یکے داند و به تبائن مترادفات حکم نماید و متبائنات را مترادف انگارد و نفع و ضرر و سود را زیان پندارد با آن سخن گفتن چه فائده خواهد بخشید — در نزد کور چه زشت چه زیبا — در پیش نادان چه مغالطه چه برهان — در نزد اخشم چه پشک چه مشک — در پیش دیوانه چه مجنون چه فرزانه — در نزد احمق چه دوست چه دشمن —

اشتہار

ہمارے مطبع مین ایک نہایت مفید عام کتاب جسکا نام "قانون پہلبان و اسپان" ہی فی الحال زیور طبع سے آراستہ ہوی ہی۔ اس کتاب کے مولف نواب حافظ صدر الاسلام خان بہادر معتمد جناب صدر المہام متفرقات و میر مجلس جلسہ خیر خواہ ہند ہین۔ یہہ صاحب مدراس مین پہلے جسٹس آف دی پیس اور کمشنر انکم ٹیکس بھی ہو چکے ہین اور اسوجہ سے انکی قانونی لیاقت اچھی ہی۔ صاحب موصوف کے عمدہ اوصاف مین سے یہہ وصف قابل تعریف ہے کہ وہ کار خیر مین ہمیشہ ساعی رہتے ہین چنانچہ وہ بیت المساکلین محبوبیہ کے بانی ہین اور کتاب خانہ محبوبیہ کے سرپرست ہین۔

اس کتاب کی قیمت بوجہ فایدہ عوام کے بہت قلیل رکہی گئی ہے اور یہہ رقم بہی جو اسکے اکہی نسخ کے فروخت سے وصول ہوگی جلسہ خیر خواہ ہند کے کامون مین جو محض قوم کے واسطے ہے صرف ہوگی۔ لہذا کتاب مذکور کی قیمت فی جلد ۸ر حالی قرار پائی ہے جن صاحبون کو خریداری منظور ہی وہ قیمت روانہ فرماکر مہتمم مطبع اسلامیہ واقع ترپ بازار رزیڈنسی سی طلب فرماین۔

رسید زر از حضرات خریداران معلم

مولوی محمد غلام دستگیر صاحب مہتمم دفتر جناب صدر المہام متفرقات سرکار عالی سے ۱۲/ ر

مولوی سید محمد جمال الدین صاحب حسینی تحصیلدار کلنگور تعلقہ سنگاریڈی پیٹھ ضلع میدک عہ ۵ ر

میر عنایت حسین صاحب طالب علم مدرسہ اعزہ سے ۱/ ر

